بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ جل جلالہ

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

# عظمتِ حبیبِ کبریا جل شانہ صلی اللہ علیہ وسلم

و

# ردِّ عباراتِ کفریہ

از قلم

مولانا محمد اسماعیل صاحب نقشبندی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ جل جلالہ

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

# عظمتِ حبیبِ کبریا

جل شانہ

صلی اللہ علیہ وسلم

و

# ردِّ عباراتِ کفریہ

از قلم

مولانا محمد اسماعیل صاحب نقشبندی

Marfat.com

Marfat.com

سرفراز صاحب گکھڑوی کی رسوائے زمانہ کتاب

"عبارات اکابر" کا مدلل و مسکت جواب

# عظمتِ حبیبِ کبریا ﷺ جل شانہٗ

و

# ردِّ عباراتِ کفریہ

قرآن پاک و حدیث شریف کی روشنی میں

از قلم: مولانا محمد اسمٰعیل خطیب جامع مسجد صابری

کالج روڈ گوجرانوالہ

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

59820

بار ——— اوّل

تعداد ——— ایک ہزار

مصنف ——— محمد اسمٰعیل نقشبندی

طباعت ——— الجدہ پرنٹرز احاطہ ترلوک چند اردو بازار لاہور

کتابت ——— صاحبزادہ مقبول الٰہی ازاٹاوہ

ہدیہ ——— 21- [redacted] روپے

## ملنے کا پتہ

- مکتبہ رضائے مصطفےٰ چوک دارالسلام گوجرانوالہ
- مکتبہ حامدیہ داتا گنج بخش روڈ لاہور
- مکتبہ نوریہ رضویہ داتا گنج بخش روڈ لاہور
- مکتبہ شرکت حنفیہ داتا گنج بخش روڈ لاہور
- مکتبہ نوریہ رضویہ النور مارکیٹ اردو بازار گوجرانوالہ
- مکتبہ فریدیہ جناح روڈ ساہی وال

Marfat.com

# فہرست مضامین عظمت حبیب کبریا


| نام مضامین | صفحہ |
|---|---|
| پیش لفظ - از حضرت مولانا محمد حسن علی صاحب رضوی | ٦ |
| تاویلات کا خبط | ١٠ |
| تاویلات کے طوفان کا متوقع انجام - تاویل | |
| مولوی اسمٰعیل صاحب تقویۃ الایمان کی نظر میں | ١٣ |
| مراد و نیت کی شرط | ١٦ |
| تقویۃ الایمان کی بے ادبی و گستاخی کا اقرار | ١٧ |
| تحذیر الناس کے رد میں کئی رسالے لکھے گئے | ٢١ |
| دیوبندی تحریف و کتر بیونت | ٢٣ |
| توبہ رجوع سے گریز و انکار | ٢٥ |
| صحابی کو کافر کہنے کا افترا | ٢٧ |
| علما و مشائخ اہل سنت کے نام پر دھوکہ دہی | ٢٨ |
| قصہ دارالاسلام کا | ٣٦ |
| سید احمد شہید یا مفرور | ٣٩ |
| لزوم التزام کفر کے معنی سے بے خبری | ٤٢ |
| استعداد و قابلیت (سرفراز صاحب) | ٤٥ |
| مقدمہ | ٥٢ |
| شان حبیب کبریا | ٥٦ |
| بے مثل نوری بشر ہیں | ٥٧ |

| نام مضامین | صفحہ |
|---|---|
| پہلی فصل نور محمدی کے بیان میں بحوالہ نشر الطیب | ٥٨ |
| دیوبندی علماء کا اپنے اکابر علماء کو نور ماننا | ٦٠ |
| تقویۃ الایمان کتاب کیسی ہے؟ | ٦٢ |
| کتاب تقویۃ الایمان سے شورش ضرور ہوگی | |
| (مصنف کا بیان) | ٦٤ |
| تقویۃ الایمان کی کفریہ عبارتیں اور جواب | |
| مصنف عبارات اکابر کا عقیدہ | ٦٦ |
| نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بھائی کہنے والوں پر | |
| تمام دیوبندی علماء کا فتویٰ کفر | ٧١ |
| کفریہ عبارت نمبر٢ - حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو | ٧٨ |
| مردہ لکھا - دیوبندی علماء کو زندہ لکھا | ٧٩ |
| مردوں کو زندہ کیا - زندوں کو مرنے نہ دیا | ٨٠ |
| گنگوہی صاحب کا قول مردود ہے | ٨٣ |
| سید صاحب کو درخت اور جانور سلام کرتے ہیں | ٨٦ |
| کفریہ عبارت نمبر٣ - ہر مخلوق اللہ کی شان | |
| کے آگے چمار سے بھی ذلیل | ٨٧ |
| دیوبندیوں کے حکیم الامت کا بیان | ٩٠ |
| حضرت جبرائیل علیہ السلام کی حکایت | ٩٥ |


Marfat.com

| ۱ نام مضامین | صفحہ | نام مضامین | صفحہ |
|---|---|---|---|
| کفریہ عبارت نمبر۴ - جس کا نام محمد یا علی ہے وہ | ۹۸ | مولوی مرتضیٰ حسن دیوبندی کا حوالہ | ۱۴۱ |
| کسی چیز کے مختار نہیں۔ | | نفس نبوت میں قطعاً کوئی تفصیل نہیں | ۱۴۴ |
| نبیؐ کے چاہنے سے قبلہ بدل گیا | ۹۹ | کفریہ عبارت نمبر۱۰ - مولوی اشرفعلی کا جواب | ۱۴۵/۱۴۷ |
| دیوبندی علماء کے اختیارات | ۱۰۳ | شیخ الحدیث سفدر صاحب کی خیانت | ۱۴۸ |
| مولوی اسمٰعیل کے پیر سید احمد کا شان | ۱۰۶ | اشرفعلی کی کتابوں پر عمل | ۱۵۲ |
| کفریہ عبارت نمبر۵ | ۱۰۸ | رسول اللہ - دیوبندی ملاؤں کے باورچی ہیں | ۱۵۳ |
| گنگوہی صاحب کے قلب میں حاجی صاحب کا چہرہ | ۱۱۲ | حضرت ابراہیمؑ کی نماز حسین احمد مدنی کی اقتدا | ۱۵۶ |
| حکیم الامت نے بیوی کے خیال میں نماز ہی توڑ دی | ۱۱۳ | کفریہ عبارت نمبر۱۱ | ۱۶۳ |
| کفریہ عبارت نمبر۶ | ۱۱۴ | کفریہ عبارت نمبر۱۲ | ۱۶۸ |
| حضورؐ کی خدمت میں امت کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں | ۱۱۶ | قرآن شریف کی آیات مبارکہ | ۱۷۱ |
| کفریہ عبارت نمبر۷ - شیطان کا زیادہ علم لکھا | ۱۱۹ | آپؐ کے دست مبارک میں دو کتابیں | ۱۷۳ |
| دیوبندی علماء کا فتویٰ | ۱۱۲ | دیوبندی علماء پر دیوبندی مولوی کا فتویٰ کفر | ۱۷۶ |
| مولوی حسین احمد کا حوالہ | ۱۲۲ | اعلیٰ حضرت فاضل پر عظیم افتراء | ۱۷۸ |
| کفریہ عبارت نمبر۸ | ۱۲۳ | سید احمد کا انگریزوں سے گہرا تعلق | ۱۸۰ |
| الشہاب ثاقب میں مولوی حسین احمد کا حوالہ | ۱۲۶ | اشرف علی صاحب انگریز کے وظیفہ خوار | ۱۸۲ |
| کفریہ عبارت نمبر۹ - | ۱۲۹ | مولوی الیاس بانی تبلیغی جماعت وظیفہ خوار | ۱۸۳ |
| اگر بعد زمانہ نبویؐ بھی کوئی نبی پیدا ہو تو بھی | | مولوی حسین احمد مولوی کفایت اللہ سندر داس | ۱۸۴ |
| خاتمیت محمدیؐ میں کچھ فرق نہ آئے گا | ۱۳۲ | سے روپیہ لے کر کھاتے تھے | ۱۸۴ |
| نانوتوی صاحب کا اعتراف | ۱۳۵ | سید صاحب کا پہلا جہاد مسلمانوں پر | ۱۸۵ |
| مفتی محمد شفیع دیوبندی کا حوالہ | ۱۴۰ | انگریز سید صاحب اور مجاہدوں کا کھانا لایا | ۱۸۶ |


Marfat.com

| نام مضامین | صفحہ |
|---|---|
| پشاور میں سید صاحب کی حکومت کا لرزہ خیز انجام | ۱۸۸ |
| آتش فشاں فتویٰ اور خطرناک انجام | ۱۹۰ |
| پشاور شہر کے قاضی کا حکم اور خوفناک انجام | ۱۹۲ |
| یورپین مورخ کا بیان | ۱۹۴ |
| سید صاحب جہاد سے فرار ہو گئے | ۱۹۶ |
| مولوی اسمٰعیل سید صاحب کو لے کر جہاد سے بھاگ نکلے۔ | ۱۹۸ |
| ہندوستان دار الحرب ہے یا دار الاسلام؟ | ۲۰۰ |
| گنگوہی کے اتباع پر ہدایت اور نجات | ۲۰۲ |
| تقویۃ الایمان کتاب کی تعریف گنگوہی صاحب کی زبانی | ۲۰۶ |
| صدر دیوبند حسین احمد کا فتویٰ | ۲۰۷ |
| اسی زمانہ کے علماء نے ان کفریہ عبارتوں کا رد کیا۔ | ۲۱۱ |
| نقل مضمون خط مولوی مشتاق احمد کانپوری | ۲۱۶ |
| حاجی رحمت اللہ صاحب مہاجر مکی کا فرمان | ۲۱۷ |

| نام مضامین | صفحہ |
|---|---|
| المہند کتاب کا حال | ۲۲۱ |
| محمد بن عبد الوہاب نجدی | ۲۲۶ |
| مولوی اشرف علی صاحب اقراری وہابی ہوتا | ۲۲۸ |
| مولود شریف کا اقرار | ۲۳۳ |
| حاجی امداد اللہ صاحب کا مولود شریف کرانا | ۲۳۴ |
| المہند پر تصدیقات کا حال | ۲۳۶ |
| علمائے مدینہ کی تحریر کا خلاصہ | ۲۳۷ |
| مکہ معظمہ کے علماء کی تصدیقات کا حال | ۲۴۰ |
| عبرتناک واقعہ اور غضبناک سانحہ مولوی رشید احمد کا | ۲۴۱ |
| مصنف انوار آفتاب صداقت کا تبصرہ | ۲۴۲ |
| کیا عمل میں امتی انبیاء علیہم السلام سے بڑھ سکتے ہیں | ۲۴۴ |
| گکھڑوی صاحب کا دوسرا قول | ۲۴۸ |
| ہزار سال عبادت کرنے والے عابد کا حال | ۲۵۰ |
| انبیاء قبروں میں زندہ اور نماز پڑھتے ہیں | ۲۵۲ |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ رب محمد صلی علیہ وسلما

وعلی ذریتہ وصحبہ ابد الدھور وکرما

# پیش لفظ

## دافع نجدیت کاشف اسرار دیوبندیت مولانا محمد حسن علی صاحب رضوی (میلسی)

فاضل محترم مولانا محمد اسماعیل صاحب خطیب صابری مسجد گوجرانوالہ "عبارات اکابر" کا رد تحریر فرما کر ایک اہم ضرورت کو پورا کر رہے ہیں کچھ عرصہ سے اس کتاب کی اشاعت کے باعث ملک میں فرقہ وارانہ کشیدگی میں اضافہ ہو رہا تھا۔ اور ملک کے سواد اعظم اہلسنت و جماعت اس دلآزار کتاب کے جارحانہ اسلوب تحریر سے مضطرب تھے۔ خود اس فقیر راقم الحروف کو بھی ملک کے اطراف و اکناف سے بکثرت علماء و احباب اہلسنت کے متعدد خطوط موصول ہوئے تھے۔ جس میں اس شر انگیز و پر فتن کتاب کے مدلل و مسکت جواب کے لئے اصرار کیا گیا تھا۔ احباب کرام کے بار بار توجہ دلانے کے باوجود میں نے اس کے جواب کی فوری ضرورت اس لئے نہ سمجھی کہ اس کتاب میں لفاظی اور شاعری کے علاوہ خود مولوی سرفراز کا اپنا کچھ بھی نہ تھا۔ اور جو کچھ بھی تھا وہ مولوی منظور سنبھلی صاحب مدیر الفرقان۔ دربھنگی صاحب چاند پوری دانبیٹھوی وٹانڈوی صاحبان کے رسائل کا چربہ تھا اور انہی سنبھلی و دربھنگی قسم کے

Marfat.com

لوگوں کی لایعنی و بے معنی تاویلات کو اپنے الفاظ میں اپنی شاعری و خوش بیانی کے ورق لگا کر پیش کیا تھا۔ الغرض عبارات اکابر میں جو کچھ تھا۔ وہ ہم ان کے اکابر مناظرین کی کتابوں میں دیکھ چکے تھے۔ شیخ الحدیث کے لقب، سے لے کر ابوزاہد کی بھاری بھر کم کنیت تک والے اس سرفراز خاں صفدر صاحب کی تحریرات کو جب، ہم ان کے دسیع القاب، فصیح کنیت و صفدر تخلص کی روشنی میں پڑھتے ہیں۔ تو ہمیں حیرت ہوتی ہے۔ جو بے چارہ بات بات پر ماہنامہ "الرشید" ساہیوال جیسے غیر ذمہ دار ماہنامے کے حوالوں کا محتاج ہے وہ اپنے اکابر کی گستاخانہ عبارات کی خاک تاویلات کر سکتا ہے۔ بہرحال چونکہ عبارات، اکابر میں کوئی بات نئی معلوم نہیں ہوئی اور جو کچھ اس میں ہے اس کے رد وابطال میں علمائے اہلسنت بہت کچھ لکھ چکے ہیں۔ اس لئے بار بار ارادہ کرنے کے باوجود فقیر راقم الحروف عبارات اکابر کا فوری جواب نہ لکھ سکا۔ اسی دوران بے حد مسرت ہوئی کہ گوجرانوالہ ہی کے ایک فاضل بزرگ مولانا محمد اسماعیل صاحب اس کتاب کا رد مکمل فرما چکے ہیں۔ مولا تعالیٰ انہیں جزائے خیر مرحمت فرمائے۔ آمین۔

کاش کہ۔ مولوی سرفراز صاحب زوال وانحطاط کے اس دور میں جبکہ ہر طرف مغربی و فرنگی تہذیب کا دور دورہ ہے۔ اور بے راہ روی و مادر پدر آزادی کی وبا عام ہے کوئی معیاری و مثبت کام کرتے۔ اگر ان میں کوئی صلاحیت تھی تو فحاشی و بدکاری و بے پردگی۔ سینما بینی۔ سود و رشوت، قتل و زنا۔ آداب واخلاق وغیرہ موضوعات پر لکھتے اور کوئی اہم و مثبت کام

Marfat.com

کرتے مگر افسوس کہ انہوں نے اپنے لئے وہ موضوع پسند فرمایا جس پر علمار عرب وعجم فیصلہ دے چکے ہیں۔ برصغیر ہند وپاک کے اکابر ومشاہیر علمار وفقہا ومشائخ کرام اس کی تائید فرما چکے ہیں۔ یہ کس قدر افسوس ناک بات ہے کہ مولوی صاحب عظمت وشان رسالت کا پاس ولحاظ اور دفاع کرنے کی بجائے شخصیت پرستی میں الجھ کر اپنے مولویوں کا دفاع کر رہے ہیں اور بے جا تاویلات سے حقیقت کا منہ چڑا رہے ہیں۔ حالانکہ انبیار ورسل علیہم السلام کی خداداد عظمت وبزرگی وبرتری کے سامنے ان مولویوں کی حقیقت ہی کیا ہے۔

## ذہنی خلفشار

مولوی سرفراز صاحب کا ذہنی خلفشار تو یہیں سے واضح ہے کہ وہ اپنے اکابر کی توہین آمیز گستاخانہ کفریہ عبارات پر سیدنا اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مجدد دین وملت قدس سرہٗ ودیگر علمائے اہلسنت کے شرعی فتویٰ پر برہمی کے عالم میں کبھی تو وہ بحوالہ کتب بیان کئے گئے عقائد کو الزام قرار دیتا ہے۔ کبھی عبارت پوری نہ لکھنے کا بہانہ بناتا ہے کبھی نیت کی شرط لگاتا ہے۔ کبھی عبارات میں تحریف وخیانت کا الزام عاید کرتا ہے اور پھر تاویلات کر کے صفائی بھی پیش کرتا ہے۔ حالانکہ جب یہ الزام ہے تو پھر تاویل کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ صاف صاف کہہ دیں یہ عبارات ہماری کتابوں میں نہیں ہیں۔ اور تاویل کرنا ہے تو صاف صاف اقرار کر دے کہ عبارات موجود ہیں۔

## فیصلہ انصاف پسند قارئین پر

امام اہلسنت اعلحضرت مجدد دین وملت مولانا امام احمد رضا خان صاحب فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ نے مولوی اسماعیل صاحب سے لے کر مولوی قاسم

Marfat.com

نانوتوی ۔ رشید و خلیل گنگوہی و انبیٹھوی اور جناب اشرف علی صاحب تھانوی تک کی جن عبارات پر احکام شریعت بیان کیے ۔ وہ تقویت الایمان صراط مستقیم ۔ تحذیر الناس ۔ براہین قاطعہ ۔ حفظ الایمان وغیرہ کتب میں ہیں یا نہیں ۔ اس کا فیصلہ ہم منصف مزاج حقیقت پسند قارئین پر چھوڑتے ہیں ۔ وہ کسی مکتبہ کی شائع شدہ کتاب لے کر بیٹھ جائیں اور اعلحضرت مجدد ملت علیہ الرحمۃ کی نقل فرمودہ عبارات سے مطابقت کرلیں ۔

**ہیر پھیر** جب دیوبندی علماء کی گستاخانہ عبارات پیش کی جائیں ۔ تو عموماً مختلف النوع حیلوں بہانوں سے جان چھڑائی جاتی ہے یہی سرفراز صاحب نے کیا ہوتا یہ ہے کہ جب کسی گستاخانہ عبارت کو بحوالہ کتب بیان کیا جائے تو جواب ملتا ہے " ایسا کوئی مسلمان کہہ سکتا ہے لکھ سکتا ہے " جب کتاب سامنے رکھ دی اور کہا جائے چھپا ہوا موجود ہے ۔ پڑھ لیجئے تو کہا جاتا ہے ۔ تم اس کا مطلب نہیں سمجھے ۔ پھر دفع الوقتی کے لیے مختلف النوع من مانے مطالب بیان کیے جاتے ہیں ۔ ڈھکوسلہ بازی سے پھریاں پھنسائی جاتی ہیں ۔ جب اس چکر بازی پر کہا جائے کہ یہی عبارت اسی مطلب کے ساتھ اپنی اسی عالم کی شان میں لکھکر شائع کر دو ۔ تو راہ فرار اختیار کرتے ہوئے تیسری راہ نکالتے ہیں ۔ عبارت تحریف کی گئی ہے ۔ کبھی کہیں گے کہ آگے اور پیچھے سے پوری عبارت نقل نہیں کی گئی ۔ ہم اس پر ابھی ذرا وضاحت عرض کریں گے ۔ اپنے اکابر کی عبارات میں جتنی تحریف خود دیوبندی علماء نے کی ہیں ۔ کسی نے نہیں کی ۔ باقی رہی آگے اور پیچھے کی بات ۔ تو ہر شخص قرآن مجید احادیث شریفہ عبارت ائمہ و فقہا

Marfat.com

محدثین سے حسب مدعا اتنی ہی عبارت نقل کرتا ہے جو اس کے مدعا کو کافی ہو۔ کبھی نہیں دیکھا گیا۔ کہ کسی مشرک نے توحید کا ثبوت مانگا ہو تو اس کے جواب میں پورا قرآن مجید یا صحاح ستہ کا پورا ذخیرہ سنایا ہو یا نقل کیا گیا ہو۔ کبھی نہیں دیکھا گیا۔ کہ پاکی ناپاکی یا دیگر فقہی مسائل کے ثبوت میں پوری شامی شریف یا عالمگیری سنائی یا نقل کی گئی ہو۔ خود دیوبندی علماء بھی جب مرزائیوں یا شیعوں وغیرہ کی عبارات نقل کرتے ہیں وہ حسب مدعا ہی نقل کرتے ہیں۔ کسی بھی ایک کتاب کے جملہ مندرجات قابل اعتراض نہیں ہوتے بلکہ کچھ عبارات ہی قابل اعتراض ہوتی ہیں۔ اور اپنا مدعا ثابت کرنے کے لئے وہی الفاظ و عبارات بیان کی جاتی ہیں جس کی ضرورت ہو۔ باقی رہی تاویلات تو تاویل کس بات کی نہیں کی جاسکتی۔ نہ کوئی کسی کی زبان پکڑ سکتا ہے نہ قلم روک سکتا ہے۔ نہ افکار پر جبر ہے۔ مگر انصاف و دیانت کا تقاضا ہے کہ وہی عبارات و کلمات جو ان کے اکابر حضور سید الانبیاء حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم دیگر انبیاء و رسل علیہم السلام و محبوبان خدا اولیاء اللہ قدست اسرارہم کی شان میں لکھے چھاپے ہیں۔

## تاویلات کا خبط

علماء دیوبند اپنے اکابر کی توہین آمیز گستاخانہ عبارات کی مختلف النوع تاویلات کئے جا رہے ہیں۔ وہ اس قدر احساس کمتری میں مبتلا ہیں۔ بار بار کی تاویلات کے باوجود خود ان کا ذہن اور ضمیر مطمئن نہیں ہو رہا ہے۔ ابتداً مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی نے اپنے اکابر کی گستاخانہ عبارات کی تاویل میں المہند تصنیف فرمائی۔ مگر اور تو اور

Marfat.com

خود علماء دیوبند مطمئن نہ ہوئے۔ پھر مولوی منظور سنبھلی صاحب مدیر الفرقان نے سیف یمانی۔ فیصلہ کن مناظرہ اور فتح بریلی نام نہاد۔ دلکش نظارہ۔ معرکۃ القلم۔ گڑھیں۔ مگر اہل دیوبند کو سکون نہ آیا۔ پھر مولوی مرتضیٰ احسن دربھنگی صاحب۔ چاندپوری اٹھے۔ انہوں نے اپنے بڑوں کی توہین آمیز عبارات کی بکھری ہوئی دھجیاں جوڑنے اور پیوند کاری کرنے کے لئے الکوکبۃ الیمانی۔ توضیح البیان فی حفظ الایمان۔ الختم علی لسان الخصم۔ انتصاف البری۔ اسکات الہندی۔ تزکیۃ الخاطر۔ قاصمۃ الظہر وغیرہ دھر گھسیٹیں۔ مگر نہ قرار آنا تھا نہ آیا۔ حد یہ کہ مولوی حسین احمد کانگریسی سے بھی نہ رہا گیا۔ اور الشہاب الثاقب کے نام سے ایک فحش گالی نامہ سیاہ کر دیا۔ مگر سکون قلب و اطمینان نام نصیب نہ ہوا۔ اسی دوران ادنے پونے لوگوں نے نہ جانے کیا اور کتنے کچھ الٹے سیدھے رسائل لکھے اور بے جا تاویلات کے پل باندھے۔ مگر طبیعت سیر نہ ہوئی۔ ضمیر ملامت ہی کرتا رہا۔ الغرض منافع الحدید والبرہان ردالبہتان کے بعد عہد حاضر کے مرفوع القلم۔ جناب سرفراز گکھڑوی صاحب کی باری آئی ہے انہوں نے قدرے ہوشیاری سے کام لیا ادھر ادھر کی نقل اڑا کر لفاظی اور شعر و شاعری کی رنگینی جما کر انہی فرسودہ تاویلات کو اپنے الفاظ کا جامہ پہنا کر نیا رنگ دے کر عبارات اکابر" کی صورت میں پیش کردی مگر ع

کیا بنے بات جہاں بات بنائے نہ بنے

اپنے اکابر کی عبارات کی شبانہ روز اس قدر نئی نئی تاویلات کے باوجود ان کا اپنا ضمیر مطمئن نہیں ہو رہا ہے اور زبان حال سے کہہ رہے ہیں شعر

بے قراری تجھے اے دل کبھی ایسی تو نہ تھی

Marfat.com

کبھی کسی نے نہ سنا ہوگا کہ آج اہل دیوبند نے حضرات انبیاء و رسل علیہم السلام یا حضور سید الانبیاء حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات و کمالات پر وارد شدہ اعتراضات و خرافات کے رد و جواب میں فلاں کتاب لکھی اور عظمت شان رسالت کا دفاع کیا۔ ان کی جو کتاب بھی شائع ہوگی اپنے مولویوں کے خود ساختہ تقدس کے تحفظ میں شائع ہوگی۔ بہر عنوان ان کی بگڑی بنانے اور ڈوبتی تیرانے کی سعی ناکام کریں گے۔

## تاویلات کے طوفان کا متوقع انجام

آج مسلمانان عالم کے سامنے ہے آپ ان کے اکابر کے فرسودہ تاویلات اور کفریہ عبارات کی من گھڑت مختلف النوع تشریحات پر مشتمل مذکورہ بالا کتب لے کر بیٹھ جائیں۔ حسام الحرمین کا پھریرا آب و تاب سے لہراتا نظر آئے گا۔ ایک کی تاویل سے دوسرے کے بیان کردہ معانی کفر دوسرے کی بیان کردہ تشریحات سے تیسرے کی تاویل ارتداد خالص بے جا اور پیہم تاویلات کے نتیجہ میں اب ان کا گویا اپنے اکابر کے ارتداد پر اجماع ہوگیا ہے۔ اس کی مختصر سی ایک جھلک بحوالہ کتب دیکھنا ہو تو ہمارا رسالہ "دیوبندی شاطر اپنے منہ کافر" ملاحظہ ہو۔ مناظرین کرام علماء اہلسنت ان کی نت نئی تاویلات پر مشتمل کتب کی بھرمار سے گھبرائیں نہیں۔ بلکہ ان کو لے کر بیٹھ جائیں اور ایک دوسرے کی پیش کردہ تاویلات کی مطابقت کریں تو حسام الحرمین کی سو فیصد تائید و تصدیق پائیں گے اس کو کہتے ہیں۔

حق وہ جو سر چڑھ کر بولے

یوں تو مولوی سرفراز صاحب نے اپنی جان میں بہت بل کھا کے اہل بھبتیاں

کسی ہیں۔ ٹھٹھہ تمسخر کا مظاہرہ کیا ہے۔ جابجا شعر سنا کر گستاخانہ عبارات کا ذائقہ تبدیل کرنے کی ناکام کوشش کی ہے۔ مگر اس ساری کتاب میں ان کا اپنا ہے کیا؟۔

جگہ جگہ ڈھول کی آواز۔ فیصلہ کن مناظرہ۔ الشہاب ثاقب۔ المقامع الحدید فیصلہ کن مناظرہ المہند۔ سوانح قاسمی۔ الرشید۔ تذکرۃ الرشید وغیرہ کے خانہ ساز حوالے ہیں۔ دیکھو صفحات ۲۰-۳۵-۳۶-۳۷-۳۸-۴۲-۶۰-۷۷-۱۳۹-۱۳۵-۱۶۹ وغیرہ وغیرہ۔ متعدد مقامات پر ان اور اس قسم کے دوسری کتب کی نقل مطابق اصل ہے۔ بزعم خود شیخ الحدیث تعالیٰ کے اس زر در پر مصنف و مولف بن بیٹھے۔ مثال کے طور پر بلاحوالہ نقل مطابق اصل کا ایک ثبوت حاضر ہے۔ دیوبندیوں کے سلطان المناظرین مولوی منظور سنبھلی صاحب نے خود ساختہ فتح بریلی کے نظارہ" کے صفحہ ۷۷ پر امیر مینائی کی امیر اللغات جلد دوم ص۳۰۲ سے ایلیا کا معنی بیان کیا تھا۔ اور برق کا شعر لکھا تھا وہ جوں کا توں سرفراز صاحب نے بلا شکریہ و بلاحوالہ عبارات اکابر کے ص۱۸۷ پر پیش کر دیا۔ اختصار مانع ہے ورنہ اس قسم کے متعدد حوالے لائے جا سکتے ہیں۔

## تاویل مولوی اسمعیل صاحب تقویۃ الایمان کی نظر میں

جناب سرفراز صاحب نے تقویۃ الایمان۔ صراط مستقیم تحذیر الناس۔ براہین قاطعہ۔ حفظ الایمان وغیرہ کتب کی گستاخانہ عبارات کی تاویل میں سر دھڑ کی بازی لگا دی ہے۔ مختلف النوع حیلوں بہانوں سے اہل توہین و تنقیص کی گستاخیوں پر پردہ ڈالنے کے لیے الٹی سیدھی تاویلات

Marfat.com

کی ہیں۔ لیکن بابائے وہابیت جناب مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی تاویلات کرنے والوں کی جڑیں کاٹ گئے ہیں۔ وہ تقویتہ الایمان میں بڑی فراخدلی سے صاف لکھتے ہیں" یہ بات محض بے جا ہے کہ ظاہر میں لفظ بے ادبی کا بولیے اور اس سے کچھ اور معنی مراد لیجئے۔ معمّا اور پہیلی بولنے کی جگہ اور ہیں" الخ تقویتہ الایمان سے لے کر تحذیر الناس۔ براہین قاطعہ وحفظ الایمان تک کی عبارات ظاہراً بھی بے ادبی ہیں اور باطناً بھی بے ادبی ہیں۔ شرق سے غرب تک مسلمانان عالم ان کو گستاخی و بے ادبی قرار دے رہے ہیں۔ لیکن مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی کی اس ہدایت و نصیحت کے باوجود سرفراز قسم کے لوگ اپنا سر کھپا رہے ہیں اور بے جا تاویلات کے بھنور میں پھنسے ہوئے ہیں اور اپنے ولی نعمت بابائے وہابیت کے فرمان سے انحراف کئے جا رہے ہیں۔

## مفہوم کشید کرنے کا الزام

مولوی سرفراز صاحب نے جگہ جگہ اکابر کی عبارات غلط مفہوم کشید کرنے کا الزام بھی لگایا ہے مگر وہ لکھنے کو تو کشید کا پُر تکلف لفظ لکھ گئے لیکن اس کی حقیقت و ماہیت پر غور نہیں کیا۔ چنبیلی سے گلاب کا عرق کشید نہیں کیا جا سکتا۔ کوئی شخص خواہ کتنا بڑا ماہر عرقیات ہو وہ ایسا کرشمہ نہیں دکھا سکتا۔ اسی طرح کوئی بھی شخص کتنا ہی زور لگائے وہ عشق و محبت سے بغض و کدورت کا عرق کشید نہیں کر سکتا۔ ایمان و اسلام سے کفر و ارتداد کشید نہیں کر سکتا۔ اعلیحضرت نے اکابر دیوبند کی عبارات سے وہی معنی مراد لیے جو تھے۔ کیونکہ توہین و تنقیص سے ایمان و اسلام کا عرق کشید نہیں ہوتا۔ ذرا ملاحظہ ہو۔ اکابر دیوبند کی زبان کس قدر غلیظ ہے۔ ایک طرف

Marfat.com

عظمت وشان رسالت علیہ الصلوۃ والسلام کا تصور کیجیے اور دوسری طرف یہ عامیانہ وسوقیانہ زبان ملاحظہ کیجیے۔

کبھی تو وہ ہر چھوٹی بڑی مخلوق (انبیاء و رسل علیہم السلام حضرات اولیاء اللہ قدست اسرارہم کو) اللہ کی شان کے آگے چوہڑے چمار سے زیادہ ذلیل قرار دیتے ہیں۔ کبھی وہ کہتے ہیں بعض علوم غیبیہ بہائم کے لیے بھی حاصل ہے۔ (حفظ الایمان ص ۷) اس غلیظ وخبیث عبارات کو یہیں تک پڑھ لیجیے با اختتام تک لے جائیں۔ اس کے مردود مفہوم معانی پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔ کبھی وہ نماز میں حضور اقدس سید عالم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کے خیال اقدس میں دل میں آنے کو معاذ اللہ گدھے اور بیل سے بدتر قرار دیتے ہیں (صراط مستقیم ص۸۶) دیکھیے کس بے دردی وستم ظریفی کے ساتھ اکابر دیوبند [redacted] محبوبان خدا بالخصوص حضور سید الانبیاء علیہ الصلوۃ والسلام کو معاذ اللہ معاذ اللہ چوہڑے چمار حیوانات وبہائم گدھے بیل تک سے تشبیہ دے رہے ہیں کوئی بھی ذی فہم وشعور جس کے دل ودماغ میں ایمان کی رتی ہے۔ وہ ان خبیث جملات والفاظ کو کس طرح حضرات محبوبان خدا کی مدح سرائی قرار دے سکتا ہے۔ محبوبان خدا کے حق میں اہل دیوبند کی بولی چوہڑے چمار۔ گدھے۔ بیل۔ جانور پاگلوں کی بولی ہے۔ اس کو کفر وارتداد نہ کہا جائے تو کیا حمد ونعت ومناقب گردانا جائے۔ مگر ؎

نکل جاتی ہے سچی بات منہ سے مستی میں

کے زیر مصداق اس نوع کی تشبیہات پر دیوبندی حکیم الامت تھانوی صاحب کو کبھی کسی اور عنوان کے تحت کہنا پڑا " اسی لیے حق تعالیٰ کو خالق کل شیٔ کہنا

Marfat.com

درست ہے اور خالق الکلاب والخنازیر (کتوں اور سوروں کا خالق) کہنا بے ادبی ہے۔ ع مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

بہرحال اس بحث میں مدعا ہمارا اسقدر تھا ہم اور ہمارے اکابر گستاخانہ عبارات کے کوئی خود ساختہ معانی کشید نہیں کئے۔ ان عبارات کے معانی و مفاہیم وہی ہیں جو اہل زبان وکلام نے تسلیم کئے۔ شرق وعرب میں تسلیم کئے جاتے ہیں۔ مشاہیر عرب وعجم و برصغیر نے ان پر احکام شرعی بیان کئے۔ وہ عبارات فی الواقعہ بے ادبی وگستاخی پر مبنی ہیں۔

## مراد ونیّت کی شرط

جناب مولوی سرفراز صاحب نے بہت پلٹیاں کھائی ہیں اور اپنے اکابر کو حسام الحرمین کی مار سے بچانے کے لئے ہر چھوٹی بڑی بات کا سہارا لیا ہے۔ کیونکہ ان کے خیال میں ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بھی کافی ہوتا ہے " عبارات اکابر" کے صفحہ ۱ پر رقم طراز ہیں " ان (اکابر دیوبند) کی مراد و نیت کے خلاف ان کی عبارات کا مطلب از خود تراشنے"

ان کی نیت اور مراد کی یہ نامراد شرط بھی غلط ہے اور اس پر بہت کچھ لکھا جا سکتا ہے۔ مگر ہمیں احساس ہے کہ یہ مضمون محض ایک پیش لفظ اور ابتدائیہ ہے۔ مفصل کتاب کا رد نہیں اس لئے ہم صرف جناب حسین احمد صاحب کانگریسی کے حوالہ پر قناعت کرتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے مخاطب کو ان پر جس قدر اعتماد ہوگا اتنا قرآن وحدیث تفاسیر کے دلائل وحوالہ جات پر کہاں سیجئے آپ کی اس مراد ادر نیت کی شرط کے متعلق مولوی حسین احمد صاحب صدر دیوبند اپنے خداوند دولت مربی خلائق جناب رشید احمد گنگوہی صاحب سے نیت کے رد کا ثبوت

Marfat.com

فراہم کرتے ہیں۔ ہم خود لطائف رشیدیہ صفحہ ۲۲ سے عبارت نقل کر چکے ہیں۔ کہ حضرت مولانا گنگوہی۔ فرماتے ہیں۔ کہ جو الفاظ موہم تحقیر حضور سرور کائنات علیہ السلام ہوں۔ اگرچہ کہنے والے نے نیت حقارت نہ کی ہو۔ مگر ان سے بھی کہنے والا کافر ہو جاتا ہے (الشہاب ثاقب صفحہ ۵۰ شائع کردہ کتب خانہ رحیمیہ دیوبند) ہمارے اس حوالہ سے مولوی سرفراز صاحب کی نیت والی شرط کا تار پود بکھر گیا۔ اور ان کا یہ سہارا بھی ختم ہو گا۔ کیونکہ ؎

کیا بنے بات جہاں بات بنائے نہ بنے

## تقویۃ الایمان کی بے ادبی و گستاخی کا اقرار

حق اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتا اور بسا اوقات حق بات خود مخالف کی زبان پر جاری ہو جاتی ہے۔ تقویۃ الایمان کی عبارات بے ادبی و گستاخی پر مبنی ہیں۔ جس کا مٹھی بھر دیوبندی وہابی قوم کے علاوہ دنیا بھر کے اہل علم اعتراف کر رہے ہیں۔ مگر وہ خالق ارض وسما جل جلالہ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سب سے بڑے قاتل و دشمن فرعون کے گھر پرورش کرا سکتا ہے۔ تقویۃ الایمان کی بے ادبی و گستاخی کا اعتراف تھانوی صاحب کی قلم و زبان پر بھی جاری کرا سکتا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ دیوبندی حکیم الامت صاحب تقویۃ الایمان کے متعلق ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

"تقویۃ الایمان میں بعض الفاظ جو سخت واقع ہو گئے ہیں تو اس زمانہ کی جہالت کا علاج تھا۔ جس طرح قرآن مجید میں عیسیٰ علیہ السلام کا اِلٰہ ماننے والوں کے مقابلہ میں قُل فمن یملك من اللہ شیئاً ان اراد ان یھلك المسیح بن مریم

فرمایا ہے۔ لیکن مطلب ان الفاظ کا برا نہیں ہے۔ جو غور سے یا سمجھانے سے
سمجھ میں آسکتا ہے۔ لیکن اب جو بعضوں کی عادت بن گئی ہے کہ ان (تقویۃ الایمان)
کے الفاظ کو بلا ضرورت بھی استعمال کرتے ہیں یہ بے شک بے ادبی و گستاخی
ہے۔" پہلے تو تھانوی صاحب کی سادگی اور بھولا پن ملاحظہ ہو۔ بعض الفاظ سخت
واقع ہو گئے ہیں (کیا وہ الفاظ خود بخود آگھسے ہیں؟ محمد حسن علی الرضوی غفرلہ) اور
قطع نظر اس سے آیۃ کریمہ کے مفہوم و الفاظ اور تقویۃ الایمان کی عبارات میں
زمین و آسمان کا فرق ہے۔ دریافت طلب یہ امر ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو
تو الٰہ ماننا شروع کر دیا تھا۔ یہاں حضور سید الانبیا حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم و
اولیاء کرام کو کس نے الٰہ یا معبود مانا تھا۔؟ دوم خالق کا اپنے انبیاء علیہم السلام
کو کچھ ارشاد فرمانا حکمت و دانائی کی باتیں تعلیم فرمانا اور بات ہے اور امتی بن کر
امتی ہونے کے دعوے کے ساتھ جن کا کلمہ پڑھتا ہو اس کی شان میں کچھ بکنا اور
بات ہے۔ مگر کچھ بھی ہو۔ بہر حال تھانوی صاحب نے اس کا تو بڑی فراخدلی
سے اعتراف کر لیا۔ تقویۃ الایمان میں الفاظ سخت واقع ہو گئے ہیں۔ یہ خود
بخود ہوں یا اسمٰعیل صاحب کی چیرہ دستی سے اور یہ کہ اب یہ الفاظ استعمال کرنا
بیشک بے ادبی اور گستاخی ہیں"۔

تھیں میری اور رقیب کی راہیں جدا جدا
آخر کو ہم دونوں در جاناں پہ جا ملے

تھانوی صاحب کے ان ارشادات کے برعکس اب یہ سرفراز صاحب کی
شقاوت قلبی ہے کہ وہ نہ صرف ان سخت واقع ہونے والے الفاظ کو

Marfat.com

استعمال کر رہے ہیں۔ بلکہ بے ادبی اور گستاخی پر مبنی ان الفاظ کی مرہم پٹی و پیوند کاری میں بھی مصروف ہیں۔ حالانکہ اسی جواب میں تھانوی صاحب کے اختتامی الفاظ یہ ہیں کہ "ان الفاظ کو استعمال بھی نہ کیا جاوے" دیکھو امداد الفتاوی جلد ۴ ص۱۱۵۔ جب تھانوی صاحب ان تقویۃ الایمانی الفاظ کے استعمال سے منع فرما رہے ہیں تو لازماً ان کے نزدیک یہ بے ادبی و گستاخی پر مبنی ہیں۔ جب بے ادبی و گستاخی پر مبنی ہیں تو عبارات اکابر میں ان عبارات کا بار بار اظہار و بیان زناویل وضاحت اپنے حکیم الامت کے ارشادات سے صریح انحراف ہے۔ ہماری اس وضاحت سے ثابت ہو گیا ہے کہ تقویۃ الایمان کی عبارات سخت ہیں اور بے ادبی و گستاخی پر مبنی ہیں۔ اس کے علاوہ تحذیر الناس و حفظ الایمان وغیرہ عبارات کو اسی آئینہ میں دیکھ لیا جائے۔

**تحریف** جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ علمائے دیوبند نے خود اپنی کتابوں اور عبارتوں میں زبردست تحریف اور ردّ و بدل کی ہے مگر سرفراز صاحب نے تحریف کا الزام اہلسنت و امام اہلسنت اعلحضرت فاضل قدس سرہ کے ذمہ لگایا ہے۔ اور اپنی عبارات اکابر میں مختلف صفحات پر یہ رونا رویا ہے۔ ناظرین کو حیرت ہو گی۔ علماء دیوبند نے اپنے اکابر کی عبارات میں جس قدر خوفناک تحریف اور شدید رد و بدل کیا ہے۔ اتنا آج تک کسی مخالف نے بھی اپنے حریف کی کتب میں نہیں کیا ہوا۔

Marfat.com

## تحذیرالناس

تحذیرالناس بانی مدرسہ دیوبند مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی کی کتاب ہے جس میں انہوں نے آیۂ خاتم النبییّن کے سلف و خلف کے برعکس بالکل جدید معنی بیان کرکے ایک جدید فتنہ کی بنیاد رکھی اور مرزا قادیانی مردود کے لئے راہ ہموار کی۔ آج قادیانی سب سے زیادہ اسی مولوی قاسم صاحب کی تحذیرالناس کو اپنے خود ساختہ و نام نہاد نبی کی جھوٹی نبوت کی دلیل بناتے ہیں۔ مولوی سرفراز صاحب نے بھی اپنی عبارات اکابر کے صفحہ ۱۱۶ سے آگے مختلف صفحات پر اعلیٰحضرت امام اہل سنت رضی اللہ عنہ کی تحذیرالناس سے نقل فرمودہ عبارات پر عامیانہ تنقید کی ہے اور لکھا ہے خان صاحب نے عبارت کے پیش کرنے میں دجل و تلبیس کا ثبوت دیا۔ ص۱۱۶ اپنی افتاد طبع سے مجبور ہو کر ایک خاص ترتیب دی" ص۱۱۸ وغیرہ .... اس موضوع پر تفصیل سے لکھا جا سکتا ہے۔ مگر اس وقت اس ابتدائیہ میں صرف یہ بتانا مقصود ہے کہ اعلیٰحضرت مجدد دین و ملت قدس سرہٗ تحذیرالناس کی اس عبارت سے اختلاف فرمانے اور حکم شرعی ظاہر فرمانے والے کوئی پہلے اور تنہا شخص نہیں۔ دیکھیے دیوبندی حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کہتے ہیں " جس وقت سے مولانا (قاسم نانوتوی) نے تحذیرالناس لکھی ہے۔ کسی نے ہندوستان بھر میں مولانا (نانوتوی) کے ساتھ موافقت نہیں کی۔ بجز مولوی عبدالحی صاحب کے" (الافاضات الیومیہ جلد۴ ص۵۸۰ زیر ملفوظ ۹۲۷) مقام غور و فکر ہے جب بانی مدرسہ دیوبند نانوتوی صاحب کی تحذیرالناس سے ہندوستان بھر میں کسی بھی

Marfat.com

(عالم یا غیر عالم) نے موافقت نہیں کی۔ تو پھر امام اہلسنت امام احمد رضا قدس سرہٗ کو ہی مورد الزام ٹھہرایا جاتا ہے۔ کیا اندرونی بغض وعناد اس پر مجبور کرتا ہے؟

ہندوستان بھر کے علماء کی عدم موافقت کی بنا پر چاہیئے تو یہ تھا۔ کہ وہ توبہ نامہ چھاپ دیتے اور علی الاعلان رجوع کر لیتے۔ مگر ایسا نہیں ہوا۔ وہ اس پر اڑے رہے اس پر اسی زمانہ کے مشاہیر علماء کرام نے تحذیر الناس کے رَدّ و جواب شائع کئے۔ چنانچہ اس کا فراخدلانہ اعتراف کتاب "مولانا محمد احسن نانوتوی" میں کیا گیا۔ جو مشہور دیوبندی مفتی محمد شفیع صاحب سابق مفتی دیوبند کے نہایت بڑی تعارف کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ اس میں مولوی قاسم صاحب کی تحذیر الناس کے رد میں شائع ہونے والی کتب کا مختصر ذکر موجود ہے ملاحظہ ہو۔ لکھا ہے۔

" اثر ابن عباس کی بحث اور مناظرہ احمدیہ اور تحذیر الناس کے جواب میں کئی رسالے لکھے گئے۔ ہمارے مطالعہ وعلم میں درج ذیل رسالے آئے ہیں۔

۱۔ تحقیقات محمدیہ حل اوہام نجدیہ ۱۲۸۹ھ / ۱۸۷۲ء۔

۲۔ الکلام الاحسن۔

۳۔ تنبیہہ الجہال بالہام الباسط المتعال ۱۲۹۱ھ / ۱۸۷۴ء

۴۔ قول الفصیح ۱۸۷۵ء

۵۔ افادات احمدیہ ۱۳۲۴ھ / ۱۹۰۹ء

۶۔ رد رسالہ قانون شریعت

۷۔ ابطال اغلاط قاسمیہ ۱۳۰۰ھ / ۱۸۸۲ء بمبئی اس رسالہ پر بہت سے علماء اکابر ہند کے دستخط موجود ہیں۔

Marfat.com

۸۔ فتاوی بے نظیر اس رسالہ میں ان تمام اکابر علماء ہند کے فتوے یکجا شامل ہیں۔ جو صحت اثر ابن عباس کے قائل نہ تھے

۹۔ کشف الالتباس فی اثر ابن عباس

۱۰۔ قسطاس فی موازنۃ اثر ابن عباس ۱۲۷۸ھ ۱۸۶۱ء

(کتاب مولانا محمد احسن نانوتوی ص۹۱ تا ص۹۴)

بتائیے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی کا کیا قصور ہے۔ برصغیر ہند کے علماء متفقہ طور پر تحذیر الناس کا رد و ابطال فرما رہے تھے۔ اعلیحضرت نے ۱۳۲۵ھ میں حسام الحرمین علماء عرب کے ساتھ حکم شرعی واضح فرمایا۔ اور اکابر علماء ہند اس سے بہت پہلے تحذیر الناس کا رد و ابطال کر چکے تھے۔ جس کا تھانوی صاحب نے بھی اعتراف کیا ہے۔

باقی رہی تحریف و خیانت کی بات تو دیکھیے اس کتاب تحذیر الناس میں خود دیوبندی علماء نے خوفناک تحریف کی ہے۔ تحذیر الناس ص۲۸ کی پرانی اصلی عبارت قدیم ایڈیشنوں میں یوں ہے" اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلعم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا" (تحذیر الناس ص۲۸) انار کلی لاہور۔ کراچی دیوبند کے قدیم تین چھاپوں میں صفحات کے آگے پیچھے ہونے کے باوجود عبارت اس طرح موجود ہے۔ مگر اب علمائے اہلسنت کی گرفت سے مجبور ہو کر توبہ اور رجوع کرنے کی بجائے یوں تحریف کر دی جس کو راشد کمپنی دیوبند یوپی نے شائع کیا ہے۔ ملاحظہ تحریف شدہ نئی تحذیر الناس میں یوں کر دیا گیا " اگر بالفرض آپ کے زمانہ میں یا بالفرض آپکے بعد بھی کوئی نبی

59820

Marfat.com

فرض کیا جاوے تو بھی خاتمیت محمدی میں فرق نہ آئے گا" (تحذیر الناس صـ۲۲
شائع کردہ مکتبہ راشدیہ دیوبند یوپی) ع

خود نہیں بدلتے تحذیر بدل دیتے ہیں

بتائیے تحریف کرنا خود اپنا شعار ہوا یا نہیں۔ حوالے اور بھی آرہے ہیں۔

حفظ الایمان کا حال ملاحظہ ہو۔

اس بے چاری میں پے در پے کتنی تحریفیں ہوئی ہیں۔ دوسرا کب کوئی اتنی کر سکتا ہے۔ بہرحال پہلے حفظ الایمان کی قابل اعتراض گستاخانہ عبارت ملاحظہ ہو۔ پھر اس میں تحریف اور کتر بیونت ملاحظہ ہو۔ " پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب۔ اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور کی ہی کیا تخصیص ہے۔ ایسا علم غیب تو زید و عمر و بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کیلئے بھی حاصل ہے" (حفظ الایمان صـ۸)

## دیوبندی تحریف و کتر بیونت

تازہ ایڈیشنوں میں علماء دیوبند نے یہ ہاتھ کی صفائی دکھائی ہے کہ اس عبارت کا حلیہ ہی بگاڑ کر رکھ دیا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ مکتبہ نعمانیہ دیوبند یوپی سے شائع شدہ نیشنل پرنٹنگ پریس دیوبند کی چھپی ہوئی حفظ الایمان صـ۱ میں یوں ہے۔

" پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر عالم الغیب کا اطلاق کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو یہاں علم غیب کا عالم الغیب کر دیا۔ حکم کی جگہ اطلاق بنا دیا ہے حالانکہ اہل علم جانتے ہیں محض علم غیب اور عالم الغیب میں اور اطلاق و حکم میں زمین و

آسمان کا فرق ہے مگر دیوبندیوں نے اپنی کتاب میں اپنی جان بچانے کے لئے خود تحریف کی اور الزام اہل سنت پر لگاتے ہیں۔ مولوی منظور سنبھلی نے بھی سیدھا راستہ اختیار کرنے اور اپنے تھانوی پیر مغاں کو صحیح مشورہ دینے کے بجائے اس تحریف شدہ عبارت کو ماہنامہ الفرقان مطابق ماہ رجب ۱۳۵۴ھ میں اسی ہیرا پھیری سے چھاپ دیا۔

**مزید تحریف**

چنانچہ اس تحریف سے بھی نہ عوام مطمئن ہوئے۔ نہ ان کا اپنا ضمیر مطمئن ہوا۔ لہٰذا پھر تحریف کی ضرورت پیش آئی۔ اور تھانوی حکیم الامت نے اپنی حکمت و دانائی کا یوں مظاہرہ فرمایا۔ لکھتے ہیں۔

" لہٰذا قبولاً للمشورہ اس (عبارت) کو لفظ اگر کے بعد سے عالم الغیب کہا جاوے تک اسی طرح بدلتا ہوں۔ اب حفظ الایمان کی اس عبارت کو ........ اس طرح پڑھا جاوے۔ اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا تخصیص ہے مطلق بعض علوم غیبیہ تو غیر انبیاء علیہم السلام کو بھی حاصل ہیں۔" الخ (اشرف علی تھانوی ۱۸ صفر ۱۳۴۲ھ وقت الضحی فقط)

بتایا جائے۔ اعلحضرت امام اہلسنت مجدد دین وملت فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ کا یا علمائے عرب وعجم کا کیا قصور ہے۔ جنہوں نے حفظ الایمان کی اس خبیث عبارت پر حکم شرعی ظاہر فرمایا۔

تھانوی صاحب اور ان کے حواریوں پر لازم تھا۔ کہ جب یہ عبارت خود ان کے ذہن میں بھی کھٹک رہی تھی۔ ان کے ضمیر پہ بوجھ بنی ہوئی تھی۔ عبارت بدلنے کی بجائے رجوع کا اعلان چھاپ دیتے۔ توبہ نامہ شائع کر دیتے اسکو عزت نفس

Marfat.com

کا مسئلہ نہ بناتے تو معاملہ صاف ہوگیا ہوتا۔ مگر تھانوی جی ا توبہ و رجوع الی الحق کی سیدھی راہ اختیار کرنے کی بجائے اینٹھ گئے۔

## توبہ رجوع سے گریز و انکار

اعلحضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کوئی ایک دم ہی بلا فکر د نظر حکم شرعی شائع نہ فرمایا تھا۔ بلکہ تھانوی جی کو ہر ممکن شرعی رعایت دی خطوط رجسٹرڈ کے ذریعہ اخبار و اشتہار کے ذریعہ ان کو ان کے اقوال پر بار بار مطلع کیا۔ حد یہ کہ جب تھانوی جی ۱۱۔ جمادی الآخر ۱۳۲۲ھ میں سرائے خام بریلی آئے تو امام اہلسنت اعلحضرت قدس سرہ نے معززین شہر و علماء کا ایک نمائندہ وفد ان کی خدمت میں بھیجا توبہ و رجوع کی تلقین فرمائی۔ تھانوی جی نے توبہ و رجوع اور مناظرہ سے صاف صاف انکار کر دیا۔ کہنے لگے "معاف کیجئے میں اس فن میں جاہل ہوں۔ میرے اساتذہ بھی جاہل ہیں۔ جو شخص تم سے دریافت کرے۔ اسے ہدایت کر د۔ طبیب کا کام نسخہ لکھ دینا ہے یہ نہیں کہ مریض کی گردن پر چھری رکھ دے کہ تو پی لے ...... میں (حفظ الایمان) میں جو کچھ کہہ چکا ہوں۔ وہی کہوں گا۔ مجھے معقول بھی کر دے تو وہی کہے جاؤں گا۔ مجھے معاف کیجئے۔ آپ جیتے اور میں ہارا" (وقعات السنان ص۲۶)

بسط البنان سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ چنانچہ سبب تالیف کے زیر عنوان لکھا ہے "ایک دفعہ جب بریلی میں ایسے اشتہارات کے جوابات لکھنے پر ان (تھانوی صاحب) سے اصرار کیا گیا۔ تو انہوں نے یہ کہہ کر پیچھا چھڑایا۔ کہ آپ جیتے اور ہم ہارے" (حفظ الایمان مطبع علیمی دہلی ص۱۰ و جدید حفظ الایمان لاہوری معہ بسط البنان ص۹۹)

Marfat.com

مقام غور و فکر ہے جب جناب سرفراز صاحب کے اس وقت کے اکابرین کے حالات یہ تھے وہ اپنی گستاخیوں پر خود اڑے ہوئے تھے۔ قابل اعتراض باتوں پر جمے ہوئے تھے تو پھر آج یہ لوگ حکم شرعی کے اظہار و بیان پر کیوں رنجیدہ خاطر ہوتے ہیں۔ بہرحال ہمارا مدعا ثابت ہے۔ کہ علمار دیوبند نے اپنی عبارات میں جو تحریف و کتر بیونت خود کی ہے اسکی مثال نہیں ملتی۔

**الزام تکفیر کی حقیقت** علمار دیوبند تکفیر کے شرعی حکم پر بہت واویلا کیا کرتے ہیں اور اسکو بہت بڑھا چڑھا کر شدید مبالغہ کا خول چڑھا کر پیش کرتے ہیں۔ مجدّد دین و ملّت اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ اس الزام کی حقیقت واضح فرماتے ہوئے لکھتے ہیں۔

" ناچار عوام المسلمین کو بھڑکانے اور دن دہاڑے ان پر اندھیری ڈالنے کو یہ چال چلتے ہیں۔ کہ علمار اہل سنت کے فتویٰ تکفیر کا کیا اعتبار۔ یہ لوگ تو ذرا ذرا سی بات پر کافر کہہ دیتے ہیں۔ ان کی مشین میں کفر ہی کے فتوے چھپا کرتے ہیں۔ اسمٰعیل دہلوی کو کافر کہہ دیا۔ مولوی اسحٰق صاحب کو کہہ دیا۔ مولوی عبدالحی صاحب کو کہہ دیا۔ پھر جن کی حیا اور بڑھی ہوئی ہے وہ اتنا اور ملاتے ہیں۔ کہ معاذ اللہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب کو کہہ دیا۔ شاہ ولی اللہ صاحب کو کہہ دیا۔ حاجی امداد اللہ صاحب کو کہہ دیا۔ مولانا شاہ فضل الرحمٰن صاحب کو کہہ دیا۔ پھر جو پورے ہی حد حیا رسے اونچے گزر گئے۔ وہ یہاں تک بڑھے ہیں۔ عیاذاً باللہ عیاذاً باللہ حضرت شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کو کہہ دیا۔ غرض جسے جس کا زیادہ معتقد پایا۔ اس کے سامنے اسی کا نام لے دیا۔ کہ انہوں نے اسے کافر کہہ دیا۔ یہاں تک کہ ان میں کے بعض بزرگواروں نے

Marfat.com

مولانا مولوی شاہ محمد حسین صاحب الہ آبادی مرحوم و مغفور سے جاکر جڑ دی۔ کہ معاذ اللہ معاذ اللہ معاذ اللہ حضرت سیدنا شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس سرہ کو کافر کہہ دیا۔ مولانا کو اللہ تعالیٰ جنت عالیہ عطا فرمائے انہوں نے آیہ کریمہ اِنْ جَاءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوا پر عمل فرمایا۔ خط لکھکر دریافت فرمایا۔ جس پر بیان سے رسالہ " انجار البری عن وسواس المفتری " لکھ کر ارسال ہوا۔ اور مولانا نے مفتری کذاب پر لاحول شریف کا تحفہ بھیجا۔ غرض ہمیشہ ہی ایسے افترا اٹھایا کرتے ہیں۔ تمہید الایمان صفحہ ۴۷-۴۸)

## صحابی کو کافر کہنے کا افترا

حد یہ کہ علماء دیوبند نے اعلحضرت امام اہل سنت پر معاذ اللہ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم تک کو کافر کہنے کا شرمناک الزام لگایا۔ جناب سرفراز حسین ماہنامہ الرشید کے حوالوں کو ناقابل تسخیر سمجھ کر اور معتبر جان کر نقل کرتے ہیں۔ اس ماہنامہ " الرشید " میں مولوی خالد محمود مانچسٹروی لکھتے ہیں۔ " اب صحابی رسول حضرت عبدالرحمٰن الفاری رضی اللہ عنہ پر مولانا احمد رضا خاں کی جرح سنیئے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ہاں صحابہ جرح سے بالاتر نہ تھے۔ آپ لکھتے ہیں۔ ایک بار عبدالرحمٰن فاری کہ کافر تھا۔ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں پر آپڑا۔ چرانے والے کو قتل کیا اور اونٹ لے گیا "

(ماہنامہ الرشید ذوالحجہ ۱۴۰۲ھ صفحہ ۲۴)

بظاہر مانچسٹروی صاحب نے بہ حوالہ ملفوظات حصہ دوم سے نقل کیا۔ مگر اس میں ایسی ہولناک خیانت و بے ایمانی کی۔ کہ دیانت و امانت اپنا سر پیٹ لیتی ہے۔ اس لئے کہ یہ عبدالرحمٰن فاری فی الواقع کافر و مشرک تھا۔ مسلمان و صحابی نہ تھا۔ اعلحضرت قدس سرہ نے وضاحت بھی فرمائی ہے۔ کہ " یہ عبدالرحمٰن فاری

Marfat.com

کہ کافر تھا۔ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹوں پر آپڑا۔ چرانے والے کو قتل کیا اور اونٹ لے گیا" بتایا جائے کہ کیا کوئی صحابی معاذ اللہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹ چرا سکتا ہے۔ چرانے والے کو قتل کرسکتا ہے؟ اس کے بعد اعلیٰحضرت نے وضاحت بھی فرمائی ہے " اسے قرأت قاری نہ سمجھ لیں۔ بلکہ قبیلہ بنی فارہ سے تھا" (ملفوظات ۲ ص۴۵)

یہ ہے دیوبندی کارستانی کہ کافر کو صحابی بنا دیا۔ اور معاذ اللہ صحابی کو کافر قرار دینے کا افترا کر دیا۔ حالانکہ صحیح بخاری شریف میں جن صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہے اور ان سے روایات ہیں وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عبدالقاری ہیں دیکھو صحیح بخاری ص۲۶۱ لکھا ہے۔ عن عروۃ بن الزبیر عن عبدالرحمٰن بن عبد القاری۔ بتایا جائے صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو معاذ اللہ اعلیٰحضرت نے کافر قرار دیا یا دیوبندیوں نے خود ان کو کافر قرار دیا۔

## علماء مشائخ اہل سنّت کے نام پر دھوکہ دہی

جناب مولوی سرفراز صاحب نے بڑی فراخدلی سے دھوکہ دہی کی وارداتیں کی ہیں۔ انہوں نے اپنے اکابر کو ایمان و اسلام کی ڈگری دلوانے کے لئے مختلف علماء و مشائخ اہل سنّت کا نام استعمال کیا۔ اس فریب کاری کی مختلف روئیداد بھی سن لیجئے۔ اور سرفراز صاحب کی دیانت و امانت کی داد دیجئے عبارات اکابر کے صفحہ ۳۳ پر مصنف مزاج بریلوی علماء حضرات علماء دیوبند کی تکفیر نہیں کرتے" کی موٹی تازی سرخی جما کر سرفراز صاحب یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں۔ کہ فلاں فلاں حضرات ہمارے علماء کی تکفیر نہیں کرتے ..... وغیرہ۔ لیجئے ہم اس

Marfat.com

کی قلعی بھی کھول لیتے ہیں۔

**مولانا غلام محمد گھوٹوی** کے نام کے ساتھ جو الفاظ نقل کئے ہیں۔ کیا ان میں یہ موجود ہے کہ تحذیر الناس۔ براہین قاطعہ حفظ الایمان وغیرہ کتب کی عبارات حق ہیں اور اعلیحضرت فاضل بریلوی قدس سرہٗ و اکابر علمائے عرب و عجم کا فتویٰ غلط ہے۔ نیز یہ حوالہ گونگا ہے۔ مولانا گھوٹوی کی اپنی کسی کتاب سے نقل نہیں ہے۔ اگرچہ سرفراز صاحب نے یہاں حوالہ نقل نہیں کیا لیکن یہ حوالہ در حقیقت خانہ ساز حوالہ ہے۔ جسکو سرفراز صاحب نے ماہنامہ "الرشید" کے دارالعلوم دیوبند نمبر سے نقل کیا ہے اور ماہنامہ الرشید نے اپنے دیوبندی مولوی فردوس علی صاحب قصوری کی "چراغ سنت" ص۲۷ سے نقل کیا ہے اور چراغ سنت والے کو غالباً ٹیچی ٹیچی بتا گئے ہوں گے۔ تو ثابت ہوا یہ حوالہ خانہ ساز ہے گھر ہی گھر میں گردش کرتا ہوا۔ عبارات اکابر کے ص۴۳ پر نمودار ہو گیا ہے اس سے زیادہ اسکی کچھ حقیقت نہیں ہے۔ ص۴۵ پر سرفراز صاحب نے لکھا ہے۔ ہم نے یہ دونوں حوالے البرہان فی رد البھتان سے نقل کئے ہیں۔ بتایا جائے یہ "البرہان" کونسا سپارہ ہے؟ ۔ یہ بھی تو علمائے دیوبند کی اپنی تصنیف ہے۔

**مولوی مشتاق احمد صاحب انبیٹھوی** دوسرا نام جناب مولوی مشتاق احمد صاحب انبیٹھوی کا پیش کیا گیا ہے۔ حالانکہ یہ مولوی مشتاق صاحب بھی ان کے اپنے مولانا ہیں۔ "امداد المشتاق" میں ان ہی کا نام لکھا ہوا ہے۔ یہ امداد المشتاق والے مولانا ہیں۔ اور پھر ان کا حوالہ

Marfat.com

بھی "البرہان فی رد البہتان مرتبہ علی محمد مرچ پوری دیوبندی صـ۵۶ سے لیا گیا ہے - یہ حوالہ بھی خانہ ساز ہے - نمبر۲ - ان مولوی مشتاق صاحب نے اپنے بیان میں کہا ہے "مولانا محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا میں ابتدا سے معتقد ہوں - زمانہ طالب علمی میں کچھ عرصہ ساتھ بھی رہا" (عبارات صـ۴۲) جو شخص ابتدا سے معتقد ہو - اس کو مشہور بریلوی پیر کیسے قرار دیا جا سکتا ہے ؟ -

## علامہ دیدار علی شاہ محدث الوری رحمۃ اللہ علیہ

اور آپ کے صاحبزادہ علامہ ابوالحسنات قادری علیہ الرحمۃ کا نام بھی سراسر غلط استعمال کیا گیا ہے - اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ حضرت محدث [redacted] الوری قدس سرہٗ کی حسام الحرمین شریف پر تائید و تصدیق الصوارم الہندیہ صـ۹۰ پر یوں موجود ہے "حسام الحرمین جو فتویٰ علمائے حرمین الشریفین ہے - وہ سرتاپا حق و بجا ہے اور جن اقوال پر فتویٰ دیا گیا ہے فریقین میں منصف کو ان کی کتابوں سے اُن اقوال کو مطابق کر کے دیکھنا کافی ہے اور معاند کو تمام قرآن بھی پڑھ لے - نفع نہیں بخشتا - اللہ جل شانہ مسلمانوں کو توفیق و انصاف دے - اور ان بے دینوں سے اپنے امن میں رکھے - فقط ابو محمد دیدار علی عفا اللہ عنہ - الفاظ مُہر ابو محمد سید محمد دیدار علی رضوی مجددی قادری سابق مفتی مسجد جامع شاہی اکبر آباد الحال خطیب و مدرس مسجد وزیر خاں واقع دار الخلافہ لاہور ۱۳۴۱ھ

صفحہ ۹۸ پر علامہ ابوالحسنات قادری علیہ الرحمۃ کا فتویٰ ہے - اصاب من اجاب ابوالحسنات سیّد محمد احمد رضوی قادری الوری - حضرت محدّث الوری سے جو الفاظ منسوب کیے گئے ہیں وہ یہ ہیں " اور مولانا و استاذنا رئیس المحدثین مولانا

Marfat.com

محمد قاسم صاحب مغفور حضرت مولانا احمد علی صاحب مرحوم و مغفور کے فتوے اجوبۂ سوالات خمسہ کی نقل زمان طالب علمی ہی کی ہوئی۔ احقر کے پاس موجود ہے" ان الفاظ سے بھی تحذیر الناس۔ براہین قاطعہ۔ حفظ الایمان کے کفریات کی تائید نہیں ہوتی۔ بھلا ان الفاظ مذکورہ بالا سے مذکورہ کتب کی گستاخانہ و رسوائے زمانہ عبارات پر کیا اثر پڑا۔ نیز یہ عبارت ہی بے ربط ہے اور بے تکی ہے۔ علاوہ بریں "رسالہ تحقیق المسائل" خود حضرت محدث الوری کی اپنی تصنیف نہیں نہ اس کا ان کے سوانح نگاروں نے تذکرہ کیا۔ دوسرا حوالہ "الرشید" کا ہے۔ جو فرضی حوالے گھڑنے میں حسین احمد ٹانڈوی کی طرح فنکار ہے۔ اور سب سے بڑی بات یہ کہ حضرت مولانا دیدار علی شاہ صاحب نے کبھی ایک دن تو کیا ایک لمحہ بھی نہ مدرسہ دیوبند میں پڑھا۔ نہ قاسم نانوتوی صاحب سے پڑھا۔ اسی طرح جناب نانوتوی صاحب نے نہ کبھی پڑھا نہ مدرسہ دیوبند میں پڑھایا۔ چنانچہ سوانح قاسمی میں لکھا ہے کہ " دار العلوم دیوبند میں مولانا محمد قاسم نے نہ درس دیا۔ نہ اس کے اہتمامی و انتظامی شعبوں سے بظاہر بحیثیت عہدہ کے کسی قسم کا تعلق آپ کا کبھی قائم ہوا۔" (سوانح قاسمی حصہ دوم ص۲۷۲)

## حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی

گولڑوی صاحب نے بھی اپنے بیان میں کسی جگہ بھی تحذیر الناس۔ براہین قاطعہ۔ حفظ الایمان وغیرہ کی گستاخانہ عبارات کی تائید نہیں فرمائی۔ اور پھر بہ حوالہ کبھی مشہور دیوبندی مولوی بہاؤ الحق قاسمی کی اسوۂ اکابر ص۲۷ ماہنامہ الرشید دار العلوم دیوبند نمبر ۸،۷ سے نقل کیا

Marfat.com

گیا ہے۔ یہ خود حضرت پیر صاحب گولڑوی قدس سرہٗ کے تحریر فرمودہ نہیں ہیں۔ خانہ ساز ہیں جن کا کوئی اعتبار نہیں۔

**سید غلام محی الدین صاحب گولڑوی** رحمۃ اللہ علیہ سے متعلق یہ الفاظ بھی ہیں۔ "جو شخص ان علماء (دیوبند) کے حق میں کچھ برا کہتا ہے۔ اس کا ایمان خطرے میں ہے۔ بھلا پیر سید غلام محی الدین صاحب ایسا کیونکر کہہ سکتے ہیں۔ دیوبندیو غور کرو جو شخص انبیاء و رسل علیہم السلام محبوبانِ خدا کے حق میں برا بکتا ہو۔ کہتا ہو۔ اس کا ایمان تو خطرے میں نہ ہو۔ الٹا علماء دیوبند کو برا کہنے والوں کا ایمان خطرے میں ہو جائے نیز یہ حوالہ بھی دیوبندی کتابچہ ڈھول کی آواز سے ہے۔ ماہنامہ "الرشید" سے ہے۔ یہ سب گھریلو صنعت کاری ہے

**حضرت میاں شیر محمد شرقپوری** رحمۃ اللہ علیہ کا نام بھی استعمال کیا گیا ہے۔ آپ سے جو الفاظ منسوب کیے گئے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ "مولانا مولوی انور علی شاہ صاحب صدر مدرسہ دیوبند ہمراہ مولوی احمد علی صاحب مہاجر لاہوری شرقپور شریف حاضر ہوئے اور حضرت میاں صاحب علیہ الرحمۃ کو بڑی ارادت سے ملے۔ آپ (میاں صاحب) ان سے کچھ باتیں کرتے رہے (انور) شاہ صاحب خاموش رہے۔ پھر آپ نے مولانا انور شاہ صاحب کو بڑی عزت سے رخصت کیا.... اور کہا۔ دیوبند میں چار نوری موجود ہیں .... وغیرہ۔ ان جملوں پر بھی چند طرح غور لازم ہے۔ اول یہ کہ مولوی انور شاہ صاحب اور احمد علی صاحب لاہوری شرقپور شریف حاضر ہوئے

Marfat.com

ان کا حاضر ہونا میاں صاحب قبلہ کی عظمت کی دلیل ہے نہ کہ ان اصحاب کی۔ پھر لکھا ہے یہ لوگ بڑی ارادت سے ملے۔ ان الفاظ سے بھی میاں صاحب علیہ الرحمۃ کی بزرگی و برتری اور انور شاہ وغیرہ کی نیاز مندی و حسن عقیدت ظاہر ہوتی ہے۔ آپ (میاں صاحب) ان سے کچھ باتیں (یقیناً بدعقیدگی سے توبہ و رجوع کی) کرتے رہے اور شاہ صاحب خاموش رہے۔ مولوی انور شاہ اور احمد علی صاحب جسکو اہل دیوبند بڑا فاضل شیخ الحدیث اور شیخ التفسیر وغیرہ قرار دیتے ہیں کا حضرت میاں صاحب کی باتیں سن کر خاموش رہنا اپنی غلطی کا اعتراف اور اقرار اجماع سکوتی ہے اور آپ کی علمی فضیلت و برتری کی دلیل بھی ہے۔ آخر میں یہ بھی ہے کہ انور شاہ صاحب نے برکت کے لئے حضرت میاں صاحب سے اپنی کمر پر ہاتھ پھروایا۔ بتایا جائے بزرگ بچوں کے سر پر کمر پر ہاتھ پھیرتے ہیں یا بچے بزرگوں کی کمر اور سر پر پھیرتے ہیں اس حوالہ سے مکمل طور پر سُنی بریلوی رہنما حضرت میاں صاحب کی فضیلت و عظمت ثابت ہوئی۔ باقی رہا دیوبند میں چار نوری وجود ہونا۔ تو نوری وجود تو دیوبندی خود حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی نہیں مانتے۔ تو خود کیسے ہو سکتے ہیں اور نور کی جو تشریح ص۳۲ پر خود مولوی سرفراز صاحب نے کی ہے۔ نوری وجود اس سے بھی معارض ہے بہر حال یہ حوالہ بھی اہل دیوبند کے لئے کارآمد نہیں ہے۔ وبال جان بن جائے گا۔

**حضرت خواجہ قمر الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ** وہ ہیں جنہوں نے سلانوالی میں مشہور دیوبندی مولوی منظور سنبھلی مدیر ”

Marfat.com

"الفرقان" کو شیر بیشہ اہلسنت مولانا محمد حشمت علی صاحب لکھنوی علیہ الرحمۃ سے عبرتناک شکست فاش دلوائی حضرت خواجہ صاحب اس مناظرہ کے بانی وصدر تھے۔ مکتبہ مجیدیہ ملتان کی شائع کردہ دیوبندی روئیداد ملاحظہ کی جاسکتی ہے

نمبر۲۔ یہ حوالہ بھی دیوبندی کتابچہ ڈھول کی آواز اور دیوبندی ماہنامہ الرشید کے دارالعلوم دیوبند نمبر سے نقل ہے۔

نوٹ ۔ جب یہ حوالہ الرشید نے نقل کیا۔ ہم نے حضرت خواجہ سیالوی صاحب کو جوابی خط لکھا تھا۔ کہ تحذیر الناس کی عبارت اور جناب قاسم نانوتوی صاحب کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے۔ اس کا جواب خواجہ صاحب نے مفصل ارسال کیا تھا جس میں اپنا میلان طبع فتوائے تکفیر کی طرف ظاہر کیا گیا۔ فتویٰ پر حضرت خواجہ صاحب کی مہر شریف اور دستخط موجود ہیں۔ کوئی بھی صاحب جوابی لفافہ پچاس پیسے کا ڈاک ٹکٹ بھیج کر ہم سے تحذیر الناس اور نانوتوی صاحب پر خواجہ صاحب سیال شریف کا تازہ فتویٰ منگوا سکتا ہے۔ اس سے زیادہ اور ہم کیا کر سکتے ہیں۔

**مولانا قاضی عبدالنبی کوکب مرحوم** | اکابر اہلسنت میں سے نہ تھے انہوں نے "مقالات یوم رضا" میں جو کیا تھا۔ اس کی وضاحت انہوں نے ماہنامہ "رضائے مصطفےٰ" گوجرانوالہ جمادی الاول ۱۳۹۶ھ میں کر دی تھی۔ اس کے بعد ان کا نام گرامی استعمال کرنا شرمناک ہے۔ ان سارے حوالوں میں ایک حوالہ بھی ایسا نہیں جو اہل دیوبند کے نزدیک کارآمد ہو۔ اور ان کے ایمان و اسلام کا سرٹیفکیٹ بن سکے۔ اس کے ساتھ ہم جناب سرفراز صاحب کو یہ بھی بتادیں کہ ایک زمانہ میں جب دیوبندی حضرات

Marfat.com

اپنی وہابیت کو چھپاتے تھے خود مولوی قاسم صاحب میلاد اور قیام و سلام کو برکت والا عمل بتاتے تھے خلیفہ اعلیٰ حضرت صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین صاحب مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد حضرت مولانا معین الدین نزہت قاسم نانوتوی صاحب کے مرید ہو گئے تھے۔ جب حقیقت حال واضح ہوئی تو توبہ فرمائی اور ایک بند نظم کیا۔ فرماتے ہیں ؎

پھرا ہوں میں اس گلی سے نزہت ہوں گمرہ جس سے شیخ فانی
رضائے احمد اسی میں سمجھوں کہ احمد رضا ہوں مجھ سے راضی

جناب قاسم نانوتوی کی بیعت چھوڑ کر اعلیحضرت امام اہلسنت کے مرید ہوئے تو جس طرح حضرت صدر الافاضل کے والد ماجد مولانا معین الدین نزہت کی پرانی بات اور سابقہ قول دلیل نہیں بن سکتا۔ اسی طرح ایسے حضرات کے اقوال کیسے دلیل بن سکتے ہیں جو عدم واقفیت کے باعث پہلے دور کے ہوں۔ یہ وضاحت اس لئے ضروری سمجھی گئی۔ کہ آجکل بعض دیوبندی حضرات اس خبط میں مبتلا ہیں کہ کسی نہ کسی طرح اپنے اکابر کی بگڑی بنائی جائے۔

## المہند کا سہارا

جناب سرفراز صاحب نے جا بجا المہند کا نام لے کر اپنے اکابر کا بھرم رکھنے کی بھی سعی ناکام کی ہے۔ المہند میں کیا ہے۔ یہ محض فریب اور فراڈ کا مجموعہ ہے۔ صاحب المہند نے اپنی اور اپنے اکابر کی گستاخانہ عبارات کی قطعاً کوئی قابل قبول تاویل نہ کی۔ نہ حسام الحرمین کی کسی بات کا جواب دیا۔ بلکہ المہند میں اپنا اور اپنے اکابر کا عقیدہ و مسلک چھپایا گیا ہے۔ بلکہ ان پر فتاویٰ بھی صادر کیے ہیں۔ "المہند" سے حسام الحرمین کی عظمت

Marfat.com

دوبالا ہو جاتی ہے۔ اس کی صداقت وحقانیت کا پتہ چلتا ہے، حسام الحرمین میں
حرمین طیبین کے جلیل القدر علمار فقہار کی تائید وتصدیق موجود ہیں۔ جبکہ المہند میں
اکثر وبیشتر تصدیقات انہی مولویوں کی ہیں۔ جو براہ راست حسام الحرمین کی زد میں
ہیں۔ اختصار مانع ہے ورنہ ہم المہند کے فتاویٰ اور تقویۃ الایمان۔ تحذیر الناس
براہین قاطعہ۔ حفظ الایمان وغیرہ کتب کا ایک تقابلی جائزہ پیش کرتے۔ قارئین
کرام مذکورہ کتب اور المہند کو لے کر بیٹھ جائیں اور بچشم خود حسام الحرمین کی حقانیت
کا نظارہ کریں۔ "المہند" کے منظر عام پر آتے ہی خلیفہ اعلیٰحضرت صدر الافاضل
مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی قدس سرہٗ نے اس کی قلعی کھولی تھی اور اسکا جواب
التحقیقات لدفع التلبیسات کی صورت میں شائع کر دیا تھا۔ جو خلیل انبیٹھوی صاحب
کی حیات میں ہی چھپ گیا تھا۔ اور پھر اس کے جواب کی انبیٹھوی صاحب یا ان
کے حواریوں کو جرأت نہ ہوئی۔

**قصہ دار الاسلام کا** عہد حاضر کے دیگر مرفوع القلم مجہول مطلق دیوبندی اہل قلم
کی طرح مولوی سرفراز صاحب نے بھی لکیر کا فقیر بن کر
دار السلام اور دار الحرب کی بحث کو چھیڑ رہے ہے۔ یہ موضوع ایک مستقل بحث چاہتا
ہے۔ سرفراز جی کو کیا معلوم کہ دار السلام کس کو کہتے ہیں۔ دار الحرب کب ہوتا
ہے۔ گکھڑوی صاحب ان باتوں کی گرد راہ کو بھی نہیں پا سکتے۔ گکھڑوی صاحب
نے عبارات ص۴۴۔ ص۴۵۔ ص۱۵۰۔ ص۱۶۹ وغیرہ متعدد صفحات پر مسئلہ دار الاسلام
کے پردہ میں حضور سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہٗ
کو معاذ اللہ انگریز کا ایجنٹ۔ حکومت برطانیہ وغیرہ کا طرفدار کہہ کر اپنا نامہ اعمال

Marfat.com

سیاہ سے سیاہ تر کیا ہے۔ اگر ہند کو دار السلام کہنا انگریز کی ایجنٹی اور حکومت برطانیہ کی طرفداری ہے۔ تو پھر اس جرم میں خود حکیم الامت دیوبندی تھانوی جی کا نام نامی سرفہرست ہوگا۔ اور جناب مربی خلائق دیوبندیہ گنگوہی جی کی بھی خیر نہیں۔ مولوی گکھڑوی صاحب کو " اعلام الاعلام بان ہندوستان دار الاسلام" تو یاد رہی۔ مگر اپنے حکیم الامت تھانوی صاحب کی " تحذیر الاخوان " نظر نہ آئی انہیں سیدنا سرکار اعلحضرت رضی اللہ عنہ کے یہ مبارک الفاظ تو نظر آگئے۔ کہ " ہندوستان بفضلہ دار الاسلام ہے " مگر تھانوی صاحب کی " تحذیر الاخوان" کے مطالعہ کے وقت سفید موتیا اتر آیا اور وہ یہ الفاظ نہ پڑھ سکے " ترجیح (ہندوستان کے) دار الاسلام ہونے ہی کو دی جائے گی ..... اس صورت میں بھی ہندوستان دار الاسلام ہوگا " (تحذیر الاخوان ص۹) پھر لکھتے ہیں۔ " تعجب ہے بعض اہل اسلام ہندوستان کو دار الحرب قرار دیکر آمدنی بینک کو حلال سمجھتے ہیں " پھر لکھتے ہیں " امام اعظم (ابوحنیفہ) صاحب نے جو دار الحرب کی تعریف کی ہے اس کا ہندوستان پر صادق آنا محل نظر ہے۔ کیونکہ امام صاحب (ابوحنیفہ رض) کے پاس دار الحرب ہونے کی یہ شرط ہے۔ کہ کوئی حکم مسلمانوں کا باقی نہ رہے اور یہاں (ہندوستان) میں بہت سے احکام مسلمانوں کے جاری ہیں "۔ (تحذیر الاخوان ص۹)

تھانوی صاحب کے بعد اب جناب گنگوہی صاحب کی سنیئے۔

" دار الحرب ہونا ہندوستان کا مختلف علماء حال میں ہے۔ اکثر دار الاسلام کہتے ہیں اور بعض دار الحرب کہتے ہیں۔ بندہ اس میں فیصلہ نہیں کرتا " (فتاوی رشیدیہ جلد اوّل ص۸) قارئین کرام کو پہلے تو ہم واضح کر دیں۔ کہ مختلف جلدوں پر مشتمل مطبع سعیدی

Marfat.com

قرآن محل کراچی کے چھپے ہوئے اس فتاویٰ رشیدیہ میں جناب گنگوہی صاحب نے تسلیم کیا ہے " اکثر دار الاسلام کہتے ہیں " لیکن اب بعد کے شائع شدہ فتاویٰ رشیدیہ میں کسی لگھڑ دی قسم کے رئیس المحرفین نے اس کو تلف کر دیا ہے۔ پرانے فتاوی رشیدیہ میں یہ عبارت موجود ہے لیکن نئے چھاپے میں ایسا نہیں ہے۔ باقی رہا یہ کہ بندہ اس میں فیصلہ نہیں کرتا۔ تو بندہ کیونکر فیصلہ کر سکتا ہے۔ جبکہ یہ بندہ سرکار برطانیہ کا بندہ بے دام ہے۔ وہ بہ رضا و رغبت برملا بلکہ فخریہ اعتراف کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ " میں جب حقیقت میں سرکار (گورنمنٹ برطانیہ) کا فرمانبردار رہا ہوں۔ تو جھوٹے الزام سے میرا بال بھی بیکا نہ ہوگا۔" (تذکرۃ الرشید ص۸۰)

ہم جناب سرفراز صاحب سے گزارش کریں گے۔ کہ وہ صفدر ہونے کا ثبوت دیں۔ تحذیر الاخوان ہم سے منگوالیں۔ اور اس میں تھانوی صاحب کے مذکورہ الفاظ ملاحظہ فرما کر ان کو بھی اعلیٰ حضرت کا شریک جرم قرار دیں۔ انگریز کا ایجنٹ اور گورنمنٹ برطانیہ کا وفادار قرار دیں۔ یہ بے جا بھی نہ ہوگا کیونکہ سرفراز صفدر صاحب کو بخوبی علم ہے کہ جناب تھانوی صاحب کو" چھ سو روپے ماہوار حکومت (برطانیہ) کی جانب سے دیئے جاتے تھے۔" (مکالمۃ الصدرین ص۱۶) اور خود تھانوی جی کا اعتراف موجود ہے کہ " انہوں (انگریزوں) نے ہمیں بہت آرام پہنچایا ہے۔" (الافاضات الیومیہ حصہ چہارم ص۶۹۷ زیر ملفوظ ۱۱۳۶)

صفدر صاحب کو اگر فی الواقع صفدر ہیں تو گھبرانا نہیں جانا چاہیئے۔ نانوتوی صاحب اور گنگوہی صاحب کی طرح علی الاعلان اعتراف کر لینا چاہیئے " جیسا کہ آپ حضرات (نانوتوی صاحب بانی مدرسہ دیوبند گنگوہی صاحب وغیرہ) اپنی مہربان سرکار (گورنمنٹ

Marfat.com

برطانیہ) کے دلی خیر خواہ تھے تا زیست دلی خیر خواہ ثابت رہے۔" (تذکرۃ الرشید حصہ اول ص۷۹) ۔اس سے زیادہ وضاحت وتفصیل سے لکھا جا سکتا ہے۔ مگر اختصار مانع ہے۔اس موضوع پر قارئین کرام اور صفدر جیسے ڈھیٹ ضدی انسان نہیں منصف مزاج دیوبندی ہماری کتاب "برہان صداقت" ضرور ملاحظہ فرمائیں۔ جس سے پتہ چلے گا انگریز دوستی اور انگریز پرستی کس کا شیوہ رہا ہے۔

اس عنوان پر اس مختصر گفتگو کا حاصل یہ ہے کہ صفدر صاحب کو پتہ ہی نہیں کہ ان کے اکابر کیا لکھتے آئے ہیں۔اور اعلیٰحضرت سے بغض وعناد کے نشہ میں دھت ہو کر اس جرم میں ان پر انگریز ایجنٹی کا الزام لگا رہا ہے۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

## سیّد احمد شہید یا مفرور

جناب سرفراز صاحب نے اپنے اکابر کے عقائد و افکار سے لاعلمی برتتے ہوئے بہت ہولناک غلطیاں کی ہیں۔ان کی لاعلمی پر حیرت ہوتی ہے۔کبھی وہ دارالاسلام کے مسئلے میں اپنے اکابر کے مسلک سے عدم واقفیت کی بنا پر اس جرم میں سیّدنا اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کو معاذ اللہ انگریز کا ایجنٹ قرار دیتا ہے۔کبھی سیّد احمد صاحب ساکن رائے بریلی کو شہید لکھتا ہے۔حالانکہ اکابر دیوبند کے نزدیک سید احمد صاحب شہید نہیں ہوئے تھے۔بلکہ فرار ہو گئے تھے۔چنانچہ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی۔قاری محمد طیّب صاحب مہتمم مقبوضہ مدرسہ دیوبند۔امیر شاہ خان صاحب کے نام سے شائع ہونے والی معتبر ترین کتاب ارواح ثلاثہ میں لکھا ہے۔

" پھر کچھ عرصہ بعد کھڑک سنگھ پسر رنجیت سنگھ والی لاہور سے لڑائی ہوئی جس

Marfat.com

میں بہت مجاہدین مارے گئے۔ اور حضرت مولوی اسمٰعیل صاحب و مولوی محمد حسن صاحب بھی وہیں شہید ہوئے۔ البتہ ..... سید صاحب اور ان کے ساتھیوں کا کچھ پتہ نہ لگا۔" (ارواح ثلاثہ ص۱۶۳)۔

اس جگہ سیّد صاحب کے متعلق بڑی فراخدلی اور خندہ پیشانی سے تسلیم کیا ہے کہ اسمٰعیل دہلوی صاحب کے قتل کے بعد سیّد صاحب کا کہیں پتہ نہ لگا! اس کے بعد سید صاحب کی تلاش شروع ہوئی۔ تلاش کرنے والوں تین راویوں کے بیان ملاحظہ ہوں۔ لکھا ہے۔ " لوگ تلاش میں تھے اور ادھر ادھر جستجو کرنے لگے چند آدمی مختلف دیہات اور پہاڑوں میں جا کر ڈھونڈا کرتے تھے۔ اور (سیّد احمد) کسی کو نہ ملتے تھے۔ گاؤں میں برابر پتہ ملتا چلا جاتا۔ کہ یہاں تھے وہاں تھے ایک شخص نے بیان کیا۔ کہ مجھے سخت بخار تھا۔ اس حالت میں مَیں نے تینوں شخصوں کو جاتے دیکھا۔ جن میں ایک سیّد صاحب تھے۔ میں نے غل مچایا۔ کہ حضرت آپ ہم کو کہاں چھوڑ گئے اور کیوں ہم سے علیحدہ ہو گئے۔ سب لوگ آپ کے راہ براہ ہیں میرے غل مچانے پر حضرت سید احمد صاحب نے منہ پھیر کر مجھے دیکھا۔ کچھ جواب نہ دیا۔ اور چلے گئے۔" (ارواح ثلثہ ص۱۶۴)

دوسرے شخص کا بیان ہے۔" ہم انہی دنوں سید صاحب کو پہاڑ میں تلاش کر رہے تھے۔ دفعتہً کچھ فاصلہ پر گڑ ڑاٹ سنا۔ میں وہاں گیا۔ تو دیکھا کیا کہ سیّد صاحب اور ان کے دو ہمراہی بیٹھے ہیں۔ میں نے سلام کیا مصافحہ کیا اور عرض کیا۔ کہ حضرت کیوں غائب ہو گئے۔ سب لوگ بغیر آپ کے پریشان ہیں۔ مجبور ہو کر ہم نے فلاں شخص کو اپنا خلیفہ بنا لیا ہے۔ ان سے بیعت کی ہے۔ آپ نے تحسین فرمائی

Marfat.com

اور فرمایا۔ ہم کو اب غائب رہنے کا حکم ہوا ہے۔ اور حضرت سیّد صاحب معہ ہمراہیان غائب ہو گئے۔" (ارواح ثلاثہ ص۱۷۱)

اب تیسرے شخص کا بیان ملاحظہ ہو۔ لکھا ہے۔" سیّد صاحب کو ڈھونڈ ڈھونڈتے ہم ایک گاؤں میں ایک جگہ اترے۔ وہاں دریافت کرنے سے معلوم ہوا۔ کہ یہ قبر جو ڈھئی ہوئی تازہ پڑی ہے۔ اس کو سیّد صاحب ابھی ڈھوا کر گئے ہیں۔ کیونکہ اونچی قبر تھی۔ اِدھر اُدھر دیکھا تو کہیں پتہ نہ تھا۔" (ارواح ثلاثہ ص۱۷۴)

ہر کوئی پکار پکار کر کہہ رہا ہے۔ سیّد صاحب غائب ہو گئے۔ سیّد صاحب کا کہیں پتہ نہ چلا۔ سید صاحب نے کہا۔ اب (جہاد کے وقت) ہم کو غائب رہنے کا حکم ہوا ہے۔ تعجب ہے کہ سکھوں سے جہاد کرتے کرتے عین میدان جہاد سے بھاگ کر قبروں سے جہاد کرنے لگے۔

مگر یہ سرفراز صفدر صاحب کا جگر گردہ ہے کہ وہ سیّد صاحب کو تمغۂ جرأت اور نشان حیدر تک دینے کے موڈ میں نظر آرہے تھے۔ ان کی مختصر سے قبرستان میں قبر بھی ثابت کر رہے ہیں۔ کبھی ان کے سر کو گڑھی حبیب اللہ خان میں دریا کے کنارے دفن کرا رہے ہیں۔ حالانکہ دیوبندی شیخ التفسیر مولوی احمد علی لاہوری صاحب کا کشف یہ ہے۔ کہ" علامہ (شمس الحق) افغانی نے دریافت فرمایا۔ کیا وجہ ہے کہ سید صاحب جو شیخ اور مرشد ہیں کی قبر پر انوار مولانا (اسمٰعیل) شہید کی قبر کی نسبت کم معلوم ہوتے ہیں۔ حضرت احمد علی نے فرمایا۔ ہاں یہ واقعہ ہے۔ کہ میں نے صاحب قبر سے دریافت کیا تو اس نے کہا۔ میں سید احمد نہیں ہوں۔ میرا نام سید احمد ہے۔ میں مولانا (اسمٰعیل) شہید کا مرشد نہیں ہوں۔ لوگوں نے

Marfat.com

مولانا شہید کی قبر کے قریب ہونے کی وجہ سے غلط فہمی میں مجھے سید صاحب سمجھ لیا ہے۔" (خدام الدین لاہور ۲۲ / فروری ۶۳ سنہ ص ۴۴)

اب کوئی مولوی احمد علی صاحب کے کشف کا اعتبار کرے یا سرفراز صاحب کی چشم دید گواہی کا۔ جو بڑے وثوق و اعتماد سے تصورات کے ودش پر فرضی عمارت تعمیر کر ڈالتے ہیں۔

## لزوم التزام کفر کے معنی سے بے خبری

جناب مولوی سرفراز صاحب اپنی شیخ الحدیثی کے بلند بانگ دعوؤں کے باوجود لزوم والتزام کفر کے معنی سمجھنے سے عاجز و قاصر ہے۔

عبارات اکابر ص ۱۰۴ و ص ۱۰۵ پر بزعم خود اعلیٰحضرت امام اہلسنت قدس سرہ کے فتاوی کا تضاد ثابت کرنا چاہا ہے۔ حالانکہ ان کے نقل کردہ اعلیٰحضرت کے اول الذکر فتویٰ میں محض اسمٰعیل دہلوی صاحب کا ذکر نہیں۔ نہ ان پر فتویٰ ہے بلکہ اُن کا نقل کردہ تیسرا سوال " روافض وغیرہم مبتدعین " سے متعلق ہے اور امام اہلسنت اعلیٰحضرت رضی اللہ عنہ کے فتویٰ مبارکہ کے آخری الفاظ یہ ہیں۔ جو خود انہوں نے بھی نقل کئے۔ "یہ سب فرقے بالقطع والیقین کافر مطلق ہیں" اس فتویٰ میں متعدد فرقوں کا ذکر ہے۔ اسمٰعیل بذات خود کوئی فرقہ نہیں بتانے اور مطلع کر دینے کے باوجود جو اُن کے بیان کردہ عقائد و عبارات کفریہ پر اڑے ہوئے ہیں۔ وہ بلاشبہ اس فتویٰ کے مطابق کافر ہیں۔ باقی رہا خود مولوی اسمٰعیل صاحب کا معاملہ اور " الکوکبۃ الشہابیہ " کا حوالہ تو اس میں اعلیٰحضرت امام احمد رضا علیہ الرحمۃ نے نہ دہلوی صاحب کے کفریات وعبارات کو حق بجانب

Marfat.com

کہا ہے۔ نہ اُن کو مسلمان قرار دیا ہے۔ بلکہ از راہ احتیاط تکفیر سے کف لسان فرمایا۔ ایک تو دہلوی صاحب کی توبہ مشہور ہے جیسا کہ خود جناب مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی سے کسی نے سوال کیا تھا کہ "ایک بات تو مشہور ہے۔ کہ مولوی اسمٰعیل صاحب شہید نے اپنے انتقال کے وقت بہت سے آدمیوں کے روبرو بعض مسائل تقویۃ الایمان سے توبہ کی ہے" (فتاوٰی رشیدیہ ص ۲۷۵)

یہاں یہ بات قابل غور و فکر ہے کہ سائل نے سوال میں توبہ کی شہرت کا اعتراف کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایک بات یہ مشہور ہے۔ لازماً یقیناً سائل نے اس کی عام شہرت سنی ہوگی۔ اس کے ساتھ سائل بھی ظاہر کر رہا ہے کہ "بہت سے آدمیوں کے روبرو توبہ کی۔ تو اس توبہ کی شہرت کے سبب از راہ احتیاط اعلحضرت نے تکفیر سے کف لسان فرمایا۔ اور ایک مفتی شرع کو ایسا ہی چاہیئے۔ دوم یہ کہ اعلحضرت قدس سرہٗ کے نزدیک مولوی اسمٰعیل صاحب سے لزوم کفر ثابت ہے التزام کفر نہیں۔ لزوم کفر کے معنی ہیں کہ کفر کا لازم ہونا اور التزام کفر کے معنی اپنے اوپر لازم کرنا۔ بعض اوقات ایک کلام مستلزم کفر ہوتا ہے۔ مگر قائل کو اس کا علم نہیں ہوتا یہ لزوم کفر ہے مگر جب اسے بتا دیا جائے کہ تیرے اس کلام سے تجھ پر کفر لازم ہے (جیسا کہ امام اہلسنت اعلحضرت رضی اللہ عنہ نے اپنے معاصرین علماء دیوبند کو بتایا سمجھایا) اور وہ اس کے باوجود اڑے رہے۔ جیسا کہ بعض اکابر دیوبند اپنی گستاخانہ عبارات پر اڑے رہے اور اپنے کلام میں لزوم کفر سے خبردار ہو کر بھی رجوع نہ کیا۔ تو یہ التزام کفر ہوگا۔ تقویۃ الایمان کی بعض عبارات

Marfat.com

ایسی ہی ہیں۔ جو صریح کفر ہیں۔ لیکن از راہ احتیاط یہ سمجھ لیں۔ کہ مولوی اسمٰعیل صاحب اپنے ان کفریات سے بے خبر تھے۔ ان کو کسی نے مطلع نہیں کیا۔ اگر اس کو اس کے کفر سے مطلع کر دیا جاتا۔ کہ یہ تیرا کلام کفر کو مستلزم ہے اور وہ اس کے باوجود بھی اڑا رہتا۔ ان اقوال کفریہ سے رجوع نہ کرتا۔ تو التزام کفر ہوتا۔ اور احتیاط و کف لسانی کی گنجائش نہ رہ جاتی • اب جبکہ یہ ثابت نہیں کہ اسمٰعیل صاحب کو ان کے کفریات پر کسی نے سمجھایا اور ان کی توبہ مشہور ہے تو یہ لزوم التزام کی حد تک نہیں پہنچا۔ اس لئے اعلحضرت نے تکفیر اسمٰعیل سے سکوت فرمایا • اس کا یہ مطلب نہیں کہ اسمٰعیل صاحب کی کفریہ عبارات عین اسلام ہو گئیں یا اب جو لوگ مطلع ہونے کے باوجود ان کفریات پر اڑے ہوئے ہیں اور اپنے کفریہ اقوال کو حق سمجھتے ہیں۔ تاویلات کرتے ہیں۔ مناظرے کرتے مقابلہ میں آتے ہیں۔ وہ التزام کفر کے مرتکب نہیں ہیں۔

مولوی گنگوہی۔ اب اسمٰعیل دہلوی کے توبہ کی شہرت کے متعلق سائل کے سوال کے جواب میں مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی نے جو کچھ کہا وہ ملاحظہ ہو۔

" بندہ کے نزدیک سب مسائل اس (تقویتہ الایمان) کے صحیح ہیں۔ اگرچہ بعض مسائل میں بظاہر تشدد ہے۔ اور توبہ کرنا ان کا بعض مسائل سے محض افترا اہل بدعت کا ہے۔" ذرا غور کیجئے اوّل تو یہ کہ مولوی گنگوہی صاحب یہ فرما رہے ہیں کہ ان کے نزدیک توبہ ثابت نہیں مگر ان کی عدم شہادت سے عام شہرت پر کیا اثر پڑا جب کہ سائل توبہ کی شہرت سن کر جو بہت آدمیوں کے رُدبرو ہوئی اور بوقت آخر ہوئی۔ گنگوہی صاحب سے سوال کر رہا ہے۔ عام شہرت پر گنگوہی کی عدم

Marfat.com

شہادت کس طرح اثر انداز ہوسکتی ہے۔ دوم یہ کہ سائل جو مولوی رشید گنگوہی صاحب کو اپنا ہم عقیدہ وہم مسلک ہو کر دریافت کر رہا ہے۔ وہ تو یہ کی عام شہرت کا اعتراف کر رہا ہے اگر شہرت نہ ہوتی اور سائل نے نہ سُنی ہوتی۔ تو وہ کیوں تحقیق کرتا۔ سائل نے خود یہ نہیں کہا۔ ان کے نزدیک اہل بدعت نے ایسا کہا ہے۔ بلکہ یہ ملفوظات گنگوہی صاحب کے ہیں کہ یہ افترا اہل بدعت کا ہے۔ چلو بدعتیوں ہی نے ایسا کہا تو کیا جناب سرفراز صاحب یہ بتانے کی جرأت کریں گے کہ چند بدعتی کسی کے کفریات سے توبہ کی شہادت دیں۔ تو وہ خود اسے مسلمان سمجھیں گے یا کافر قرار دیں گے۔ اس مختصر تحقیق سے ثابت ہوا۔ کہ اعلحضرت کے فتاویٰ میں کوئی تضاد نہیں۔ سرفراز صاحب خود لزوم کفر والتزام کفر اور اعلحضرت کے فتاویٰ کی نوک پلک سمجھنے سے قاصر وعاجز ہے۔

**استعداد وقابلیت** مولوی سرفراز صاحب کی استعداد وقابلیت کا یہ عالم ہے کہ وہ شیخ الحدیث کہلوانے لکھوانے کے ساتھ ساتھ آجکل محدّث اعظم پاکستان کے لفظ کا بھی سرقہ کر رہے ہیں۔ محدث اعظم پاکستان کے لقب پر نظریں للچائی جا رہی ہیں۔ جیسے ان کے مربی خلائق مولوی گنگوہی صاحب نے چیلوں چیلیوں سے خود کو غوث الاعظم شیخ سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے مقابلہ میں غوث الاعظم لکھوانا شروع کر دیا تھا۔ دیکھو تذکرۃ الرشید حصہ اول ص۲ از عاشق الٰہی میرٹھی۔ اسی طرح سرفراز صاحب کو بھی محدث اعظم پاکستان کہلوانے کی سُوجھی ہے۔ محدث اعظم پاکستان (مولانا محمد سردار احمد) رحمۃ اللہ علیہ وہ تھے جنہوں نے پورے تیس سال حدیث شریف کا درس دیا۔ جن کے حلقۂ درس سے ایک

Marfat.com

ایک سال میں سو سو علماء کرام فارغ التحصیل ہوئے۔ جن کو ان کے عہد کے اکابر و مشاہیر علماء و مشائخ نے محدث اعظم پاکستان تسلیم کیا۔ لکھا چھاپا۔ جن کے تلامذہ آج دنیا کے اٹھارہ مدارس میں دار الحدیث کی زینت ہیں۔ مرکزی دینی مدارس میں مسند شیخ الحدیث پر فائز ہیں۔ جن کے نام خط پر صرف محدّث اعظم پاکستان لکھنے سے خط پہنچ جاتا تھا۔ ان کی نقالی میں آج سرفراز صاحب کو شیخ الحدیث اور محدّث اعظم پاکستان کہلوانے کا شوق ہوا ہے۔ گویا یہ اب اپنے فرقہ کے حافظ الحدیث عبداللہ درخواستی وغیرہ سے بھی بڑھ گئے۔ یہ ان سے بھی بڑھ کر محدث اعظم اور شیخ الحدیث ہیں۔ اور پھر یہ شیخ الحدیث وغیرہ قسم کے القاب و خطاب دیوبندی حکیم الامت تھانوی صاحب کو از حد ناگوار و ناپسند تھے۔ وہ لکھتے ہیں۔

"آجکل اکثروں کی یہ حالت ہے کہ نہ علوم ہیں نہ عمل۔ نہ کوئی تحقیق نہ کوئی تدقیق ہے۔ مگر ویسے ہی (سرفراز کی طرح۔ محمد حسن علی) جامے سے باہر ہوئے جاتے ہیں۔ دیکھئے ہمارے بزرگ جو ہر طرح صاحب کمال تھے ان کو جو کچھ بھی خطابات دیئے جاتے تھے اور جن القاب سے یاد کیا جاتا تھوڑا تھا۔ مگر ان حضرات کا انتہائی لقب مولانا تھا اور نہ اکثر مولوی صاحب کہلاتے تھے اور آجکل جن (سرفراز ککھڑ کے) لوگوں کو ان سے کچھ بھی نسبت نہیں وہ شیخ الحدیث شیخ التفسیر امیر الہند امام الہند کہلانے لگے ہیں۔ یہ سب نئی ایجاد ہے.... کیا خرافات ہے خدا بھلا کرے اس جاہ کا اس نے اندھا بنا رکھا ہے (الافاضات الیومیہ حصہ ۸ ص ۱۸۸)

" اور یہ ساری خرابی اس کی ہیں کہ لوگوں کے قلوب میں خوف آخرت نہیں رہا۔ اور نہ آخرت کی فکر ہے اس لئے ہر شخص منفرد ہے۔ ہر شخص مفسر ہے۔ ہر شخص محدّث ہے ہر شخص مصنّف ہے۔ آزادی کا زمانہ ہے۔ نہ اصول ہیں نہ قواعد۔ جو جی

Marfat.com

آتا ہے۔ کرتے ہیں۔" (الافاضات الیومیہ جلد ۴ ص۲۷۵)

سرفراز صاحب کو معلوم ہونا چاہیئے۔ یہ وہی مولوی اشرف علی تھانوی صاحب جن کے متعلق سرفراز صاحب نے عبارات اکابر ص۱۸۴ پر مقدمہ نوادر النوادر سے ایک خواب گھڑ کر لکھا ہے کہ" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شریف احمد صاحب علیہ الرحمۃ کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اشرف علی صاحب کی کتابوں پر عمل کرتے رہنا۔" دیکھتے ہیں اب خود سرفراز صاحب اپنے بقول آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پر کس طرح عمل کرنے کرانے ہیں۔ وہ خود بھی الافاضات الیومیہ حصہ ۴ میں مذکور تھانوی صاحب کی ہدایت پر عمل کرتے ہیں یا نہیں گکھڑوی صاحب بات کہاں سے کہاں جا پہنچی۔ یہ صاحب شیخ الحدیث کہلوائیں یا محدّث۔ دیکھنا یہ ہے کہ اس شیخ الحدیث اور محدث کی استعداد و قابلیت کیا ہے تو ہم مختصراً یہ بتا کر ان کا بھرم کھولتے ہیں۔ کہ جناب سرفراز صاحب نے عبارات اکابر میں جگہ جگہ بار بار مذہب اسلام مذہب اسلام مذہب اسلام لکھا ہے۔ دیکھو عبارات ص۱۵ و ص۱۶۹ و ص۱۸۵۔ بتایا جائے کہ اسلام دین ہے یا مذہب؟ ۔ اسی طرح سرفراز صاحب نے جگہ جگہ بار بار اہل سنت والجماعت۔ اہل سنت والجماعت لکھا ہے۔ یہ کون سے قاعدہ اور قرینہ پر ہے؟۔ اہل سنت وجماعت ہوتا ہے یا اہلسنت والجماعت۔ (دیکھو عبارات ص۱۴۷ و ص۱۵۳، ص۱۹۲)

اس زعم وجہالت پر شیخ الحدیث اور محدّث بنے ہوئے ہیں۔ یہاں ہم یہ حقیقت واضح کر دینا ضروری سمجھتے ہیں کہ سرفراز صاحب نے جو ص۱۹۲، ص۱۹۳ اور ص۱۹۴ پر شرح مواقف۔ شرح طوالع الانوار و تفسیر کبیر کے جو بے ربط حوالے حفظ الایمان

Marfat.com

کی غلیظ وخبیث عبارت کی تائید میں اپنے علم وتحقیق کا رعب قائم کرنے کے لیئے
نقل کر دیئے ہیں۔ یہ اس بے چارے کا کوئی اپنا ذاتی تحقیقی کرشمہ نہیں ہے
بلکہ اس سے پہلے مناظرہ بریلی میں اور مناظرہ رودری ومناظرہ سلاں والی میں منظور
سنبھلی اور مناظرہ احمد آباد بھارت میں سلطان حسن سنبھلی اور مولوی مرتضیٰ حسن در
بھنگی چاندپوری اپنے رسائل میں اور عبدالشکور کاکوری وصاحب المقامع الحدیدیہ
وغیرہ متعدد بار نقل کر چکے ہیں اور نصرت خداداد مناظرہ بریلی کی مفصل روئیداد
ہیں امام اہلسنت محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد صاحب لائلپوری قدس سرہٗ
سے مناظرہ دری وسلانوالی میں شیر بیشہ اہلسنت مولانا محمد حشمت علی خان صاحب
لکھنوی علیہ الرحمۃ سے مناظرہ احمد آباد میں بھی محدث اعظم علیہ الرحمۃ سے مناظرہ تلون میں
علامہ مفتی ابوالبرکات سید احمد قادری رضوی مرحوم سے اور پھر علامہ ابو الفتح عبیدالرضا
محمد حشمت علیخان صاحب سے مناظرہ سمدھن فرخ آباد مناظرہ راندھیر ضلع سورت۔
مناظرہ بھاو پور ضلع بستی یوپی میں منہ کی کھا چکے ہیں حفظ الایمان کی تائید میں سرفراز
صاحب کے اکابر شرح مواقف۔ وتفسیر کبیر وغیرہ کا نام لینا چھوڑ گئے تھے۔ اب
انہی حوالوں کی ان کی کتابوں سے نقل مار کر سرفراز صاحب خود محقق ومناظر بننا
چاہتے ہیں۔ یہ حوالے کوئی ایٹمی راز نہیں ہیں۔ شرح مواقف وتفسیر کبیر کو تنہا سرفراز
صاحب کے پاس ہی نہیں۔ بہر حال ہم اچھی طرح جانتے ہیں کہ یہ سرفراز صاحب
کی کوئی اپنی علمی تحقیق وکاوش نہیں ہے۔ یہ تو ناقل ہیں۔ لکیر کے فقیر جو کچھ ان
کے بڑے بوڑھوں نے لکھ دیا۔ آنکھیں بند کر کے اس نے نقل کر دیا۔ سرفراز
صاحب کو تو علم وتحقیق کی ہوا بھی نہیں لگی۔ وہ تاجدار علم وفن اعلحضرت امام زمن رضی

Marfat.com

اللہ عنہ کے زورِ قلم کا جواب جھاڑو کے تنکے سے دینا چاہتے ہیں۔ ان کا علمی کارنامہ تو قصہ کہانی اور ڈھکوسلابازی تک محدود ہے "حسام الحرمین" میں مذکورہ دلائل اور حوالہ جات کو تو چھوا تک نہیں۔ بلکہ مسخرہ پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے پھبتیوں اور ڈھکوسلابازیوں سے کام چلایا ہے اور لطیفہ بازی پر انحصار کیا ہے۔ ایک طرف اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے دلائل اور تحقیقات اور دوسری طرف سرفراز صاحب کی پہیلی نئے لکھتا ہے۔

"کسی شخص نے (جن کی طبیعت غالباً خان صاحب بریلوی) سے ملتی ہوگی۔ دوسرے سے سوال کیا۔ کہ بھیا تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے کہا۔ حاجی۔۔۔ تو سائل نے یوں تشریح شروع کر دی۔ کہ حاجی بروزن چاجی اور چاجی کے معنی ہوتے ہیں۔ کمان کے اور کمان بروزن گمان ہے اور گمان کے معنی ہوتے ہیں شک اور شک بروزن سگ ہے اور سگ کے معنی ہوتے ہیں کتا۔ لہذا ثابت ہوا تم کتے ہو۔" (عبارات اکابر ص۲۳) ذرا غور کیجیے سرفراز صاحب کا علم و تحقیق۔ قصہ کہانی اور لطیفہ بازی کی یہ عادت سرفراز صاحب تک ہی نہیں۔ ان کے بڑوں کا بھی یہی شیوہ رہا ہے۔ وہ بھی اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت کے دلائل کی مار سے عاجز آکر قصہ کہانیوں سے دل بہلا لیا کرتے تھے۔ قارئین کرام کی ضیافت طبع کے لئے ہم سرفراز صاحب کے حکیم الامت برٹشی مجدد تھانوی جی کی ایک من گھڑت کہانی سناتے ہیں۔ وہ بھی مزے لے لے کر لطیفہ بازی سے اہلسنّت کے دلائل کا توڑ فرمایا کرتے تھے۔ تاکہ مجددیت کا بھرم قائم رہے۔ تھانوی صاحب لکھتے ہیں۔

Marfat.com

" ایک ملّاں کی حکایت سنی ہے۔کہ ایک گاؤں میں ایک مسجد تھی۔اس میں ایک مُلّا رہتا تھا۔ایک بڑھیا فاتحہ کا کھانا مُلّا کے لیئے لائی۔اتفاق سے اس وقت مُلّا مسجد میں تھا نہیں۔ایک مسافر مسجد میں ٹھہرا ہوا تھا۔اس عورت نے اوّل مُلّا کو آواز دی۔جب وہ نہ بولا۔یہ خیال کیا کہ مقصود تو ثواب ہے۔لاؤ اسی مسافر کو دے دو۔چنانچہ وہ چیز کھانے کی مسافر کو دیکر چل دی۔یہ مسجد کے دروازے سے نکلی ہی تھی۔کہ مُلّا آ گیا۔اس عورت سے دریافت کیا۔کہاں آئی تھی۔کہا کہ فلاں چیز کھانے کی لائی۔مگر تم نہ تھے اس لیئے مسافر کو دیکر چلی آئی یہ سن کر مُلّا کو آگ لگ گئی اور خیال کیا کہ یہ تو بُری راہ نکلی۔اب ہماری تخصیص مٹ جاویگی۔مسجد میں پہنچا اور ایک لٹھ ہاتھ میں لے کر تمام صحن میں دیوانوں کی طرح مارتا پھرنے لگا۔آخر میں خود دھڑام سے گر گیا۔
گاؤں والے جمع ہو گئے۔سوال کرنے پر کہا۔بس اب میرا یہاں گزر نہیں اور کہیں جا رہوں گا۔لوگوں نے وجہ پوچھی۔کہا کہ بات یہ ہے۔کہ میں تو یہاں کے مُردوں کو پہچانتا ہوں۔مسافر پہچانتا نہیں۔جب مُردے جمع ہوئے۔اس مسافر نے تقسیم میں گڑبڑ کی۔اسکو ناواقف سمجھ کر کچھ بولے نہیں۔جب میں آیا میرے سر ہو گئے۔مجھ کو لپٹ گئے۔میں نے کتنا ہی ہٹایا۔لٹھ بجایا۔کہ جب مجھے دی ہی نہیں ہیں تمکو کہاں سے دُوں ۔ مگر ایک نہ سنی۔آخر سب نے مل کر مجھ کو گرا دیا۔اب اگر ایسا ہی ہوا۔میں تو مر جاؤں گا۔اس لیئے جاتا ہوں دوسری جگہ۔گاؤں والے بیچاروں نے متفق ہو کر کہا۔بس جی مُلّا ہی کو دیا کریں گے "۔

(الافاضات الیومیہ صفحہ ۲۷ جلد ۴)

Marfat.com

مقام غور ہے ۔ یہ ہیں ان بے چاروں کے دلائل ۔ یہ ہے ان کی علمی تحقیقات ۔ اس زعم جہالت پر حکیم الامت بھی ہیں اور شیخ الحدیث بھی ۔ تعجب ہے کہ نہ سرفراز صاحب نے بتایا ۔ کہ یہ کہاں کا واقعہ ہے ۔ کہ ان کے حاجی صاحب کا معنی کُتا کیا گیا تھا ۔ نہ تھانوی صاحب نے حوالہ دیا ۔ کہ انہوں نے کس شہر کی کس مسجد میں یہ واقع بچشم خود دیکھا یا سُنا ۔ ؟

بہر حال عبارات اکابر ایسے ہی کہانیوں ۔ نقالیوں اور شدید مغالطوں کا مجموعہ ہے ۔ اس کا رد و ابطال پریشان ذہنوں کو سکون بخشے گا ۔ اور گمراہی و بے راہ روی کے اس دور میں مغالطوں سے نجات دیگا ۔ ہمیں عبارات اکابر کے رد و ابطال کی حسرت رہی ۔ ہم فاضل گرامی جناب مولانا محمد اسمٰعیل صاحب کے لئے دعا کرتے ہیں ۔ خدا کرے کہ ان کا یہ جواب مقبول خاص و عام ہو ۔ اور یہ جواب بھی علامہ الحاج ابو داؤد مولانا محمد صادق صاحب مدظلہ العالی کے مجموعہ " دیوبندی حقائق " کی طرح لاجواب و ناقابل تردید ثابت ہو ۔ آمین ۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا و مولانا محمد سید الانس والجنۃ وعلی آلہٖ و صحبہ واھلہ وحزبہ اجمعین والحمد للہ رب العالمین ۔

(نفیر قادری گدائے رضوی محمد حسن علی غفر لہ الولی انوار رضا میلسی)

Marfat.com

۴۸۶
۹۲

# مقدمہ

دُنیا کی کسی عدالت میں جب کوئی دعویٰ دائر کیا جاتا ہے۔ تو دعوئی کو ثابت کرنے کے لئے سچی شہادت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور جب شہادت مکمل ہو جاتی ہے تو مخالف فریق اپنے وکیل کے ذریعے گواہوں پر جرح کرتا ہے۔ تاکہ مقدمہ جھوٹا ثابت ہو جاوے۔ چنانچہ ملزم کا وکیل جرح کے دوران گواہ پر سوال کرتا ہے۔ کہ فلاں مقدمہ میں تم نے جھوٹی گواہی دی تھی؟ کیا تم موقع واردات پر حاضر تھے؟ کیا تم نے اپنی آنکھوں سے یہ واقعہ دیکھا ہے؟ جب تم کو کوئی علم ہی نہیں تو جھوٹی گواہی کیوں دیتے ہو؟ وغیرہ وغیرہ۔

اصل میں مخالف فریق گواہ پر اعتراضات اس لئے کرتا ہے کہ کسی طرح اصل مقدمہ خارج ہو جائے۔ کیونکہ شہادت پر ہی دعوئی کا دارومدار ہے۔ اگر گواہ سچا ہے تو مقدمہ کامیاب ہے خیر یہ تو تھی ایک مثال جو میں نے اصل مسئلہ کو سمجھانے کیلئے دی ہے۔

اب سنیئے اصل دعویٰ کیا ہے اور اس دعویٰ کی دلیل کیا ہے یعنی شہادت کیا ہے۔

تمام روئے زمین کے مسلمانوں کا دعویٰ ہے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں جس کی عبادت کی جائے۔ یہ تو ہے تمام روئے زمین کے مسلمانوں کا دعوئی۔ اس دعویٰ کی دلیل

Marfat.com

ہے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک ہے اس پر گواہ بھی صرف اور صرف ایک محمد رسول اللہ ہیں (صلی اللہ علیہ وسلّم) یعنی توحید باری تعالیٰ پر فقط محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گواہ ہیں۔ اس وقت کم وبیش نوے کروڑ مسلمان ہیں سب ہی اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے قائل ہیں۔

مخالفین لوگ توحید باری تعالیٰ کے سچے گواہ پر جرح کرتے ہیں۔ اور نکتہ چینی کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غیب کا علم نہیں تھا کبھی کہتے ہیں۔ کہ حضور علیہ السلام ہمارے جیسے بشر ہیں۔ کبھی کہتے ہیں آپؐ ہمارے بڑے بھائی ہیں اور ہم چھوٹے بھائی ہیں۔ کبھی کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم مرکر مٹی میں مل گئے۔ (نعوذ باللہ) کبھی کہتے ہیں۔ کہ آپؐ کی بشر جیسی تعریف کرو۔ بلکہ اس سے بھی کم کرو۔ کبھی کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلّم کا علم شریف بچوں۔ پاگلوں اور جانوروں جیسا ہے (معاذ اللہ) کبھی کہتے ہیں۔ کہ سب انبیائے کرام گاؤں کے چوہدری کی طرح ہیں۔ کبھی کہتے ہیں کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا اللہ کی شان کے سامنے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے (معاذ اللہ) کبھی کہتے ہیں کہ نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا خیال آنا بیل اور گدھے کے خیال آنے سے بھی بدتر ہے۔ (نعوذ باللہ) کبھی کہتے ہیں جس کا نام محمد یا علی ہے۔ وہ کسی چیز کے مالک و مختار نہیں۔ کبھی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا علم شیطان کے علم سے کم ہے۔ کبھی کہتے ہیں کہ مدرسہ دیوبند قائم ہونے سے پہلے حضور علیہ السلام اردو زبان نہیں جانتے تھے۔ کبھی کہتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ جھوٹ بولنے پر

Marfat.com

قادر ہے (نعوذ باللہ من ہذا الخرافات)

ناظرین حضرات غور فرمائیں۔ شان رسالت میں ایسے بے ادب اور گستاخ الفاظ لکھنے والے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمتی ہونے کا دعویٰ کر سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ جو امتی ہے وہ اپنے نبی علیہ السلام پر نکتہ چینی نہیں کر سکتا۔ اور جو نبی علیہ السلام پر نکتہ چینی کرتا ہے۔ وہ امتی ہو نہیں سکتا۔ کیونکہ اس نے توحید باری تعالیٰ کے سرکاری گواہ پر نکتہ چینی کر کے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شدید ترین توہین کی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مَنْ يُطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ یعنی جس نے رسول پاک کا حکم مانا۔ بے شک اس نے اللہ کا حکم مانا۔ ثابت ہوا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم حقیقت میں اللہ تعالیٰ کا ہی حکم ہے اور یہ بھی ثابت ہوا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری حقیقت میں اللہ تعالیٰ ہی کی تابعداری ہے۔ اور اس آیت کریمہ سے یہ بھی ثابت ہو گیا۔ کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نکتہ چینی کرتا ہے۔ دراصل وہ اللہ تعالیٰ پر ہی نکتہ چینی کرتا ہے۔ اور وہ اللہ تعالےٰ و رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا نافرمان بے ادب اور گستاخ ہے۔ اے توحید پرستو! یہ تمام حوالے تمہاری ہی کتابوں سے نقل کئے گئے ہیں۔ اب سنو توحید باری تعالےٰ کا گواہ وہ ہو سکتا ہے جو ان تمام مذکورہ بالا عیوب و نقائص سے پاک ہو اور بے مثل اور بے نظیر ہو۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ کا حبیب ہو اور وہ جناب محمد مصطفےٰ حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی واحد ذات گرامی ہے

Marfat.com

جن کا کلمہ شریف بے شمار مسلمانوں کی زبان پر جاری ہے۔ ساری روئے زمین کے مسلمانوں جن وانس کو توحید کا جام پلانے والے تمہارے جیسے بشر نہیں ہو سکتے۔ وہ بے مثل خدا کے بے مثل رسول ہیں۔ وہ بے عیب خدا کے بے عیب حبیب ہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

اب بتاؤ توحید پرستو۔ تمہاری توحید کہاں ہے؟ اور تمہاری مسلمانی کیسی ہے۔ جس توحید کو تم مانتے ہو۔ وہ تو شیطانی توحید ہے دیکھ لو اس کا کیا حال ہوا۔ وہ بھی تو بڑا توحید پرست تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے حکم کا نافرمان تھا۔ آدم علیہ السلام کو سجدہ تعظیمی نہ کیا۔ یعنی حضرت آدم علیہ السلام کی تعظیم کا منکر تھا۔ اسی لئے راندۂ درگاہ ہوگیا۔ اب ثابت ہوگیا۔ کہ جو شخص نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم کا منکر ہو اور شان رسالت ونبوت میں بے ادب اور گستاخ عبارتیں لکھے اور چھاپے اس کی توحید شیطانی توحید ہے رحمانی توحید نہیں۔ کیونکہ اس نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کی ہے۔ انشاء اللہ آگے چل کر میں ان عبارتوں کے من وعن حوالے نقل کرونگا۔ اور ان کے جواب تحریر کرونگا۔ تاکہ حق و باطل ظاہر ہو جائے اور ناظرین انصاف سے خود فیصلہ فرماسکیں۔

(محمد اسمٰعیل نقشبندی)

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ٥
وَمَا اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ٥

ترجمہ۔ اور ہم نے آپ کو نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے

حمد ہے اُس خدا کیلئے جو پروردگار عالم ہے۔ جو رحمٰن و رحیم۔ کریم و حلیم ہے۔ جس نے ایک امر کُن سے ساری کائنات بنائی اور انسان کو عزت و کرامت کا تاج پہنایا۔ جس نے فضل و کرم جود و سخا کے دریا بہا دیئے۔ انعام و اکرام کی بارش فرمائی اور اپنے محبوب کو ہماری ہدایت کے لئے مبعوث فرمایا۔ اور تمام جہان کے لئے رحمت بنایا۔ صلی اللہ علیہ وسلم

نَحۡمَدُهٗ وَنُصَلِّيۡ عَلٰى رَسُوۡلِهِ الۡكَرِيۡمِ

درود ہو اس نبی اکرم رسُول مکرّم سیّد عالم نورِ مجسم احمد مجتبےٰ جناب محمد مُصطفےٰ علیہ التحیۃ والثنا پر جو اللہ عزّ و جلّ کے خلیفہ اعظم نائب اکبر اور آخری رسول ہیں۔ جن کی ذات ستودہ صفات پر نبوت و رسالت ناز کرتی ہے۔ اور جن کی عظمت و رفعت شوکت و جلال کا خطبہ خود رب العالمین پڑھتا ہے۔ سلام ہو اس نبی محترم پر جو رحمتہ اللعالمین ہے۔ کوثر کا ساقی جنت کا قاسم۔ مملکت خداوندی کا مالک غریبوں، مفلسوں کا مددگار۔ یتیموں بے کسوں کا والی۔ اور بے سہاروں کا سہارا ہے۔ اور وہ اللہ کا محبوب اور ساری مخلوق کا مخدوم ہے۔ اور بے مثل بے نظیر ہے۔ کیونکہ آپ ساری مخلوق الٰہی کے لئے رحمت ہیں اور جو محبوب الٰہی

Marfat.com

ساری مخلوق الٰہی کے لیے رحمت ہو۔ وہ ہرگز کسی کی مثل نہیں ہو سکتا۔ اور یہ جو گستاخانِ بارگاہ نبوی نے مشہور کر رکھا ہے۔ کہ اہل سنت وجماعت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت کا انکار کرتے ہیں۔ کہ آپ کو خدا کا مرتبہ دیتے ہیں۔ گستاخوں کا ایسا کہنا عوام کو دھوکا میں مبتلا کرنا ہے اور امر واقعہ یہ ہے کہ کوئی مسلمان آنحضرت کی بشریت کا منکر نہیں ہے۔ سب مانتے ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بشر ہیں۔ کامل انسان ہیں۔ خدا کی مخلوق ہیں۔ جن و فرشتہ نہیں ہیں۔ خدا یا خدا کے شریک بھی نہیں۔ مگر وہ خدا سے جدا بھی نہیں ۔ ہاں ے

تم ذات خدا سے نہ جدا ہو نہ خدا ہو
اللہ ہی کو معلوم ہے کیا جانیے کیا ہو

یہ تو بالکل بدیہی بات ہے کہ حضور علیہ السلام بشر ہیں۔ اختلاف صرف اس امر میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بشر تو ہیں مگر کیسے بشر ہیں؟ گستاخ و بے باک لوگ آپ کو اپنے جیسا بشر اپنے جیسا انسان کہتے ہیں اور اہل سُنت وجماعت یہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے جیسا بشر کہنا جہالت وحماقت ہے۔ اور گمراہی و بے دینی ہے اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شدید ترین توہین اور بے ادبی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بشر ضرور ہیں ے

بشر ضرور ہیں لیکن وہ داخل انام نہیں
شمار دانہ تسبیح میں امام نہیں

## بے مثل نوری بشریت:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۔ پارہ ۶ آیت ۱۵۔

اے اللہ کے بندو! تمہارے پاس بڑی شان والا نور اور کھلی ہوئی کتاب آگئی۔ اس نور سے مراد جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی ہے اور کتاب سے مراد قرآن شریف ہے۔ حضرت امام عبدالرزاق رضی اللہ عنہ، امام بخاری کے استاذ الاستاذ ہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے یہ بتایئے کہ سب سے پہلے اللہ نے کس چیز کو پیدا فرمایا۔ حضور علیہ السلام نے جواب ارشاد فرمایا یَا جَابِرُ اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ قَبْلَ الْاَشْیَاءِ نُوْرَ نَبِیِّکَ مِنْ نُوْرِہٖ ۔ ترجمہ: اے جابر اللہ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا فرمایا۔

ف۔ حدیث ہذا میں من نورہ کا لفظ ہے ہ کی ضمیر خاص ذات خدا کی طرف لوٹتی ہے جس سے ثابت ہوا کہ حضور علیہ السلام کا نور اللہ تعالیٰ کے ذاتی نور سے پیدا ہوا ہے۔ صفاتی نور سے نہیں۔

اس حدیث شریف کو دیوبندی حضرات کے حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے نشر الطیب کتاب میں بھی نقل کیا ہے۔ دیوبندی حضرات کی تسلی کے لئے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمایئے۔

## پہلی فصل نورِ محمدی کے بیان میں

پہلی روایت عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ میں نے عرض کیا۔ کہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ مجھ کو خبر دیجئے کہ سب اشیاء سے پہلے اللہ تعالیٰ نے

Marfat.com

کونسی چیز پیدا کی۔ آپ نے فرمایا۔ اے جابر اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور سے (نہ بایں معنی کہ نور الٰہی اس کا مادہ تھا) بلکہ اپنے نور کے فیض سے پیدا کیا۔ پھر وہ نور قدرت الٰہیہ سے جہاں اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا سیر کرتا رہا۔ اور اس وقت نہ لوح تھی نہ قلم تھا اور نہ بہشت تھی اور نہ دوزخ تھا۔ اور نہ فرشتہ تھا۔ اور نہ آسمان تھا اور نہ زمین تھی نہ سورج تھا اور نہ چاند تھا۔ نہ جن تھا اور نہ انسان تھا۔ جب پھر اللہ تعالیٰ نے اور مخلوق کو پیدا کرنا چاہا۔ تو اس نور کے چار حصے کئے۔ اور ایک حصے سے قلم پیدا کیا اور دوسرے حصے سے لوح اور تیسرے حصے سے عرش۔ آگے طویل حدیث ہے۔

ف۔ اس حدیث سے نور محمدی کا اوّل الخلق ہونا باولیت حقیقیہ ثابت ہوا۔ کیونکہ جن جن اشیاء کی نسبت روایات میں اولیت کا حکم آیا ہے۔ ان اشیاء کا نور محمدی سے متاخر ہونا اس حدیث میں منصوص ہے

نشر الطیب مصنفہ مولوی اشرف علی صاحب دیوبندی تھانوی صہ۱/۶

اب رہا یہ سوال کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کا نور اللہ تعالیٰ کے نور سے کیونکر اور کس کیفیت سے پیدا ہوا۔ اس کی کیفیت اور اس کی حقیقت اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ ایک مسلمان کے لئے تو حدیث مذکور پر ایمان لانا ہی ضروری ہے اور یہ کہنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کا نور اللہ تعالیٰ کے نور کا جز یا عین ہے۔ یا اللہ تعالیٰ کے نور کا کوئی حصہ جدا ہو کر حضور علیہ السلام کے نور میں آگیا ہے۔ یہ گمراہی اور خالص کفر ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا نور جز کل سے پاک ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ذاتی نور سے حضور صلی اللہ علیہ وسلّم کے نور کے پیدا ہونے کی یہ مثال

Marfat.com

دی جا سکتی ہے کہ ایک شمع سے ہزار شمعیں روشن کی جائیں۔ تو ظاہر ہے کہ پہلی شمع کے نور کا کوئی حصہ جدا ہو کر دوسری شمعوں میں نہ آیا۔ دوسری مثال یہ بھی دی جا سکتی ہے۔ کہ آفتاب جو چوتھے آسمان پر ہے۔ جب طلوع ہوتا ہے تو سارے جہان کو روشن کر دیتا ہے۔ گویا کہ تمام دنیا والوں کو اپنی روشنی سے فیض پہنچاتا ہے۔ مگر نہ تو آفتاب کا کوئی ٹکڑا جدا ہوا۔ اور نہ ہی اس کے نور میں کمی آئی۔ اور نہ سورج کے نور کا کوئی حصہ منتقل ہوا۔ بلاتمثیل یہ ہی حال حضور علیہ السلام کے نور کا خدا کے نور سے پیدا ہونے کا ہے۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نور اللہ تعالیٰ کے نور کے فیض سے ہے۔ اب ایک تیسری مثال اور سنیئے آفتاب کے سامنے ایک بڑا شیشہ رکھ دیجئے تو آفتاب جو چوتھے آسمان پر موجود ہے۔ اس شیشہ میں نظر آنے لگے گا۔ لیکن کوئی عقلمند آدمی یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ عین آفتاب ہے۔ کیونکہ وہ تو آفتاب کا عکس ہے۔ عین آفتاب نہیں بلکہ وہ آفتاب کا جلوہ ہے۔ بلاتمثیل یہ ہی حال حضور علیہ السلام کے نور کے خدا کے نور سے پیدا ہونے کا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نور اللہ تعالیٰ کے نور کا جلوہ ہے۔ جزء نہیں۔

## دیوبندی علماء نے اپنے اکابرین علماء کو نور مانا ہے۔

ملاحظہ فرمایئے۔ دیوبندی اکابر علماء کی کتابوں سے نقل کرتا ہوں۔

حوالہ نمبر ۱۔ والد مرحوم نے فرمایا۔ کہ مولانا محمود الحسن فرمایا کرتے تھے۔ کہ ہمارے یہ سارے بزرگ آفتاب و مہتاب تھے۔ ایک سے ایک اعلیٰ و افضل تھا۔ ارواح ثلاثہ

Marfat.com

صفحہ ۲۶۳ حکایت نمبر ۲۴۸ - مصنفہ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی

حوالہ نمبر ۲ - مولانا رفیع الدین فرماتے تھے کہ میں ۲۵ برس حضرت مولانا نانوتوی کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں - اور کبھی بلا وضو نہیں گیا - میں نے انسانیت سے بالا مرتبہ ان کا دیکھا - وہ شخص ایک فرشتہ مقرب تھا - جو انسانوں میں ظاہر کیا گیا -

ارواح ثلاثہ صہ ۲۵۸ حکایت نمبر ۲۴۰

حوالہ نمبر ۳ - مولانا اسحٰق صاحب کی نسبت فرمایا - کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کی صورت میں ایک فرشتہ بھیجا ہے - تاکہ لوگ ان سے مل کر فرشتوں کی قدر کریں -

ارواح ثلاثہ صہ ۶۹ حکایت نمبر ۵۴

حوالہ نمبر ۴ - جس نے آج تک نہ دیکھا ہو نورِ نبی
دیکھ لے سید حسین احمد کی وہ تصویر میں
مدنی نمبر ص ۳۷

حوالہ نمبر ۵ - مولوی محمود الحسن صاحب مولوی رشید احمد گنگوہی کی شان میں لکھتے ہیں

چھپائے جامہ فانوس کیونکر شمع روشن کو
تھی اس نورِ مجسم کے کفن میں وہ ہی عریانی
مرثیہ محمود الحسن ص ۱۴

ناظرین حضرات یہ پانچ حوالے میں نے دیوبندی حضرات کی کتابوں سے من وعن نقل کر دیئے ہیں کوئی کمی بیشی نہیں کی - اب سوال یہ ہے کہ اگر یہ اکابرین اسمار دیوبند سب کے سب نور ہیں - نور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو مجسم نور ہیں - وہ ہمارے جیسے بشر کیسے ہوئے؟ جیسے مولوی اسمٰعیل نے تقویۃ الایمان کتاب میں لکھا ہے - کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بشر کی سی تعریف کرو - بلکہ اس سے بھی کم کرو - جیسے آگے چل کر بیان کروں گا -

Marfat.com

# تقویتہ الایمان کتاب کیسی ہے؟

دہلی میں ایک شخص پیدا ہوا جس کا نام مولوی اسمٰعیل تھا۔ اس نے محمد بن عبدالوہاب نجدی کی کتاب التوحید کا اردو میں خلاصہ کیا جس کا نام تقویتہ الایمان رکھا۔ اور اس کی ہندوستان میں اشاعت کی گئی۔ اور لاکھوں کی تعداد میں چھپ کر ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں پہنچ گئی۔ ہزارہا بندگانِ خدا اس کتاب سے گمراہ ہو گئے۔ اور اس کے پروپیگنڈے سے ہزارہا بلکہ لاکھوں آدمی بے دین اور بزرگانِ دین و اکابر اسلام حتیٰ کہ انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جناب میں گستاخ ہو گئے۔ اور اسی تقویتہ الایمان کی بدولت ہندوستان کے مسلم حصّہ میں ایک خطرناک جنگ چھڑ گئی۔ اور ہر ایک گھر مولوی اسمٰعیل کی بدولت معرکہ جنگ بن گیا۔ مسلمانوں کا شیرازہ درہم برہم ہو گیا۔ اور ہر طرف شور ہونے لگا۔ یہی وہ پہلی کتاب ہے۔ جس نے سرزمین ہندوستان میں مذہبی آگ لگا کر سب فتنے اٹھائے۔ اس کتاب سے قبل اس ملک میں ان عقائد کی کوئی کتاب نہیں لکھی گئی تھی۔ مولوی اسمٰعیل صاحب نے یہ لکھ کر دہلی کے مقامی علماء سے چھیڑ چھاڑ شروع کر دی۔ اور سب کو مشرک اور بدعتی کہنا شروع کر دیا۔ اس وقت دہلی میں حنفی مذہب کے بڑے بڑے جیّد علمائے کرام موجود تھے۔

## حضرت شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کی ناراضگی

ان سب علماء کرام نے مولوی اسمٰعیل صاحب کے اس خطرناک فتنہ اور اس کے عقائد کی خرابی اور اس کی کتاب التوحید پر فریفتہ ہونے کی شکایت حضرت

Marfat.com

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچائی۔ تو حضرت شاہ صاحب مولوی اسمٰعیل صاحب سے ازحد ناراض ہوئے اور اسکو ان سخت الفاظ سے ڈانٹا۔ میری طرف سے کہو اس لڑکے (اسمٰعیل) نامراد کو کہ جو کتاب نام نہاد (کتاب التوحید) بمبئی سے آئی ہے۔ میں نے بھی اس کو دیکھا ہے۔ اس کے عقائد صحیح نہیں۔ بلکہ وہ کتاب بے ادبی بے نصیبی سے بھری پڑی ہے۔ میں آجکل بیمار ہوں۔ اگر صحت ہوگئی تو میں اسکی تردید لکھنے کا ارادہ رکھتا ہوں تم اسے (اسمٰعیل) ابھی نوجوان بچے ہو۔ ناحق شور و شر برپا نہ کرو۔

انوار آفتاب صداقت صفحہ ۵۱۶

حضرت مولانا شاہ فضل رسول قادری رحمۃ اللہ علیہ سیف الجبار کتاب میں تحریر فرماتے ہیں۔

مولوی اسمٰعیل دہلوی نے جب تقویۃ الایمان لکھ کر مسلک اہلسنت و جماعت کے خلاف عقائد و افکار کا اظہار کیا۔ تو اکثر و بیشتر علماء تحفظ دین و مسلک کی خاطر میدان میں اتر آئے۔ بعض نے ان سے اور ان کے ہم خیال علماء سے مناظرہ کیا۔ مثلاً مولانا شاہ مخصوص اللہ دہلوی مولانا محمد موسیٰ و صاحبزادگان حضرت شاہ رفیع الدین محدث دہلوی) منطق و کلام کے مسلم الثبوت استاد مولانا محمد فضل حق خیرآبادی مولانا رشید الدین خان اور علماء پشاور وغیرہم بے شمار علماء نے تصنیف و تالیف کے ذریعے تردید کی۔ بعض نے تقریری طور پر رد و ابطال پر اکتفا کیا۔ لطف کی بات یہ ہے کہ ان میں اکثر و بیشتر حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے صاحب علم و فضل شاگرد تھے۔ بلکہ خود حضرت

Marfat.com

شاہ صاحب نے تقویتہ الایمان پر اظہار ناراضگی فرمایا۔ حضرت مولانا شاہ محمد فاخر صاحب الہ آبادی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ جب اسمٰعیل دہلوی نے تقویتہ الایمان لکھی اور سارے جہان کو مشرک کافر بنانا شروع کیا۔ اس وقت حضرت شاہ صاحب آنکھوں سے معذور ہو چکے تھے اور بہت ضعیف بھی تھے افسوس کے ساتھ فرمایا کہ میں تو بالکل ضعیف ہو گیا ہوں۔ آنکھوں سے بھی معذور ہوں۔ ورنہ اس کتاب اور اس عقیدہ فاسدہ کا ردّ بھی تحفہ اثنا عشریہ کی طرح لکھتا کہ لوگ دیکھتے۔ سیف الجبار صفحہ ۲۰

## مجھے اندیشہ ہے کہ کتاب تقویتہ الایمان سے شورش ضرور ہوگی

(مصنّف کتاب تقویتہ الایمان کا بیان)

خان صاحب نے فرمایا کہ مولوی اسمٰعیل صاحب نے تقویتہ الایمان اول عربی میں لکھی تھی۔ چنانچہ اس کا ایک نسخہ مولانا گنگوہی کے پاس اور ایک نسخہ مولوی نصر اللہ خان خورجوی کے کتب خانہ میں بھی تھا۔ اور اس کے بعد مولانا نے اس کو اردو میں لکھا اور لکھنے کے بعد اپنے خاص خاص لوگوں کو جمع کیا جن میں سید صاحب، مولوی عبدالحی صاحب، شاہ اسحٰق صاحب، مولانا محمد یعقوب صاحب مولوی فرید الدین صاحب مراد آبادی، مومن خان، عبداللہ خان علوی، استاد امام بخش صہبائی اور مولانا مملوک علی صاحب بھی تھے۔ اور ان کے سامنے تقویتہ الایمان پیش کی اور فرمایا کہ میں نے یہ کتاب لکھی ہے۔ اور میں جانتا ہوں کہ اس میں بعض جگہ ذرا تیز الفاظ بھی آ گئے ہیں۔ اور بعض جگہ

Marfat.com

تشدّد بھی ہو گیا ہے۔ مثلاً ان اُمور کو جو شرک خفی تھے۔ شرک جلی لکھ دیا گیا ہے۔ ان وجوہ سے مجھے اندیشہ ہے کہ اس کی اشاعت سے شورش ضرور ہو گی۔

ارواح ثلاثہ مولوی اشرف علی تھانوی صد۹۱

ناظرین حضرات۔ اب معاملہ آپ کی خدمت میں پیش ہے۔ انصاف سے فیصلہ کرنا آپ ہی حضرات کا کام ہے تقویتہ الایمان کتاب پر کسی اہل سنت بریلوی مسلک کے عالم کی یہ تنقید نہیں ہے۔ بلکہ اپنی اس کتاب پر خود مصنف کتاب کا ہی یہ بیان ہے کہ اس کتاب کی اشاعت سے شورش ضرور پھیلے گی۔ اب ہر عقلمند آدمی یہ سمجھ سکتا ہے۔ کہ جس کام سے فساد کا اندیشہ ہو اس کو ہر گز نہیں کرنا چاہیئے تھا۔ جب مصنف تقویتہ الایمان کو خود اس بات کا اندیشہ ہے کہ اس کتاب کی اشاعت سے شورش ضرور ہو گی۔ تو پھر اس کتاب کو چھاپنے کی کیا ضرورت پیش آئی؟۔

اور پھر وہی ہو کر رہا کہ جس کا اندیشہ مولوی اسمٰعیل صاحب مصنف تقویتہ الایمان نے پہلے سے ہی ظاہر فرما دیا تھا۔ کہ اس کتاب کی اشاعت سے شورش ضرور ہو گی۔ اور شورش بھی ایسی ہوئی جو آج تک بند نہ ہو سکی۔ کیونکہ یہ ساری کی ساری کتاب ہی بے ادبیوں اور گستاخیوں سے بھری پڑی ہے۔

Marfat.com

# تقویۃ الایمان کی کفریہ عبارتیں اور انکا جواب

## کفریہ عبارت نمبرا

مولوی اسمٰعیل صاحب تقویۃ الایمان ص۷۶ پر لکھتے ہیں۔ کہ انسان آپس میں سب بھائی ہیں۔ جو بڑا بزرگ ہے وہ بڑا بھائی ہے۔ سواس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجیئے۔ یہاں بڑے بزرگ سے انبیاء اولیاء مراد ہیں۔ چنانچہ اس کے بعد لکھا ہے۔ جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی۔

ہمارے نزدیک تو خدا تعالیٰ کی ساری مخلوق میں سب سے بڑی مخلوق حضرات انبیاء کرام علیہم السلام ہیں۔ اور پھر سب سے اعلیٰ و اولیٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صفات کمالیہ و خاصہ نبوت و اوصاف حمیدہ کو چھوڑ کر آپ کو صرف بڑا بھائی بتانا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بے ادبی اور گستاخی ہے۔ یہ تو دیوبندی حضرات کے امام الطائفہ نے تقویۃ الایمان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑے بھائی کے برابر قرار دیا۔ تو دوسرے مولوی خلیل احمد صاحب اٹھے۔ انہوں نے اپنی براہین قاطعہ میں جملہ بنی آدم کے برابر لکھ دیا۔ جیسے وہ صفحہ ۳ میں لکھتے ہیں۔ البتہ نفس بشریت میں آپ کے مماثل جملہ بنی آدم ہیں۔ اور ساتھ ہی اس کے یہ بھی لکھ دیا۔ کہ اگر کسی نے بوجہ بنی آدم ہونے کے آپ کو بھائی کہا۔ تو کیا خلاف نص کہہ دیا۔ اب فرمائیے اگر ہم میں سے کوئی کہہ دے کہ مولوی اسمٰعیل صاحب۔ مولوی رشید احمد صاحب

Marfat.com

یا مولوی خلیل احمد صاحب - فرعون - نمرود - ہامان - قارون کے بھائی ہیں - تو کیا خلاف نص ہے؟ - اب فرمایئے کہ آپ یا آپ کے بھائی دیوبندی حضرات اس پر خوش ہوں گے؟ کیونکہ یہ بھی مماثل میں جملہ بنی آدم کے برابر ہیں ۔ مگر افسوس یہ ہے - کہ ایسے الفاظ کا استعمال جو بے ادبی گستاخی سے بھرے ہوئے ہوں - رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں بے محابا تحریر کیے جائیں - اور خوش ہو کر نص کا حوالہ بھی دے دیں - مگر اپنے مولویوں کے لئے ایسے الفاظ کبھی برداشت نہ کر سکیں -

حضور اقدس کو بڑا بھائی بتانا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شدید ترین توہین ہے - بڑا بھائی کیا چیز ہے؟ بڑے بھائی کی وفات کے بعد اس کی بیوی سے نکاح بھی درست ہے - لیکن جناب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پاک بیویاں تمام امت کے لئے حرام ہیں - کیونکہ وہ سب مومنوں کی مائیں ہیں - لہذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑا بھائی کہنا کس قدر بارگاہ نبوّت کی توہین ہے - کوئی اپنے باپ یا آقا اور بادشاہ کو بڑا بھائی نہیں کہہ سکتا - اگر کہے تو گستاخ اور بے ادب ہے - باپ - دادا - استاد - پیر آقا - بادشاہ سب ہی اس در کے غلام ہیں اور غلامی ان کا فخر ہے - صحابہ کرام کا ادب تھا - کہ حضور کی خدمت میں کچھ عرض کرتے وقت کہتے میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں - اصحاب کرام بات بات میں جن پر ماں باپ کو قربان کریں - ان کو بڑے بھائی کے برابر بتانا نہایت بے ادبی اور گستاخی ہے -

Marfat.com

# مصنّف "عبارات اکابر" کا عقیدہ

نصرت العلوم کے شیخ الحدیث صفدر صاحب اسی بے ادب اور گستاخ عبارت کو نقل کر کے لکھتے ہیں کہ شرعی اعتبار سے تو ان میں سے کوئی امر بھی توہین کا موجب نہیں۔ کیونکہ خود اسی حدیث پاک میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین و انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرمایا۔ کہ تم اپنے بھائی (یعنی میری) عزت کرو۔ اور قرآن کریم میں آتا ہے۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ۔ کہ سب مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ عبارات اکابر حصہ اول صہ ۶۶

جواب۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تواضعاً اپنے آپ کو بھائی فرمایا۔ کہ اپنے بھائی کی عزت کرو۔ لیکن اس سے یہ کیسے ثابت ہوا۔ کہ آپ کو بھائی کہہ کر پکارو؟ بھائی کہنے میں حضور علیہ السلام کی عزت ہے۔ تواضع کے کلمے تواضع کرنے والے کا تو کمال ہوتے ہیں۔ مگر ان کو لوٹ کر کہہ دینا گستاخی ہوتا ہے اب رہا یہ سوال کہ قرآن شریف میں آتا ہے کہ سب مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ تو پھر خداوند کریم کو بھی معاذاللہ بھائی کہو گے؟ کیونکہ قرآن شریف میں آتا ہے اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور عام مومنین میں صرف لفظ مومن کا اشتراک ہے۔ جیسے رب تعالیٰ اور عام مومنین میں نہ کہ حقیقت میں۔

رب تعالیٰ اور معنی سے مومن ہے۔ اور ہم اور طرح۔ ایسے ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور معنی سے مومن ہیں۔ اور ہم اور طرح۔ اور یہ جو آپ نے

Marfat.com

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ارشاد نقل کیا ہے۔ کہ حضرت میں تو آپ
کا بھائی ہوں۔ پھر یہ رشتہ کیسے جائز ہو سکتا ہے؟ تو جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ تم اللہ تعالیٰ کے دین اور اس کی کتاب کی رو سے
میرے بھائی ہو۔ یعنی یہ رشتہ میرے لئے حلال ہے۔ اس کے بعد رشتہ ہو گیا۔
**جواب** ۔ آپ کے اس بیان سے کیسے ثابت ہوا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ
وسلم کو بھائی کہہ کر پکارنا جائز ہے؟ یا یہ ثابت کرو۔ کہ جناب صدیق اکبر رضی
اللہ تعالےٰ عنہ نے کبھی آپ کو بھائی کہہ کر پکارا ہو؟ بلکہ آپ تو یا رسول اللہ
کہہ کر پکارتے تھے۔ اور اگر روائت کرتے ہیں۔ تب بھی آپ قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں۔ اور جو حضرات رشتہ کے اعتبار سے بھائی ہیں۔
وہ بھی آپ کو بھائی کہہ کر نہیں پکارتے۔ تو ہم کمینوں غلاموں کو کیا حق ہے
کہ آپ کو بھائی کہہ کر پکاریں۔ گھر میں ماں۔ بہن۔ بیوی۔ بیٹی سب ہی
عورتیں ہیں۔ مگر ان کے نام و کام و احکام جداگانہ ہیں۔ جو ماں کو بیوی یا
بیوی کو ماں کہہ کر پکارے وہ بے ایمان ہی ہے۔ اور جو ان سب کو ایک
نگاہ سے دیکھے وہ مردود ہے۔ ایسے ہی جو نبی اور امتی میں فرق نہ کرے
وہ ملعون ہے مردود ہے۔ اور جو امتی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑا بھائی
کہہ کر پکارے وہ بے ادب اور گستاخ ہے۔ علماء مشائخ اپنے آپ کو
بندۂ ذلیل۔ سگ دنیا۔ کمترین خلائق لکھا کرتے ہیں۔ تو دوسروں کو بھی ان
کی شان میں یہ الفاظ استعمال کرنے جائز ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ یہی
وجہ ہے کہ کسی صحابی نے کبھی بھی آپ کو بھائی نہ کہا۔ لہٰذا حضور صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم نے تواضعاً اپنے آپ کو بھائی فرمایا۔ تو اس کو دلیل بنانا انتہا درجے کی جہالت ہے۔ ایک بادشاہ اپنے آپ کو رعایا کا خادم ظاہر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں آپ لوگوں کا خادم ہوں۔ تو رعایا کو حق نہیں کہ اپنے بادشاہ کو خادم کہہ کر پکارے۔ دور کیوں جاتے ہو۔ آپ کے حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب اپنے آپ کو بندۂ ذلیل لکھتے ہیں۔ دیکھو تذکرۃ الرشید حصہ اول تو فرمایئے کسی دیوبندی نے کبھی آپ کو ذلیل لکھا؟ اور سنیئے! مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی۔ مولوی محمد قاسم کے متعلق لکھتے ہیں۔ کہ جس شخص کے قلب میں ایمان کی طرح یہ راسخ ہو چکا ہو۔ کہ دنیا میں اس سے زیادہ ذلیل و خوار کوئی ہستی نہیں ہے۔ ارواح ثلاثہ صـ۲۵۳ فرمایئے کسی دیوبندی مولوی صاحب نے نانوتوی صاحب کو ذلیل و خوار لکھا؟ ہرگز نہیں۔ اور سنیئے سید احمد صاحب کے ایک مرید نے کہا۔ کہ واللہ باللہ جس طرف آنکھ اٹھا کر دیکھتا ہوں۔ سید صاحب ہی نظر آتے ہیں۔ وہ میری آنکھوں میں بھی ہیں۔ یہ الفاظ اس نے تین دفعہ زور زور سے کہے۔ سید صاحب نے کواڑ کھول کر اپنا چہرہ نکالا۔ اور زور سے فرمایا۔ کہ خاموش! اور مجھ کتے کی صورت اپنے سامنے سے منہدم کر۔ یہ الفاظ آپ نے بھی تین دفعہ فرمائے۔ ارواح ثلاثہ صـ۱۱۱ کیوں جناب یہ الفاظ اپنے متعلق تواضع کے طور پر جو سید صاحب فرمارہے تھے کسی دوسرے کو بھی یہی الفاظ لوٹ کر کہنے کی اجازت دی جاسکتی ہے؟ ہرگز نہیں۔ تو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم جو اپنے آپ کو تواضعاً بھائی ارشاد فرمارہے ہیں۔ کسی امتی کا آپ کو بھائی کہنا کب جائز ہوسکتا ہے؟۔

Marfat.com

خود پروردگار عالم نے قرآن کریم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یا محمد یا کہ اخاہ المومنین سے نہ پکارا۔ بلکہ یا ایہا النبی یا ایہا الرسول یا ایہا المزمل یا ایہا المدثر وغیرہ پیارے القاب سے پکارا۔ حالانکہ وہ رب کریم ہے تو ہم غلاموں کو کیا حق ہے۔ کہ اس ذات کریم کو بشر یا بھائی کہہ کر پکاریں۔

# نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بھائی کہنے والوں پر تمام دیوبندی اکابر علماء کا فتوی کفر

ملاحظہ فرمائیے!

"جو اس کا قائل ہو کہ نبی کریم علیہ السلام کو ہم پر اتنی ہی فضیلت ہے جتنی بڑے بھائی کو چھوٹے بھائی پر ہوتی ہے۔ تو اس کے متعلق ہمارا عقیدہ یہ ہے۔ کہ وہ دائرہ ایمان سے خارج ہے۔ المہند اردو ص۲۸

اس کتاب پر تمام اکابرین علماء دیوبند کے دستخط موجود ہیں۔

گکھڑوی صاحب! اب فیصلہ آپ خود کرلیں کہ اس فتوے کی زد میں کون کون حضرات آسکتے ہیں۔ کیا مولوی اسمٰعیل صاحب بھی اس حکم کی زد میں ہیں یا نہیں؟ کیونکہ انہوں نے ہی تو ایسا لکھا ہے۔ کہ جو بڑا بزرگ ہو۔ وہ بڑا بھائی ہے۔ سو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے۔ جیسے کہ اوپر تفصیل سے لکھا جا چکا ہے۔ اور گنگوہی صاحب نے بھی فتاوی رشیدیہ میں لکھا ہے چونکہ حدیث میں آپ نے خود ارشاد فرمایا تھا۔ کہ مجھ کو بھائی کہو۔ فتاوی رشیدیہ ص۲۹۶

یہ سراسر بہتان ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی حدیث میں یہ نہیں

Marfat.com

فرمایا کہ مجھ کو بھائی کہہ کر پکارو۔ یہ تو صاف صاف حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ لگایا گیا ہے۔ اور آپ نے فرمایا کہ جو میرے پر جھوٹ لگائے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ یہ حکم بھی آپ ہی کے بزرگوں کا ہے۔ کسی بریلوی عقیدے کے عالم کا نہیں۔ بریلوی علمار حضرات کے خلاف خواہ مخواہ زہر اگل رہے ہیں۔ ان کا کیا قصور ہے؟ اپنے گھر کی خبر لیجیئے۔ اور ہم کو اس فریب کاری سے بھی آگاہ کیجیئے۔ کہ مولوی اسمٰعیل تو لکھتے ہیں۔ کہ حضور علیہ السلام کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجیئے۔ بلکہ اس سے بھی کم کیجیئے۔ اور یہ حضرات بڑے بھائی کی سی تعظیم کرنے والوں کو دائرہ ایمان سے خارج کرنے کا فتوٰی دے چکے ہیں۔ اور فتاوٰی رشیدیہ میں مولوی گنگوہی صاحب نے مولوی اسمٰعیل کی تعریف بھی کی ہے اور تقویۃ الایمان کتاب کی تعریف بھی کی ہے۔ فتاوٰی رشیدیہ کی اصل عبارت ملاحظہ فرمائیے۔ ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں "مولوی اسمٰعیل صاحب رحمۃ اللہ علیہ عالم متقی۔ بدعت کے اکھاڑنے والے اور سنّت کے جاری کرنے والے۔ اور قرآن و حدیث پر پورا عمل کرنے والے۔ خلق اللہ کو ہدایت کرنے والے تھے۔ اور تمام عمر اسی حالت میں رہے۔ آخر کار فی سبیل اللہ کفار کے ہاتھ سے شہید ہوئے۔ پس جس کا ظاہر حال ایسا ہو۔ وہ ولی اللہ اور شہید ہے۔ اور کتاب تقویۃ الایمان نہایت عمدہ کتاب ہے۔ اور رد شرک و بدعت میں لاجواب ہے۔ استدلال اس کے بالکل کتاب اللہ اور احادیث سے ہیں۔ اس کا رکھنا او پڑھنا اور عمل کرنا عین اسلام ہے۔" فتاوٰی رشیدیہ حصہ اول ص۱۲

اب یہ فیصلہ آپ کے انصاف پر ہے۔ کہ مولوی اسمٰعیل صاحب حق پر ہیں۔ یا تمام علمائے دیوبند؟ مولوی اسمٰعیل صاحب تو کسی صورت حق پر نہیں ہو سکتے۔

Marfat.com

کیونکہ ان کی بے ادبانہ اور گستاخانہ عبارات تقویت الایمان کتاب میں صاف موجود ہیں۔ چونکہ یہ عبارت سلیس الفاظ اردو میں لکھی ہوئی ہے۔ کوئی عبرانی زبان میں نہیں۔ کہ جو سمجھی نہ جاسکتی ہو۔ اور یہ بھی نہیں ہو سکتا۔ کہ ایسی گستاخ عبارت کے معنے کچھ اور لئے جاسکتے ہوں۔ بلکہ وہی معنے مراد لئے جاسکتے ہیں جو عبارت کے الفاظ سے نکل سکتے ہوں۔ اسی تقویتہ الایمان کے صفحہ ۶۴ پر خود مولوی اسمٰعیل صاحب لکھ چکے ہیں۔ کہ یہ بات محض بے جا ہے۔ کہ ظاہر میں لفظ بے ادبی کا بولے۔ اور اس سے کچھ اور معنے مراد لے۔ اب ثابت ہوگیا۔ کہ گستاخ عبارت کی کوئی تاویل بھی نہیں ہوسکتی۔ اب مولوی اسمٰعیل صاحب کا باطل پر ہونا۔ روز روشن کی طرح ثابت ہوگیا۔ کیونکہ شان رسالت میں بے ادب کلمے لکھنے والا بے ادب ہوتا ہے۔

اب رہا یہ سوال۔ کہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی تو مولوی اسمٰعیل صاحب اور انکی کتاب تقویتہ الایمان کی تعریف کر رہے ہیں۔ دوسری طرف تمام علمائے دیوبند حضور علیہ السلام کو بڑا بھائی کہنے والوں کو دائرہ ایمان سے خارج کرنے کا فتویٰ دے چکے ہیں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ان کے گھر کا معاملہ ہے۔ یہ وہی جانیں ہم کو اس مکاری کا کوئی علم نہیں۔ ہم تو صرف اسقدر جانتے ہیں۔ کہ ان سب حضرات کا عقیدہ وہی ہے۔ کہ جیسا مولوی اسمٰعیل صاحب نے تقویتہ الایمان میں لکھا ہے۔ کہ حضور علیہ السلام کی بڑے بھائی جیسی تعظیم کی جائے۔ یا اس سے کم کی جائے اگر آپ نے یہ فیصلہ ہی کروانا ہے۔ تو آپ سیدھے نصرت العلوم چلے جایئے اور شیخ الحدیث صفدر صاحب سے ملاقات کر کے ان کی خدمت میں یہ سوال پیش

Marfat.com

کریں۔ کہ جناب گنگوہی صاحب تو مولوی اسمٰعیل صاحب کی بہت تعریف کرتے ہیں۔ دوسری طرف تمام علمائے دیوبند حضور علیہ السلام کو بڑا بھائی کہنے والوں کو دائرہ ایمان سے خارج ہونے کا فتویٰ دے چکے ہیں۔ اصل میں مولوی اسمٰعیل صاحب نے یہی لکھا ہے۔ کہ جو بڑا بزرگ ہو اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے اور عبارت بھی صاف ہے۔ اس کی کوئی تاویل بھی نہیں ہو سکتی۔ تو ارشاد فرمائیے کہ مولوی اسمٰعیل صاحب کے متعلق گنگوہی صاحب کا ارشاد درست ہے۔ یا تمام اکابرین علماء کا فتویٰ درست ہے؟ جو المھند کتاب میں چھپ چکا ہوا ہے۔ اور اس کتاب پر تمام اکابرین علماء دیوبند کے دستخط موجود ہیں۔ اب یہاں مصنف عبارات اکابر شیخ الحدیث صفدر صاحب کی ایک عبارت نقل کرتا ہوں لکھتے ہیں "یہ اہل بدعت کے خبث باطن اور سیاہ دلی کا عبرتناک کارنامہ ہے۔ کہ وہ یہ سمجھے بیٹھے ہیں اور عوام الناس کو یہ باور کرانے کے درپے ہیں۔ کہ معاذ اللہ تعالیٰ حضرت شاہ اسمٰعیل شہید فی سبیل اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم کا اتنا ہی حق تسلیم کرتے ہیں۔ جتنا کہ بڑے بھائی کا ہوتا ہے۔ اور ظاہر بات ہے کہ اہل اسلام میں سے کسی کا یہ باطل عقیدہ نہیں ہر مومن کا یہ عقیدہ ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم کا وہ درجہ وہ شان اور وہ مرتبہ ہے۔ کہ نہ کسی اور بشر کا ہے۔ اور نہ فرشتہ کا نہ کعبہ کا اور نہ لوح و قلم کا حتیٰ کہ عرش عظیم کا۔ غرضیکہ اللہ تعالیٰ کی ذات گرامی کے بعد ساری کائنات اور تمام مخلوق میں صرف آپ ہی کا درجہ اور مقام ہے۔

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر" عبارات اکابر صفحہ ۱۷

تو اس کا جواب یہ ہے۔ کہ ہندوستان میں بے ادبی اور گستاخی کی بدعت اور ضلالت کو جاری کرنے والے پہلے شخص مولوی اسمٰعیل ہی ہیں جنہوں نے شان رسالت میں سخت بے ادبی اور گستاخی کے الفاظ لکھے۔ اور صاف الفاظ میں لکھا۔ کہ جو بڑا بزرگ ہو۔ اس کی بڑے بھائی جیسی تعظیم کیجیئے۔ اور جو بشر کی سی تعریف ہو۔ سو وہ ہی کرو۔ سو اس میں بھی اختصار ہی کرو۔ ناظرین حضرات! غور فرمایئے۔ کیا یہ لاطینی زبان ہے؟ یا عبرانی زبان ہے؟ اور کیا یہ سریانی زبان ہے؟ جس کے سمجھنے والے نایاب ہوں۔ یہ تو صاف اور سلیس اردو زبان ہے۔ جو معمولی طالب علم پرائمری میں پڑھنے والا بھی آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ کہ یہ الفاظ شان رسالت میں سخت بے ادبی اور گستاخی کے ہیں اور ان کے لکھنے والا سخت بے ادب اور گستاخ ہے۔ اور اس بے ادبی اور گستاخی کی بدعت ضلالت کو جاری کرنے والا ہے۔ اور اس بے ادبی اور گستاخی کی بدعت کی حمایت کرنے والا۔ اور اس کی تائید میں کتابیں لکھنے والا سب سے زیادہ بدعتی اور اوّل درجے کا بے ادب اور گستاخ ہے۔ اور یہ اس کے خبث باطن اور سیاہ دلی کا عبرت ناک کارنامہ ہے۔ ان کے حمایتی بتائیں تو سہی یہ قرآن شریف اور حدیث شریف میں کہاں آیا ہے۔ کہ "جو بڑا بزرگ ہو۔ اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجیئے"۔ یہ ہے دین میں احداث بدعت و ضلالت۔ وہابی حضرات نے نبی پاکؐ کا مرتبہ باپ سے بھی کم رکھا۔ استاد اور عالم کے برابر بھی نہ سمجھا۔ انبیاء علیہم السلام ظاہر میں بشر ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو کمالات عطا فرماتا ہے۔ کمالات کو چھوڑنا اور لفظ بشر سے ان کا ذکر کرنا یقیناً بے ادبی ہے۔

Marfat.com

اس سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ اس شخص کے دل میں عظمت نہیں۔ اور انبیاء علیہم السلام کے مراتب وکمالات کا اظہار اس کو گوارا نہیں۔ اگر کوئی شخص بادشاہ کے مرتبہ کا ذکر نہ کرے صرف آدمی اور بشر کہے۔ تو بے ادب گستاخ ہے بادشاہ تو بادشاہ باپ کو بھی کوئی یہ نہیں کہتا۔ کہ وہ بھی ایک آدمی ہے۔ خود وہابی حضرات اپنے مولویوں کے لئے بڑے بڑے القاب وآداب استعمال کرتے ہیں۔ اگر ان کے نام کے ساتھ کلمۂ تعظیم نہ ہو۔ تو ناراض ہو جائیں گے آدمی کہہ کر پکاریئے کیسے لال پیلے ہوتے ہیں۔ جب تک مولانا مولوی نہ کہے جائیں۔ راضی ہی نہ ہوں۔ مگر انبیاء علیہم السلام کی تعریف کو روکتے ہیں۔ جن کا ذکر اللہ تعالیٰ بھی عظمت کے کلمات سے فرماتا ہے۔ اور اپنے بندوں کو ان کی تعظیم کا توقیر کا حکم دیتا ہے۔ تُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ۔ تاکہ رسول پاک کی تعظیم اور توقیر کرو۔

اب آپ جو یہ فرما رہے ہیں۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ درجہ وہ شان اور وہ مرتبہ ہے کہ نہ کسی اور بشر کا ہے اور نہ فرشتہ کا۔ تو آپ کے قلم سے ثابت ہوگیا۔ کہ حضور علیہ السلام بے مثل ہیں۔ تو پھر یہ فرمائیے کہ آپ کے بھائی کیسے ہوئے؟ آپ کے بھائی کی مثل تو ہزاروں بلکہ لاکھوں ہو سکتے ہیں۔ آگے آپ لکھتے ہیں۔ حضور علیہ السلام کا وہ مرتبہ ہے۔ کہ نہ کعبہ کا نہ لوح و قلم کا۔ حتیٰ کہ عرش عظیم کا۔ تو پھر فرمایئے حضور علیہ السلام آپ کے بھائی کیسے ہوئے؟ آگے ارشاد ہو رہا ہے۔ غرضیکہ اللہ تعالیٰ کی ذات گرامی کے بعد ساری کائنات اور تمام مخلوقات میں صرف آپ ہی کا مقام اور درجہ ہے۔ بعد

Marfat.com

ازخدا بزرگ توئی قصہ مختصر۔ سبحان اللہ اگر واقعی آپ کا یہی عقیدہ ہے تو پھر ارشاد فرمایئے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے بھائی کیسے ہوئے کیونکہ آپ کے قلم سے ثابت ہو رہا ہے۔ حضور انور علیہ السلام ساری خدا کی خدائی میں بے مثل اور بے نظیر ہیں۔ جب وہ بے مثل ثابت ہوئے تو ان کو فقط بھائی کہہ کر پکارنا پرلے درجے کی جہالت ہے۔ اور شان رسالت میں سخت بے ادبی اور گستاخی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَکُمْ کَدُعَاءِ بَعْضِکُمْ بَعْضًا۔ یعنی آپس میں باہم ایک دوسرے کو جس طرح پکارتے ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ویسے نہ پکارو۔ جب قرآن شریف سے ثابت ہو گیا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھائی وغیرہ برابری کے الفاظ سے پکارنا سخت منع ہے۔ جیسے آپس میں ایک دوسرے کو بھائی کہہ کر پکارتے ہو۔ تو ثابت ہوا کہ نبی کریم رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر یا بڑا بھائی کہہ کر پکارنے والا سخت بے ادب اور پرلے درجے کا گستاخ ہے۔ اور اس کی تائید میں کتابیں لکھنے والا بھی ایسا ہی ہے۔ اللہ تعالےٰ ہدایت فرمائے۔

اب ایک سوال کا جواب دیجئے۔ جب قبر میں فرشتے سوال کریں گے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق۔ مَا کُنْتَ تَقُوْلُ فِیْ حَقِّ هٰذَا الرَّجُلِ۔ ان کے بارے میں کیا کہتے ہو۔ تو کیا آپ حضرات وہاں بھی یہی جواب دیں گے کہ یہ ہمارے بڑے بھائی ہیں۔ ہمارے ہی جیسے بشر ہیں۔ ذرہ ناچیز سے کم تر ہیں۔ العیاذ باللہ من ذالک۔ اور کیا یہ جواب دے کر عذاب قبر سے آپ

Marfat.com

کو چھٹکارا حاصل ہوگا؟

# کفریہ عبارت نمبر ۲

ناظرین کرام! تقویۃ الایمان کی ایک اور کفریہ عبارت ملاحظہ فرمائیے۔ مولوی اسمٰعیل صاحب نے مشکوٰۃ شریف سے ایک حدیث نقل کی قیس بن سعد نے نقل کیا کہ گیا میں ایک شہر میں جسکا نام حیرہ ہے سو دیکھا میں نے وہاں کے لوگوں کو کہ سجدہ کرتے ہیں اپنے راجہ کو سو کہا میں نے البتہ پیغمبر خدا زیادہ لائق ہیں کہ سجدہ کیجیئے ان کو پھر آیا میں پیغمبر خدا کے پاس پھر کہا میں نے کہ گیا تھا میں حیرہ میں سو دیکھا میں نے ان لوگوں کو کہ سجدہ کرتے ہیں اپنے راجہ کو۔ سو تم بہت لائق ہو کہ سجدہ کریں ہم تم کو تو فرمایا مجھ کو بھلا خیال تو کر جو تو گذرے میری قبر پر کیا سجدہ کرے تو اس کو؟ کہا میں نے نہیں۔ فرمایا تو مت کرو۔ ف۔ یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں۔ معاذاللہ! تقویۃ الایمان ص۶۸

یہ بے باکانہ گستاخی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر افترا۔ حاشا وکلا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہرگز یہ نہیں فرمایا۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بہتان ہے۔ نصرت العلوم کے شیخ الحدیث صفدر صاحب اس کفریہ عبارت کو نقل کر کے خود ہی لکھتے ہیں۔ یہ صحیح حدیث پاک میں آتا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے۔ کہ وہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے اجسام کو کھائے گکھڑوی صاحب سوال تو یہ ہے۔ کہ جو حدیث مولوی اسمٰعیل صاحب

Marfat.com

نے نقل کی ہے۔ اس کے کونسے لفظ کا یہ ترجمہ ہے۔ کہ میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں۔ اگر آپ یہ نہیں بتا سکتے۔ تو بتا بھی کیسے سکیں گے اس حدیث پاک میں کوئی لفظ ایسا ہے ہی نہیں۔ تو اور ہی کوئی حدیث بتا دیجئے۔ کہ جس میں ایسے الفاظ موجود ہوں۔ آپ تو شیخ الحدیث کہلاتے ہیں۔ لائیے کوئی ایسی حدیث؟ انشاءاللہ قیامت کی صبح تک کوئی وہابی دیوبندی ایسی حدیث پیش نہیں کر سکے گا۔ کہ جس کے یہ الفاظ ہوں۔ جو مولوی اسمٰعیل دہلوی نے تقویۃ الایمان میں اپنی طرف سے جڑ دیئے ہیں۔ یہ صاف طور پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جھوٹ کو منسوب کیا گیا ہے۔ اور حدیث شریف میں فرمایا گیا۔ کہ جو میری طرف جھوٹ کو منسوب کرے۔ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے تعجب کی ایک بات یہ بھی ہے۔ کہ مولوی اسمٰعیل صاحب کو یہ سب حضرات شہید فی سبیل اللہ لکھتے ہیں۔ تو قرآن شریف کی رو سے مولوی صاحب بھی زندہ ہوئے۔ عجیب قسم کا عقیدہ ہے۔ کہ مصنف کتاب تقویۃ الایمان مولوی اسمٰعیل تو مر کر بھی زندہ رہیں اور حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو مُردہ لکھ جائیں معاذاللہ۔ امتی زندہ اور نبی پاک مردہ۔ ناظرین کرام! دیکھا آپ نے یہ ہے مذہب حضرات دیوبند کا۔

## دیوبندی زندہ ہیں

۱۔ ایک صاحب کشف حضرت حافظ ضامن کے مزار پر فاتحہ پڑھنے گئے۔ بعد فاتحہ کہنے لگے کہ بھائی یہ کون بزرگ ہیں۔ بڑے دل لگی باز ہیں۔ جب میں فاتحہ پڑھنے لگا۔ تو مجھ سے فرمانے لگے کہ جاؤ فاتحہ

Marfat.com

کسی مردہ پر پڑھو۔ یہاں زندوں پر فاتحہ پڑھنے آئے ہو۔ یہ بات کیا ہے۔ جب لوگوں نے بتلایا۔ کہ یہ شہید ہیں۔ ارواح ثلاثہ صـ۲۲۱ حکایت نمبر ۲۰۴۔ مولوی اشرف علی صاحب دیوبندی۔

۲۔ مولوی فضل الرحمٰن صاحب گنج مراد آبادی۔ آپ نے ایک دفعہ فرمایا کہ بھئی ہم تو قبر میں نماز پڑھا کریں گے۔ دعا ہے کہ ہمیں تو اللہ تعالیٰ قبر میں یہ اجازت دے دیں۔ کہ بس نماز پڑھتے جاؤ۔ ارواح ثلاثہ صـ۳۵۶

۳۔ مولوی احمد علی زندہ ہیں۔ مولوی احمد علی صاحب لاہوری جس طرح اپنی زندگی میں زندہ تھے۔ آج بھی زندہ و تابندہ ہیں۔ رسالہ خدام الدین ۲۴ فروری ۱۹۶۳ صـ۳۳۔

۴۔ مولوی رشید احمد گنگوہی زندہ ہیں۔

مردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے نہ دیا
اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم

مرثیہ محمود الحسن صاحب دیوبندی صـ۲۶

ناظرین کرام! غور فرمائیے۔ واقعی دیوبندیوں کے نزدیک مولوی رشید احمد صاحب کی مسیحائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بہت بڑھ گئی کیونکہ جو کام عیسیٰ علیہ السلام بھی نہ کر سکے۔ وہ مولوی رشید احمد صاحب نے بھی کرکے دکھا دیا۔ مردے جلانے میں تو برابر ہی رہے۔ مگر زندوں کو موت سے بچا لیا۔ اس میں ضرور عیسیٰ علیہ السلام سے بڑھ گئے۔ جب ہی تو عیسیٰ علیہ السلام کو ان کی مسیحائی دکھائی جاتی ہے۔ اگر مولوی رشید احمد صاحب

Marfat.com

کی مسیحائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بڑھی ہوئی نہ جانتے تو یہ نہ کہتے۔ اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم۔ مسلمانوں انصاف کرو۔ کیا اس میں عیسیٰ علیہ السلام کی توہین نہیں ہے؟ ہے اور ضرور ہے۔ یہ ہے دیوبندی حضرات کا مذہب۔ ان لوگوں کی توحید قائم نہیں رہ سکتی۔ جب تک حضرات انبیاء علیہ السلام کی توہین نہ کرلیں۔

## بانی مدرسہ دیوبند مولوی محمد قاسم بھی زندہ ہیں

حضرت عم محترم مولانا حبیب الرحمٰن صاحب مرحوم نے فرمایا۔ کہ مولوی احمد حسن صاحب امروہوی اور مولوی فخر الحسن صاحب گنگوہی میں باہم معاصرانہ چشمک تھی۔ اور اس نے بعض حالات کی ہی بنا پر ایک مخاصمۃ اور متنازعہ کی صورت اختیار کرلی اور مولانا محمود الحسن صاحب گو اصل جھگڑے میں شریک نہ تھے اور نہ انہیں اس قسم کے امور سے دلچسپی تھی۔ مگر صورت حالات ایسی پیش آئی۔ کہ مولانا بھی بجائے غیر جانب دار رہنے کے کسی ایک جانب جھک گئے۔ اور یہ واقعہ کچھ طول پکڑ گیا۔ اسی دوران ایک دن علی الصبح بعد نماز فجر مولانا رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مولانا محمود الحسن صاحب کو اپنے حجرہ میں بلایا۔ جو دارالعلوم دیوبند میں ہے۔ مولانا حاضر ہوئے اور بند حجرہ کے کواڑ کھول کر اندر داخل ہوئے۔ موسم سخت سردی کا تھا۔ مولانا رفیع الدین صاحب نے فرمایا۔ کہ پہلے میرا یہ روئی کا لبادہ دیکھ لو۔ مولانا نے لبادہ دیکھا۔ تو تر تھا اور خوب بھیگ رہا تھا۔ فرمایا کہ واقعہ یہ ہے۔ کہ ابھی ابھی مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ جسد عنصری کے ساتھ میرے پاس تشریف لائے۔ جس سے میں ایک دم پسینہ پسینہ ہوگیا۔ اور لبادہ

Marfat.com

تر بتر ہوگیا۔ اور یہ فرمایا۔ کہ محمود الحسن کو کہہ دو۔ کہ وہ اس جھگڑے میں نہ پڑے بس میں نے یہ کہنے کے لئے بلایا ہے۔ مولانا محمود الحسن صاحب نے یہ عرض کیا۔ کہ حضرت میں آپ کے ہاتھ پر توبہ کرتا ہوں۔ کہ اس کے بعد میں اس قصہ میں کچھ نہ بولوں گا۔ ارواح ثلاثہ صنہ ۲۶۰ - ۲۶۱

ناظرین کرام! غور فرمایئے۔ دیوبندی حضرات کے قطب الارشاد حضرت گنگوہی صاحب کا کمال۔ محمود الحسن صاحب کی زبان سے آپ نے معلوم کر ہی لیا ہے۔ کہ مولوی رشید احمد صاحب مردوں کو بھی زندہ کرتے ہیں۔ اور زندوں کو مرنے بھی نہیں دیتے۔ اگر آپ مجھ سے یہ سوال کریں کہ پھر اسقدر کمال رکھنے والے خود کیوں مر گئے؟ تو اس کا جواب میرے پاس نہیں۔ یہ سوال تو نصرت العلوم کے شیخ الحدیث صفدر صاحب سے ہی کیا جا سکتا ہے۔ اور وہ ہی اس کا جواب دے سکتے ہیں۔ آپ ان کے پاس ہی تشریف لے جایئے اور ان سے جواب حاصل کیجئے۔ مجھے معاف رکھیئے۔ میں اس لائق نہیں ہوں کہ اس کا جواب دے سکوں اور مولوی محمد قاسم بانی مدرسہ دیوبند کا کمال بھی مولوی اشرف علی صاحب کی کتاب ارواح ثلاثہ سے آپ کی خدمت میں پیش کیا گیا ہے۔ کہ وہ صاحب مرنے کے بعد بھی اپنے مدرسہ کی نگرانی فرما رہے ہیں۔ اگر کوئی جھگڑا وغیرہ دار العلوم میں ہو۔ تو فوراً بجسد عنصری تشریف لا کر فیصلہ فرما دیتے ہیں۔ یہ ان کا فیض ہمیشہ جاری ہے۔ حالانکہ وہ وفات پا چکے ہوئے ہیں۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ اگر بانی مدرسہ دیوبند مرنے کے بعد بھی زندہ ہیں۔ اور ان کا فیض بھی جاری ہے۔ تو پھر بانی اسلام کیوں مردہ ہیں۔ یہ تو عجیب قسم کا عقیدہ ہے۔ کہ بانی مدرسہ دیوبند زندہ اور بانی اسلام مردہ۔

Marfat.com

لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔ مولوی اشرف علی صاحب نشر الطیب کتاب میں وہی حدیث جو اوپر نقل کی گئی ہے۔ نقل کر کے لکھتے ہیں۔ پس خدا کے پیغمبر زندہ ہوتے ہیں اور ان کو رزق دیا جاتا ہے۔ پس آپ کا زندہ رہنا قبر شریف میں بھی ثابت ہوا۔ دیکھئے مولوی اشرف علی صاحب بھی قبر شریف میں آپ کا زندہ ہونا ثابت کر رہے ہیں۔ اور اب دیکھئے تمام علماء دیوبند اس مسئلہ میں کیا لکھ رہے ہیں۔ ہمارے نزدیک ہمارے مشائخ کے نزدیک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں زندہ ہیں۔ اور حیات دنیا کی سی ہے۔ بلا مکلف ہونے کے اور یہ حیات مخصوص ہے۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام انبیاء علیہم السلام اور شہداء کے ساتھ یہ حیات برزخی نہیں ہے۔ جو حاصل ہے۔ تمام مسلمانوں کو بلکہ سب آدمیوں کو۔ علامہ تقی الدین سبکی نے فرمایا ہے۔ کہ انبیاء اور شہید کی قبر میں حیات ایسی ہے۔ جیسی دنیا میں تھی اور موسیٰ علیہ السلام کا اپنی قبر میں نماز پڑھنا اس کی دلیل ہے۔ کیونکہ نماز زندہ جسم کو چاہتی ہے۔ المہند ص ۱۶

## گنگوہی صاحب کا قول مردود ہے

اب آپ کے گنگوہی صاحب کا یہ ارشاد۔ کہ چونکہ مردہ کو چاروں طرف سے مٹی احاطہ کر لیتی ہے۔ اور نیچے مردہ کی مٹی سے جسد مع کفن ملاحق ہوتا ہے یہ مٹی میں ملنا کہلاتا ہے۔ کچھ اعتراض نہیں۔ یہ قول بھی آپ کے گنگوہی صاحب کا مردود ہے۔ اس لئے کہ اس میں عام مردوں کی قبروں کا ذکر کیا گیا ہے اور حضور علیہ السلام کا قبر انور میں زندہ ہونے کا کوئی ذکر نہیں کیا گیا۔ یہ کوئی سوال کا جواب نہیں۔ بلکہ یہ نبی اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہے۔ سوال

Marfat.com

تو یہ ہے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں یہ فرمایا ہے۔ کہ میں بھی ایک دن مرکر مٹی میں ملنے والا ہوں؟ توہین اس لئے ہے کہ عام مردہ کی قبر کی مثال جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کے ساتھ دی گئی ہے۔ اہل سنت علماء اس بات پر متفق ہیں کہ قبر انور کا وہ حصہ جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم شریف سے مس کئے ہوئے ہے۔ وہ کعبہ معظم اور عرش عظیم سے بھی افضل ہے۔ اگر یقین نہ آئے تو علماء دیوبند کا فتویٰ دیکھ لیجئے۔ المہند ص۱۲

## تمام علماء دیوبند کا فتویٰ

وہ حصہ زمین جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعضائے مبارک کو مس کئے ہوئے ہے۔ علی الطلاق افضل ہے۔ یہاں تک کہ کعبہ عرش و کرسی سے بھی افضل ہے۔ ثابت ہوا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نورانی قبر شریف کو ایک عام مردہ کی قبر سے تشبیہ دینا سخت بے ادبی اور گستاخی ہے اور تعجب کی ایک بات یہ بھی ہے کہ صدر مدرس مدرسہ دیوبند مولوی محمود الحسن صاحب انہی مولوی رشید احمد کی قبر کو طور سے تشبیہ دے رہے ہیں۔

## مولوی رشید احمد کی قبر طور ہے

تمہاری تربت انور کو دے کر طور سے تشبیہ

کہوں ہوں بار بار ارنی مری دیکھی بھی نادانی

مرثیہ محمود الحسن ص۱۲

ناظرین کرام! غور فرمائیں۔ مولوی رشید احمد کی قبر تو طور ہوئی اور محمود الحسن صاحب ارنی فرمانے والے موسیٰ ہوئے۔ تو رشید احمد صاحب رب ہی ہوں گے۔ اس میں تو اپنے پیر صاحب کو رب بتایا۔ اور اسی مرثیہ میں فرماتے ہیں

Marfat.com

زبان پر اہل ہوا کی ہے کیوں اُعْلُ وھبل شاید

اٹھا عالم سے کوئی بانیٔ اسلام کا ثانی — مرثیہ صفحہ ۶

اس میں مولوی رشید احمد صاحب کو بانی اسلام جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ثانی کہا گیا ہے۔ پھر اسی مرثیہ میں فرماتے

وہ تھے صدیق اور فاروق پھر کہیئے عجب کیا ہے

شہادت نے تہجد میں قدمبوسی کی گر ٹھانی — مرثیہ صفحہ ۱۱

اب غور فرمائیں۔ کہ از خدا تعالیٰ تا فاروق اعظم کونسا درجہ باقی رہا۔ جو کہ مولوی رشید احمد کو نہ دیا گیا ہو۔ ناظرین کرام دیکھا آپ نے کہ علمار دیوبند اپنے بزرگوں کی قصیدہ خوانی میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دیتے ہیں۔ اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ تلقین کی کہ بشر جیسی تعریف کرو۔ بلکہ اس سے بھی کم درجہ کی۔ خود مولوی اسمٰعیل صاحب نے اپنے پیر سید احمد کی بے حد تعریف کی ہے جو صراط مستقیم میں درج ہے۔ چنانچہ لکھا ہے۔ کہ ایک دن حضرت حق جل و علا نے آپ کا داہنا ہاتھ خاص اپنے دست قدرت میں پکڑ لیا۔ اور کوئی چیز امور قدسیہ سے جو کہ نہایت رفیع اور بدیع تھی۔ آپ کے سامنے کرکے فرمایا۔ کہ ہم نے تجھے ایسی چیز عنایت کی ہے۔ اور چیزیں بھی عطا کریں گے۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ اس طرف سے حکم ہوا۔ کہ جو شخص تیرے ہاتھ پر بیعت کریگا اگرچہ وہ لکھوکھا ہی کیوں نہ ہو۔ ہم ہر ایک کو کفایت کریں گے۔ حالانکہ تمام علمار اہل سنت کا عقیدہ ہے۔ کہ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہم نشینی اور اس کے ساتھ باتیں کرنے کا مدعی ہو وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

Marfat.com

## سیّد صاحب کو درخت اور جانور سلام کرتے تھے

اور سنیئے جو کہ خود سیّد صاحب نے اپنی شان بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ ملاحظہ فرمائیں :-

"اور جنگل میں پہنچ کر فرمایا کہ الحمدللہ! میں اللہ کا وہ بندہ ہوں جس کے لئے مچھلیاں پانی میں اور چیونٹیاں سوراخوں میں دُعا کرتی ہیں۔ اور جس طرف کو میں نکل جاتا ہوں۔ وہاں کے درخت اور جانور تک مجھے پہچانتے اور سلام کرتے ہیں"۔ ارواح ثلاثہ ص۱۴۳

ناظرین حضرات۔ دیکھا آپ نے حضرت سیّد صاحب کا شان۔ شاید اب اس حدیث شریف کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو درخت اور پتھر وغیرہ سلام عرض کرتے تھے۔ اور مولا علی رضی اللہ عنہ بھی سنتے تھے۔ کیونکہ جب تیرہ سو سال بعد پیدا ہونے والے امّتی کا یہ شان ہے کہ درخت اور جانور ان کو پہچانتے اور سلام بھی کرتے ہیں۔ تو پھر جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کو درخت اور پتھر کیوں نہ سلام کریں؟ ان کا شان تو ساری مخلوقِ الٰہی سے افضل اور اعلیٰ ہے۔ اور اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں۔ جب کوئی اُمّتی سلام عرض کرتا ہے۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلّم سنتے ہیں اور سلام کا جواب بھی عطا فرماتے ہیں۔

ناظرین حضرات! اب میں اس حدیث شریف کو مشکوٰۃ سے نقل کر ہی دیتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرمایا "میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مکہ میں تھا۔ پس نکلے ہم بیچ بعضے

Marfat.com

گرد و نواح کے پس نہ سامنے آیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی پہاڑ یعنی پتھر اور نہ کوئی درخت مگر وہ کہتا تھا۔ السلام علیک یا رسول اللہ۔ مشکوٰۃ باب المعجزات

# کفریہ عبارت نمبر ۳

ناظرین کرام! تقویۃ الایمان کی ایک اور کفریہ عبارت ملاحظہ فرمائیے اور انصاف کیجئے۔ اور یہ یقین جان لینا چاہیئے۔ کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے۔ معاذاللہ۔ تقویۃ الایمان صـ۱۱

ناظرین کرام۔ غور فرمائیں۔ یہ عبارت کیسی بے ادبی اور گستاخی سے لبریز ہے۔ اب بڑی مخلوق سے کیا مراد ہے۔ یہ کس کی طرف اشارہ ہے۔ کیا دیوبندی انبیاء علیہم السلام کو بڑا مخلوق نہیں جانتے؟ کیا اس لفظ سے انبیاء علیہم السلام کی توہین نہیں ہوتی ہے؟ پھر چمار سے ذلیل جس مخلوق کو بنایا۔ چمار اس سے ضرور شریف ہوا۔ تو اب چمار بڑی مخلوق میں ہے یا چھوٹی مخلوق میں؟ یا دونوں میں نہیں؟ یا دیوبندی حضرات کے نزدیک مخلوق ہی سے خارج ہے؟ وہابیہ کی نظر میں عزت تو چمار کی۔ معلوم نہیں اس سے کیا مناسبت ہے۔ کیسی سخت گستاخی ہے۔ کیسی دل آزاری ہے اور بے ادبی ہے۔ ظالموں سے پوچھو کہ یہ کہاں سے کہتے ہو۔ کیا خدا و رسول نے تمہیں یہ بتایا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے۔ لِلّٰہِ الْعِزَّۃُ وَلِرَسُوْلِہٖ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ ۝ اللہ کے لئے عزت ہے۔ رسول کے لئے عزت ہے۔ مومنین کے لئے عزت ہے

Marfat.com

اور جو اس عزت کو نہ جانے۔ ان کو قرآن پاک منافق فرماتا ہے۔ وَلٰکِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ۔ یہ بدنصیب مقبولانِ بارگاہ کو چمار سے بھی زیادہ ذلیل کہتے ہیں۔ معاذاللہ۔ چمار سے بھی زیادہ ذلیل کون ہوا؟ اس کا نام تو لیں افسوس صد افسوس اللہ تبارک وتعالیٰ حضور پر صلوٰۃ وسلام بھیجے۔ اس کے ملائکہ صلوٰۃ وسلام بھیجیں۔ مومنین کو صلوٰۃ وسلام کا حکم دیا جائے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ حضور کا ذکر بلند فرمائے۔ آیت کریمہ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ۔

## دیوبند کے فاضل عامر عثمانی کا حوالہ

ناظرین کرام اسی کفریہ عبارت کے متعلق دیوبندی عامر عثمانی ایڈیٹر "تجلی" لکھتے ہیں میں نے دیکھا کہ شاہ اسمٰعیل شہیدؒ نے تقویۃ الایمان میں فصل فی الاجتناب عن الاشراک کے ذیل میں لکھا ہے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔ کیا اسکا صاف اور بدیہی مطلب یہ نہیں ہے کہ اولیاء و صحابہ تو رہے ایکطرف تمام انبیاء و رسل اور خاتم النبیینؐ بھی اللہ کی شان کے آگے چمار سے زیادہ ذلیل ہیں کیا خطرناک انداز بیان ہے۔ کتنے لرزا دینے والے الفاظ ہیں۔ تجلی فروری و مارچ ۵۷ء

ناظرین کرام۔ غور فرمایا آپنے خود دیوبندی عالم بھی لرز رہا ہے اور لکھ رہا ہے کیا خطرناک انداز بیان ہے کتنے لرزا دینے والے الفاظ ہیں لیکن نصرت العلوم کے شیخ الحدیث مسلسل ان کفریہ عبارتوں کی حمایت میں اوراق سیاہ کرتے چلے جارہے ہیں اور مولوی اسمٰعیل کی محبت میں دیوانہ وار قلم چلا رہے ہیں۔ حالانکہ سینکڑوں کتابیں تقویۃ الایمان کی ان کفریہ عبارتوں کے رد میں لکھی جاچکی ہیں۔ اور ان کفریہ عبارتوں کا مدلل اور تحقیقی جواب دیا جاچکا ہے۔ شیخ الحدیث صفدر صاحب اسی کفریہ عبارت کو نقل کرکے لکھتے

Marfat.com

ہیں۔کہ یہ بات بھی قابل غور ہے۔کہ چوہڑا اور چمار بھی آخر انسان ہے۔شرفِ آدمیّت اور رتبہ انسانیت تو اس کو بہر حال حاصل ہے ہی۔بڑے بڑے بزرگوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ اخلاص واحسان کا تعلق قائم کرنے کے لئے کچھ اور بھی فرمایا ہے۔آخر ان پر کیا فتویٰ لگے گا۔ناظرین حضرات غور فرمایا آپ نے۔آگے شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ایک حوالہ نقل کرتے ہیں یعنی آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ بارک وسلم سے ہمیں یہ حدیث پہنچی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ آدمی کا ایمان کامل نہیں ہو سکتا جب تک تمام لوگ اس کے نزدیک مینگنیوں کی طرح نہ ہو جائیں۔آگے فرماتے ہیں لیجیے! صاحب سلسلہ بزرگ نے کیا بات نقل کر ڈالی۔کہ ایمان ہی کسی کا کامل نہیں ہو سکتا۔جب تک کہ وہ یہ یقین نہ کرلے کہ تمام انسان نفع وضرر کے مالک نہ ہونے میں مینگنیوں کی طرح ہیں اور گویا کہ اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں ان کو کچھ بھی نہ سمجھے اور اسی پر ایمان ویقین رکھے۔

عبارات اکابر کا پہلا حصہ ص ۸۵

ناظرین کرام غور فرمائیں۔مصنّف عبارات اکابر نے تقویت الایمان اور مولوی اسمٰعیل کے کفریات کو درست کرنے کے لئے حضرات اولیائے کرام پر افترا باندھنے اور جھوٹ بولنے سے بھی گریز نہیں کیا اور اپنے پاس سے یہ بچر بھی لگا دی کہ تمام انسان نفع وضرر کے مالک نہ ہونے میں مینگنیوں کی طرح ہیں۔حضرت شیخ صاحب کے مقدس ارشاد پر مولوی اسمٰعیل کے کفر کو آپ کا قیاس کرنا بالکل باطل ہے۔حضرت شیخ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے لفظ الناس سے جس کے معنی لوگ ہیں۔اس سے عوام الناس مراد ہیں۔حضرات

Marfat.com

انبیاء کرام اور سید الانبیا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہو ہی نہیں سکتے اور اس پر شیخ کے جملہ لایکمل الایمان کا قرینہ بایں وجہ شاہد ہے کہ شیخ صاحب نے ایمان کے دو درجے مقرر فرمائے ہیں مطلق ایمان اور کامل ایمان۔ اور اس عبارت میں ایمان کامل کرنے کی ہدایت فرما رہے ہیں۔ اور ایمان کامل ہی تب ہوگا کہ پہلے اصل ایمان تو ہو۔ اور اصل ایمان ہی تب آئے گا۔ کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور خدا تعالیٰ کے سب پیغمبروں پر ایمان ہو۔ تو حضرات انبیائے کرام لفظ ایمان میں آ گئے اور النّاس میں دوسرے عوام لوگ مراد ہیں حضرت شیخ صاحب تو فرما رہے ہیں۔ کہ وہ مومن جو خدا تعالیٰ اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور سب انبیائے کرام پر آمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ کا اقرار کر کے ایمان لا چکا ہے۔ اس کا ایمان مکمل تب ہوگا۔ کہ انبیائے کرام کے علاوہ دوسرے لوگوں کو وہ انبیائے کرام کے مقابلہ میں اباعر کی طرح قلیل جانے کیونکہ حضرات انبیائے کرام کا شان باقی سب لوگوں سے زیادہ ہے۔ شیخ صاحب تو انبیائے کرام پر ہی مکمل ایمان لانے کو فرما رہے ہیں۔ اور آپ نے اُلٹے معنیٰ کر کے اپنی عاقبت خراب کر لی ہے۔ حالانکہ آپ شیخ الحدیث کہلاتے ہیں۔ بحمدہٖ تعالیٰ حضرت شیخ صاحب کی عبارت بالکل بے غبار رہی۔ اور مولوی اسمٰعیل پر اسی طرح کفر کی مار رہی۔

## دیوبندیوں کے حکیم الامّت کا بیان

اب آپ ذرا اپنے حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا ارشاد ملاحظہ

Marfat.com

فرمایئے۔ "جو حضرات انبیائے کرام کی شان میں تحریر فرماتے ہیں۔ (معراج کی رات مسجد اقصیٰ میں جب حضور علیہ السلام امام بن کر سب انبیائے کرام کو نماز پڑھا چکے۔) تو ان سبھوں نے اپنے رب کی ثنا کی۔ سو ابراہیم علیہ السلام نے اسطرح تقریر کی۔ کہ تمام محامد اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت ہیں۔ جس نے مجھ کو خلیل بنایا اور مجھ کو ملک عظیم عطا فرمایا۔ اور مقتدا صاحب قنوت بنایا۔ کہ میرا اقتدار کیا جاتا ہے۔ اور مجھ کو آتش نمرودی سے نجات دی۔ اور اس کو میرے حق میں خنک اور سلامتی کا ذریعہ بنا دیا۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے رب پر ثنا کر کے یہ تقریر کی۔ کہ تمام محامد اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت ہیں۔ جس نے مجھ سے کلام خاص فرمایا۔ مجھ کو برگزیدہ فرمایا۔ اور مجھ پر توراۃ نازل فرمائی اور فرعون کی ہلاکت اور بنی اسرائیل کی نجات میرے ہاتھ پر ظاہر فرمائی۔ اور میری امت کو ایسی قوم بنایا۔ کہ حق کے موافق وہ ہدایت کرتے ہیں۔ اور اسی کے موافق وہ عدل کرتے ہیں۔ پھر حضرت داؤد علیہ السلام نے اپنے رب کی ثنا کر کے یہ تقریر کی کہ جمیع محامد اللہ تعالےٰ کے لئے ثابت ہیں۔ جس نے مجھ کو ملک عظیم عطا فرمایا۔ اور مجھ کو زبور کا علم دیا اور میرے لئے لوہے کو نرم کیا اور میرے لئے پہاڑوں کو مسخر کیا۔ کہ وہ میرے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور پرندوں کو بھی تسبیح کے لئے مسخر فرمایا۔ اور مجھ کو حکمت اور صاف تقریر عنایت فرمائی۔ پھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے رب کی ثنا کے بعد یہ تقریر کی۔ کہ جمیع محامد ثابت ہیں اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے میرے لئے ہوا کو مسخر فرمایا اور شیاطین کو بھی مسخر کیا۔ کہ جو چیز میں چاہتا تھا۔ بناتے تھے۔ جیسے عمارات عالی شان اور مجسم تصاویر۔ (کہ اس وقت درست تھیں) اور مجھ کو پرندوں

Marfat.com

کی بولی کا علم دیا اور اپنے فضل سے مجھ کو ہر قسم کی چیز دی۔ اور میرے لئے شیاطین اور انسان وجن اور طیر کے لشکروں کو مسخر کیا۔ اور مجھ کو ایسی سلطنت بخشی کہ میرے بعد کسی کے لئے شایان نہ ہوگی۔ اور میرے لئے ایسی پاکیزہ سلطنت تجویز کی کہ اس کے متعلق مجھ سے کچھ حساب ہی نہ ہوگا۔ پھر حضرت عیسٰی علیہ السلام نے اپنے رب پر ثنا کر کے یہ تقریر کی۔ کہ تمام محامد اللہ تعالےٰ کے لئے ثابت ہیں۔ جس نے مجھ کو اپنا کلمہ بنایا اور مجھ کو مشابہ آدم علیہ السلام کے بنایا۔ کہ ان کو مٹی سے بنا کر کہہ دیا کہ تو (ذی روح) ہو جا اور وہ (ذی روح) ہو گیا۔ اور مجھ کو لکھنا اور حکمت اور تورات و انجیل کا علم دیا اور مجھ کو ایسا بنایا۔ کہ میں مٹی سے پرندہ کی شکل کا قالب بنا کر اس میں پھونک مار دیتا تھا۔ تو وہ خدا تعالےٰ کے حکم سے پرندہ بن جاتا تھا۔ اور مجھ کو ایسا بنایا۔ کہ میں بحکم خدا مادر زاد اندھے اور جذامی کو اچھا کر دیتا تھا۔ اور مردوں کو زندہ کر دیتا تھا۔ اور مجھ کو پاک کیا۔ اور مجھ کو اور میری والدہ کو شیطان رجیم سے پناہ دی۔ سو ہم پر شیطان کا کوئی قابو نہیں چلتا تھا۔ راوی کہتے ہیں۔ پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے رب کی ثنا کی۔ اور فرمایا تم سب نے اپنے رب کی ثنا کی۔ اور میں بھی اپنے رب کی ثنا کرتا ہوں۔ جمیع محامد اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت ہیں جس نے مجھ کو رحمۃ للعالمین اور تمام لوگوں کے لئے بشیر و نذیر بنا کر بھیجا۔ اور مجھ پر فرقان یعنی قرآن مجید نازل کیا۔ جس میں ہر (دینی ضروری) امر کا بیان ہے (خواہ صراحتاً خواہ اشارتاً) اور میری امت کو بہترین امت بنایا۔ کہ لوگوں کے نفع (دین) کے لئے پیدا کی گئی اور میری امت کو امت عادلہ بنایا۔ اور میری امت کو ایسا بنایا۔ کہ وہ اول بھی ہیں (یعنی زنبہ میں) اور آخر بھی ہیں (یعنی زمانہ

Marfat.com

میں) اور میرے سینہ کو فراخ فرمایا۔ اور میرا بار مجھ سے ہلکا کیا۔ اور میرے ذکر کو بلند فرمایا۔ اور مجھ کو سب کا شروع کرنے والا اور سب کا ختم کرنے والا بنایا۔ (یعنی نور میں اوّل اور ظہور میں آخر)

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے (سب سے خطاب کرکے) فرمایا۔ کہ بس ان کمالات کے سبب محمد صلی اللہ علیہ وسلّم تم سب سے فائق ہو گئے۔ دیوبندی نشر الطیب مصنفہ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی صہ ۸۷-۸۸-۸۹-۹۰

ناظرین کرام غور فرمائیے اور اس عبارت کو بار بار پڑھیئے اور اپنے اپنے ایمان کو تازہ کیجیئے۔ معراج شریف کی رات تھی۔ مسجد اقصےٰ میں تمام حضرات انبیائے کرام علیہم السلام حضور علیہ السلام کی تشریف آوری سے پہلے ہی حضور علیہ السلام کے استقبال کے لیئے تشریف لا چکے تھے۔ چنانچہ سب انبیائے کرام نے اپنے رب تعالےٰ کی حمد وثنا بیان فرمانے کے بعد اپنا اپنا شان بھی بیان فرما چکے تھے کہ ہم کو اللہ تعالےٰ نے ایسا ایسا رتبہ عطا فرمایا ہے اور ہم کو ایسا ایسا شان والا بنایا ہے۔ جیساکہ اوپر بیان ہو چکا۔ یہ میں نے دیوبندی حضرات کے حکیم الامت کی کتاب سے اس لیئے نقل کیا ہے۔ تاکہ کوئی صاحب کسی روایت کو ضعیف کہہ کر انکار نہ کر سکے۔ کیوں جناب صفدر صاحب ملاحظہ فرما لیا آپ نے اپنے حکیم الامت کا ارشاد۔ یہ ہے اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی مخلوق۔ جسکو آپ کا شہید بالاکوٹ چمار کا درجہ دے رہا ہے۔ معاذ اللہ۔ استغفر اللہ۔ اور آپ شہید بالاکوٹ سے بھی آگے نکل گئے۔ آپ نے لکھ مارا۔ کہ چوہڑا چمار آخر انسان ہی ہے۔ شرف آدمیت اور رتبۂ انسانیت تو اس کو بہر حال حاصل ہے۔ ولاحول

Marfat.com

ولا قوۃ الا باللہ۔ اس کا تو یہ مطلب ہوا۔ کہ اگر اس بدنصیب نے حضرات انبیائے کرام کو چوہڑا چمار لکھ دیا۔ تو کیا ہوا؟ آخر وہ بھی انسان ہے۔ معاذ اللہ استغفر اللہ ثم استغفر اللہ۔ ناظرین کرام۔ دیکھا آپ نے۔ یہ ہیں چودھویں صدی کے شیخ الحدیث۔ شاید ان کو کبھی حدیث پاک مطالعہ کرنے کا موقع ہی نہ ملا ہو تب ہی تو حضرات انبیائے کرام کے شان میں ایسے گندے الفاظ لکھنے پر مجبور ہو چکے ہیں

جناب صفدر صاحب۔ کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اَیُّکُمْ مِثْلِیْ۔ نہیں فرمایا؟ کہ تم میں سے میری مثل کوئی شخص ہے؟ اور کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لَسْتُ کَاَحَدٍ مِنْکُمْ نہیں فرمایا؟ کہ میں تمہاری طرح نہیں ہوں۔ یقیناً فرمایا ہے۔ یہ بخاری شریف ہے۔ انکار کیسے کرو گے؟ اور یہ بھی آپ نے فرمایا ہے اَلَا وَاَنَا حَبِیْبُ اللّٰہِ۔ خبردار میں حبیب خدا کا ہوں۔

## اب اور ملاحظہ فرمائیے اپنے حکیم الامت کا ارشاد

پہلی روایت حاکم نے اپنے صحیح میں روایت کیا ہے۔ کہ حضرت آدمؑ نے نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک عرش پر لکھا دیکھا۔ اور اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام سے فرمایا۔ کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے۔ تو میں تم کو پیدا نہ کرتا

ف۔ اس سے آپ کی فضیلت کا اظہار آدم علیہ السلام کے سامنے ظاہر ہے۔

(دوسری روایت) حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ جب آدم علیہ السلام سے خطا کا ارتکاب ہو گیا۔ تو انہوں نے جناب باری تعالیٰ میں عرض کی۔ کہ اے پروردگار میں آپ سے بواسطہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درخواست کرتا ہوں۔ کہ میری مغفرت

Marfat.com

ہی کر دیجیے۔ سو حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ کہ اے آدم تم نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کیسے پہچانا۔ حالانکہ ہنوز میں نے ان کو پیدا بھی نہیں کیا۔ عرض کیا اے رب میں نے اس طرح پہچانا۔ کہ جب آپنے مجھ کو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا۔ اور اپنی اشرف دی؟ ہوئی روح میرے اندر پھونکی۔ تو میں نے سر جو اٹھایا تو عرش کے پایوں پر لکھا ہوا دیکھا۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ سو میں نے معلوم کر لیا۔ کہ آپ نے اپنے نام پاک کے ساتھ ایسے ہی شخص کے نام کو ملایا ہوگا۔ جو آپ کے نزدیک تمام مخلوق سے زیادہ پیارا ہوگا حق تعالیٰ نے فرمایا۔ اے آدم تم سچے ہو. واقع میں وہ میرے نزدیک تمام مخلوق سے زیادہ پیارے ہیں۔ اور جب تم نے انکے واسطہ سے مجھ سے درخواست کی ہے۔ تو میں نے تمہاری مغفرت کی۔ اور اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو میں تم کو بھی پیدا نہ کرتا۔ نشر الطیب مصنفہ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی دیوبندی صت۲۵-۲۶ اور بھی ایک روایت اسی کتاب سے نقل کرتا ہوں صت۲

حضرت آدم علیہ السلام نے جب حضرت حوا علیہما السلام سے قربت کرنا چاہی تو انہوں نے مہر طلب کیا۔ آدم علیہ السلام نے دعا کی۔ کہ اے رب میں ان کو مہر میں کیا چیز دوں؟ ارشاد ہوا۔ اے آدم میرے حبیب محمد بن عبداللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر بیس۲۰ دفعہ درود بھیجو۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ ناظرین کرام۔ غور فرمائیے میں نے یہ سب حوالے دیوبندی حضرات کے حکیم الامت کی کتاب نشر الطیب سے نقل کئے ہیں۔

## حضرت جبرائیل علیہ السلام کی حکایت

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے۔ وہ رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتی ہیں۔ کہ آپ جبرائیل علیہ السلام سے حکایت فرماتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں تمام مشارق و مغارب میں پھرا۔ سو میں نے کوئی شخص محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل نہیں دیکھا۔ اور نہ کوئی خاندان بنی ہاشم سے افضل دیکھا۔

قارئین کرام۔ یہ سب روائتیں میں نے دیوبندی حضرات کے حکیم الامت کی کتاب نشر الطیب سے من وعن نقل کردی ہیں۔ کوئی کمی بیشی نہیں کی۔ اب تو دیوبندی حضرات کے حکیم الامت کے قلم سے ثابت ہوگیا۔ کہ حضرات انبیاء علیہم السلام کا شان ساری خدا تعالیٰ کی مخلوق سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک افضل اور اعلیٰ ہے۔ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا شان تمام انبیاء علیہم السلام سے افضل اور اعلیٰ ہے۔ اور اسی سے یہ بھی ثابت ہوگیا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ساری خدا تعالیٰ کی مخلوق میں بے مثل اور بے نظیر ہیں۔ ناظرین کرام۔ اب میں آپ سے انصاف چاہتا ہوں اور فیصلہ آپ پر چھوڑتا ہوں۔ یہ دونوں حضرات تمام دیوبندیوں کے امام ہیں۔ اور شیخ الحدیث محمد سرفراز خاں صاحب کے بھی پیشوا ہیں۔ ان دونوں کی تحریروں میں کسقدر تضاد ہے کوئی دیوبندی کچھ لکھتا ہے اور کوئی کچھ لکھتا ہے۔

## مولوی اسمٰعیل کی دوسری کتاب صراط مستقیم کا حوالہ

ناظرین کرام۔ ذرا غور فرمائیے۔ میں اب مولوی اسمٰعیل کی دوسری کتاب صراط مستقیم سے ایک روایت نقل کرتا ہوں۔ آپ لکھتے ہیں۔ کہ خبردار اس معاملہ پر تعجب نہ کرنا اور انکار سے پیش نہ آنا۔ کیونکہ جب وادی مقدس کی آگ سے ندائے إِنِّي أَنَا اللَّهُ رَبُّ الْعٰلَمِينَ صادر ہوئی۔ تو پھر اشرف موجودات سے جو حضرت ذات سبحانہ تعالیٰ کا نمونہ ہے۔ اگر انا الحق کی آواز صادر ہو۔ تو کوئی تعجب کا مقام نہیں۔

Marfat.com

صراط مستقیم مصنفہ مولوی اسمٰعیل دہلوی اردو ترجمہ ص۳۹ - اور یہی عبارت مولوی عبدالحمید صاحب مہتمم مدرسہ نصرت العلوم نے تحفہ ابراہیمیہ کتاب کے صفحہ ۱۰۰ پر نقل کی ہے اور اس طرح لکھا ہے - تو اگر نفس کامل جو اشرف الموجودات ہے اور نمونہ حضرت ذات ہے - اور فارسی کتاب میں بھی اسی طرح ہے - نفس کاملہ کہ اشرف موجودات و نمونہ حضرت ذات است - اب سوال یہ ہے - کہ نفس کامل بڑا مخلوق ہی تو ہوگا - تقویۃ الایمان کے حکم سے چمار سے زیادہ ذلیل ہوا - تو نمونہ ذات الٰہی کو چمار سے زیادہ ذلیل لکھ دیا - اور خداوند عالم کی بھی توہین کردی - معاذ اللہ اس کی ذات کا نمونہ چمار سے زیادہ ذلیل ہے - ایسی گندی اور ذلیل باتوں پر بھی نفرت نہ کی جائے - اور مصنف تقویۃ الایمان کی حمایت میں اوراق سیاہ کرنے سے گریز نہ کیا جائے ؟ یہ کونسا ایمان ہے - اور سب سے تعجب کی بات یہ ہے - کہ دونوں کتابوں کے مصنف مولوی اسمٰعیل صاحب ہی ہیں - ایک میں کچھ لکھا اور دوسری میں کچھ اور ہی لکھ دیا - جیسا کہ اوپر تفصیل سے بیان ہو چکا ہے - اب صرف ایک سوال رہ گیا - آپ کے شہید بالاکوٹ کے دو حکم جدا جدا ہیں - ایک میں تو اولیائے کرام کا شان ظاہر کیا گیا ہے - دوسرے حکم میں اللہ تبارک و تعالیٰ کی ہر قسم کی چھوٹی بڑی مخلوق کو چوڑے چمار کا درجہ دیا گیا ہے - تو اب سوال یہ ہے کہ دیوبندی حضرات کے حکیم الامت اور دوسرے اکابرین علماء دیوبند کس حکم میں داخل ہیں ؟ اس کا جواب تو شاید نصرت العلوم کے شیخ الحدیث محمد سرفراز خاں صاحب ہی دے سکیں -

Marfat.com

# کفریہ عبارت نمبر ۴

ناظرین کرام۔ تقویۃ الایمان کی ایک اور کفریہ عبارت نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمایئے مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی صفحہ ۴۶ پر لکھتے ہیں۔

اور جس کا نام محمد یا علی ہے۔ وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔

علمائے اہلسنت کا یہ مذہب ہے۔ کہ ملک و اختیار بالاستقلال تو خاصہ خداوندی ہے اور ملک و اختیار ذاتی کسی فرد مخلوق کے لیے ثابت نہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا اختیار اور اس کی عطا کی ہوئی ملک عام انسانوں کے لئے دلائل شرعیہ سے ثابت ہے۔ اور یہ ایسی روشن اور بدیہی بات ہے کہ جس کے تسلیم کرنے میں کوئی مخبوط الحواس بھی تامل نہیں کرسکتا۔ چہ جائیکہ کوئی سمجھدار آدمی اس کا انکار کرے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں علی الاطلاق یہ کہہ دینا۔ کہ وہ کسی چیز کے مالک و مختار نہیں۔ شان اقدس میں صریح توہین ہے۔ اور ان تمام نصوص شرعیہ اور ادلہ قطعیہ کے قطعاً خلاف ہے۔

اور یہ جو تقویۃ الایمان کے صفحہ ۶۵ پر مولوی اسمٰعیل صاحب نے لکھ دیا کہ رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ یہ بھی عظمت شان رسالت کے منافی ہے بلکہ مقام نبوت کی توہین اور تنقیص ہے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صفات الٰہیہ کا مظہر اتم ہیں۔ اور ان کی مشیت مشیت ایزدی کا ظہور ہے۔ تو اس کا پورا نہ ہونا معاذ اللہ مشیت خداوندی کی ناکامی ہو گی۔ یہی توہین نبوت اور کفر خالص ہے۔
اور کمالات انبیاء علیہم السلام کی تنقیص اسی لئے کفر ہے۔ کہ کمالات نبوت قطعاً صفات

Marfat.com

الہیہ کا ظہور ہوتے ہیں۔

## رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے چاہنے سے اللہ تعالٰے نے قبلہ بدل دیا

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْہِکَ فِی السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّیَنَّکَ قِبْلَۃً تَرْضٰھَا۔ ترجمہ۔ ہم دیکھ رہے ہیں۔ بار بار تمہارا آسمان کی طرف منہ کرنا تو ضرور ہم تم کو پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمہاری خوشی ہے۔ فَوَلِّ وَجْھَکَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَام۔ ابھی اپنا منہ پھیر دو مسجد حرام کی طرف۔ تقویۃ الایمان کے اس قول کو قرآن شریف نے مردود کر دیا جس میں مولوی اسمٰعیل نے لکھا۔ کہ رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ لہذا قرآن شریف کے حکم سے شہید بالاکوٹ کا یہ قول مردود ہو کر رہ گیا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا شان اور اختیار بھی اسی آیۃ کریمہ سے ظاہر ہو گیا۔ کہ اللہ تبارک و تعالی نے اپنے حبیب لبیب علیہ السلام کے چاہنے سے قبلہ کو بدل دیا۔ تو اور کونسی اس سے بڑی چیز ہوگی۔ جو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے چاہنے سے نہیں ہو سکتی؟ جب کہ اللہ تبارک و تعالی نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے چاہنے سے مسلمانوں کے لئے قبلہ ہی کو بدل دیا۔ سبحان اللہ ؎

کیوں پوچھتا ہے مجھ سے کس جا ہے کدھر ہے کعبہ
ابرو جدھر وہ پھیریں اُدھر میرا ہے کعبہ

## خود مولوی اسمٰعیل صاحب بھی مولا علیؓ کا شان بیان کر چکے تھے

اب ایک حوالہ مولوی اسمٰعیل صاحب کی دوسری کتاب صراط مستقیم سے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمایئے اور غور کیجیے۔

Marfat.com

اور حضرت مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے لئے شیخین رضی اللہ عنہما پر بھی ایک گونہ فضیلت ثابت ہے اور وہ فضیلت آپ کے فرمانبرداروں کا زیادہ ہونا اور مقامات ولایت بلکہ قطبیت اور غوثیت اور ابدالیت اور انہی جیسے باقی خدمات آپ کے زمانہ سے لے کر دنیا کے ختم ہونے تک آپ ہی کی وساطت سے ہونا ہے اور بادشاہوں کی بادشاہت اور امیروں کی امارت میں آپ کو وہ دخل ہے۔ جو عالم ملکوت کی سیر کرنے والوں پر مخفی نہیں۔ حوالہ صراط مستقیم ص۱۳۴

ناظرین کرام۔ دیکھا آپ نے یہ ہیں دیوبندی حضرات کے امام مولوی اسمٰعیل صاحب شہید بالاکوٹ۔ یہاں تو حضرت علی مرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ عنہ کا یہ شان لکھا۔ کہ جو آپ نے ملاحظہ فرمالیا۔ اور تقویۃ الایمان کتاب میں صاف صاف الفاظ میں لکھدیا۔ کہ جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کے مختار نہیں۔ اب دیوبندی حضرات ہوش و حواس کو قائم کر کے بتائیں۔ کہ ان دونوں عبارتوں میں سے کون سی عبارت صحیح ہے؟ اور کون سی عبارت بے ادبی اور گستاخی کی ہے؟ اور مصنّف دونوں کتابوں کا مولوی اسمٰعیل دہلوی شہید بالاکوٹ۔ وہابی دیوبندی حضرات کا امام ہی ہے۔ ایک کتاب میں کچھ لکھا اور دوسری کتاب میں کچھ اور ہی لکھدیا۔ اور ظاہر ہے۔ کہ کسی ایک عبارت کو ہی صحیح کہا جاسکتا ہے۔ دونوں عبارتیں کیسے صحیح ہوسکتی ہیں؟ شاید یہ دوسری عبارت نجدی کی کتاب "التوحید" کے نشہ میں بے ہوش ہو کر لکھ دی گئی ہو۔ اور حافظے کی کمزوری کی وجہ سے یاد نہ رہا ہو کہ صراط مستقیم میں کیا ارشاد فرما چکے ہیں۔

**حوالہ نمبر ۱:۔** ناظرین کرام۔ اب ہیں دیوبندی حضرات کے حکیم الامّت

Marfat.com

کی کتاب جمال الاولیار سے چند حوالے نقل کرتا ہوں - ملاحظہ فرمائیے - عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت عثمان رضی اللہ عنہ محاصرہ میں تھے - میں آپ کے سلام کے لئے آیا - فرمایا - مرحبا! اے بھائی میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی گلی میں دیکھا ہے - فرماتے ہیں کہ عثمان لوگوں نے تمہارا محاصرہ کر رکھا ہے میں نے عرض کیا جی ہاں - تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے لئے ایک ڈول لٹکا دیا جس میں پانی تھا - میں نے پانی پیا - اور سیراب ہو گیا - پھر فرمایا - اگر تم چاہو تو میں تمہاری امداد کروں اور اگر چاہو تو ہمارے پاس روزہ افطار کرنا - میں نے اسی کو اختیار کر لیا ہے کہ حضور کے پاس روزہ افطار کروں - پھر حضرت عثمانؓ اسی روز شہید کر دیئے گئے - جمال الاولیار مصنفہ مولوی اشرف علی صاحب صفحہ ۶

ناظرین کرام - غور فرمائیے اور خط کشیدہ الفاظ کو بار بار پڑھیے - اگر چاہو تو میں تمہاری امداد کروں - یہ ہے اختیار محبوب خدا کا - اب مولوی اسمٰعیل دہلوی کا یہ لکھنا - کہ جس کا نام محمد یا علی ہے - وہ کسی چیز کا مختار نہیں - یہ قول مردود ہو گیا - کیونکہ اسمٰعیل کے اس قول کو حدیث شریف سے رد کر دیا گیا ہے - جو اوپر نقل کی گئی ہے - اب دیوبندی حضرات کے حکیم الامت کے قلم سے ثابت ہو گیا - کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے مختار کل بنا دیا ہے - تب ہی تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو فرمایا جا رہا ہے - کہ اگر چاہو تو میں تمہاری امداد کروں - سبحان اللہ کیا شان ہے حبیب خدا کا - صلی اللہ علیہ وسلم - اور یہ بھی مولوی اشرف علی صاحب اسی کتاب میں لکھ چکے ہیں - کہ یہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیداری ہی میں دیکھا ہے - خواب میں نہیں ہے

Marfat.com

اب اسی کتاب سے ایک حوالہ اور نقل کرتا ہوں۔ تاکہ مولا علی شیر خدا رضی اللہ عنہ کا اختیار بھی ظاہر ہو جائے۔

حوالہ نمبر ۲۔ مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی لکھتے ہیں۔ کہ آپؓ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے چوری کی۔ یہ ایک حبشی غلام تھا۔ اس کو حضرت علیؓ کے پاس لایا گیا۔ تو آپ نے اس سے پوچھا تم نے چوری کی ہے۔ اس نے اقرار کیا۔ کہ جی ہاں۔ آپ نے اس کا ہاتھ کاٹ دیا۔ پھر اس سے سلمان فارسیؓ اور ابن الکوا ملے۔ تو ابن الکوار نے اس سے پوچھا۔ تیرا ہاتھ کس نے کاٹا ہے تو اس نے جواب دیا۔ کہ امیر المومنین سردار مسلمین داماد رسول شوہر بتول رضی اللہ عنہا نے۔ انہوں نے کہا کہ انہوںؓ نے تو تیرا ہاتھ کاٹ ڈالا ہے۔ اور تو ان کی تعریف کر رہا ہے۔ اس نے عرض کیا۔ کہ میں کیوں آپ کی تعریف نہ کروں حالانکہ آپ نے میرا ہاتھ حق سے کاٹا ہے۔ اور مجھے دوزخ سے بچایا ہے حضرت سلمانؓ نے یہ سنا۔ تو حضرت علیؓ سے عرض کر دیا۔ تو آپ نے اس حبشی کو بلایا۔ تو اس کا ہاتھ اس کے پہنچے پر رکھ کر رومال سے ڈھانپ دیا۔ اور دعائیں فرمائیں۔ ہم نے آسمان سے ایک آواز سنی کہ چادر کو ہاتھ پر سے اٹھالو۔ ہم لوگوں نے اس کے ہاتھ پر سے چادر اٹھائی تو اس کا ہاتھ حق تعالیٰ کے فضل سے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی برکت سے اچھا ہو چکا تھا۔ جمال الاولیاء

حوالہ نمبر ۳۔ اب اسی کتاب سے ایک اور حوالہ نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمایئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوذر رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ کہ علی رضی اللہ عنہ کو آواز دے لیں۔ تو انہوں نے دیکھا کہ آپ کے گھر میں چکی چل رہی ہے۔

Marfat.com

المدد پاس کوئی نہیں ہے۔ ابوذر رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کو عرض کیا تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا۔ کہ اے ابوذر کیا تم کو معلوم نہیں کہ اللہ تعالے کے کچھ فرشتے ہیں۔ جو زمین میں پھرتے ہیں۔ وہ آل محمدؐ کی امداد کے واسطے مقرر کئے گئے ہیں۔ جمال الاولیاء۔ صفحہ ۶۸

ناظرین کرام۔ اب مولوی اسمٰعیل کا یہ قول کہ جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کے مختار نہیں۔ دیوبندی حضرات کے حکیم الامت کے قلم سے رد ہو گیا۔

## دیوبندی علماء کے اختیارات

### (دیوبندیوں کے قلم سے)

حوالہ نمبر ا۔ ناظرین کرام۔ اب ذرا دیوبندی علماء کا اختیار دیوبندی علماء کے قلم سے تحریر کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔

دیوبندیوں کے شیخ الہند مولوی محمود الحسن اپنے پیر رشید احمد گنگوہی کے شان میں لکھتے ہیں۔

مُردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے نہ دیا

اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم مرثیہ محمود الحسن ص ۲۶

کچھ سمجھے آپ؟ محمود الحسن دیوبندی یہ کہتے ہیں۔ کہ میرے پیر اور مرشد کامل کی شان یہ ہے۔ کہ انہوں نے مردوں کو زندہ کر دیا۔ اور زندوں کو مرنے ہی نہیں دیا۔ لیکن اگر بات یہ ہی ہے۔ تو پھر شاید حضرت عزرائیل کو سمجھا بجھا کر واپس کر دیتے ہوں گے۔ اور عزرائیل بحضور رب العالمین یہ عرض کر دیتے ہوں گے۔ کہ الٰہی روح قبض کرنے گیا تھا مگر کر دں کیا۔ دیوبندیوں کے قطب الارشاد

Marfat.com

نے زندوں کو مرنے نہیں دیا۔ پھر دیوبندی حضرات یہ بھی بتائیں کہ زندہ کرنا اور مرنے نہ دینا۔ یہ خاص اللہ عزوجل کی صفت ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کیا آپ کی تلوار شرک کا وار آپ کے مولوی محمود الحسن دیوبندی پر بھی ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟ پھر قارئین اس پر بھی غور فرمائیں کہ دیوبندیوں کے نزدیک مولوی رشید احمد گنگوہی تو مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور زندوں کو مرنے بھی نہیں دیتے ان کو تو یہ اختیار حاصل ہیں۔ لیکن وہ ہستی مقدس جس کا نام نامی اسم گرامی سید المرسلین خاتم النبیین محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ ان کے متعلق ان کا عقیدہ یہ ہے۔ کہ جس کا نام محمد یا علی ہے۔ وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔ اللہ اکبر حضور سید عالم تو کسی چیز کے مختار نہیں اور مولوی رشید احمد گنگوہی کو یہ اختیار ہے۔ کہ وہ زندوں کو مرنے نہ دیں اور مردوں کو زندہ کردیں۔

چہ بے خبر زمقام محمد عربی است

ذرا پھر مصرع ثانی ملاحظہ کیجئے۔ کہتے ہیں۔

اس مسیحائی کو دیکھیں ذری ابن مریم

جس کا صاف وصریح مفہوم یہ ہے۔ کہ اے ابن مریم (علیہ السلام) آپ نے تو صرف مردے زندہ کئے ہیں۔ مگر میرے قطب الارشاد کی شان تو تم سے بھی بڑھ کر ہے۔ کہ وہ زندوں کو مرنے بھی نہیں دیتے۔

ناظرین کرام۔ انصاف سے غور فرمائیں۔ اور پھر بتائیں۔ کہ اس فقرہ میں مولوی محمود الحسن دیوبندی نے مولوی رشید احمد دیوبندی کو حضرت عیسےٰ علیہ السلام سے افضل مانا یا نہیں؟ اب کیا فرماتے ہیں۔ نصرت العلوم کے شیخ الحدیث صفدر صاحب

Marfat.com

کہ مولوی محمود الحسن دیوبندی اپنے مرشد میں خدائی صفات مان کر اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام سے ان کا مقابلہ کر کے کیا ہوئے؟ کیا اس غلو ناپاک کی بنا پر ان کے لئے بھی فتویٰ از قسم شرک و بدعت ہے یا شرک و بدعت کے تمام فتاویٰ صرف غریب بریلویوں کے لئے ہی ریزرو کر دیئے گئے ہیں۔ اب ایک اور حوالہ ملاحظہ فرمائیے۔

**حوالہ نمبر ۲۔** مولانا الیاس کاندھلوی نے ایک مرتبہ عالم جذب میں مولوی ظہیر الحسن ایم۔ اے کاندھوی مرحوم سے خود ان کے مکان پر فرمایا۔ کہ میاں ظہیر لوگوں نے مولانا حسین احمد کو پہچانا نہیں۔ خدا کی قسم ان کی روحانی طاقت اس قدر بڑھی ہوئی ہے۔ کہ اگر وہ اس طاقت سے کام لے کر انگریزوں کو ہندوستان سے باہر نکالنا چاہیں۔ تو نکال سکتے ہیں۔ لیکن چونکہ یہ عالم اسباب ہے۔ اس لئے ان کو ایسا کرنے سے منع کر دیا گیا ہے۔ رسالہ خدام الدین لاہور۔ مولوی احمد علی ۲۴ جنوری ۱۹۵۸ء ص

ناظرین کرام۔ دیکھ لیا آپ نے علمائے دیوبند کا اختیار۔ خاص طور پر مولوی حسین احمد کانگریسی کا ذکر قابل تعریف ہے۔ کہ ان کی روحانی طاقت اسقدر بڑھی ہوئی تھی۔ کہ اگر وہ چاہتے۔ تو انگریزوں کو روحانی طاقت کے ذریعے ہی ہندوستان سے باہر نکال سکتے تھے۔ مگر آپ نے ایسا نہیں کیا۔ کہ یہ عالم اسباب ہے۔ اس لئے ان کو منع کر دیا گیا۔ پھر آپ کی آنکھوں کے ہی سامنے لاکھوں آدمیوں کا خون بہایا گیا۔ اور ہزاروں مستورات کی عصمت خراب ہوئی۔ غرضیکہ ظلم و ستم کی حد ہو گئی۔ لیکن کسی وقت بھی آپ نے اپنی روحانیت سے کام نہیں لیا۔ بلکہ پاکستان کی مخالفت میں ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا۔

Marfat.com

# مولوی اسمٰعیل صاحب کے پیر سید احمد کا شان

ناظرین کرام - اب میں ایک حوالہ دیوبندیوں کے امام الطائفہ مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی کی کتاب صراط مستقیم سے نقل کرتا ہوں - ملاحظہ فرمائیے -

مولوی اسمٰعیل صاحب اپنے مرشد سید احمد صاحب کے متعلق لکھتے ہیں - کہ حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ بہاؤالدین نقشبند علیہ الرحمۃ دہلی میں ان کے پاس تشریف لائے - دونوں صاحبوں کا آپس میں تنازعہ ہوا - ہر ایک بزرگ فرماتا تھا - کہ میں اپنا مرید کروں گا - ایک ماہ تک برابر آپس میں تنازعہ ہوتا رہا - آخر کو اس بات پر مصالحت ہوئی - کہ ہم دونوں سید صاحب کو ایک ساتھ توجہ دیکر مرید بنالیں - اصل عبارت اس طرح ہے - جو صراط مستقیم میں ص ۲۷۲ پر لکھی گئی ہے -

جناب حضرت غوث الثقلین اور جناب حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند کی روح آپ کے متوجہ حال ہوئیں - اور قریباً عرصہ ایک ماہ تک آپ کے حق میں ہر دو روح مقدس کے مابین فی الجملہ تنازعہ رہا - کیونکہ ہر ایک ان دونوں عالی مقام اماموں میں سے اس امر کا تقاضا کرتا تھا - کہ آپ کو تمامہ اپنی طرف جذب کرے - تا آنکہ تنازع کا زمانہ گزرنے اور شرکت پر صلح کے واقعہ ہونے کے بعد ایک دن ہر دو مقدس روحیں آپ پر جلوہ گر ہوئیں اور قریباً ایک پہر کے عرصہ تک وہ دونوں امام آپ کے نفس نفیس پر توجہ قوی اور پر زور اثر ڈالتے رہے - پس اسی ایک پہر میں ہر دو طریقہ کی نسبت آپ کو نصیب ہوئی - صراط مستقیم اردو مصنفہ مولوی اسمٰعیل دہلوی ص ۲۷۲

ناظرین کرام توجہ فرمائیں - حضرت غوث الثقلین شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کہ بغداد شریف میں ہیں - اور خواجہ بہاؤالدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کہ بخارا شریف میں ہیں

Marfat.com

کس طرح خبر ہو گئی۔ کیا چٹھی بھیجی گئی ڈاک میں یا کوئی تار بھیجی گئی؟ مگر یہ دونوں چیزیں اس وقت نہ تھیں۔ یا مولوی اسمٰعیل صاحب دونوں جگہ کوئی خط لے کر گئے تھے؟ یہ بھی نہیں تو پھر کیونکر معلوم ہوا کہ سید احمد صاحب دہلی میں کوئی بزرگ رہتے ہیں۔ چلو اُن کو مرید بنا ؤ۔ اور پھر یہ وہ بات کیا تھی۔ کہ دونوں بزرگ اُن کو مرید بنانے کے لئے ایک ماہ تک دہلی میں ہی بیٹھے رہے اور تنازعہ ہی رہا اتنی کیا سخت ضرورت محسوس ہوئی۔ کہ وہ بزرگ کامل و اکمل غوث الثقلین آپس میں بے موجب تنازعہ کریں۔ اور پھر آخر مصالحت ہونے پر ایک پہر تک نسبت عطا فرماتے رہیں۔

ناظرین کرام۔ غور فرمائیں یہاں تو مولوی صاحب نے اپنے پیر سید احمد صاحب کا شان بنانے کے لئے کس قدر اپنے قلم کو زور دیا ہے۔ اور ساتھ ہی پیران پیر کو غوث الثقلین لکھ دیا۔ جو غوث کے معنی فریادرس کے ہیں۔ اور ثقلین کے معنی دونوں گروہ جنوں اور انسانوں کے ہیں۔ تو حضرت پیران پیر دونوں گروہوں جنوں اور انسانوں کے فریادرس ہیں۔ یہاں تو مولوی اسمٰعیل صاحب کے قلم نے اولیاء کرام کا شان ظاہر فرما دیا۔ لیکن کتاب تقویۃ الایمان میں اسی مولوی اسمٰعیل صاحب کے قلم نے لکھا۔ کہ جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کے مختار نہیں۔ سبحان اللہ یہ کیسا عقیدہ ہے شہید بالاکوٹ کا۔ اپنے پیر کا یہ شان کرانتے بڑے شان والے دو بزرگ سید صاحب کو مرید بنانے کے لئے پورے ایک ماہ تک جھگڑتے رہے۔ اللہ اکبر۔ اور جن کے لئے دونوں جہان بنائے گئے اور جو ساری مخلوق الٰہی کے لئے رحمت بنا کر بھیجے گئے اور وہ مختار کل بھی ہوں وہ کسی چیز کے مالک نہ

Marfat.com

مختار نہیں۔ یہ ہیں جناب شہید بالاکوٹ وہابیوں اور دیوبندیوں کے امام۔

# کفریہ عبارت نمبر ۵

ناظرین کرام۔ اب صراط مستقیم کتاب کی ایک کفریہ عبارت ملاحظہ فرمایئے

زنا کے وسوسے سے اپنی بیوی کی مجامعت کا خیال بہتر ہے۔ اور شیخ یا اسی جیسے اور بزرگوں کی طرف خواہ جناب رسالت مآب ہی ہوں۔ اپنی ہمت کو لگا دینا اپنے بیل اور گدھے کی صورت میں مستغرق ہونے سے زیادہ بُرا ہے۔ صراط مستقیم اردو مصنفہ مولوی اسمٰعیل دہلوی ص۲۰۱۔

معاذ اللہ۔ شہید بالاکوٹ۔ دیوبندیوں کے امام لکھتے ہیں۔ کہ نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال مبارک دل میں لانا بیل اور گدھے کے تصور میں غرق ہو جانے سے بدرجہا بدتر ہے + لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

یہ مولوی اسمٰعیل نے صراط مستقیم میں ایسی کفریہ عبارت لکھی ہے جس سے مومن کا رواں رواں کانپ جاتا ہے۔ ایماندار کی زبان و قلم سے ایسے گستاخانہ کلمے کس طرح نکل سکتے ہیں۔ نماز میں حضور پر نور کی طرف خیال لیجانے کو اس قائل نے گدھے اور بیل کے خیال میں ڈوب جانے سے بدتر بتایا ہے اسکو یہ نہ سوجھا کہ خیال کیسے نہ آئیگا تشہد میں تو حضور پر نور پر عرض سلام کی تعلیم ہے۔ اور تشہد شریعت میں واجب ہے تو حضور پر سلام کرنے سے نماز کی تکمیل ہوتی ہے اور عبادت اپنے کمال کو پہنچتی ہے عظمت مصطفےٰ سے تو دشمنی ہے۔ تو کیا انکے حمایتی حضرات نماز ہی

Marfat.com

ناظرین کرام ۔ اب ذرا مصنف "عبارات اکابر" جناب صفدر صاحب کا ارشاد ملاحظہ فرمایئے ۔ اسی کفریہ اور گندی عبارت کو نقل کرنے کے بعد بےشمار اوراق سیاہ کردیئے ہیں تاکہ کسی طرح اس کفریہ ملعون عبارت کو اسلامی ثابت کیا جاسکے ۔ اس عبارت کو درست کرنے کے لئے گکھڑوی صاحب نے بہت ہاتھ پاؤں مارے ہیں ۔ لیکن اس مقصد میں کامیاب نہیں ہوسکے ۔ صرف اعلیٰحضرت مولانا مولوی مفتی الحاج احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے خلاف زہر اگلا ہے ۔ اور ان کی عبارتوں کا وہی حصہ نقل کیا ہے جس میں انہوں نے اس کفریہ اور ناپاک ملعون عبارت پر غم وغصہ کا اظہار کیا ہے ۔ لیکن وہ دلائل جو کہ اس کفریہ عبارت کے رد میں اعلیٰحضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ نے تحریر فرمائے ہیں ۔ گکھڑوی صاحب نے ان کو نقل نہیں کیا اور نہ ہی ان کا کوئی جواب دے سکے ۔

ناظرین کرام ۔ میں اب وہ دلائل نقل کرتا ہوں جو اس کفریہ عبارت کے رد میں اعلیٰحضرت نے اپنی کتاب "الکوکب الشہابیہ" میں تحریر فرمائے ہیں ۔ ملاحظہ ہوں ۔

اس شخص کے نزدیک نماز میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال آنا موجب شرک ۔ کہ وہ جب آئے گا عظمت کے ساتھ آئے گا ۔ مگر واللہ العظیم کہ شریعت رب عرش کریم میں نماز بے ان کے خیال باعظمت وجلالت کے ناقص ہے ۔ اس سے کہو اپنے شریکوں کو جمع کرے ۔ اور قہر والے عرش کے مالک سے لڑائی لے ۔ کہ تو نے کیوں ایسی شریعت بھیجی جس نے نماز کی ہر دو رکعت پر التحیات واجب کی اور اس میں السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ اشہدان محمد عبدہٗ ورسولہ ۔ پڑھنا عرض کرنا لازم کیا ۔ آگے فرماتے ہیں ۔ مسلمانو ۔ کیا ان کے پڑھنے سے حکم محمد رسول ۔

Marfat.com

اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف خیال کرنے کا حکم نہ ہوا۔ بے شک ہوا۔ اور واقعی ان کا خیال مسلمانوں کے دل میں جب آئے گا عظمت و جلال ہی کے ساتھ آئیگا۔ کہ اس کا تصور ان کے پاک مبارک تصور کو لازم بین بالمعنیٰ الاخص ہے اور عرض سلام تو خاص بغرض ذکر و اکرام ہی ہے۔ تو یہاں نہ صرف ان کے خیال بلکہ خاص نماز میں ان کے ذکر و تکریم کا حکم صریح ہے وَلٰکِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں۔ مسلمانو! کیا ہر نماز کے ختم پر درود شریف پڑھنا سنت نہیں؟ اور حضرت امام شافعی و امام احمد رضی اللہ عنہما کے نزدیک تو فرض ہے۔ پھر درود محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یاد و تعظیم تکریم نہیں تو کیا ہے۔ درود کو محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خیال باعظمت و جلال سے انفکاک کیونکر ممکن۔ مسلمانو ہر رکعت میں الحمد شریف پڑھنا ہمارے نزدیک امام و منفرد پر واجب اور ان غیر مقلد وہابیوں کے یہاں سب پر فرض ہے۔ ان سے کہو اس میں سے صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ نکال ڈالیں۔ یعنی راہ ان کی جن پر تو نے انعام کیا۔ جانتے ہو وہ کون ہیں۔ ہاں قرآن سے پوچھو وہ کون ہیں۔ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ

ترجمہ۔ جن پر خدا نے انعام کیا وہ انبیاء اور صدیق اور شہداء اور نیک لوگ ہیں۔ جب صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ پڑھ کر ان کی راہ مانگی جائیگی۔ تو ضرور عظمت کے ساتھ ان کا خیال آئے گا۔ اور وہ اس کے نزدیک شرک ہے۔ تو الحمد میں سے اس شرک کے دور کرنے کی کوشش کریں۔ صرف غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ رکھیں کہ انبیاء و صدیقین کی جگہ نماز یہود و نصاریٰ کی یادگاری رہے

بلکہ اِھْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ بھی رکھنے کے قابل نہیں کہ حدیث میں اس سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصدیق اکبر و فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما مراد لئے گئے ہیں۔

ناظرین کرام۔ غور فرمائیں گکھڑوی صاحب نے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ان دلائل کو نقل نہیں کیا۔ اس لئے ان کے پاس ان لاجواب دلائل کے جواب ہی کیا ہو سکتے ہیں۔ اور سنیئے اعلیٰ حضرت آگے کیا فرما رہے ہیں۔

مسلمانو۔ میں لفظ الحمد کو کہتا ہوں نہیں نہیں شاید دو ایک کے سوا قرآن عظیم کی کسی سورت کا نماز میں تلاوت کرنا اس وبائی شرک سے نہ بچے گا۔ جن سورتوں میں حضور پُرنور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا دیگر انبیائے کرام یا ملائکہ عظام یا صحابہ کبار یا مہاجرین وانصار یا متقین ومحسنین وعباد اللہ الصالحین کی صریح تعریفیں ہیں۔ ان کا تو کہنا ہی کیا ہے۔ یونہی وہ بھی جن میں حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء کے قصص مذکور ہیں کہ ان کا تصور جب آئے گا عظمت ہی سے آئے گا جس کا اس شخص کو خود اقرار ہے ان کے سوا گنتی ہی کی سورتیں حضور اقدس محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر صریح سے خالی ہونگی۔ اور کچھ نہ ہو تو کم سے کم حضور سے خطاب ہونگی۔ جیسے چاروں قل تبت میں کھلا ہوا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر لگا ہوا ہے کہ اس کی تلاوت میں ضرور خیال جائے گا۔ یہ بھاری انتقام اللہ عزوجل کس کی طرف سے لے رہا ہے۔ یہ سخت غضب الٰہی کس کی جناب میں گستاخی کرنے پر اتر رہا ہے۔ لِاِیْلٰفِ شریف میں اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا صراحتہً ذکر نہیں تو کعبہ معظمہ کا ذکر ہے اور وہ کمال تعظیم کے ساتھ کہ اپنی ربوبیت کو اس کی طرف

Marfat.com

اضافت فرمایا۔ اس کا تصور کب بے عظمت آئے گا۔

## دیوبندی مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے قلب میں حاجی امداد اللہ صاحب کا چہرہ

خاں صاحب نے فرمایا کہ ایک دفعہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ جوش میں تھے اور تصور شیخ کا مسئلہ درپیش تھا۔ فرمایا کہہ دوں۔ عرض کیا گیا فرمائیے۔ پھر فرمایا کہہ دوں۔ عرض کیا گیا۔ فرمائیے۔ پھر فرمایا۔ کہہ دوں۔ عرض کیا گیا۔ فرمائیے تو فرمایا کہ تین سال کامل حضرت امداد کا چہرہ میرے قلب میں رہا ہے۔ اور میں نے ان سے پوچھے بغیر کوئی کام نہیں کیا۔ پھر اور جوش آیا۔ فرمایا۔ کہہ دوں۔ عرض کیا گیا ضرور فرمائیے۔ فرمایا کہ اتنے سال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم میرے قلب میں رہے اور میں نے کوئی بات بغیر آپ سے پوچھے نہیں کی۔ ارواح ثلاثہ صفحہ ۳۰۸

ناظرین حضرات۔ غور فرمائیں۔ مولوی اسمٰعیل صاحب تو فرماتے ہیں۔ کہ نماز میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خیال کا آنا بیل اور گدھے کے خیال سے بھی کئی درجے بدتر ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ گنگوہی صاحب فرماتے ہیں کہ تین سال کامل حاجی امداد اللہ صاحب کا چہرہ میرے قلب میں رہا ہے۔ اور میں نے ان سے پوچھے بغیر کوئی کام نہیں کیا۔ اور گنگوہی صاحب کے پیر و مرشد ہیں حاجی صاحب۔ اگر مولوی اسمٰعیل صاحب۔ کا فتویٰ درست ہے۔ تو پھر گنگوہی صاحب کی تین سال کی نمازیں برباد ہو گئیں یا نہ؟ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی کئی سال گنگوہی صاحب کے قلب میں رہے۔ تو اس عرصہ میں گنگوہی صاحب کی نماز وں کا کیا حشر ہوا ہو گا۔

Marfat.com

# دیوبندی حضرات کے حکیم الامّت نے بیوی صاحبہ کے خیال میں سرے سے نماز ہی توڑ دی ۔

ایک حوالہ اور سنیئے۔ دیوبندی حضرات کے حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اپنی ایک نماز کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ میں صبح کی سنتیں پڑھ رہا تھا۔ کہ بڑے گھر سے آدمی دوڑا ہوا یہ خبر لایا۔ کہ گھر میں سے کوٹھے کے اوپر سے گر گئی ہیں۔ میں نے یہ خبر سنتے ہی فوراً نماز توڑ دی (اشرف المعمولات صفحہ ۱۴ بحوالہ دیوبندی مذہب)

ناظرین حضرات۔ غور فرمائیں۔ دیوبندی حضرات کے بڑے امام اور صوفی مولوی اشرف علی صاحب تھانوی تو اپنی بیوی صاحبہ کا خیال آتے ہی سرے سے نماز ہی توڑ دیں۔ تو ان کے نہ تصوف میں کوئی فرق آئے اور نہ ہی ان کا حضور قلب خراب ہو۔ اور نہ ہی ان پر کوئی دیوبندی طعن کرے اور نہ ہی کوئی فتویٰ لگائے اور اگر کوئی عاشق مصطفےٰ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو دل میں حاضر کر کے حضور علیہ السلام کو السلام علیک ایہا النبی عرض کرے تو دیوبندی اس پر شرک کے فتوے لگائیں۔ اور اس محبوب دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے نورانی خیال مبارک کو بیل اور گدھے کے خیال سے بھی کئی درجے بدتر بتائیں۔ یہ کونسا ایمان ہے؟ اور کیسا اسلام ہے؟

ناظرین حضرات۔ اب میں بخاری شریف سے ایک حدیث نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔ " ابی سعید بن معلّٰی سے روایت ہے۔ انہوں نے بیان کیا۔ کہ میں مسجد نبوی میں ایک دن نماز ادا کر رہا تھا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے طلب

Marfat.com

فرمایا۔ میں نماز سے فارغ ہو کر حاضر ہؤا۔ اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں نماز میں تھا۔ اس لئے حاضر ہونے میں تاخیر ہوئی۔ آپ نے فرمایا۔ کیا اللہ تعالٰے نے یہ حکم نہیں دیا۔ کہ جب تم کو اللہ کا رسُولؐ بلائے تو فوراً اُس کی خدمت میں پہنچو۔ بخاری شریف مترجم جلد دوئم صـ۷۰۹ ۔

# کفریہ عبارت نمبر ۶

ناظرین کرام۔ دیوبندیوں کی ایک اور کفریہ عبارت ملاحظہ فرمایئے۔

"دیوبندی علماء کا عقیدہ ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدرسہ دیوبند سے پہلے اُردو نہ جانتے تھے"۔

ایک صالح فخرِ عالم علیہ السلام کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے تو آپ کو اردو میں کلام کرتے ہوئے دیکھ کر پوچھا۔ کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آ گئی۔ آپ تو عربی ہیں؟ فرمایا۔ جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا۔ ہم کو یہ زبان آ گئی۔ سبحان اللہ اس سے رتبہ اس مدرسہ (دیوبند) کا معلوم ہؤا۔ براہین قاطعہ مصنفہ مولوی خلیل احمد دیوبندی صـ۲۶

ناظرین کرام۔ ان دیوبندیوں کی بداعتقادی ملاحظہ کیجئے کہ اپنا اور اپنے مدرسے کا شان بیان کرنے کے لئے تاجدارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کا کس قدر بے باکانہ اقدام کیا۔ کہ نعوذ باللہ معلم کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اردو زبان سیکھنے میں ان ہندوستانی ملاؤں سے فیض حاصل کیا۔ اور آپ کو معاذ اللہ یہ زبان پہلے نہیں آتی تھی۔ حالانکہ تمام عالم اسلام کا یہ متفقہ فیصلہ ہے کہ چونکہ خدا تعالیٰ نے آپ کو

Marfat.com

تمام جہانوں کے لئے رسول بنا کر بھیجا۔ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَافَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا۔ تو حضور علیہ السلام کو پہلے ہی خدا تعالیٰ نے دنیا بھر کی تمام زبانوں کا عالم کامل بنا کر بھیجا۔

مولوی خلیل احمد صاحب اس خواب کو بیان کرنے کے بعد جو تعبیر لے رہے ہے۔ کہ سبحان اللہ اس سے مرتبہ اس مدرسہ کا معلوم ہوگیا۔ گویا یہ بتایا جا رہا ہے کہ دیکھ لو۔ مدرسہ دیوبند کی عظمت کا یہ عالم ہے۔ کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جو معلم کائنات ہیں۔ وہ بھی اردو میں علمائے دیوبند کے شاگرد ہیں۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ) اگر شاگرد کا لفظ نہ بھی استعمال کیا جائے تو پھر بھی یہ تو اس تعبیر کا قطعی مفہوم ہے۔ کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو مدرسہ دیوبند کے علماء سے معاملہ کی وجہ سے زبان اردو آ گئی۔ اس سے پہلے آپ اردو نہیں جانتے تھے معاذ اللہ۔ چہ بے خبر ز مقام محمد عربی است۔ اس کا تو یہ مطلب ہوا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدرسہ دیوبند سے پہلے صدہا سال کسی سے اردو زبان میں کلام نہ فرمایا تھا۔ حالانکہ ہندوستان میں ہزار ہا بزرگان دین موجود تھے۔

اے کاش علماء دیوبند کبھی مقام نبوت کی عظمت و برتری کا صحیح اندازہ کر کے اپنی گندہ و توہین آمیز عبارات پر سنجیدگی سے غور کرتے اور سوچتے کہ کیا نبی کے یہ شایان شان ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے حبیب جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم مدرسہ دیوبند سے پہلے اردو زبان سے ناواقف تھے۔ حالانکہ قرآن کریم صاف صاف اعلان فرما رہا ہے۔ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ٥ ترجمہ۔ اور سکھا دیا آپ کو اے محبوب جو کچھ آپ نہیں جانتے تھے۔ اور اللہ تعالیٰ

Marfat.com

کا فضل عظیم آپ پر ہے۔ ناظرین کرام! غور فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ آپ جو کچھ نہیں جانتے تھے۔ ہم نے سکھا دیا ہے۔ یعنی زمانہ ماضی ہیں۔ کیونکہ ما عام ہے۔ لہٰذا ہر شئے کو حاوی ہے۔ جس چیز کے متعلق کہا جائے کہ اس کا علم حضور کو نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اے محبوب وہی چیز آپ کو سکھا دی۔ اگر کوئی دیوبندی سوال کرے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مدرسہ دیوبند قائم ہونے سے پہلے اردو زبان نہیں آتی تھی۔ تو اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ ہم نے آپ کو اردو کلام بھی سکھلا دیا تھا ۔

وہ سو جائیں تو معراج منامی　　　　وہ جاگیں تو خدا سے ہمکلامی

حالانکہ دیوبندی حضرات اگر غور وفکر سے کام لیتے تو یہ حقیقت واضح ہو جاتی۔ کہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا اردو زبان میں گفتگو فرمانا خواب دیکھنے والے کی عربی زبان سے جہل ولاعلمی کی دلیل ہے۔ اس لئے حضور سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اردو میں ارشاد فرمایا۔ اور خواب دیکھنے والے کی اردو کا یہ عالم ہے کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آگئی۔ اتنی خبر نہیں کہ کلام مذکر ہے یا مونث۔ اور خواب دیکھنے والے کی جہالت اور بے ادبی بھی ملاحظہ کیجئے کہ معلّم کائنات رحمۃ اللعالمین جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرتا ہے۔ کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آگئی۔ آپ تو عربی ہیں۔　　چہ بے خبر ز مقام محمد عربی است

## جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار عالی میں اُمّت کے اعمال صبح وشام ہر زبان میں پیش کئے جاتے ہیں

مصنف "عبارات اکابر" نے مولوی محمد قاسم بانی مدرسہ دیوبند کی پیدائش ۱۲۴۸ھ

Marfat.com

میں لکھی ہے۔ اور مولوی صاحب نے مدرسہ دیوبند ۱۲۸۳ھ میں قائم کیا ہے
تو اس وقت آپ کی عمر ۴۵ سال ہو گی۔ تو اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ مدرسہ
قائم ہونے سے پہلے آپ اپنے اسنادوں سے تعلیم حاصل کرتے رہے۔ اور آپ
اور آپ کے اسنادوں کی زبان بھی اردو تھی۔ اور قرآن شریف کا ترجمہ بھی اردو
زبان میں لکھا جا چکا تھا۔ اور مولوی محمد قاسم صاحب نے کافی کتابیں اُردو کی اپنے
اسنادوں سے بھی پڑھی ہوں گی۔ اور مولوی اسمٰعیل کی کتاب تقویۃ الایمان بھی مدرسہ
دیوبند قائم ہونے سے بہت پہلے لکھی جا چکی تھی۔ اور اسی کتاب کے متعلق ہندوستان
میں شور بھی برپا ہوا تھا۔ اور سینکڑوں کتابیں اس کے رد میں لکھی گئی تھیں۔ اور جامع
مسجد دہلی میں متعدد مناظرے بھی ہوئے تھے۔ اور یہ بھی حدیث شریف سے ثابت ہے
کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار عالی میں امت کے اعمال صبح و شام
پیش کئے جاتے ہیں۔ جس کے لئے میں آپ کے حکیم الامت کی کتاب "نشر الطیب" سے
حوالہ نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمایئے۔

ابن المبارک نے حضرت سعید بن المسیب سے روایت کیا ہے۔ کہ کوئی دن ایسا
نہیں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر آپ کی امت کے اعمال صبح و شام پیش نہ کئے
جاتے ہوں۔ نشر الطیب ص ۳۵۷

اب یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ فرشتے وہ کلام جو امت کے افراد آپس
میں کرتے تھے یا شاگرد اپنے اسنادوں سے سوال و جواب پڑھنے پڑھانے میں کیا کرتے
تھے۔ وہ کس زبان میں بارگاہ رسالت میں پیش کرتے تھے؟ اگر یہ کہو کہ فرشتے
اردو زبان کا ترجمہ عربی میں کر کے بارگاہ رسالت میں پیش کرتے تھے۔ تو پھر فرشتوں

Marfat.com

علم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ ہوا۔ معاذ اللہ۔ فرشتے تو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام ہیں۔ ثابت ہوا کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہر زبان جانتے ہیں کیونکہ اُمت کے اعمال ہر زبان میں ہر روز صبح و شام بارگاہ رسالت میں پیش کئے جاتے ہیں۔ تقویۃ الایمان کی کفریہ عبارتیں بھی حضور علیہ السلام کی بارگاہ عالیہ میں من وعن پیش کی جاتی ہیں۔ جو خالص سلیس اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔

ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب مخلوق الٰہی کی زبان کو جانتے ہیں۔

کیونکہ ہر زبان میں بارگاہ عالی میں امت کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں۔ اور بھی کتابوں میں یہ واقعہ لکھا ہوا ہے کہ جب جہانگیر بادشاہ نے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو قلعہ گوالیار میں قید کر دیا۔ تو جہانگیر بادشاہ نے خواب میں دیکھا۔ کہ حضور سرور عالم بطور تاسف اپنی انگلی مبارک دانتوں میں دبائے ہوئے فرما رہے ہیں۔ کہ جہانگیر تو نے کتنے بڑے انسان کو قید کر دیا ہے۔ تو جہانگیر نے آپ کی رہائی کا حکم صادر کر دیا۔ تو اس واقعہ سے خاص طور پر ظاہر ہو گیا۔ کہ آپ کا یہ حکم اُردو زبان میں تھا۔ کیونکہ جہانگیر عربی کا عالم نہ تھا۔ اب سنیئے دیوبندی حضرات کے حکیم الامت کیا فرما رہے ہیں۔ نشر الطیب صہ ۲۳۹ پر آپ لکھتے ہیں۔ اور آپ جن والنس اور تمام خلائق کی طرف مبعوث ہوئے۔ اور عرب کی سب زبانیں جانتے تھے۔ میں کہتا ہوں کہ بلکہ تمام زبانیں۔

کیوں جناب۔ اب بھی تسلی ہوئی یا نہیں۔ اب تو آپ کے حکیم الامت نے اپنی کتاب نشر الطیب میں وضاحت فرما دی ہے۔ کہ میں کہتا ہوں۔ بلکہ تمام زبانیں (جانتے تھے) مولانا محمد عمر صاحب مناظر اسلام۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے دلائل کو تو

Marfat.com

آپ نے نرالی گپ لکھ کر بے ادبی اور جہالت کا ثبوت پیش کر دیا ہے۔ حالانکہ حضرت مولانا محمد عمر رحمۃ اللہ علیہ قرآن شریف کی بین آیتیں ثبوت کے طور پر تحریر فرما چکے ہیں اور جو آپ نے دعوی کیا ہے۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام عالمین کی زبانیں سکھا کر بھیجا گیا۔ بالکل مردود ہے۔ یہی تو آپ کی بے ادبی اور گستاخی کا بین ثبوت ہے۔ لیکن اپنے حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی پر کوئی فتوی لگائیں۔ وہ بھی تو لکھ چکے ہیں۔ کہ تمام زبانوں کے عالم تھے۔ مولوی محمد عمرؒ پر کیوں برس رہے ہو۔ گھر کی خبر لیں۔ آپ کے اکابر کیا فرما رہے ہیں۔

# کفریہ عبارت نمبر ۷

"شیطان کا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے"

(معاذ اللہ)

الحاصل غور کرنا چاہیئے۔ کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے۔ شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے۔ کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے۔ براہین قاطعہ صہ ۵۱ مصنفہ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی و مصدقہ مولوی رشید احمد گنگوہی صہ ۵۱

اعلیٰ علیین میں روح مبارک علیہ السلام کی تشریف رکھنا اور ملک الموت سے

Marfat.com

افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو۔ چہ جائیکہ زیادہ۔

براہین قاطعہ صد ۵۲

ناظرین کرام غور فرمائیے۔ مولوی خلیل احمد صاحب دیو بندی حضرات کے بزرگ یہ گوہر افشانی فرماتے ہیں۔ کہ شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت علم نص کی وجہ سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے۔ کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے۔ مطلب اس کا یہ ہوا۔ کہ شیطان اور ملک الموت کی وسعت یا زیادتی علم پر نص موجود ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وسعت علم پر کوئی نص نہیں۔ اس لیے شیطان لعین کو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے علم زیادہ ہے۔ اگر کوئی حضورؐ کے علم کو شیطان کے علم سے زیادہ یا برابر بنائے گا۔ تو وہ مشرک ہوگا۔ معاذ اللہ۔

اہل سنت کے نزدیک شیطان و ملک الموت کے محیط زمین کے علم پر قرآن و حدیث میں کوئی نص وارد نہیں ہوئی۔ جو شخص نص کا دعوی کرتا ہے۔ وہ قرآن شریف پر نہایت ہی بہتان باندھتا ہے۔ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو نصوص قطعیہ کے خلاف کہنا بھی قرآن و حدیث پر افترار عظیم ہے۔ قرآن و حدیث میں کوئی ایسی نص وارد نہیں ہوئی جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں محیط زمین کے علم کی نفی ہوتی ہو۔ بلکہ قرآن و حدیث کے بے شمار نصوص سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہر چیز کا علم ثابت ہے۔ اہل سنت کا مسلک ہے کہ کسی مخلوق کے مقابلے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے علم کی کمی ثابت کرنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں بدترین گستاخی ہے

Marfat.com

ناظرین کرام۔ ذرا غور فرمائیے۔ مولوی خلیل احمد صاحب کا دعویٰ ہے۔ کہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم کے لئے محیط زمین کا علم ثابت کرنا شرک ہے۔ لیکن سوال یہ ہے۔ کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے یہ شرک ہے۔ تو شیطان کے لئے روئے زمین کا علم ثابت کرنا ایمان کیسے ہوگیا؟ کیونکہ شرک میں تفریق نہیں ہوسکتی۔ جس چیز کا کسی ایک مخلوق کے لئے ثابت کرنا شرک ہوگا۔ وہ خدا تعالیٰ کے سوا جس کسی کے لئے بھی ثابت کیا جائے گا۔ شرک ہی ہوگا۔

## تمام دیوبندی اکابرین علمار کا فتویٰ کفر

دیکھئے مولوی خلیل احمد صاحب دیوبندی صاف صاف لکھ چکے ہیں۔ کہ شیطان و ملک الموت کو علم محیط زمین یعنی روئے زمین کا علم حاصل ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شیطان وملکوت سے زیادہ تو کجا برابر علم بھی نہیں۔ (معاذ اللہ) یہاں تو صاف صاف لکھ دیا۔ اب ذرا تمام اکابرین دیوبند علمار کا فتویٰ ملاحظہ فرمائیے۔ اور ہمارا یقین ہے۔ کہ جو شخص یہ کہے کہ فلاں نبی کریم علیہ السلام سے اعلیٰ ہے۔ وہ کافر ہے اور ہمارے حضرات اس کے کافر ہونے کا فتویٰ دے چکے ہیں۔ جو یوں کہے کہ شیطان ملعون کا علم نبی علیہ السلام سے زیادہ ہے۔ المہند کا اردو ترجمہ صت۳۰

اور لطف کی بات ایک یہ بھی ہے کہ اس کتاب کے مصنف بھی مولوی خلیل احمد صاحب دیوبندی ہی ہیں۔ گویا اپنے اوپر فتویٰ کفر بھی آپ خود ہی لگا رہے ہیں اور تمام اکابرین علمار دیوبند سے اپنے اوپر خود ہی فتویٰ کفر لے رہے ہیں۔ غور فرمائیے۔ دونوں عبارتیں صاف صاف اردو میں لکھی جا چکی ہیں۔ شان رسالت میں بے ادب کلمے لکھنے والے شخص کو یوں ہی بدلہ ملتا ہے۔

Marfat.com

# مولوی حسین احمد صاحب کا حوالہ

اپنے اکابر کا ایک اور حوالہ ملاحظہ فرمائیے۔ جو مولوی حسین احمد صاحب نے شہاب ثاقب کے صفحہ ۸۸ پر لکھا ہے۔ حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہٗ العزیز نے متعدد فتاویٰ میں یہ تصریح فرمائی ہے۔ کہ جو شخص ابلیس لعین کو رسول مقبول علیہ السلام سے اعلم اور اوسع علماً کہے وہ کافر ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ جب مولوی خلیل احمد صاحب ایسا ایسا لکھ چکے ہیں۔ تو پھر یہ کس نے لکھا؟ کہ شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے؟ یہ بھی تو آپ کے اکابر مولوی خلیل احمد ہی نے لکھا ہے۔ آپ اس سے انکار کیسے کر سکتے ہیں۔ یہ تو صاف سلیس اردو کی عبارت ہے۔ کوئی لاطینی یا عبرانی نہیں ہے۔ جس کے سمجھنے والے نایاب ہوں۔ اور بالکل واضح لفظوں میں یہ بھی لکھ دیا۔ کہ ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز یہ ثابت نہیں ہوتا۔ کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو۔ چہ جائیکہ زیادہ بہر حال قارئین کرام سے یہ گزارش کرنی ہے۔ کہ وہ حق اور باطل کا فیصلہ کرنے کے لئے صرف انہی امور پر غور کریں اور فیصلہ کریں۔ کہ کوئی مسلمان حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق ایسا لکھ سکتا ہے۔ اور پھر ایسا لکھ کر وہ مسلمان بھی رہ سکتا ہے؟ اور یہ کہ مولوی خلیل احمد دیوبندی نے ایسا لکھ کر حضورؐ کی شدید توہین کی ہے یا نہیں؟

## بتائیے اس فتویٰ کفر میں کون کون صاحب آ سکتے ہیں

اب مولوی رشید احمد گنگوہی صاحب کا یہ فتویٰ کہ جو شخص ابلیس لعین کو رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم سے اعلم واوسع علماً کہے وہ کافر ہے۔ اور خلیل احمد صاحب تو صاف عبارت میں لکھ چکے ہیں۔ جو اوپر لکھا جا چکا ہے اور اس عبارت سے خاص طور پر یہ ظاہر ہو گیا ہے کہ مولوی خلیل احمد صاحب شیطان لعین کا علم حضور کے علم سے زیادہ بتا رہے ہیں۔ اور پھر مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی اس کی تصدیق بھی فرما رہے ہیں۔ کیونکہ اسی کتاب پر آپ کی تقریظ موجود ہے۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مولوی رشید احمد صاحب کے فتوٰے کفر کی زد میں کون کون صاحب آسکتے ہیں؟۔

# کفریہ عبارت نمبر ۸

ناظرین کرام۔ اب دیوبندی حضرات کے حکیم الامت کی کفریہ عبارت ملاحظہ فرمائیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عطائی علم غیب کے متعلق لکھتے ہیں۔

پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو۔ تو دریافت طلب امر یہ ہے۔ کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں۔ تو اس میں حضور کی ہی کیا تخصیص ہے۔ ایسا علم غیب تو زید وعمر بلکہ ہر صبی ومجنون بلکہ جمیع حیوانات وبہائم کے لئے بھی حاصل ہے نعوذ باللہ۔ حفظ الایمان مصنفہ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی دیوبندی ص ۷

اس عبارت کا صاف وصریح واضح مطلب یہ ہوا کہ بعض علم غیب جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہے اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کچھ خصوصیت نہیں۔ ایسا

Marfat.com

علم غیب تو زید و عمر کو بھی۔ بلکہ ہر ایک بچے، ہر ایک پاگل۔ ہر جانور اور ہر ایک چوپائے کو بھی حاصل ہے۔ دیوبندی حضرات کے حکیم الامت نے اپنے ان کلمات میں حضور پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک و مقدس علم غیب کو ہر خاص و عام بلکہ ہر ایک بچے کو ہر ایک پاگل۔ بلکہ ہر ایک جانور اور ہر ایک چار پائے کے علم غیب کے ساتھ تشبیہ دے کر شدید ترین توہین کی ہے۔

قارئین کرام غور فرمائیں۔ یہ عبارت سلیس اردو کی ہے اور ہر اردو سمجھنے والا بے تکلف اس سے اس نتیجہ پر پہنچتا ہے۔ کہ اشرف علی صاحب نے علم غیب کی دو قسمیں کی ہیں۔ کل غیب اور بعض غیب۔ کل غیب کیلئے تو انہوں نے فیصلہ کر دیا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے عقلاً نقلاً باطل ہے۔ اب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کل غیب نہ رہا۔ مگر بعض غیب ذریعہ ہی انکے عقیدہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ثابت بھی ہے (جیساکہ خود انہوں نے حفظ الایمان کے صٓ پر تصریح کی ہے) اب اس بعض علم غیب کے متعلق وہ لکھتے ہیں۔ کہ اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں۔ تو اس میں حضور کی ہی کیا تخصیص ہے۔ ایسا علم غیب ہر صبی (بچہ) مجنون (پاگل) جمیع حیوانات و بہائم تمام جانوروں کے لئے بھی حاصل ہے۔ ناظرین کرام! ایمان و دیانت کے ساتھ غور کیجیے۔ کہ مولوی اشرف علی نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو جانوروں پاگلوں کے برابر کر دیا یا نہیں۔ حضورؐ کے علم شریف کو جانوروں پاگلوں کے برابر کرنا یقیناً حضور علیہ السلام کی توہین ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والا کافر ہے۔ لیکن دیوبندی علماء کا حال یہ ہے۔ کہ اس کفری عبارت کی رکیک تاویلیں کرتے ہیں۔ اور اس پر بضد ہیں۔ کہ یہ عبارت بالکل حق و ثواب

Marfat.com

ہے۔ حالانکہ معاملہ کسی ایرے غیرے کا نہیں۔ بلکہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ اور اس کی نزاکت کا یہ عالم ہے۔ کہ حضور علی اللہ علیہ وسلم کی شان کے خلاف اگر کوئی بات سہواً بھی نکل جائے۔ تو کفر ہے۔ اور توبہ کرنا واجب ہے بہرحال یہ عبارت ایسی ہے۔ کہ جس کی کوئی تاویل صحیح نہیں ہو سکتی۔ اسی لئے علمائے اہلسنت نے اس عبارت کو کفریہ قرار دیا ہے۔ اور ایسا عقیدہ رکھنے والے کو کفر کا فتویٰ دیا ہے۔ رہی ضد اور ہٹ دھرمی تو اس کا علاج کسی کے پاس نہیں ہے۔

نصرت العلوم کے شیخ الحدیث جناب صفدر صاحب اسی ناپاک اور کفریہ عبارت کو بے غبار اور اسلامی ثابت کرنے کے لئے اس کے لفظ " ایسا " کے امیر اللغات جلد دوئم صہ ۳۰۲ سے تین معانی پیش کر کے لکھتے ہیں۔

لفظ " ایسا " سے اس قسم کا یا اسقدر یا اتنا کوئی معنی مراد لیں۔ اسکے پیش نظر حضرت تھانوی صاحب کی مذکورہ عبارت بالکل بے غبار اور بے داغ ہے۔ اور انہوں نے معاذ اللہ تعالیٰ آں حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وبارک وسلم کی ہرگز کوئی توہین نہیں کی۔ عبارات اکابر حصہ اول صہ ۱۸۱

ناظرین کرام! غور فرمائیں۔ مولوی منظور صاحب نے بھی مناظرہ بریلی میں حضرت مولانا سردار احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے یہی کچھ بیان کیا تھا۔ اور امیر اللغات جلد دوئم کا حوالہ دیکر یہی تین معنی بیان کئے تھے۔ اور مولوی منظور صاحب نے کہا تھا۔ کہ اس جگہ ایسا کے معنی تشبیہ کے نہیں۔ بلکہ اس عبارت میں ایسا کے معنی اتنا اور اس قدر کے ہیں۔ مولوی منظور صاحب نے کہا۔ کہ حفظ الایمان

Marfat.com

کی عبارت میں لفظ ایسا تشبیہ کے لئے نہیں ہے اگر اس عبارت میں ایسا کے معنی تشبیہ کے ہوتے۔ تو میں بھی اس کی تصدیق کرتا۔ کہ اس میں واقعی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان میں توہین ہے اور کفر ہے۔ بلکہ ایسا کے معنی اتنا اور اس قدر کے ہیں۔ مناظرہ بریلی ص۹۴۔۹۵

ٹھیک اسیطرح مصنف عبارات اکابر بھی لکھ رہے ہیں۔ کہ یہاں ایسا کے معنی اتنا اور اس قدر کے ہیں۔ جناب گکھڑوی صاحب اگر ایسا کے معنی اتنا یا اسقدر کے ہوں۔ جیسا کہ آپ فرما رہے ہیں۔ تو توہین تو تب بھی باقی رہی۔ بلکہ میں کہتا ہوں اور زیادہ واضح اور روشن ہوگئی۔ اس صورت میں حفظ الایمان کی عبارت کا مطلب یہ ہوتا ہے۔ اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں۔ تو اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا تخصیص ہے۔ ایسا یعنی اتنا اور اسقدر علم غیب تو زید و عمر بلکہ ہر صبی (بچے) و مجنون (پاگل) بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے! اب ہر ایک اردو خوان اپنے ایمان والے دل سے فتویٰ لے۔ کہ اس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان میں کیسی صریح توہین ہوگئی۔ اس عبارت کا اب صاف مطلب یہ ہوا۔ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا علم شریف اتنا ہے۔ جتنا بچوں۔ پاگلوں۔ جانوروں۔ چارپایوں کا ہے۔

ناظرین کرام۔ اب میں ایک حوالہ الشہاب ثاقب مولوی حسین صاحب صدر مدرسہ دیوبند کا نقل کرتا ہوں۔ غور سے ملاحظہ فرمائیے۔ مولوی حسین احمد صاحب فرماتے ہیں۔ پھر اس سے بھی قطع نظر کریں۔ تو جناب یہ ملاحظہ کیجئے۔ کہ حضرت مولانا عبارت میں لفظ ایسا فرما رہے ہیں۔ لفظ اتنا تو نہیں فرما رہے ہیں۔ اگر

Marfat.com

لفظ اتنا ہوتا۔ تو اس وقت البتہ یہ احتمال ہوتا کہ معاذ اللہ حضور علیہ السلام کے علم کو اور چیزوں کے علم کے برابر کر دیا۔ یہ محض جہالت نہیں تو اور کیا ہے۔ اس سے بھی اگر قطع نظر کریں تو لفظ ایسا تو کلمہ تشبیہ کا ہے۔ تمت جواب جناب مولوی حسین احمد مدنی دیوبندی ختم شد

مخدوم مکرم! اب آپ ذرا تکلیف فرما کر مصنف عبارت کے جناب مفتی صاحب سے دریافت فرمائیے کہ جناب آپ تو لکھتے ہیں کہ ایسا کے معنی یہاں اتنا اور اس قدر کے ہیں۔ اور مولوی منظور صاحب بھی یہی لکھ چکے ہیں۔ مولوی منظور صاحب تو یہ بھی فرماتے ہیں کہ اگر اس عبارت میں ایسا کے معنی تشبیہ کے ہوتے تو میں بھی اس کی تصدیق کرتا کہ اس میں واقعی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان میں توہین ہے اور کفر ہے۔ اور آپ کے استاد مولوی حسین احمد صدر مدرس دیوبند آپ دونوں حضرات کے خلاف فتویٰ دے رہے ہیں۔ اور فرماتے ہیں کہ حضرت مولانا عبارت میں ایسا لفظ فرماتے ہیں۔ اگر لفظ اتنا ہوتا تو اس وقت البتہ یہ احتمال ہوتا کہ معاذ اللہ حضور علیہ السلام کے علم کو اور چیزوں کے علم کے برابر کر دیا۔ یہ محض جہالت نہیں تو اور کیا ہے۔ اس سے بھی اگر قطع نظر کریں تو لفظ ایسا تو کلمہ تشبیہ کا ہے۔

مولوی صاحب آپ نے صدر صاحب کی بات پڑھ لی ہے۔ اب آپ فیصلہ فرمائیں کہ آپ تینوں حضرات میں سے سچا کون ہے۔ اگر آپ دونوں حضرات سچے ہیں تو صدر مدرسہ دیوبند مولوی حسین احمد صاحب کو جھوٹا ماننا پڑے گا اور اگر مولوی حسین احمد صاحب سچے ہیں تو آپ دونوں حضرات جھوٹے ہیں اور

Marfat.com

جو خطاب جہالت کا آپ کو مل چکا ہے دیوبند کی جانب سے اس کو بھی آپ قبول فرمالیں اور آئندہ تھانوی صاحب کی حمایت میں کبھی کوئی جملہ کسی کتاب میں نہ لکھیں کیونکہ صدر دیوبند کا فیصلہ ہو چکا ہے کہ لفظ ایسا تو کلمہ تشبیہ کا ہے اور علمائے اہلسنت بھی یہی فرمارہے ہیں۔ کہ لفظ ایسا کلمہ تشبیہ کا ہے اور اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہے۔ اور یہ کفر ہے۔

اب آپ کو مولوی حسین احمد صاحب کا فتویٰ تو ہر حالت میں ماننا ہی پڑے گا۔ کیونکہ آپ کے اکابر اور روحانی پیشوا بھی ہیں۔ ان کی تو روحانی طاقت اسقدر بڑھی ہوئی تھی کہ اگر وہ چاہتے تو اپنی روحانی طاقت کے ذریعے انگریز کو ہندوستان سے نکال سکتے تھے۔ (حوالہ عبارت کفریہ نمبر ۴ میں گذر چکا) شاید ان کو روحانی طاقت کے ذریعہ ہی علم ہو چکا ہوگا۔ کہ لفظ ایسا کلمہ تشبیہ کا ہے۔ اتنا اور اسقدر کے نہیں جیسا کہ آپ دونوں حضرات فرمارہے ہیں۔ کہ اگر لفظ ایسا کلمہ تشبیہ کا ہو۔ تو اس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہے۔ اتنا اور اسقدر کے معنی میں ہو تو توہین نہیں ہے۔ اور آپ کے صدر صاحب فرمارہے ہیں۔ کہ لفظ ایسا کے معنی اتنا اور اسقدر کے ہوں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ہے۔ کیونکہ لفظ ایسا کلمہ تشبیہ کا ہے گکھڑوی صاحب اب انصاف سے فیصلہ خود فرمالیں۔ کہ آپ دونوں حضرات سچے ہیں۔ یا آپ کے اکابر مولوی حسین احمد صاحب سچے ہیں۔ دونوں میں سے ایک تو ضرور بر ضرور جھوٹا ہے۔

---

Marfat.com

# کفریہ عبارت نمبر ۹

## ختم نبوت زمانی سے مکمل انکار

عوام کے خیال میں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم ہونا بایں معنیٰ ہے۔ کہ آپ کا زمانہ انبیاء سابق کے زمانے کے بعد اور آپ سب میں آخر نبی ہیں۔ مگر اہل فہم پر روشن ہوگا کہ تقدم یا تاخر زمانی میں بالذات کچھ فضیلت نہیں۔ پھر مقام مدح میں وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ فرمانا اس صورت میں کیونکر صحیح ہوسکتا ہے۔ تحذیر الناس مصنفہ مولوی محمد قاسم نانوتوی ص۳

عوام کے معنی عام لوگ۔ اہل فہم کے معنی سمجھدار لوگ۔ جس وقت اہل فہم کے مقابلے میں عوام کا لفظ بولا جائے۔ اس وقت عوام کے معنی ناسمجھ لوگ ہوں گے تقدم کے معنی پہلے اور آگے ہونا۔ تاخر کے معنی بعد کو اور پیچھے ہونا۔ زمانی کے معنی زمانے کے اعتبار سے بالذات کے معنی اپنی ذات سے اور اپنی ذات کے اندر فضیلت کے معنی خوبی اور بزرگی۔ مدح کے معنی تعریف۔

واقعہ یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن پاک میں فرمایا ہے مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ط۔ یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں۔ لیکن وہ اللہ کے رسول اور سب نبیوں سے پچھلے نبی ہیں۔ ناظرین کرام۔ غور فرمائیں۔ چودہ سو برس سے اب تک کے تمام اگلے پچھلے اولیاء و علماء اہل اسلام کا اس بات پر اجماع واتفاق ہے۔ کہ آیت کریمہ میں خاتم النبیین کے صرف یہی معنی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

سب سے پچھلے نبی ہیں۔ اور جو شخص اس ضروری دینی معنی کے خلاف کوئی اور معنے اس لفظ کے بتائے۔ وہ ہرگز مسلمان نہیں۔ بلکہ شریعت اسلامیہ کے حکم سے کافر مرتد بے دین ہے۔ لیکن مولوی نانوتوی صاحب کی اس عبارت کا صریح اور صاف اور واضح مطلب یہی ہوا۔ کہ آیت کریمہ میں خاتم النبیّین کے یہ معنی سمجھنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پچھلے نبی ہیں۔ یہ تو ناسمجھ لوگوں کا خیال ہے۔ سمجھدار لوگوں کے نزدیک یہ معنی غلط ہیں۔ کیونکہ زمانے کے لحاظ سے سب سے پہلے یا سب سے پیچھے ہونا اپنی ذات کے اندر کوئی خوبی یا بزرگی نہیں رکھتا۔ بلکہ آیت کریمہ میں اگر وصف خاتم النبیّین کے معنی سب سے پچھلا نبی مراد ہوں تو چونکہ یہ آیت مبارکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں ہے۔ لہٰذا اس تعریف کے مقام میں خاتم النبیّین فرمانا کیونکر صحیح ہوگا۔ یہی مولوی نانوتوی صاحب اپنی کتاب تحذیر الناس کے صد ۳ وصد ۴ پر ایک مثال دیتے ہیں۔ کہ زمین، پہاڑ اور در و دیوار کا نور اگر آفتاب کا فیض ہے۔ تو آفتاب کا نور کسی اور کا فیض نہیں۔ ہماری غرض وصف ذاتی ہونے سے اتنی ہی تھی۔ آگے اسی صفحہ پر لکھتے ہیں۔ اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیّت کو تصور فرمائیے۔ یعنی آپ موصوف بوصف نبوت بالذات ہیں اور سوا آپ کے اور نبیّ موصوف بوصف نبوّت بالعرض اوروں کی نبوت آپ کا فیض ہے۔ پر آپ کی نبوّت کسی اور کا فیض نہیں۔ آپ پر سلسلہ نبوت ختم ہو جاتا ہے۔

مولوی نانوتوی صاحب کی اس عبارت کا صاف صریح اور واضح مطلب یہی ہوا۔ کہ آیت کریمہ میں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیّین فرمایا گیا ہے۔

Marfat.com

اس کے یہ معنی تصور کرنا چاہیئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بغیر کسی دوسرے کے واسطے کے خود بخود اپنی ذات سے نبوت حاصل ہے۔ لیکن حضورؐ کے سوا اور ہر ایک نبی کو اپنی ذات سے نہیں۔ بلکہ حضورؐ کے واسطے سے ہی نبوت حاصل ہوئی ہے۔ اور حضورؐ کو بغیر کسی کے واسطے سے خود اپنی ہی ذات سے نبوّت حاصل ہے۔

ناظرین حضرات غور فرمایئے۔ مولوی نانوتوی صاحب نے خود اپنی طبیعت سے خاتم النبیّین کے جو معنی گڑھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بغیر کسی اور کے واسطے کے خود اپنی ذات سے نبی ہیں۔ کہ تفسیر و حدیث وکلام و اصول و فقہ و لغت کی کسی کتاب سے ہرگز ہرگز یہ ثابت نہیں کہ خاتم کے معنی موصوف بالذات ہیں۔ مولوی نانوتوی صاحب نے اپنے اس تراشیدہ خراشیدہ معنے کا نام ختم ذاتی اور خاتمیّت مرتبی رکھا ہے اور اپنی اس "تحذیر الناس" کے صفحہ ۸ پر لکھتے ہیں شایانِ شانِ محمدی خاتمیت مرتبی ہے نہ زمانی۔ اس عبارت کا صاف صریح واضح مطلب یہی ہوا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مبارک کے لائق خاتم النبیین کے صرف یہی معنی مراد ہیں کہ حضورؐ بغیر کسی دوسرے نبی کے واسطے کے خود اپنی ذات سے نبی ہیں۔ لیکن خاتم النبیّین کے یہ معنی کہ حضورؐ سب سے پچھلے نبی ہیں۔ یہ معنی حضورؐ کی شان کے لائق نہیں۔

**اگر بالفرض آپ کے زمانے میں بھی کہیں اور نبی ہو جب بھی آپکا خاتم ہونا بدستور باقی رہتا ہے۔ معاذ اللہ**

مولوی نانوتوی صاحب اپنی کتاب "تحذیر الناس" کے صفحہ ۱۴ پر لکھتے ہیں۔

Marfat.com

اختتام اگر بایں معنیٰ تجویز کیا جاوے جو میں نے عرض کیا تو آپ کا خاتم ہونا انبیاء گذشتہ ہی کی نسبت خاص نہ ہوگا۔ بلکہ اگر بالفرض آپ کے زمانے میں بھی کہیں اور نبی ہو جب بھی آپ کا خاتم ہونا بدستور باقی رہتا ہے۔ تحذیر الناس ص۱۶

اس عبارت کا صاف صریح واضح مطلب یہی ہوا۔ کہ خاتم النبیین کے اگر یہ معنی لئے جائیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پچھلے نبی ہیں۔ تو یہ خرابی ہو گی کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس صورت میں صرف انہی انبیاء علیہم السلام کے خاتم ہوں گے جو حضور علیہ السلام سے پہلے تشریف لا چکے ہیں۔ لیکن اگر خاتم النبیین کے وہ معنی لئے جائیں جو میں نے بیان کئے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بغیر کسی دوسرے کے واسطے کے اپنی ذات سے خود بخود نبی ہیں۔ تو اس میں یہ خوبی ہے۔ اگر حضورؐ کے زمانے میں بھی کہیں اور نبی ہو۔ تو پھر بھی حضورؐ ویسے ہی خاتم النبیین رہیں گے۔

اگر بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدیؐ میں کچھ فرق نہ آئے گا۔ (معاذ اللہ)

مولوی نانوتوی صاحب اپنی اسی کتاب تحذیر الناس ص۲۸ پر لکھتے ہیں۔

اگر خاتمیت بمعنے اتصاف ذاتی بوصف نبوت لیجئے جیسا اس ہیچمدان نے عرض کیا ہے تو پھر سوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کسی کو افراد مقصود بالخلق میں سے مماثلت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نہیں کہہ سکتے بلکہ اس صورت میں فقط انبیاء کی افراد خارجی ہی پر آپ کی افضلیت ثابت نہ ہو گی افراد مقدرہ پر بھی آپ کی افضلیت ثابت ہو جائے گی۔ بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبویؐ بھی کوئی نبی پیدا

Marfat.com

ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔ تحذیر الناس صـ ۲۸

## نانوتوی صاحب نے کذّاب نبیوں کیلئے نبوّت کا دروازہ کھول دیا

مولوی نانوتوی صاحب نے اپنی ان عبارتوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے پچھلے نبی ہونے کی جو عقائد ضروریہ دینیہ میں ہے شدید ترین تکذیب کی ہے اور اپنے جی سے ختم نبوت کے ایسے معنے گڑھے جن سے قیامت تک ہزاروں لاکھوں جدید نبیوں پیغمبروں کے لئے نبوت کا دروازہ کھول دیا۔ معاذ اللہ

مولوی نانوتوی صاحب سے سیکھ کر ہر کذّاب آدمی معاذ اللہ کہہ سکتا ہے۔ کہ میں نبی و پیغمبر ہوں، لیکن میں خود اپنی ذات سے نہیں۔ بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے واسطے سے نبی و پیغمبر بنا ہوں۔

چنانچہ مرزا غلام احمد قادیانی نے بالکل بعینہٖ اسی طرح اپنے نبی و رسول و پیغمبر ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ مرزا قادیانی نے بھی خاتم النبیین کے یہی معنیٰ لکھے ہیں کہ کسی شخص کے لئے مرتبہ نبوت حاصل کرنے تک پہنچنے کا بغیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے کے کوئی راستہ نہیں۔

## حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے ہی فرمایا کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں پیدا ہوگا

حضور سیّد عالم نے بھی آیت وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ کا معنیٰ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ فرمایا۔ (مشکوٰۃ شریف) تو خاتم النبیین کے معنیٰ حضور یہی فرما رہے ہیں۔ کہ لا نبی بعدی یعنی میرا زمانہ تمام انبیاء علیہم السلام کے زمانے کے بعد ہے اور میرے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہو سکتا۔ اور یہ معنیٰ فرما کر ہی اپنی فضیلت بیان فرما رہے

Marfat.com

ہیں۔ کہ چونکہ مجھے تاخر زمانی حاصل ہے۔ اس لئے بایں حیثیت مجھے دوسرے انبیاء پر فضیلت حاصل ہے گو یقیناً حضور صلی اللہ علیہ وسلم ذاتی و زمانی ہر طرح خاتم النبیین ہیں اور حضور علیہ السلام کی ختم نبوت ذاتی پر سینکڑوں دوسرے دلائل بھی موجود ہیں۔ مگر اس آیت سے صرف ختم نبوت زمانی مراد ہیں۔ اس لئے ارشاد فرمایا۔ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ اور یہ فرمان بانی اسلام کا ہے۔ مگر بانی مدرسہ دیوبند حضور علیہ السلام کے اس فرمودہ معنی کو عوام جہال کا خیال بتاتا ہے اور اس آیت کریمہ سے ختم نبوت زمانی کے مفہوم کا انکار کر کے ختم زمانی مراد لینے والوں کو اہل فہم سے نکالتا ہے تو نعوذ باللہ اس کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی اہل فہم نہیں تھے۔ استغفراللہ۔ اور لا نبی بعدی کے لفظ سے حضور نے جو اپنی فضیلت بیان فرمائی۔ تو اس کا صاف صریح واضح مطلب یہی ہوا۔ کہ آیت کریمہ خاتم النبیین صرف معنی ختم نبوت زمانی میں محصور ہے اور اس کا انکار کفر ہے اور ایک لطف کی بات یہ بھی ہے کہ خود نانوتوی صاحب نے بھی اس بات کو تسلیم کر لیا ہے کہ یہ معنی جو اس نے کئے ہیں تیرہ سو سال میں کبھی کسی نے نہیں کئے۔ لکھتے ہیں۔ اگر بوجہ کم التفاتی بڑوں کا فہم اس مضمون تک نہ پہنچا تو ان کی شان میں کیا نقصان آ گیا۔ اور کسی طفل نادان نے کوئی ٹھکانے کی بات کہہ دی تو کیا اتنی بات سے وہ عظیم الشان ہو گیا ہے

گاہ باشد کہ کودکان ناداں
بغلط بر ہدف زند تیرے

تحذیر الناس ص ۲۹

Marfat.com

# نانوتوی صاحب کا اعتراف

ثابت ہوا کہ نانوتوی صاحب نے صاف صاف لفظوں میں اس بات کا اعتراف کر لیا ہے کہ اس مفہوم کی طرف بڑوں کا فہم نہیں پونچا یہ بات صرف میں نے کہی ہے۔ یعنی اجماعی عقیدہ اور اجماعی معنی کا منکر صرف یہی طفل ناداں ہے۔ ناظرین کرام غور فرمائیں۔ یہ دیوبندی علماء بات بات پر اہل سنت کو بدعت کے فتوے دینے والے اپنے گھر کی خبر کیوں نہیں لیتے ؟۔ کہ ان کے اکابر نانوتوی صاحب جو فرما رہے ہیں۔ یہ بدعت سیئہ نہیں تو اور کیا ہے ؟ کیا یہ مداخلت فی الدین نہیں۔ کہ جو بات عہد رسالت سے لے کر آج تک کسی نے نہ کی ہو۔ وہ نانوتوی صاحب کر کے دکھلائیں کیا یہ بدعت نہیں ؟۔ اور کیوں نہ نانوتوی صاحب ایسا کر کے دکھلاتے جبکہ ان کا اسلام ہی برائے نام ہے۔ چنانچہ وہ خود تحذیر الناس کے ص۴۲ پر لکھتے ہیں۔

" سو اس زمانہ کے علماء سے ہو سکے۔ تو اس گنہگار کو جس کا اسلام برائے نام ہے۔ دستگیری فرما کر ورطۂ ہلاکت سے نجات دیں "

جناب صفدر صاحب اسی کفریہ عبارت کو نقل کرنے کے بعد اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر اعتراض کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

" خان صاحب نے حضرت مولانا نانوتوی علیہ الرحمۃ کے حوالہ سے جو عبارت نقل کی ہے۔ اس کے آخری حصہ میں یہ مخطوطہ عبارت ہے۔ اب غور فرمائیے کہ خان صاحب نے کس طرح شعبدہ بازی کا مظاہرہ کیا ہے۔ کہ ایک فقرہ

Marfat.com

تخذیر الناس کے صفحہ ۱۲ کا لیا۔ اور دوسرا صفحہ ۲۴ کا اور تیسرا صفحہ ۲ کا اور اپنی افتادِ طبع سے مجبور ہو کر ایک خاص ترتیب دی اور پھر اس سے بزعم خویش ایک کفریہ مضمون تیار کیا۔ اور پھر کفریہ فتوٰے مرتب کر کے علمائے حرمین سے اس کی تصدیق حاصل کی۔ اور عامتہ المسلمین کو یہ باور کرانے کی سعی کی ہے کہ یہ عبارت اسی طرح مرتب اور مربوط ہے۔ عبارات اکابر پہلا حصہ ص۱۱۸

گکھڑوی صاحب۔ اعلیٰ حضرت رحمتہ اللہ علیہ پر آپ کا یہ اعتراض بالکل بے بنیاد اور لغو ہے۔ اس میں ذرا بھر صداقت نہیں۔ سفید جھوٹ ہے۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمتہ کی شعبدہ بازی نہیں۔ بلکہ آپ کی حیل سازی کا بیّن ثبوت ہے۔ یہ تینوں فقرے مستقل ہیں۔ ناظرین کرام! اب میں یہ تینوں فقرے تخذیر الناس نانوتوی صاحب کی کتاب سے الگ الگ نقل کرتا ہوں۔ دیکھیئے کہ ہر ایک فقرہ علیحدہ علیحدہ اپنے معنی ظاہر کر رہا ہے یا نہیں؟ تا کہ آپ کو گکھڑوی صاحب کی چالاکی کا بھی علم ہو جائے۔ کہ کیسی کیسی ہوشیاری سے اعلیٰحضرت خان صاحب کو بدنام کرنے کا طریقہ اختیار کر رکھا ہے۔ یہ تخذیر الناس میرے سامنے موجود ہے۔ اس میں نانوتوی صاحب صفحہ ۳ پر لکھتے ہیں۔

" بعد حمد و صلوٰۃ کے قبل عرض جواب۔ یہ گزارش ہے۔ کہ اوّل معنی خاتم النبییّن معلوم کرنے چاہئیں: تا کہ فہم جواب میں کچھ دقّت نہ ہو۔ سو عوام کے خیال میں تو رسول اللہ صلعم کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ کا زمانہ انبیاءِ سابق کے زمانے کے بعد اور آپ سب میں آخری نبی ہیں۔ مگر اہل فہم پر روشن ہوگا۔ کہ تقدم یا تاخر زمانے میں بالذات کچھ فضیلت نہیں۔ پھر

Marfat.com

مقام مدح میں ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین فرمانا اس صورت میں کیونکر صحیح ہو سکتا ہے۔ لیجئے یہ ایک فقرہ ہے۔ جو مستقل ہے۔ اور اپنے مفہوم کو پورے طور پر صاف الفاظ میں ظاہر کر رہا ہے۔ اسی لئے میں نے ساتھ ہی زائد عبارت کو نقل کر دیا ہے تاکہ اس فقرہ کا تمام یا ناتمام ہونا اچھی طرح واضح ہو جائے۔ مولوی نانوتوی صاحب اسی کتاب کے صفحہ ۱۴ پر لکھتے ہیں۔

" غرض اختتام اگر بایں معنی تجویز کیا جائے۔ جو میں نے عرض کیا تو آپ کا خاتم ہونا انبیاء گذشتہ ہی کی نسبت خاص نہ ہوگا۔ بلکہ اگر بالفرض آپکے زمانے میں بھی کہیں اور نبی ہو۔ جب بھی آپ کا خاتم ہونا بدستور باقی رہتا ہے۔ لیجئے یہ فقرہ بھی مستقل ہے۔ جو اپنے مفہوم کو صاف صاف ظاہر کر رہا ہے۔ تیسرا فقرہ نانوتوی صاحب اسی کتاب کے صفحہ ۲۸ پر لکھتے ہیں۔

" ہاں اگر خاتمیت بمعنی اتصاف ذاتی بوصف نبوت لیجئے جیسا کہ اس ہیچمدان نے عرض کیا ہے۔ تو پھر سوا رسول اللہ صلعم اور کسی کو افراد مقصود بالخلق میں سے مماثلث نبوی صلعم نہیں کہہ سکتے بلکہ اس صورت میں فقط انبیاء کے افراد خارجی ہی پر آپ کی افضلیت ثابت نہ ہوگی۔ افراد مقدرہ پر بھی آپ کی افضلیت ثابت ہو جائیگی۔ بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلعم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا لیجئے یہ فقرہ بھی مستقل ہے جو اپنے معنی کو صاف طور پر ظاہر کر رہا ہے"

ناظرین کرام دیکھ لیا آپ نے۔ یہ تینوں فقرے علیحدہ علیحدہ صاف صاف اپنے مفہوم کو ظاہر کر رہے ہیں۔ لہذا گگھڑوی صاحب کا یہ قول مردود ہو کر

Marfat.com

رہ گیا۔ جس میں انہوں نے اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ علیہ پر اعتراض کرتے ہوئے یہ لکھ مارا۔ کہ خان صاحب نے تین فقرے مختلف صفحات سے لیکر کفری معنی پیدا کر لئے۔ دراصل یہ گکھڑوی صاحب کی شعبدہ بازی کا مظاہرہ ہے۔

ناظرین کرام! غور فرمائیں یہ فقرہ جو نقل کیا گیا۔ اس میں نانوتوی صاحب یہ لکھتے ہیں۔ کہ افراد مقدرہ پر بھی آپ کی افضلیت ثابت ہو جائے گی۔ بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلعم بھی کوئی نبی پیدا ہو۔ تو پھر بھی خاتمیّت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔ جیسے اس فقرے کو گکھڑوی صاحب نے عبارات اکابر کے ص۱۱۷ پر لکھا ہے اب میں گکھڑوی صاحب سے دریافت کرتا ہوں۔ کہ کیا آپ کا یہ عقیدہ ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے عقیدہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نیا نبی پیدا نہیں ہو سکتا۔ جیساکہ آپ نے عبارات اکابر کے ص۱۲۰ پر لکھا ہے اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کو نبوّت ملنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ جو اس میں تامّل کرے وہ بھی کافر ہے۔ تو پھر یہ جملہ کہ افراد مقدرہ پر بھی آپ کی افضلیت ثابت ہو جائے گی۔ افراد مقدرہ سے مراد وہ نبی جو دنیا میں پیدا تو نہیں ہوئے۔ لیکن ان کا جناب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پیدا ہونا تقدیر الٰہی میں لکھا ہوا ہے۔ اس عبارت سے صاف صاف یہ ظاہر ہو رہا ہے۔ کہ نانوتوی صاحب کا عقیدہ یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک کے بعد بھی اور نبی پیدا ہو سکتے ہیں تب ہی تو لکھ رہے ہیں۔ بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی پیدا ہوا۔ تو پھر بھی خاتمیّت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔

Marfat.com

اور گکھڑوی صاحب لکھ رہے ہیں۔ کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کو نبوت ملنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جو اس میں تامل کرے وہ بھی کافر ہے بات تو آپ کی بالکل صحیح ہے۔ ہر مسلمان کا یہی عقیدہ ہے۔ لیکن نانوتوی صاحب کی عبارت کا آپ کے پاس کیا جواب ہے؟ جو صاف صریح واضح الفاظ میں ختم نبوت زمانی کا انکار کرتے ہوئے لکھ رہے ہیں۔ بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔

اب جناب صفدر صاحب ذرا اچھی طرح سوچ سمجھ کر اس بات کا جواب دیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی نبی کے پیدا ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہو سکتا۔ تو پھر نانوتوی صاحب نے یہ کیوں لکھا؟ کہ آپ کے زمانہ کے بعد بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔

اور آپ اس بات کا بھی جواب دیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے بعد اگر کوئی نبی پیدا ہو۔ جیسا کہ آپ کے اکابر نانوتوی صاحب لکھ چکے ہیں۔ تو پھر خاتمیت محمدی میں کیوں فرق نہ آئے گا؟ علمائے اہل سنت کا تو یہ عقیدہ ہے کہ اگر بعد زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کوئی نبی پیدا ہو۔ جیسا کہ نانوتوی صاحب کا عقیدہ ہے تو خاتمیت محمدی میں ضرور فرق آئے گا۔ کیونکہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم خود ارشاد فرما چکے ہیں کہ میں تمام نبیوں کو ختم کرنے والا ہوں۔ میرے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہو سکتا۔ جیسا کہ اوپر وضاحت کے ساتھ بیان ہو چکا۔ نانوتوی صاحب کا یہ عقیدہ کہ افراد مقدرہ پر بھی آپ کی افضلیت ثابت ہو جائے گی اس عبارت کا صاف صریح مطلب یہی ہوا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے

Marfat.com

زمانے کے بعد وہ نبی بھی آنے والے ہیں۔ جو تقدیر الٰہی میں لکھے ہوئے ہیں۔ معاذ اللہ۔ استغفر اللہ۔ حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے وقت میں ایک شخص نے دعوٰے نبوّت کیا۔ اس نے لوگوں سے کہا۔ کہ مجھ کو مہلت دو کہ میں علامت نبوّت کی تم کو دکھلاؤں۔ حضرت امام صاحب نے حکم فرمایا۔ جو شخص اس سے نشان نبوت اور معجزہ طلب کرے گا۔ وہ اسی وقت کافر ہو جائے گا اس لئے کہ جو شخص اس سے معجزہ طلب کریگا۔ یہ بات ثابت ہوگی۔ کہ وہ دوسرے نبی کا ہونا بعد آپ کے (صلی اللہ علیہ وسلم) ممکن الوقوع سمجھتا ہے۔ حالانکہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) فرما چکے۔ لا نبی بعدی۔ انوار آفتاب صداقت ۲۱۵

اب میں ایک حوالہ مولوی محمد شفیع صاحب مفتی دیوبند کا نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔ مفتی صاحب تصریح کرتے ہیں۔

آپ نے خبر دی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں۔ اور آپ کے بعد کوئی نبی نہیں ہو سکتا۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دی ہے۔ کہ آپ انبیاء کے ختم کرنے والے ہیں۔ اور اس پر امت کا اجماع ہے۔ کہ یہ کلام بالکل اپنے ظاہری معنوں پر محمول ہے۔ اور جو اس کا مفہوم ظاہری الفاظ سے سمجھ میں آتا ہے۔ وہی بغیر کسی تاویل یا تخصیص کے مراد ہے۔ پس ان لوگوں کے کفر میں کوئی شبہ نہیں ہے جو اس کا انکار کریں اور یہ قطعی اور اجماعی عقیدہ ہے

حوالہ ختم النبوۃ فی الآثار مطبوعہ دیوبند ص۸ بحوالہ دیوبندی مذہب ص۳۳۲

مفتی محمد شفیع صاحب کی اس تصریح سے روز روشن کی طرح واضح ہو گیا۔ کہ آیت خاتم النبیین کے صرف ظاہری معنی پر ایمان لانا بغیر کسی تاویل یا

Marfat.com

تخصیص کے فرض ہے۔ اور ظاہری معنی میں تاویل یا تخصیص کرنے والا کافر ہے۔ اور سنیئے مولوی مرتضیٰ حسن چاندپوری دیوبندی ناظم تعلیمات دیوبند کیا فرماتے ہیں۔ لکھتے ہیں۔

" اب جیسے علمائے دیوبند کہتے ہیں کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم الانبیاء یعنی آخرالانبیاء نہ سمجھے۔ کسی کو بھی منصب نبوت کا ملنا شرعاً جائز سمجھے وہ قطعاً کافر ہے " اشد العذاب صہ ۱۴

اور سنیئے مولوی مرتضیٰ حسن صاحب اسی کتاب کے صدا پر لکھتے ہیں۔

" اور یہی خدائی حکم ہے۔ کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین یعنی آخرالنبیین ہیں۔ آپ کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی۔ اسی قسم کے حوالے دیوبندی کتب سے اور بھی پیش کئے جا سکتے ہیں "

گکھڑوی صاحب اب میں آپ کے اکابر صدر دیوبند مولوی حسین احمد صاحب کا ایک حوالہ نقل کرتا ہوں ۔ ملاحظہ فرمائیے۔

" یہ معلوم کرنا چاہیئے کہ آیت ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین۔ کی تفسیر میں عام مفسرین اس طرف گئے کہ مراد خاتمیت سے فقط خاتمیت زمانی ہے۔ خاتمیت مرتبی جو کہ دوسرے معنے ہیں وہ نہیں۔ حضرت مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ اس حصر پر انکار فرما رہے ہیں " الشہاب ثاقب صہ

یہ حوالہ تو جناب آپ کے صدر دیوبند کا ہے۔ آپ کے صدر صاحب بھی یہی لکھ رہے ہیں۔ کہ عام مفسرین بھی یہی فرما رہے ہیں۔ کہ مراد خاتمیت سے فقط خاتمیت زمانی ہے۔ خاتمیت مرتبی نہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہو رہا ہے

Marfat.com

کہ مولوی حسین احمد صاحب صدر دیوبند بھی نانوتوی صاحب کا رد فرما رہے ہیں۔ گگھڑوی صاحب میں تو اس کتاب کے لکھنے میں انتہائی کوشش یہ کر رہا ہوں کہ آپ کے اکابر کی کتابوں سے حوالے نقل کر دوں۔ تاکہ آپ کو اس کتاب کے جواب لکھنے کی تکلیف نہ ہو۔ اپنے اکابر کی کتابوں سے ہی تسلی فرمالیں۔

ناظرین حضرات۔ غور فرمائیں بعض حضرات علمائے دیوبند اُن کفریہ عبارتوں پر پردہ ڈالنے کے لئے اپنے اکابر کی دوسری عبارات پیش کر دیتے ہیں۔ جن میں شان رسالت میں کسی قسم کی کوئی توہین نہیں کی گئی۔ بلکہ تعریف کے ساتھ عظمت شان نبوّت بیان کیا گیا ہے لیکن وہ عبارات ان کے لئے فائدہ مند ہرگز نہیں ہو سکتیں۔ جب تک کوئی عبارت ایسی نہ پیش کر دیں کہ ہم نے فلاں جگہ فلاں کتاب میں فلاں صفحہ پر یہ کفریہ عبارت لکھی تھی۔ اب اس سے ہم رجوع کرتے ہیں اور توبہ کا اعلان کرتے ہیں۔ مثلاً مولوی محمد قاسم نانوتوی نے تحذیر الناس میں خاتم النبیین کے معنی منقول متواتر آخر النبیین کو عوام کا خیال بتا کر انکار کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ اگر بالفرض آپ کے زمانے میں بھی کہیں اور نبی ہو جب بھی آپ کا خاتم ہونا بدستور باقی رہتا ہے۔ اب اگر کئی عبارتیں بھی اس مضمون کی پیش کر دی جائیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں۔ یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مدعی نبوّت کافر ہے۔ تو اس سے کیا فائدہ ہو سکتا ہے جب تک نانوتوی صاحب کا یہ قول نہ پیش کیا جائے کہ میں نے جو خاتم النبیین کے معنی منقول متواتر آخر النبیین کا انکار کیا تھا۔ اب میں اس سے توبہ کر کے رجوع کرتا ہوں۔ اب دیکھئے اس مضمون کو مولوی مرتضیٰ حسن

چاند پوری نے مرزا غلام احمد قادیانی کے رد میں بڑی وضاحت سے بیان کیا ہے لکھتے ہیں۔ ایک بات قابل ذکر ہے۔ مرزائی دھوکہ دینے کی غرض سے وہ عبارات مرزا صاحب کی پیش کر دیتے ہیں جن میں ختم نبوت کا اقرار ہے۔ عیسٰی علیہ السلام کی تعظیم اور عظمت شان کا اقرار ہے۔ اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ مرزا صاحب ماں کے پیٹ سے کافر نہ تھے۔ ایک مدت تک مسلمان تھے۔ اور چونکہ دجّال تھے اس وجہ سے ان کے کلام میں باطل کے ساتھ حق بھی ہے۔ تو پہلی عبارت مفید نہیں جب تک کوئی ایسی عبارت نہ دکھا دیں کہ میں نے جو فلاں معنی ختم نبوت کے غلط بیان کئے تھے وہ غلط ہیں۔ صحیح معنی یہ ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی حقیقی نہ ہوگا۔ اشد العذاب مصنفہ مولوی مرتضیٰ حسن دیوبندی ص۱۵۔ آگے پھر اسی صفحہ پر لکھتے ہیں۔

لہٰذا جو عبارت مرزا صاحب اور مرزائیوں کی لکھی جاتی ہیں۔ جب تک ان مضامین سے صاف توبہ نہ دکھائیں یا توبہ نہ کریں۔ تو ان کا کچھ اعتبار نہیں۔ لہٰذا اہل سنت علماء کا بھی یہی مطالبہ ہے کہ جو توہین آمیز کفریہ عبارات اکابر دیوبندی علماء نے اپنی اپنی کتابوں میں لکھی ہیں۔ جب تک ان کفریہ عبارتوں سے صاف توبہ نہ دکھائیں یا توبہ نہ کریں تو ان کا کچھ اعتبار نہیں۔

Marfat.com

# نفسِ نبوّت میں قطعاً کوئی تفضیل نہیں

علمائے اہلسنت و جماعت کا اس بات پر اتفاق ہے۔ کہ نفسِ نبوت میں سب انبیائے کرام و رسل عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام برابر ہیں کسی نبی کی نبوّت کسی دوسرے نبی کی نبوت کے بالمقابل کوئی فرق نہیں پایا جاتا۔ نہ کسی نبی کا وصفِ نبوّت کسی دوسرے نبی کے وصفِ نبوت سے کم و بیش ہو سکتا ہے۔ نفسِ نبوت میں قطعاً کوئی تفضیل نہیں دیکھئے قرآن فرماتا ہے لا نفرق بین احد من رسلہ۔ ترجمہ۔ ہم اسکے پیغمبروں میں سے کسی کی تفریق نہیں کرتے اور حدیث شریف میں فرمایا۔ کہ نہ بزرگی دو مجھ کو موسیٰ علیہ السلام پر۔ اسی حدیث شریف کی شرح میں نواب قطب الدین صاحب، دیوبندی مظاہر الحق میں لکھتے ہیں۔ کہ منع کرنا فضیلت دینے سے نفسِ نبوت میں اس لئے کہ اسمیں سب انبیاء کرام برابر ہیں۔ البتہ انبیائے کرام و رسل عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام میں خصوصیات کی بنا پر ضرور تفصیل ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ۔

ترجمہ۔ ہم نے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی۔ اب قرآن شریف و حدیث پاک کی روشنی میں یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو گئی۔ کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک سب انبیائے کرام و رسل عظام علیہم السلام نفسِ نبوت میں برابر ہیں۔ لہٰذا نانوتوی صاحب نے جس مقصد کے لئے تحذیر الناس لکھی اس میں وہ بہت بری طرح ناکام ہوئے اور اپنے مقصد میں اسلئے کامیاب نہ ہو سکے۔ کہ انہوں نے تاویلات فاسدہ سے وصفِ نبوت کو بالذات اور بالعرض

Marfat.com

کی طرف تقسیم کر دیا جو شرعاً باطل ہے۔ کیونکہ قرآن شریف وحدیث پاک میں اس کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ معاذ اللہ نانوتوی صاحب کی اتنی بڑی جرأت جو چودہ سو برس کے عرصہ میں کسی مسلمان نے نہیں کی۔ اور نانوتوی صاحب اپنی کتاب تحذیر الناس کے صفحہ پر لکھتے ہیں۔ کہ فرق قدم نبوّت اور حدوث نبوّت باوجود اتحاد نوعی خوب جب ہی چسپاں ہو سکتا ہے کہ ایک جا یہ وصف ذاتی ہو اور دوسری جا عرضی۔ اور فرق قدم وحدوث اور دوام عروض فہم ہوئے یہاں تو یہ بات ثابت ہو چکی۔ کہ نانوتوی صاحب کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت قدیم اور دیگر انبیاء علیہم السلام کی نبوّت حادث ہے۔ علمائے اہلسنت اور تمام مسلمانوں کے نزدیک اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات وصفات کے سوا اور کوئی چیز قدیم نہیں۔ نبوت صفت ہے اور صفت کا وجود بے موصوف محال ہے۔ اور جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت قدیم غیر حادث ہوئی تو حضور اقدس صلعم بھی حادث نہ ہوئے بلکہ ازلی ٹھہرے۔ اور جو اللہ تعالیٰ وصفات الٰہیہ کے سوا کسی کو قدیم مانے باجماع مسلمین کافر ہے۔

# کفریہ عبارت نمبر ۱

## ایک مرید نے اپنے پیر مولوی اشرف علی کا کلمہ پڑھا

میں نے رسالہ حسن العزیز کو اٹھا کر اپنے سر کی جانب رکھ لیا اور سو گیا۔ کچھ عرصہ کے بعد خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہ پڑھتا ہوں۔ لیکن محمد الرسول اللہ کی جگہ حضور کا نام لیتا ہوں اتنے میں دل کے اندر خیال پیدا ہوا کہ تجھ سے غلطی ہوئی۔ کلمہ شریف کے پڑھنے میں اس کو صحیح پڑھنا چاہئے

Marfat.com

اس خیال سے دوبارہ کلمہ شریف پڑھتا ہوں۔ دل پر تو یہ ہے کہ صحیح پڑھا جاوے لیکن زبان سے بے ساختہ بجائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے اشرف علی نکل جاتا ہے۔ حالانکہ مجھ کو علم ہے کہ اس طرح درست نہیں۔ لیکن بے اختیار زبان سے یہی کلمہ نکلتا ہے۔ دو تین بار جب یہی صورت ہوئی۔ تو حضور کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں اور بھی چند شخص حضور کے پاس تھے لیکن اتنے میں میری یہ حالت ہوگئی کہ میں کھڑا کھڑا بوجہ اس کے کہ رقت طاری ہوگئی۔ زمین پر گر گیا۔ اور نہایت زور کے ساتھ ایک چیخ ماری اور مجھ کو معلوم ہوتا تھا۔ کہ میرے اندر کوئی طاقت باقی نہیں رہی۔ اتنے میں بندہ خواب سے بیدار ہو گیا لیکن بدن میں بدستور بے حسی تھی اور وہ اثر نا طاقتی بدستور تھا لیکن حالت خواب اور بیداری میں حضور کا ہی خیال تھا۔ لیکن حالت بیداری میں کلمہ شریف کی غلطی پر جب خیال آیا تو اس بات کا ارادہ ہوا کہ اس خیال کو دل سے دور کیا جاوے اس واسطے کہ پھر کوئی ایسی غلطی نہ ہو جاوے۔ بایں خیال بندہ بیٹھ گیا اور پھر دوسری کروٹ لیٹ کر کلمہ شریف کی غلطی کے تدارک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتا ہوں لیکن پھر بھی یہ کہتا ہوں۔ اللھم صل علی سیدنا و نبینا و مولانا اشرف علی۔ حالانکہ اب بیدار ہوں۔ خواب نہیں۔ لیکن بے اختیار ہوں۔ زبان اپنے قابو میں نہیں۔ اس روز ایسا ہی کچھ خیال رہا تو دوسرے روز بیداری میں رقت رہی۔ خوب رویا۔ اور بھی بہت سے وجوہات ہیں جو حضور کے ساتھ باعث محبت ہیں۔ کہاں تک عرض کروں۔

مولوی اشرف علی صاحب جواب دیتے ہیں۔

Marfat.com

اِس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس کی طرف تم رجوع کرتے ہو۔ وہ بعونہٖ تعالیٰ متبع سنت ہے۔ ۲۴ر شوال ۱۳۳۵ھ

رسالہ الامداد بابت ماہ صفر المظفر ۱۳۳۶ھ جلد ۳ صفہ ۳۵ مصنفہ مولوی اشرف علی

## دیوبندیوں کا کلمہ اشرف علی رسول اللہ پڑھنا متبع سنت ہونے کی دلیل ہے

ناظرین کرام غور فرمائیں۔ مولوی اشرف علی صاحب نے جو جواب دیکر اپنے مرید کی تسلی کی ہے۔ کہ جس کا تم کلمہ پڑھتے ہو۔ وہ اللہ کے فضل سے سنت کا تابعدار ہے اس سے اس کلمہ کفریہ پر مولوی اشرف علی کا راضی ہونا واضح ہے اور مرزا غلام احمد قادیانی کا بھی یہی مذہب ہے۔ کہ سنت کی پیروی سے ہر شخص نبی بن سکتا ہے۔

## اس کلمہ کفریہ پر خود دیوبندیوں کی پریشانی ملاحظہ ہو

مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے اپنے مرید کی زبانی جب اپنی نبوت اور رسالت کا معاملہ سن کر اس کی صحت کی تصدیق کی اور اپنی نبوت کے کلمے پر رضامندی ظاہر کی تو تمام عالم اسلام میں اشرف علی کے متعلق نفرت اور تردید کی آواز بلند ہوئی۔ اور عرب وعجم ترک ومصر کے تمام مسلمانوں نے اشرف علی کے اس کردار کو از حد معیوب دیکھا۔ اور مسلمانوں کو اشرف علی کے خطرناک نظریات سے بچنے کا اعلان کیا اور یہ احساس صرف عالم اسلام کو ہی نہیں بلکہ دیوبندیوں کے بعض سرکردہ رہبروں کو بھی اشرف علی کے اس نازیبا کردار سے سخت تشویش لاحق ہوگئی تھی۔ چنانچہ دیوبندیوں کے امام مولوی خلیل احمد سہارنپوری نے مولوی اشرف علی سے مطالبہ بھی کیا۔ کہ آپ اس

Marfat.com

اقرار نبوت کے الفاظ واپس لے لیں۔ مگر اشرف علی صاحب کو چونکہ اپنے وقار کا خطرہ تھا اور وہ اپنے آپ کو نبوت کا حامل سمجھتا تھا۔ اس لئے اس کی تردید سے انکار کر دیا اشرف علی کے معمولات میں یہ معاملہ بایں الفاظ درج ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

اس سال حضرت اقدس سیدی حکیم الامت دامت برکاتہم پر ایک شخص کے خواب کی وجہ سے عوام کالانعام نے زبان طعن بہت کچھ دراز کر رکھی تھی۔ اخبارات میں بھی اس کا بہت کچھ شور و غوغا رہا۔ بہرحال جب جلسہ مذکورہ میں حکیم الامت تشریف لے گئے اور آپ کا بیان ہونا قرار پایا تو بیان سے پہلے سیدی و مرشدی حضرت اقدس مولانا خلیل احمد صاحب دامت برکاتہم نے مولانا سے فرمایا کہ اس وقت بہت بڑا مجمع موجود ہے۔ اگر اس واقعہ خواب کے متعلق کچھ بیان کر دیا جائے تو اچھا ہے تاکہ عوام کے شکوک رفع ہو جائیں۔ حضرت حکیم الامت نے فرمایا۔ کہ مجھے تو اس کے متعلق بیان کرنے سے شرم و عار آتی ہے کیونکہ اس کا تو یہ مطلب ہوا کہ میں اپنا تبریہ کروں ..... حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نے فرمایا کہ اچھا اگر آپ اپنی زبان سے تبریہ نہیں کرتے تو ہم میں سے کوئی اسکے متعلق کچھ بیان کر دے۔ حضرت حکیم الامّت نے فرمایا۔ کہ اگر ایسا ہوا۔ تو میں جلسہ گاہ سے اُٹھ کر چلا جاؤں گا۔ اشرف المعمولات و ملفوظات تھانوی

مطبوعہ تھانہ بھون صـ۱۷ منقول از دیوبندی مذہب صـ۲۵۶

شیخ الحدیث جناب صفدر صاحب نے اس روایت کو نقل کرنے میں زبردست خیانت کی اور بہت چالاکی سے کام لیا ہے۔ لکھتے ہیں۔ لیکن بے اختیار زبان سے یہی کلمہ نکلتا ہے۔ دو تین بار جب یہی صورت ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وبارک وسلم کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں اور بھی چند شخص حضور صلی اللہ علیہ وبارک وسلم کے پاس

Marfat.com

تھے۔ پھر آگے چند سطر بعد لکھتے ہیں۔ لیکن حالت خواب و بیداری میں حضور صلی اللہ علیہ و بارک وسلم کا ہی خیال تھا۔

ناظرین کرام غور فرمائیں۔ گگھڑوی صاحب نے کس قدر ہوشیاری سے کام لیا ہے۔ پیر و مرید کو سچا کرنے کے لئے کیسی چال چلی ہے۔ کہ خواب کا بیان ہی بدل دیا ہے۔ یہ رسالہ" الامداد" ص۳۵ ماہ صفر ۱۳۳۶ھ میرے سامنے موجود ہے۔ اس میں کسی جگہ صلی اللہ علیہ و بارک وسلم لکھا ہوا نہیں۔ اس رسالہ میں پانچ جگہ حضور کا لفظ موجود ہے۔ لیکن کسی جگہ صلی اللہ علیہ و بارک وسلم نہیں۔ پانچوں جگہ حضور کے لفظ سے مولوی اشرف علی مراد ہیں۔ مولوی اشرف علی کا یہ مرید مولوی اشرف علی صاحب کی محبت میں اسقدر مستغرق ہے۔ کہ کلمہ شریف اور درود شریف پڑھتے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم شریف اس کی زبان پر چڑھتا ہی نہیں۔ جیسا کہ اس نے آگے آخر میں لکھا ہے اور بھی بہت سے وجوہات ہیں۔ جو حضور یعنی (اشرفعلی) کے ساتھ باعث محبت ہیں۔ کہاں تک عرض کروں۔ مرید تو صاف صاف لفظوں میں اپنے پیر اشرف علی کی محبت کا ثبوت پیش کر رہا ہے اور پیر صاحب کی محبت میں ایسا محو ہو چکا ہے۔ کہ خواب میں اور بیداری میں کلمہ شریف اور درود شریف مولوی اشرف علی کے لئے ہی وقف کر دیا ہے۔ ایسے شخص کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیسے ہو سکتی ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ان خوش نصیب لوگوں کو ہوتی ہے۔ جو رسول اللہ کی محبت میں مستغرق ہو کر دیوانے ہو چکے ہیں۔ اور شب و روز درود شریف ہی ان کا ورد ہے۔ اور جن کی زبان پر کلمہ شریف اور درود شریف ہی جاری نہ ہو سکے۔ اس بدنصیب کے

Marfat.com

سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیسے جلوہ افروز ہو سکتے ہیں؟ یہ تو گھڑوی صاحب کی چالبازی ہے۔ اہل علم حضرات پر گھڑوی صاحب کا یہ مکر و فریب نہیں چل سکتا۔ خواب میں زیارت سے وہی حضرات مشرف ہو سکتے ہیں جو اپنے ماں باپ اپنی اولاد مال و جان اور پیر مرشد اور تمام جہان کے لوگوں سے بڑھ کر محبت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں مستغرق ہوں۔ اور جو پیر و مرشد کی محبت میں دیوانے ہوں۔ ان کی زبان پر کلمہ شریف اور درود شریف کیسے جاری ہو سکتا ہے؟ اور کیسے ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہو سکتی ہے؟ وہ بدنصیب تو زیارت پاک سے محروم ہی رہتے ہیں۔

Marfat.com

جناب سرفراز صاحب نے پیر و مرید کے اس واقعہ کو سچا ثابت کرنے کے لئے اور ان کو بے گناہ ثابت کرنے کے لئے بہت پلٹیاں کھائی ہیں چنانچہ عبارات اکابر کے صفحہ ۲۰۲ پر لکھتے ہیں ۔خواب کی ایک صورت ہوتی ہے اور اس میں پنہاں ایک حقیقت ہوتی ہے ۔جس کو تعبیر کہتے ہیں کبھی ایسا بھی ہوتا ہے ۔کہ بظاہر خواب بڑا خوش نما اور فرحت افزار معلوم ہوتا ہے لیکن اس کی حقیقت اس کے بالکل برعکس ہوتی ہے اور بسا اوقات ایسا ہوتا ہے ۔کہ بادی النظر میں خواب نہایت تاریک ، اندوہناک اور وحشت انگیز دکھائی دیتا ہے ۔مگر اس کا باطنی پہلو اور تعبیر بہت ہی خوش کن اور خوش آئندہ ہوتی ہے ۔اور تعبیر سامنے آجانے کے بعد خواب دیکھنے والے کی خوشی کی کوئی انتہا نہیں ہوتی + اس کے بعد چند خواب کے حوالے نقل فرماتے ہیں +اور اپنے اکابر کو بے گناہ ثابت کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں + قارئین کرام اب میں بھی دیوبندی اکابر علماء کے خواب کے چند حوالے دیوبندی اکابر کی کتابوں سے نقل کرتا ہوں ۔ دیکھیئے دیوبندی اکابر اُن خوابوں کی بھی کوئی تعبیر کرتے ہیں یا نہیں ؟

سب سے پہلے میں وہ خواب نقل کرتا ہوں جو گکھڑی صاحب نے خود عبارات اکابر کے صہ۱۸۳ پر لکھی ہے ۔ ملاحظہ فرمائیے ۔

۱- چنانچہ ایک بزرگ جناب شریف احمد صاحب سقہ گنج پوری تحصیل و ضلع کرنال رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ایک خواب دیکھا جس میں انہوں نے جناب رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم اور حضرات خلفائے

Marfat.com

راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کی زیارت کی۔ آنحضرت صلے اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم نے سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا۔ کہ اس کو قریب آنے دو۔ یہ اشرف علی صاحب کا خادم ہے۔ اور نیز آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم نے شریف احمد صاحب علیہ الرحمۃ کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ کہ اشرف علی صاحب کی کتابوں پر عمل کرتے رہنا اور دوسروں کے کہنے سے مت رکنا۔ عبارات اکابر ص۱۸۴

ناظرین حضرات۔ اس خواب کے متعلق کسی قسم کا تذکرہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ صرف گکھڑوی صاحب سے یہ بات دریافت کرنی ہے۔ کہ آپ کے اکابر مولوی اشرف علی صاحب نے اس خواب کی کوئی تعبیر کی ہے یا نہیں اگر نہیں کی تو کیوں نہیں کی؟ اس سے روز روشن کی طرح ثابت ہوگیا۔ آپ کے اکابر مولوی اشرف علی کے نزدیک اس خواب کی کوئی تعبیر ہو سکتی ہی نہیں۔ اگر مولوی اشرف علی صاحب اس خواب کی کوئی تعبیر کرتے۔ تو ان کی کتابوں پر عمل کیسے کیا جا سکتا تھا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اپنی ساری امت کے لئے ارشاد فرما دیا تھا۔ کہ میرے بعد حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی پیروی کرنا اور فرمایا عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ۔ یعنی تم میری اور میرے خلفاء راشدین کی سنت کو لازم پکڑو اب کیا فرماتے ہیں مفتی صاحب شیخ الحدیث جناب صفدر صاحب مولوی اشرف صاحب کی کتابوں پر عمل کرنا چاہیئے یا حدیث شریف پر؟ فرمایئے کیا فتویٰ ہے آپ کا؟ آپ تو شیخ الحدیث کہلاتے ہیں۔ افسوس صد افسوس

Marfat.com

باوجود شیخ الحدیث کہلوانے کے حدیث شریف کے خلاف ایک مولوی صاحب کی کتابوں پر عمل کرانے کے لیے مسلمانوں کو ترغیب دے رہے ہیں۔ اور مولوی صاحب بھی وہ جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم شریف کو بچوں پاگلوں، جانوروں، اور چوپایوں کے ساتھ تشبیہ دے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شدید ترین توہین کی ہو+ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ناظرین کرام! اب ایک اور خواب ملاحظہ فرمائیے "تذکرۃ الرشید" سے نقل کرتا ہوں۔

ایک دن اعلحضرت نے خواب دیکھا۔ کہ آپ کی بھاوج آپ کے مہمانوں کا کھانا پکا رہی ہیں۔ کہ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ کی بھاوج سے فرمایا۔ کہ اٹھ تو اس قابل نہیں کہ امداد اللہ کے مہمانوں کا کھانا پکائے اس کے مہمان علماء ہیں اس کے مہمانوں کا کھانا میں پکاؤں گا+ معاذ اللہ استغفر اللہ۔ (تذکرۃ الرشید حصہ اوّل صـ۴۲)

ناظرین حضرات۔ دیکھا آپ نے محبوب خدا کی پاک ذات کے متعلق دیوبندی علماء کا یہ عقیدہ کہ معاذ اللہ آپ دیوبندی ملاؤں کے باورچی بنے اور دیوبندیوں کی روٹیاں پکاتے رہے۔ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ اس سے بڑھکر شان رسالت میں کون سی گستاخی اور بے ادبی ہو سکتی ہے؟ خیر یہ تو دیوبندی حضرات ہی جانیں کہ اس گستاخی اور بے ادبی کا بدلہ حشر کے میدان میں ان کو کیسا ملے گا۔ اس وقت تو سوال صرف یہ ہے کہ شان رسالت میں اس توہین آمیز بے ادب اور گستاخ خواب، کی بھی کسی دیوبندی مولوی

Marfat.com

نے کوئی تعبیر کی ہے یا نہیں؟ ہرگز نہیں۔ کیوں جناب گگھڑوی صاحب آپ نے بھی اس خواب کی کوئی تعبیر کی ہے یا نہیں۔ اگر نہیں کی تو کیوں نہیں کی۔

اب میں ایک تیسری خواب نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔ دیوبندی حضرات کی باجی صاحبہ کیا فرماتی ہیں = انہوں نے جواب دیا۔ کہ آپ کے پیر حاجی امداد اللہ صاحب ہیں۔ پھر باجی سے سن کر میں نے بھی یہی کہا۔ پھر دریافت فرمایا۔ کہ حاجی صاحب کے پیچھے کون ہیں؟ باجی نے فرمایا۔ کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخ معاذ اللہ۔ اصدق الرؤیا تھانوی جلد ۲ ص۲۶ بحوالہ دیوبندی مذہب ص۱۱۲۔

قارئین کرام۔ چونکہ میں نے یہ خواب کا حوالہ دیوبندی مذہب کتاب سے نقل کیا ہے۔ لہٰذا اس خواب پر جو تبصرہ مصنف "دیوبندی مذہب" حضرت علامہ مولانا غلام مہر علی صاحب گولڑوی نے کیا ہے۔ وہی نقل کرتا ہوں =

نوٹ۔ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ ذات بابرکات ہے۔ کہ معراج کی شب بیت المقدس میں جمیع انبیاء کرام علیہم السلام رونق افروز ہیں۔ مگر جب جماعت کا وقت آتا ہے۔ اللہ تعالٰی کے بڑے بڑے برگزیدہ نبی بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے کھڑے ہونے کو آپ کی بے ادبی تصور فرماتے ہیں۔ اور کوئی نبی بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے امام ہونے کیلئے تشریف نہیں لاتا۔ اور پھر یہی ذات بابرکات جو امام اوّلین وآخرین وامام الانبیاء ہیں۔ سب کے امام بن کر مصلّے پر جلوہ افروز ہوتے ہیں ؎

دراں مسجد امام انبیاء شد
صف پیشنیاں را پیشوا شد
(جامی)

Marfat.com

تو اس ذات پر انوار کے متعلق امت دیوبندیہ کی باجی صاحبہ کا یہ کہنا اور تھانوی صاحب کا اس کو فخر یہ طور پر اصدق الرؤیا یعنی بہت ہی سچا خواب شمار کر کے شائع کرنا کہ حضور کریم دیوبندیوں کی پیٹھ کے پیچھے بیٹھے ہیں۔ اور دیوبندی حضور علیہ الصلوٰۃ السلام کو پیٹھ کر کے بیٹھنا فخر سمجھتے ہیں۔ یہ کس قدر اس نام نہاد حکیم الامت نے بارگاہ نبوت میں گستاخانہ جرأت کی ہے۔ ہمارے عقیدہ میں تو یہ جھوٹ گھڑا گیا ہے۔ اور دیوبند کی باجی نے یہ کذب بیانی کی ہے۔ اور یہ باجی مولوی اشرف علی کی (بوڑھی بیوی) ہے۔ دیوبندی مذہب ص۱۱۲

خیر یہ تو تھا حضرت علامہ مولانا غلام مہر علی صاحب گولڑوی صاحب کا تبصرہ سوال تو یہ ہے۔ کہ اس خواب کی بھی کسی مولوی دیوبندی نے کوئی تعبیر کی ہے یا نہیں؟ اگر نہیں کی تو کیوں نہیں کی۔ اب ایک اور خواب شیخ الاسلام نمبر سے نقل کرتا ہوں جو خون کے آنسو حصہ دوم میں درج ہے۔

۴۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام گویا کسی شہر میں جامع مسجد کے قریب ایک حجرہ میں تشریف فرما ہیں۔ اور متصل ایک دوسرے کمرے میں کتب خانہ ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کتب خانہ سے ایک مجلد کتاب اٹھائی جس میں دو کتابیں تھیں ایک کتاب کے ساتھ دوسری کتاب تھی۔

وہ خطبات جمعہ کا مجموعہ تھا۔ اس مجموعہ خطب سے وہ خطبہ نظر انور سے گذرا۔ جو مولانا حسین احمد مدنی خطبہ جمعہ پڑھا کرتے تھے۔ جامع مسجد میں بوجہ جمعہ مصلیوں کا مجمع پڑا ہے۔ مصلیوں نے فقیر سے فرمائش کی۔ کہ تم حضرت خلیل اللہ سے سفارش کر دو۔ کہ حضرت خلیل اللہ علیہ السلام مولانا مدنی کو جمعہ

Marfat.com

پڑھانے کا ارشاد فرمائیں۔ فقیر نے جرأت کر کے عرض کیا تو حضرت خلیل اللہ علیہ السلام نے مولانا مدنی کو جمعہ پڑھانے کا حکم فرمایا۔ مولانا مدنی نے خطبہ پڑھا۔ اور نماز پڑھائی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مولانا کی اقتدار میں نماز جمعہ ادا فرمائی۔ فقیر بھی مقتدیوں میں شامل تھا۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک حمد کثیراً کثیرا۔ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام ضعیف العمر تھے۔ ریش مبارک سفید تھی۔ تشیح الاسلام نمبر ۱۶۳ بحوالہ خون کے آنسو حصہ دوئم ص ۴۵/۴۶۔

اب اس خواب پر حضرت علامہ مشتاق احمد صاحب نظامی کا تبصرہ ملاحظہ فرمائیے۔ ہمیں اس مقام پر اس سے بحث نہیں کہ اس قسم کے عوامی خواب کو کسی کی تعریف و توصیف میں بطور سند پیش کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔ اور نہ یہ بحث چھیڑنی ہے کہ حضرات دیوبند اپنے اکابر کے فضائل و مناقب خواب ہی کے راستے کیوں ثابت کرتے ہیں۔ البتہ ماتم تو یہ کرنا ہے۔ کہ اس بدنصیب نے جب خواب میں مولانا ٹانڈوی اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ دونوں کو دیکھا تو حضرت خلیل اللہ کے بجائے ٹانڈوی سے نماز جمعہ پڑھانے کی درخواست کیوں کی؟ بالفرض اگر مصلیوں کی خواہش پر حضرت خلیل اللہ نے ٹانڈوی صاحب کو نماز جمعہ پڑھانے کا اشارہ کیا۔ تو چاہیئے یہ تھا۔ کہ مولانا ٹانڈوی اس کو سوئے ادب سمجھتے ہوئے عرض کرتے کہ ایک نبی کی موجودگی میں غیر نبی کو امامت کا حق نہیں پہنچتا اور آج ہم سب کی سعادت اسی میں ہے۔ کہ اللہ کے ایک برگزیدہ پیغمبر کی اقتدار میں اپنی نماز جمعہ ادا کریں۔ مگر یہاں کا عالم تو یہ ہے کہ اونٹ کا کوئی کل سیدھا۔ پیر و مرشد دونوں عظمت نبوت کے

Marfat.com

خلاف برسر پیکار ہیں۔

خیر یہ تو نظامی صاحب کا تبصرہ۔ میں تو پھر وہی سوال کرونگا۔ کہ کیا کسی دیوبندی مولوی نے اس خواب کی بھی کوئی تعبیر کی ہے یا نہیں ؟ اگر نہیں کی تو کیوں نہیں کی ؟ صفدر صاحب تو فرماتے ہیں کہ خواب کی ایک صورت ہوتی ہے اور اس میں پنہاں ایک حقیقت ہوتی ہے۔ جس کو تعبیر کہتے ہیں۔ لیکن یہاں تو کوئی دیوبندی بھی ان خوابوں کی کوئی تعبیر بیان نہیں کر رہا۔ جس سے ثابت ہوا۔ کہ ان خوابوں کو اپنے ظاہر پر ہی حمل کیا جا رہا ہے کیونکہ آپ کے اکابر نے ان خوابوں کی کوئی تعبیر نہیں کی۔ اگر وہ ان خوابوں کی کوئی تعبیر کرتے تو ان کی اپنی فضیلت کیسے ظاہر ہوتی۔ اب سنیئے گکھڑوی صاحب نے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ پر اعتراض کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ

"خان صاحب بریلوی لکھتے ہیں۔ کہ انہیں کے ایک پیر بھائی مولوی برکات احمد صاحب کے انتقال کے دن مولوی سید امیر احمد مرحوم خواب میں زیارت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوئے کہ گھوڑے پر تشریف لئے جاتے ہیں۔ عرض کی یا رسول اللہ حضور کہاں تشریف لئے جاتے ہیں ؟ فرمایا برکات احمد کے جنازے کی نماز پڑھنے۔ الحمد للہ یہ جنازہ میں نے پڑھایا۔

پھر آگے گکھڑوی صاحب لکھتے ہیں۔ کہ براہین القاطعہ میں جو کچھ نقل کیا گیا ہے۔ وہ سب خواب ہی خواب تھا۔ اور یہاں تو زیارت خواب میں ہوئی ہے۔ باقی جنازہ کی نماز کی امامت خان صاحب نے تو عالم بیداری میں کی ہے پھر آگے خان صاحب علیہ الرحمۃ کا مذاق اڑاتے ہوئے لکھتے ہیں۔ اور اس میں

Marfat.com

وہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم - کو اپنا مقتدی بنا کر اور یہ بتائے بغیر کہ آپ پہلی صف میں کھڑے تھے یا مقتدیوں کے پیچھے کہیں دوسری اور تیسری صف وغیرہ میں - (معاذ اللہ تعالیٰ) کس قدر نازاں و فرحاں ہیں - کہ الحمد للہ یہ جنازہ مبارکہ میں نے پڑھایا۔

اس کا جواب تو صرف اور صرف اسقدر ہے کہ اعلیٰحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کو کیا علم تھا - کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تشریف فرما ہیں - جب بعد میں آپ کو اس خواب کا علم ہوا - تو آپ نے الحمد للہ کہہ کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا - تو اس میں کونسی قباحت لازم آئی ؟ مگر یہاں تو صاف صاف طور پر اس بات کو بیان کیا جا رہا ہے - کہ مولانا مدنی نے خطبہ پڑھا اور نماز پڑھائی اور حضرت خلیل اللہ علیہ السلام نے مولانا کی اقتدار میں نماز جمعہ ادا فرمائی - کیا گگھڑوی صاحب یہ بتا سکتے ہیں ؟ کہ مدنی صاحب خلیل اللہ علیہ السلام کو اپنا مقتدی بنا کر اور یہ بتائے بغیر کہ آپ پہلی صف میں کھڑے تھے یا مقتدیوں کے پیچھے کہیں دوسری اور تیسری صف وغیرہ میں (معاذ اللہ) یہ دیوبندی کسقدر نازاں و فرحاں ہیں - کہ الحمد للہ علی ذالک حمدا کثیرا کثیرا - کہ مولانا مدنی نے خلیل اللہ علیہ السلام کی امامت فرمائی - اللہ اکبر - اللہ اکبر اسی لئے تو مجھے بار بار لکھنا پڑتا ہے کہ گگھڑوی صاحب اپنے اکابر کی تحریروں سے بالکل بے خبر ہیں اگر آپ عبارات اکابر لکھنے سے پہلے اپنے گھر کی تلاشی لے لیتے تو ان کو یہ کتاب لکھنے کی ضرورت ہی نہ پڑتی - اس سے تو یہ بات ثابت ہو جاتی ہے - کہ گگھڑوی صاحب کو اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ علیہ کی مخالفت نے اندھا کر دیا ہے

Marfat.com

تب ہی تو آپ کو اپنے اکابر کی تحریریں نظر نہیں آتیں۔ شاید آپ کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہوگا۔ شاید اسی لئے دیوبندیوں کی باجی صاحبہ کا یہ خواب بھی نظر سے نہ گذرا ہوگا۔ کہ معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم حاجی امداد اللہ صاحب کے پیچھے بیٹھے ہیں اگر سرفراز صاحب اپنے اکابر کے یہ حوالے مطالعہ فرما لیتے تو وہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ پر بہتان تراشی کر کے اپنا نامۂ اعمال سیاہ نہ کرتے اور شان رسالت میں توہین آمیز کفریہ عبارتوں کی حمایت میں عبارات اکابر لکھ کر اپنی عاقبت برباد نہ کرتے + ناظرین کرام۔ اب تک تو خواب در خواب کی تعبیر کے متعلق بحث چل رہی تھی اور گکھڑوی صاحب کی تسلّی کے لئے حوالے پیش کئے جا رہے تھے۔ اب سنیئے بیداری کی حالت میں مرید کا اپنے پیر اشرف علی پر درود شریف پڑھنا۔ چنانچہ وہ کہتا ہے کلمہ شریف کی غلطی کے تدارک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتا ہوں۔ لیکن پھر بھی یہ کہتا ہوں۔ اللھم صلی علی سیدنا و نبینا و مولٰینا اشرف علی۔ حالانکہ اب بیدار ہوں۔ خواب نہیں۔ لیکن بے اختیار ہوں۔ مجبور ہوں۔ زبان اپنے قابو میں نہیں۔ اس روز ایسا ہی کچھ خیال رہا۔ رسالہ الامداد ماہ صفر ۱۳۳۶ھ ص۳۵

ناظرین کرام۔ غور فرمائیں۔ اس میں بھی گکھڑوی صاحب نے اشرف علی صاحب کے مرید کو سچّا ثابت کرنے کے لئے بہت کوشش کی ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔ بیداری کی حالت میں غیر اختیاری طور پر زبان سے جو بات سرزد ہو جاتی ہے۔ گو وہ بات کفر ہی کیوں نہ ہو شریعت اس پر بھی کفر و ارتداد وغیرہ کا کوئی حکم اور فتویٰ نہیں لگاتی + عبارات اکابر ص۲۰

Marfat.com

پھر آگے لکھتے ہیں کہ خطا کی صورت میں اگر کفر وغیرہ کا کوئی کلمہ زبان سے نکل جائے تو اس پر شرعاً کوئی گرفت نہیں۔ پھر آگے اس شخص کا حال لکھتے ہیں جسکی زبان سے بے اختیار یہ کلمہ خوشی کی حالت میں نکل گیا۔

کہ اے پروردگار تو میرا بندہ ہے اور میں تیرا رب ہوں + یعنی وہ بیچارا کہنا تو یہ چاہتا تھا۔ کہ اے میرے رب تو میرا آقا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں۔ مگر کہہ الٹ گیا + حالانکہ یہ شخص نہ تو دیوانہ ہے اور نہ اس پر غشی طاری ہے۔ اور نہ نشہ میں مست ہے اور نہ سویا ہوا ہے بیداری کی حالت میں ہے۔ الخ

جناب سرفراز صاحب۔ شریعت میں تو ایسے مسائل میں زبان بہکنے کا عذر اس وقت مسموع ہے جب کہ وہ ایک حرف ہوں۔ نہ کہ سارا دن کفریہ کلمات زبان پر جاری رکھے۔ دیکھئے وہ کہتا ہے اس روز ایسا ہی کچھ خیال رہا۔ یعنی سارا دن مولوی اشرف علی پر درود شریف ہی پڑھتا رہا۔ بتائیے جس شخص کی آپ نے روایت بیان کی ہے اس بیچارے کی زبان سے صرف ایک ہی بار یہ کلمہ نکلا ہے۔ یا سارا دن؟ کہ اے میرے پروردگار تو میرا بندہ اور میں تیرا رب + صرف ایک ہی بار خوشی کی حالت میں یہ الٹا کلمہ اس کی زبان سے نکل گیا۔ پھر اس روایت نے آپ کو اور اشرف علی صاحب کے مرید کو کیا فائدہ پہنچایا؟۔ اس کی زبان پر تو کلمہ شریف جاری ہی نہیں ہوتا۔ بتائیے کہاں یہ بات اس نے لکھی ہے درود شریف پڑھنے سے میری زبان پر کلمہ شریف صحیح طور پر جاری ہو گیا۔ بلکہ اس نے تو کلمہ شریف اور درود شریف اپنے پیر اشرف علی کے لئے ہی وقف کر دیا ہے۔

Marfat.com

قارئین کرام۔ ذرا غور کرنا چاہیئے کہ کوئی شخص اگر مولوی اشرف علی کا کلمہ پڑھ لے اور ان پر درود پڑھ لے۔ مگر بے اختیاری زبان کا بہانہ کر دے۔ سب جائز ہے کوئی شخص اپنی بیوی کو تین طلاق دے دے اور کہے بے اختیار زبان سے نکل گیا ہے۔ طلاق ہو جاتی ہے اور بیوی حرام ہو جاتی ہے۔ مگر یہاں تو اسکو پیر کے متبع سنت ہونے کی دلیل قرار دیا گیا ہے۔

ناظرین کرام۔ گکھڑوی صاحب تو پیر و مرید کی صفائی میں ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں۔ لیکن گکھڑوی صاحب کے پاس اس بات کا کیا جواب ہے کہ خود مولوی خلیل احمد صاحب آپ کے اکابر دیوبندی عالم کیوں پریشان ہو رہے ہیں اور اس امر کو محسوس فرما رہے ہیں۔ کہ عوام دیوبندیوں میں مولوی اشرف علی کی نبوت کے تشکیک پیدا ہو رہے ہیں۔ اس خطرہ کو دور کیا جائے۔ جس کا تھانوی صاحب نے صاف لفظوں میں انکار کر دیا۔

اب ایک اور حوالہ فاضل دیوبند مولوی سعید احمد اکبر آبادی سابق پرنسپل مدرسہ عالیہ کلکتہ مدیر برُہان کا نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمایئے۔ فاضل دیوبند کیا فرماتے ہیں۔ اپنے معاملات میں تاویل و توجیہ اور اغماض و مسامحت کرنے کی مولانا (اشرف علی تھانوی) میں جو خو تھی اس کا اندازہ اس واقعہ سے بھی کیا جا سکتا ہے کہ ایک مرتبہ کسی مرید نے مولانا کو لکھا کہ میں نے رات خواب میں دیکھا۔ کہ میں ہر چند کلمہ تشہد صحیح صحیح ادا کرنے کی کوشش کرتا ہوں لیکن ہر بار ہوتا یہ ہے کہ لا الہ الا اللہ کے بعد اشرف علی رسول اللہ منہ سے نکل جاتا ہے۔ ظاہر ہے اس کا صاف اور سیدھا جواب یہ تھا۔ کہ یہ کلمہ کفر ہے۔ شیطان کا فریب اور

Marfat.com

نفس کا دھوکا ہے۔ تم فوراً توبہ کرو اور استغفار پڑھو۔ لیکن مولانا تھانوی صرف یہ فرما کر بات آئی گئی کر دیتے ہیں۔ کہ تم کو مجھ سے غایت محبت ہے اور یہ سب اسی کا نتیجہ اور ثمرہ ہے - برہان دہلی فروری ۵۲ء صنمبر۱۰۷ بحوالہ خون کے آنسو حصہ اوّل ص۱۱۷ - ۱۱۸

لیجئے یہ ہیں - آپ کے اکابر علماء دیوبند جن کی صفائی میں عبارات اکابر لکھی گئی ہے۔ جو چلّا چلّا کر پکار رہے ہیں کہ یہ کلمہ کفر ہے۔ شیطان کا فریب ہے نفس کا دھوکا ہے تم فوراً توبہ کرو اور استغفار پڑھو۔ جناب یہ تو آپ کے گھر کی پکار ہے اس میں ہمارا کیا قصور ہے۔

Marfat.com

# کفریہ عبارت نمبر ۱۱

ناظرین کرام۔ تقویۃ الایمان کی ایک اور کفریہ عبارت نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے

" اللہ کی شان بہت بڑی ہے۔ کہ سب اولیاء وانبیاء اس کے روبرو ایک ذرہ ناچیز سے بھی کمتر ہیں۔ معاذ اللہ پھر اسی صفحہ پر مولوی اسمٰعیل دہلوی لکھتے ہیں۔

" سبحان اللہ اشرف المخلوقات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تو اس کے دربار میں یہ حالت ہے۔ کہ ایک گنوار کے منہ سے اتنی بات سنتے ہی مارے دہشت کے بے حواس ہو گئے۔ معاذ اللہ۔ استغفر اللہ۔ تقویۃ الایمان ص ۴۳

ناظرین حضرات غور فرمایا آپ نے یہ ہیں شہید بالا کوٹ جو انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام کو خدا تعالیٰ کے روبرو ذرہ ناچیز سے بھی کمتر لکھ چکے ہیں۔ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بے حواس بتا رہے ہیں۔ معاذ اللہ استغفر اللہ۔ اللہ تبارک وتعالیٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شان بیان فرماتا ہے۔ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا۔ یعنی موسےٰ علیہ السلام اللہ تعالےٰ کے روبرو بڑی عزت والا ہے۔ خدا تعالیٰ کے تو نہیں اپنے روبرو عزت والا فرمائے۔ اور یہ بدنصیب ان پاک ہستیوں کو ذرہ ناچیز سے بھی کم درجہ لکھے۔ یہ کیسی مسلمانی ہے؟ اور سرور انبیاء حبیب کبریا جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو بے حواس بتانا بارگاہ رسالت کی شدید ترین توہین وگستاخی ہے۔ اس بے ادبی کا میدان حشر میں پتہ چلے گا۔ ؎

حشر دیہاڑے سب ٹٹ جائیگی آکڑ تے مغروری
جیکر پاک نبی فرمایا ایہہ نہیں امت میری

Marfat.com

شان رسالت میں ایسے بے ادب الفاظ استعمال کرتے ہوئے مولوی اسمٰعیل ذرہ بھر بھی نہیں شرمائے اور نہ ہی خدا کا خوف دل میں لاتے ہیں۔ کہ قیامت کے روز خدا کی بارگاہ میں کیا جواب دیں گے۔ اور کون سامنہ لے کر بارگاہ رسالت میں شفاعت کے لئے حاضر ہوں گے؟ اور تعجب یہ کہ ذرہ ناچیز سے کم تر کے فتوے سے تو یہ بھی معلوم ہو گیا۔ کہ اس شخص کے نزدیک ذرہ ناچیز کا شان زیادہ ہے یا حضرات انبیاء کرام کا۔ میں تو ان کفریہ عبارتوں سے یہی مطلب نکال سکتا ہوں۔ کہ شہید بالاکوٹ سے بڑھ کر شان نبوت کا کوئی بھی گستاخ نہیں ہو سکتا۔ اور معاذ اللہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق لکھ دیا۔ کہ ایک گنوار کے منہ سے اتنی بات سنتے ہی مارے دہشت کے بے حواس ہو گئے۔ معاذ اللہ کیسی بے ادبی اور گستاخی ان الفاظ میں بھری ہوئی ہے۔ کیا کوئی مسلمان اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے شان میں ایسے بے ادب کلمے لکھنے کی جرأت کر سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ ناظرین کرام ذرا انصاف سے غور فرمائیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی معاذ اللہ اگر بے حواس ہو جائیں۔ اور ہوش و حواس سے ہاتھ دھو بیٹھیں۔ تو خدا تعالےٰ کی وحی اور اس کے احکام کو کیسے یاد رکھتے ہوں گے۔ اگر مولوی اسمٰعیل کا یہ نظریہ مان لیا جائے تو پھر تو قرآن بھی یقینی نہیں رہ سکتا۔ کیونکہ بقول ان کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر جب وحی الٰہی آتی تھی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حواس (معاذ اللہ) قائم نہیں رہتے تھے۔ تو جب حواس ہی قائم نہیں رہتے تھے تو پھر وحی الٰہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کیسے ہوتی ہوگی۔ معاذ اللہ۔ استغفر اللہ۔ اب

Marfat.com

آپ اپنے ایمان سے بتائیں۔ کہ حضور سید المرسلین خاتم النبیین محبوب رب العالمین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھلے بندوں بے حواس لکھنے والا شخص مجاہد فی سبیل اللہ اور شہید بالاکوٹ ہو سکتا ہے؟ اور کیا تقویۃ الایمان ایسی کتاب ہے جس کے پڑھنے سے لوگوں کی ہدایت ہو سکے؟

خدا تعالےٰ جل شانہٗ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں فرماتا ہے۔

وکان قاب قوسین او ادنیٰ فاوحیٰ الیٰ عبدہٖ ما اوحیٰ ما زاغ البصر وما طغیٰ۔

یعنی شب معراج جب خدا تعالیٰ نے اپنے محبوب سے بلا واسطہ کلام فرمایا تو آپ کی آنکھ بھی نہ جھپکی۔ بارگاہ الٰہی میں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ عزت و رفعت ہو۔ مگر دیوبندی مولوی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک خبگلی کے مقابلہ میں بے حواس کہیں۔ کوئی بدبخت اس سے بڑھ کر شان رسالت کی اور کیا ہتک کریگا جس محبوب نے لاکھوں بے حواسوں کو اپنی ایک نظر رحمت سے ظاہری و باطنی حواس سے مالا مال فرما کر جلال وجمال کے مقامات سے آشنا فرما دیا۔ اس محبوب کو بے حواس کہنا کس درجہ دیوبندی علماء کی بداعتقادی اور خباثت کا مظاہرہ ہے۔ ان حضرات کی توحید قائم نہیں رہ سکتی جب تک انبیاء علیہم السلام کے شان اقدس میں توہین آمیز عبارتیں نہ لکھ لیں۔ بعض حضرات ابھی تک دیوبندی وسنی اختلافات کو صرف چند مسائل کا ایک فروعی اختلاف سمجھے ہوئے ہیں۔ کہ شاید میلاد شریف۔ عرس فاتحہ وغیرہ اعمال حسنہ کے جائز و ناجائز ہونے کے بارے میں ہی ایک مسئلہ کا سوال ہے۔ اور اسی پر ہی دیوبندی وسنی اختلافات کا سارا دار و مدار ہے۔ حالانکہ یہ سمجھنا بالکل غلط اور حقیقت سے سراسر لاعلمی ہے کیونکہ

Marfat.com

باوجودیکہ سنی علمار مسائل مذکورہ وغیرہ کے قائل ہونے میں یقیناً حق پر ہیں۔ لیکن سنیوں اور دیوبندیوں میں صرف ان مسائل کا اختلاف ہی کوئی بنیادی اختلاف نہیں بلکہ اصل معاملہ دیوبندی اکابر علمار کی ان ناپاک تحریروں کا ہے۔ جن میں علمائے دیوبند نے خداوند کریم کی تکذیب اور بانی اسلام حضرت جناب محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کی کھلی توہین کی ہے اور دوسرے انبیائے کرام علیہم السلام کے شان میں بے ادب گستاخ عبارتیں لکھی ہیں اور جمیع سلف صالحین اولیائے کرام وبزرگان دین کو بدعتی اور مشرک وغیرہ کا خطاب دیا گیا ہے۔ جیسے کہ اوپر بیان ہوچکا ہے۔ اور ستم ظریفی یہ کہ اپنے مولویوں کے متعلق تو ان کا یہ اعتقاد کہ وہ خدا تعالےٰ سے بلا تکلف باتیں کرتے ہیں۔ چنانچہ دیوبندی حضرات کے امام ہی مولوی اسمٰعیل صاحب اپنے بزرگ مولوی سید احمد کے شان میں لکھتے ہیں۔ کہ ایک دن حضرت حق جل وعلا نے آپ کا داہنا ہاتھ خاص اپنے دست قدرت میں پکڑ لیا۔ اور کوئی چیز امور قدسیہ سے جو کہ نہایت رفیع اور بدیع تھی۔ آپ کے سامنے کرکے فرمایا کہ ہم نے تجھے ایسی چیز عنایت کی ہے اور چیزیں بھی عطا کریں گے پھر آگے لکھتے ہیں۔

کہ جو شخص تیرے ہاتھ پر بیعت کریگا۔ اگرچہ وہ لکھوکھا ہی کیوں نہ ہوں۔ ہم ہر ایک کو کفایت کریں گے۔ صراط مستقیم اردو مصنفہ اسمٰعیل دہلوی ص۳۷

یہاں تو سید صاحب نہ رعب میں آئے اور نہ بے حواس ہوئے مگر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بے حواس بتا رہے ہیں۔ یہاں سے ایک بات معلوم ہوتی ہے۔ کہ شہید بالاکوٹ مولوی اسمٰعیل اپنے پیر سید احمد صاحب سے بھی

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ کم سمجھتے ہیں۔ معاذ اللہ۔ استغفر اللہ۔ یہ ہیں دیوبندی حضرات کے بڑے امام۔ شہید بالاکوٹ۔

اور سنیئے۔ تقویۃ الایمان کے صفحہ ۷۱ پر لکھتے ہیں۔ جیسا کہ قوم کا چودھری اور گاؤں کا زمیندار سو ان معنوں کر ہر پیغمبر اپنی امت کا سردار ہے۔ معاذ اللہ

تقویۃ الایمان کی سب سے بڑی گمراہی یہ ہے کہ اس میں انبیاء کرام کی سخت توہین کی گئی ہے۔ ان کے اختیارات کا انکار ہے۔ انبیاء کرام کو عام انسانوں کی صفوں میں کھڑا کر دیا گیا ہے۔ ان کے مرتبہ و منصب کو گھٹایا گیا ہے۔ حد یہ ہے کہ نبی کو گاؤں کا چودھری لکھ دیا ہے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر بڑے بھائی جتنی قرار دی ہے۔ معاذ اللہ۔

---

Marfat.com

# کفریہ عبارت نمبر ۱۲

**امکان کذب :-** دیوبندی علمار کا عقیدہ ہے۔ کہ معاذاللہ۔ اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے پر قادر ہے۔ چنانچہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی فتاویٰ رشیدیہ میں لکھتے ہیں۔ امکان کذب (جھوٹ) بایں معنیٰ کہ جو کچھ حق تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے۔ اس کے خلاف پر وہ قادر ہے۔ مگر باختیار خود اس کو نہ کرے گا۔ یہ عقیدہ بندہ کا ہے

فتاویٰ رشیدیہ مصنفہ مولوی رشید احمد گنگوہی حصہ اول ص۱

ناظرین کرام۔ غور فرمائیں۔ آج عرصہ چودہ سو سال کا گذر چکا ہے۔ کیا کسی بھی مسلمان نے یہ کہا تھا؟ کہ خدا جھوٹ بولتا تو نہیں مگر بول سکتا ہے اور پھر گنگوہی صاحب کا یہ قول کہ باختیار خود اس کو نہ کرے گا۔ اس سے صاف معلوم ہوگیا۔ کہ دیوبندی علمار کا عقیدہ ہے کہ نعوذ باللہ کبھی بے اختیاری میں خدا تعالیٰ جھوٹ بول بھی سکتا ہے۔ اور پھر قدرت الٰہیہ کو کذب اور جھوٹ کے ناپاک الفاظ سے تعبیر کرنا دیوبندی علمار کی ہی علمیت کا کرشمہ ہے۔

اور سنیئے۔ مولوی نذیر احمد خان صاحب رام پوری نے سوال کیا۔ کہ براہین قاطعہ میں یہ لکھا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ سے کذب ممکن ہے۔ اس مسئلہ کی وجہ سے کتب الٰہیہ میں احتمال جھوٹ کا پیدا ہو سکتا ہے۔ یعنی مخالفین کہہ سکتے ہیں کہ شاید یہ قرآن ہی جھوٹا ہے۔ اور اس کے احکام ہی غلط ہیں۔ اور براہین قاطعہ کی اس تحریر کی وجہ سے بہت لوگ گمراہ ہو گئے۔

**جواب :-** حاجی امداد اللہ صاحب جو گنگوہی صاحب کے پیر و مرشد ہیں۔

Marfat.com

ان کے جواب کا جو ضروری حصہ ہے۔ وہ فتاویٰ رشیدیہ سے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔ جس کو براہین قاطعہ کے مصنف نے تحریر کیا ہے۔

الحاصل امکان کذب سے مراد دخول کذب تحت قدرت باری تعالیٰ ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے جو وعدہ وعید فرمایا ہے۔ اس کے خلاف پر قادر ہے۔ آگے اسی صفحہ پر تحریر فرماتے ہیں۔ کہ کذب داخل تحت قدرت باری تعالیٰ جل وعلیٰ ہے۔ کیوں نہ ہو۔ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

حصہ اوّل فتاویٰ رشیدیہ صد ۱۹

اب مولوی خلیل احمد صاحب کا ارشاد سنیئے۔ کیا فرماتے ہیں۔ امکان کذب کا مسئلہ تو اب کوئی جدید کسی نے نہیں نکالا۔ بلکہ قدما میں اختلاف ہوا ہے۔ کہ خلف وعید آیا جائز ہے یا نہیں۔

براہین قاطعہ مصنفہ خلیل احمد صاحب سہارنپوری صہ ۲

اب مولوی خلیل احمد صاحب فرماتے ہیں۔ کہ خلف وعید بھی نعوذ باللہ جھوٹ ہی ہے حالانکہ جو لوگ خلف وعید کے قائل بھی ہوں۔ وہ خلف وعید کو ہرگز جھوٹ نہیں کہتے۔ بلکہ رحمت الٰہیہ اور جود و کرم بتاتے ہیں۔ یعنی خلف وعید نقص نہیں۔ بلکہ جود و کرم الٰہی ہے۔ دیوبندی حضرات کا خلف وعید کو جھوٹ بتانا یہ ان کی بد مذہبیت کا مظاہرہ اور باری تعالیٰ سے بغاوت کے مترادف ہے۔ ان حضرات کو یہ خیال نہ آیا کہ کیا کوئی خلف وعدہ کا بھی قائل ہوا ہے۔ ہرگز نہیں۔ تو پھر یہ قول خلف وعید بھی اس کی رحمت پر مبنی ہے اس کو جھوٹ بتانا تو تمام کافروں کے کفر سے بھی گندہ کفر ہے۔ کہ خدا تعالیٰ کے جود و کرم کو جھوٹ کہنے کی جرأت کی جاوے۔ حالانکہ فرقہ دیوبندیوں کے علاوہ تمام اہل اسلام علماء سلف و خلف امکان کذب باری کی تردید فرماتے ہیں۔ اور اس کے قائل کو بدمذہب بتاتے ہیں۔ ہاں یہ عقیدہ معتزلہ کا ہے

Marfat.com

کہ خدا تعالیٰ کو کذب وغیرہ پر قدرت ہے۔ مگر کرتا نہیں۔ کسی مسلمان کا یہ عقیدہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے پر قادر ہے۔ لیکن بولتا نہیں۔ کیونکہ جھوٹ بہت بری صفت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ پاک ہے ہر بُری بات سے۔

جس شخص کا یہ عقیدہ ہے کہ خداوند کریم جھوٹ بولنے پر قادر ہے۔ وہ شخص اہل سنّت وجماعت سے خارج ہے۔

جس شخص کا یہ عقیدہ ہے۔ کہ خداوند کریم خلف وعید یا اپنے وعدہ کے خلاف کرتا ہے یا کر سکتا ہے یا جھوٹ پر قادر ہے۔ وہ شخص اہل سنت وجماعت سے خارج ہے۔ بلکہ وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ مفسرین فرماتے ہیں۔ سچ بولنا اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ہے۔ دلیل اس کی یہ ہے۔ کہ جھوٹ بولنا اللہ تعالیٰ کی ذات پر نقص ہے اور نقص کا لفظ اللہ تعالےٰ پر محال ہے۔ پس اس دلیل سے خلف وعدہ اللہ تعالیٰ پر محال ہے۔ اور اسی دلیل سے خلف وعید بھی اللہ تعالیٰ پر محال ہے۔ ارباب تفاسیر یہ بھی فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی بات نہیں بدلتی۔ اس بات سے وعید مراد ہے۔ اور وعید اس کو کہتے ہیں۔ جو کافروں کو ہمیشہ دوزخ میں رہنے کا حکم ہے۔ اور تفسیروں میں یہ بھی لکھا ہے۔ کہ کسی مسلمان کو جائز نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ پر جھوٹ بولنے کا گمان کرے۔ بلکہ ایسا کرنا ایمان سے خارج کر دیتا ہے۔ اب رہا یہ سوال کہ اللہ تعالےٰ ہر شے یا ہر چیز پر قادر ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جس چیز کو چاہے اس پر قادر ہے اور جس کو نہ چاہے اس پر نہیں۔ ہر ایک چیز کا تعلق اس کی مشیت پر ہے۔ اور لفظ کُل عام ہے۔

اللہ تعالےٰ کا وعدہ سچا ہے اللہ تعالےٰ کے حکم کو کوئی

بدل نہیں سکتا۔ (قرآن شریف)

۱۔ فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗ ۔ ترجمہ۔ جب تو اللہ ہرگز اپنا عہد خلاف نہ کریگا۔ البقرۃ

۲۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ۔ ترجمہ۔ بے شک اللہ کا وعدہ نہیں بدلتا۔ آل عمران

۳۔ قَوْلُهُ الْحَقُّ۔ ترجمہ۔ اس کی بات سچی ہے۔ الانعام

۴۔ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ۔ ترجمہ۔ اور پوری ہے تیرے رب کی بات سچ اور انصاف میں اسکی باتوں کا کوئی بدلنے والا نہیں۔ الانعام

۵۔ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا۔ ترجمہ۔ اور اللہ سے زیادہ کس کی بات سچی ہے۔ النسا

۶۔ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا۔ ترجمہ۔ اللہ کا وعدہ سچا۔ النسا

۷۔ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا۔ ترجمہ۔ اور اللہ سے زیادہ کس کی بات سچی ہے۔ النسا

۸۔ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ۔ ترجمہ۔ اور اللہ کی باتیں بدلنے والا کوئی نہیں۔ الانعام

۹۔ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا۔ ترجمہ۔ اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں کو جہنم کی آگ کا وعدہ دیا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

۱۰۔ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا۔ ترجمہ۔ اللہ نے مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو جنت کا وعدہ دیا ہے۔ جن کے نیچے نہریں رواں ہیں۔ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ التوبہ

ان آیات کے سوا بھی اکثر آیات قرآن شریف میں موجود ہیں۔ یہاں صرف دس آیات کریمہ سے ثابت کیا گیا ہے۔ کہ جو وعدہ یا وعید یا عہد اللہ تعالٰے نے اپنے حکم میں فرمایا ہے۔ اس کے خلاف ہرگز ہرگز نہ کریگا۔ اس کا حکم قائم اور

Marfat.com

دائم ہے۔ بالخصوص اختیار میں۔ اور جو کچھ چاہے وہی ہوتا ہے۔ اور جس کو نہ چاہے۔ وہ نہیں ہوتا۔ اور جو وعدہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے نجات کا کیا ہے۔ ویسا ہی پورا کرے گا اور جو وعدہ کفار کے حق میں کیا ہے۔ اس کو بھی ویسا ہی پورا کرے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ اور وعید میں تمام سچوں سے سچا ہے۔ وعدہ خلافی اور کذب اس کی شان جلالی کے خلاف ہے۔ اور اس کی ذات پاک کے منافی ہے۔

تفسیر قادری جلد دوم صفحہ ۴۶۰

ان سب نے کذب الرسل تکذیب کی سب پیغمبروں کی اس واسطے کہ انبیاء علیہم السلام ایک دوسرے کی تصدیق کرنے والے ہیں۔ تو ان میں سے ایک کی تکذیب ان سب کی تکذیب ہوتی ہے۔ پس جب اِن قوم کے لوگوں نے انبیاء کی تکذیب کی۔ فَحَقَّ وَعِیْدِ۔ تو مسلم ہو گئی اور نازل ہوئی ان پر میری وعید۔ یعنی جو کچھ وعدہ عذاب کا ہم نے کیا تھا۔

تفسیر قادری جلد دوم ص ۶۱

وَقَدْ قَدَّمْتُ۔ اور بے شک میں نے پہلے بھیجی تھی اِلَیْکُمْ بِالْوَعِیْدِ تمہاری طرف اپنی وعید اپنی کتابوں میں اپنے رسولوں کی زبانی۔ اور اب تم کو کوئی حجت نہیں رہی۔ اور تمہارا کوئی عذر نہ سنا جائے گا۔ مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ نہ بدلی جائے گی بات لَدَیَّ میرے پاس۔ یعنی ہم جو کچھ وعدہ وعید کر چکے اس میں... تبدیل تفسیر کی گنجائش نہیں۔

تفسیر قادری جلد اوّل ص ۱۸۳۔ وَمَنْ اَصْدَقُ اور کون شخص ہے بہت سچا مِنَ

Marfat.com

اللّٰہِ حَدِیْثًا - اللہ تعالیٰ سے یعنی اس سے زیادہ کوئی سچا نہیں بات اور وعدہ کی رُو سے یعنی اللہ کی بات اور وعدہ میں جھوٹ کو راہ نہیں - اس واسطے کہ جھوٹ نقص ہے اور حق تعالیٰ نقص سے پاک ہے -

اب میں ایک حدیث شریف نقل کرتا ہوں جو کہ مشکوٰۃ شریف میں موجود ہے لیکن میں یہ حدیث پاک تقویۃ الایمان کے دوسرے حصے سے نقل کرتا ہوں تاکہ کوئی دیوبندی عالم اس حدیث پر ضعیف ہونے کا فتویٰ نہ لگا سکے - ملاحظہ فرمائیے صرف ترجمہ نقل کرتا ہوں -

"مسلم نے ذکر کیا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے نقل کیا - کہ باہر آئے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے دونوں ہاتھوں میں دو کتابیں تھیں - سو فرمایا کہ بھلا تم جانتے ہو کیا ہیں یہ دونوں کتابیں ہم نے عرض کیا کہ ہم نہیں جانتے یا رسول اللہ مگر تم بتلاؤ ہم کو تو بتلا دیا اس کو جو داہنے ہاتھ میں تھی - کہ یہ کتاب رب العالمین کی طرف سے آئی ہے اس میں نام لکھے ہیں بہشتیوں کے نام ان کے باپوں کے نام ان کے کنبوں کے - پھر جملہ کیا ہوا ہے ان کے آخر پر سو زیادہ نہیں ہوتا ان میں اور نہ کم ہوتا ہے ان سے کبھی - پھر فرمایا اس کو جو بائیں ہاتھ میں تھی - کہ یہ کتاب ہے رب العالمین کی طرف سے - اس میں دوزخیوں کے نام ہیں - اور ان کے باپوں کے اور ان کے کنبوں کے اور پھر جملہ کیا ہوا ہے - ان کے آخر پر تو بڑھتا نہیں ان میں اور نہ ان سے کم ہوتا ہے کبھی - پھر عرض کیا ان کے یاروں نے کہ تو کس واسطے سے عمل یا رسول اللہ اگر ایسی بات ہے کہ اس سے فراغت ہو چکی تو فرمایا کہ سیدھی راہ چلو اور بندگی کرو اس واسطے کہ بہشتی کے لئے خاتمہ کیا جاتا ہے بہشتیوں کے

Marfat.com

کام پر اگرچہ وہ کچھ کام کرے۔ اور دوزخی کے واسطے خاتمہ ہوتا ہے دوزخیوں کے کام پر اگرچہ وہ کچھ کام کرے اور پھر اشارہ کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کی طرف اور پھینک دیا ان کتابوں کو اپنے پیچھے پھر فرمایا فارغ ہو گیا تمہارا رب بندوں سے ایک گروہ جنّت میں اور ایک گروہ دوزخ میں

ف۔ یعنی جب حضرت نے یہ فرمایا۔ کہ اللہ تعالےٰ دوزخیوں اور بہشتیوں کے نام معہ ولدیت ذات بھانت کے نشان سمیت الگ الگ لکھ دیئے ہیں۔ پھر ان ناموں کے آخر میں میزان دے کر جملہ کر دیا ہے۔ کہ اس میں کمی و بیشی نہیں ہوتی اللہ تعالیٰ نے آگے ہی سے ہر ایک شخص کے حق میں بہشتی ہونا یا دوزخی ہونا ٹھہرا دیا ہے۔ یہ بات سُن کر یاروں نے عرض کیا کہ اگر ایسا ہے۔ کہ دوزخ یا بہشت آگے ہی سے ہر ایک کے واسطے ٹھہر گئی ہے اب اس میں کمی بیشی نہیں ہوتی۔ تو پھر اب نیک عمل کرنا اور محنت اٹھانا کیا ضرور جس کی قسمت میں جو لکھا ہے وہی آخر کو ہو کر رہے گا۔ اس کے جواب میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کی قسمت میں بہشت ہے اس کے مرنے کے قریب بہشتیوں کے سے کام ہونے لگتے ہیں۔ اور اس کا خاتمہ بخیر ہوتا ہے۔ اگرچہ پہلے برے کام کرتا رہا ہو۔ اور جس کی قسمت میں دوزخ لکھا ہے۔ اس سے مرنے کے قریب برے کام ہونے لگتے ہیں۔ اور اس کا خاتمہ انہی بد کاموں پر ہوتا ہے اگرچہ وہ پہلے نیک کام کرتا رہا ہو۔ سو تم نیک کام کیے جاؤ اور اپنی طرف سے بدکام کا ارادہ نہ کرو۔ پھر آگے قسمت ہے۔ اور اللہ کو جو کرنا تھا کہ ایک گروہ کے واسطے بہشت اور ایک فریق کے لیے دوزخ سو وہ کر چکا۔ تذکیر الاخوان بقیۃ تقویۃ الایمان صـ ۹۱-۹۲

Marfat.com

اس حدیث شریف سے بھی روز روشن کی طرح ثابت ہو گیا۔ کہ اللہ تبارک وتعالےٰ نے اوّل روز سے ہی یہ فیصلہ فرما دیا ہے کہ ایک گروہ جنت میں داخل ہوگا اور ایک گروہ دوزخ میں۔ قلم قدرت نے سب کچھ لکھ دیا۔ اس میں کوئی کمی بیشی نہیں ہو سکتی۔ یعنی مومنوں کے لئے جنت اور کافروں کے لئے دوزخ۔ پھر یہ سوال ہی کب پیدا ہو سکتا ہے۔ کہ نمرود۔ فرعون۔ ہامان وغیرہ کو اللہ تعالیٰ جنت میں داخل کر دے۔ کیونکہ جو کچھ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کرنا تھا۔ کر چکا۔ نہ معلوم دیوبندی علماء کو کافروں سے کیوں محبت ہے حالانکہ قرآن کریم میں بار بار اس بات کا اعلان کیا گیا کہ کافروں سے دوستی مت کرو۔

---

Marfat.com

# دیوبندی اکابر علماء پر مولوی مرتضیٰ حسن دیوبندی کا فتویٰ کفر

## ناظم اعلیٰ تعلیمات دیوبند مناظر فرقہ دیوبندیہ مولوی مرتضیٰ حسن چاندپوری دیوبندی کا واضح فتویٰ اور فیصلہ کُن بیان

اگر خان صاحب (حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی) کے نزدیک بعض علماء دیوبند واقعی ایسے ہی تھے۔ جیسا کہ انہوں نے انہیں سمجھا تو خان صاحب پر ان علمائے دیوبند کی تکفیر فرض تھی۔ اگر وہ ان کو کافر نہ کہتے تو خود کافر ہو جاتے۔ جیسے علمائے اسلام نے جب مرزا صاحب کے عقائد کفریہ معلوم کر لئے۔ اور وہ قطعاً ثابت ہو گئے۔ تو اب علمائے اسلام پر مرزا صاحب اور مرزائیوں کو کافر و مرتد کہنا فرض ہو گیا۔ اگر وہ مرزا صاحب اور مرزائیوں کو کافر نہ کہیں چاہے وہ لاہوری ہوں۔ یا قادیانی وغیرہ وغیرہ تو وہ خود کافر ہو جائیں گے کیونکہ جو کافر کو کافر نہ کہے۔ وہ خود کافر ہے۔ اشد العذاب مصنفہ مولوی مرتضیٰ حسن چاندپوری دیوبندی ص۱۳-۱۴

کیوں جناب گکھڑوی صاحب دیکھ لیا آپ نے اپنے اکابر کا فتویٰ۔ اب تو شاید اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا

Marfat.com

پیچھا چھوڑ دو گے۔ اب تو آپ کے مرکز دیوبند ہی سے دیوبندی علمار پر کفر کا فتویٰ صادر ہو چکا ہے اور اعلیٰحضرت امام اہل سنت حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب کے فتویٰ کی تائید ناظم تعلیمات دیوبند مولوی مرتضےٰ حسن نے ہی کر دی ہے۔ اور تاکید بھی ہو گئی۔ کہ جو شان رسالت میں بے ادب گستاخ عبارتیں لکھنے والوں کو) کافر نہ کہے گا وہ خود کافر ہو جائیگا۔ اسی ڈر سے علمائے اہل سنت بھی ان کو کافر کہتے ہیں کہ کہیں بقول مولوی مرتضیٰ حسن صاحب دیوبندی وہ خود بھی کافر نہ ہو جائیں۔

ناظرین کرام۔ غور فرمائیں اور خود ہی فیصلہ فرمالیں کہ مولوی مرتضیٰ حسن کے ایسے فیصلے کے بعد علمار اہل سنّت کا قصور ہی کیا رہ جاتا ہے؟ ؎

اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے

اب تو ان کو چاہیئے کہ علمائے اہلسنت کے خلاف زہر اُگلتے رہنے کا وطیرہ بالائے طاق رکھ دیں اور اپنے گھر کی خبر لیں۔

Marfat.com

# حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب فاضل بریلوی پر عظیم افترار

ناظرین کرام غور فرمائیں۔ مصنف عبارات اکابر فرما رہے ہیں۔ بعض ارباب بصیرت کا یہ خیال ہے کہ خاں صاحب انگریز کے ایجنٹ تھے اور ان کا یہ خیال بظاہر صحیح معلوم ہوتا ہے کیونکہ درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے۔ عبارات اکابر حصہ اول ص
کیوں جناب دیکھا آپ نے یہ ہیں مولوی ابو زاہد محمد سرفراز خان صفدر گکھڑوی دیوبندی۔ اعلیٰ حضرت مجدد دین و ملت، امام اہل سنت حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی رحمۃ اللہ علیہ پر افترار تو بہت بڑا کیا۔ لیکن اس کا کوئی ثبوت پیش نہ کر سکے۔ نہ کوئی حوالہ کسی کتاب سے دے سکے۔ یہ تو سفید جھوٹ ہے جس کا کبھی بھی ثبوت کوئی دیوبندی عالم پیش نہیں کر سکتا۔ برعکس اس کے دیوبندی علمار کا انگریزوں کا ایجنٹ ہونا روز روشن کی طرح ثابت ہے۔ اور لطف یہ ہے کہ دیوبندی اکابرین علمار کا انگریز کا ایجنٹ ہونا دیوبندی۔ وہابی علمار کے قلم سے ثابت کرتا ہوں لیجیے ملاحظہ فرمائیے۔ حوالہ نمبر ا۔ مرزا حیرت دہلوی لکھتا ہے۔

۱۔ کلکتہ میں جب مولانا اسمٰعیل صاحب نے جہاد کا وعظ فرمانا شروع کیا ہے اور سکھوں کے مظالم کی کیفیت پیش کی ہے۔ تو ایک شخص نے دریافت کیا آپ انگریزوں پر جہاد کا فتویٰ کیوں نہیں دیتے؟ آپ نے جواب دیا۔ ان پر جہاد کسی طرح واجب نہیں ہے۔ ایک تو ان کی رعیت ہیں۔ دوسرے ہمارے مذہبی ارکان کے ادا کرنے میں وہ ذرا بھی دست اندازی نہیں کرتے۔ ہمیں ان کی حکومت میں ہر طرح آزادی ہے۔ بلکہ اگر ان پر کوئی حملہ آور ہو تو

Marfat.com

مسلمانوں کا فرض ہے کہ وہ اس سے لڑیں۔ اور اپنی گورنمنٹ پر آنچ نہ آنے دیں۔ حیات طیبہ مصنفہ مرزا حیرت دہلوی وہابی۔ (طبع دوم ۱۳۲ھ)

حوالہ نمبر۲:۔ اسی کتاب کے صفحہ ۲۳۱ پر لکھا ہوا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے اور انصاف کیجئے۔ "مولوی اسمٰعیل صاحب نے یہ اعلان دے دیا تھا۔ سرکار انگریزی پر نہ جہاد مذہبی طور پر واجب ہے۔ نہ ہمیں اس سے کچھ مخاصمت ہے"۔ حیات طیبہ ۲۳۱

حوالہ نمبر۳:۔ اب آپ اپنے قطب الارشاد رشید احمد صاحب گنگوہی کا ارشاد ملاحظہ فرمائیں۔ فرماتے ہیں۔

"کہ میں جب حقیقت میں سرکار (برطانیہ) کا فرمانبردار رہا ہوں تو جھوٹے الزام سے میرا بال بھی بیکا نہ ہوگا۔ اور اگر مارا بھی گیا۔ تو سرکار مالک ہے۔ اسے اختیار ہے۔ جو چاہے کرے"۔ تذکرۃ الرشید مصنفہ عاشق الٰہی میرٹھی دیوبندی جلد اول ص۸۰

حوالہ نمبر۴:۔ اسی کتاب سے ایک اور حوالہ نقل کرتا ہوں غور فرمائیے۔

"دیوبندی اکابرین کا انگریزوں کے ساتھ کیسا گہرا تعلق تھا.... جن کے سروں پر موت کھیل رہی تھی۔ انہوں نے کمپنی کے امن و عافیت کا زمانہ قدر کی نظر سے نہ دیکھا۔ اور اپنی رحم دل گورنمنٹ کے سامنے بغاوت کا علم قائم کیا"۔ تذکرۃ الرشید ص۴۳

حوالہ نمبر۵:۔ اب حیات طیبہ سے ایک حوالہ اور ملاحظہ فرمائیے۔

" سیّد صاحب کے پاس مجاہدین جمع ہونے لگے۔ تو سیّد صاحب نے مولانا اسمٰعیل کے مشورے سے شیخ غلام علی رئیس الٰہ آباد کی معرفت لیفٹیننٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی کی خدمت میں اطلاع دی۔ کہ ہم لوگ سکھوں پر جہاد

Marfat.com

کرنے کی تیاری کرنے کو ہیں۔ سرکار کو تو اس میں کچھ اعتراض نہیں ہے لیفٹیننٹ گورنر صاحب نے صاف لکھدیا کہ ہماری عملداری میں اور امن میں خلل نہ پڑے تو ہمیں کچھ سروکار نہیں نہ ہم ایسی تیاری کے مانع ہیں۔ حیات طیبہ ص۱۳۱

ناظرین کرام انصاف کیجیے۔ اس مقام پر یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ اسمٰعیلی جہاد قرآن و حدیث کی روشنی میں اسلامی تقاضے کی بنیاد پر نہ تھا۔ بلکہ انگریز بہادر کے ایما و اشارے اور ان کی اجازت پر موقوف تھا۔ اللہ اللہ اب میں دریافت کرتا ہوں۔ کہ عہد نبوت و عہد صدیقی و عہد فاروقی میں بھی متعدد جہاد ہوئے تھے۔ آخرش وہ جہاد دنیا کی کس حکومت کے اشارے پر ہوئے تھے؟ اور یہ بات بھی دریافت کرنی ہے۔ کہ مسلمانوں کا جہاد اسلامی تقاضے کی بنیاد پر مبنی ہے۔ یا انگریز بہادر کی اجازت پر؟ ناظرین کرام! اب آپ مصنف عبارات اکابر سے دریافت فرمائیں۔ کہ اعلیٰ حضرت خانصاحب رحمۃ اللہ علیہ انگریز کے ایجنٹ تھے؟ یا آپ کے اکابر دیوبندی علماء تھے؟ اور یہ سب دیوبندی علماء کے قلم سے ثابت کر رہا ہوں۔ اور سنیئے۔

**سید احمد صاحب کا مولوی اسمٰعیل کی ملاقات سے پہلے ہی انگریزوں سے گہرا تعلق تھا۔ حوالہ نمبر ۶۔ ملاحظہ فرمایئے۔**

۱۲۳۱ھ تک سید احمد صاحب امیر خان کی ملازمت میں رہے مگر ایک ناموری کا کام آپ نے یہ کیا۔ کہ انگریزوں اور امیر خان کی صلح کرادی اور آپ ہی کے ذریعہ جو شہر بعد ازاں دیئے گئے۔ اور جن پر آج تک امیر خان کی اولاد حکمرانی کرتی ہے۔ دینے طے پائے تھے۔

Marfat.com

لارڈ ہسٹینگ سید احمد صاحب کی بے نظیر کارگزاری سے بہت خوش تھا۔ دونوں لشکروں کے بیچ میں ایک خیمہ کھڑا کیا گیا۔ اور اس میں تین آدمیوں کا باہم معاہدہ ہوا۔ امیر خان، لارڈ ہسٹینگ اور سید احمد صاحب۔ سید احمد صاحب نے امیر خان کو بڑی مشکل سے شیشہ میں اتارا تھا۔ آپ نے اسے یقین دلا دیا تھا کہ انگریزوں سے مقابلہ کرنا اور لڑنا بھڑنا اگر تمہارے لئے برا نہیں ہے تو تمہاری اولاد کے لئے سمِ قاتل کا اثر رکھتا ہے۔" حیات طیبہ مصنفہ مرزا حیرت دہلوی ص۴۲۲

اب اسی کتاب کا ایک اور حوالہ ملاحظہ فرمائیے۔

حوالہ نمبر ۷:۔ "گورنمنٹ برطانیہ خود جانتی ہے۔ کہ اس کی سلطنت کی برکتوں کو فرقہ اہلحدیث نے کس قدر تسلیم کر لیا ہے۔ اور اس کے کیسے فرمانبردار مطیع اس گروہ کے لوگ ہیں۔" حیات طیبہ ص۱۳

لیجئے ایک اور حوالہ نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔

حوالہ نمبر ۸:۔ "ایک مرتبہ ایسا بھی اتفاق ہوا۔ کہ حضرت امام ربانی اپنے رفیق جانی مولانا قاسم العلوم اور طبیب روحانی اعلیٰ حضرت حاجی صاحب و نیز حافظ ضامن کے ہمراہ تھے۔ کہ بندوقچیوں سے مقابلہ ہو گیا۔ یہ نبرد آزما دلیر جتھا اپنی سرکار کے مخالف باغیوں کے سامنے سے بھاگنے یا ہٹ جانے والا نہ تھا۔ اس لئے اٹل پہاڑ کی طرح پرا جما کر ڈٹ گیا۔ اور سرکار پر جانثاری کے لئے طیار ہو گیا۔ اللہ رے شجاعت و جوانمردی کہ جس ہولناک منظر سے شیر کا پتہ پانی اور بہادر سے بہادر کا زہرہ آب ہو جائے۔ وہاں چند فقیر ہاتھوں

Marfat.com

میں تلواریں لئے جم غفیر بندوقچیوں کے سامنے ایسے جمے رہے۔ گویا زمین نے پاؤں پکڑ لئے ہیں ۔ چنانچہ آپ پر فرار ہوئیں۔ اور حضرت حافظ ضامن صاحب رحمۃ اللہ علیہ زیر ناف گولی کھا کر شہید بھی ہوئے۔ تذکرۃ الر... جلد اول ...

قارئین کرام۔ یہ تمام حوالے دیوبندی وہابی حضرات کی کتابوں سے من وعن نقل کر رہا ہوں کوئی کمی بیشی نہیں کر رہا۔ اب آپ انصاف سے فیصلہ کیجئے کہ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ انگریز کے ایجنٹ تھے یا اکابر علمائے دیوبند۔؟ اور یہ قول بھی مردود ہو کر رہ گیا۔ جو صفدر صاحب نے عبارات اکابر کے صفحہ ۱۱۳ پر لکھا ہے۔ کہ ظالم برطانیہ کے خلاف عملی جہاد میں بھی حضرت نانوتوی علیہ الرحمۃ نے بھر پور حصہ لیا۔ اور جہاد شاملی وغیرہ میں شرکت اور جرأت و بہادری سے مقابلہ ایک واضح تاریخی حقیقت ہے۔ اب مکالمۃ الصدرین سے چند حوالے پیش کرتا ہوں۔ مولوی شبیر احمد صاحب عثمانی کی زبانی سنیئے۔

دیوبندی حضرات کے حکیم الامت مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کو گورنمنٹ برطانیہ سے -/۶۰۰ روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی تھی۔

حوالہ نمبر ۹ :۔ ملاحظہ فرمائیے۔

"جب مولوی حسین احمد صدر جمعیۃ العلمائے ہند مفتی کفایت اللہ صاحب وغیرہ چند حضرات علامہ شبیر احمد عثمانی سے گفتگو کرنے کیلئے ان کے پاس گئے تو آپ نے دوران گفتگو فرمایا۔ دیکھیئے! حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ ہمارے اور آپ کے مسلّم بزرگ و پیشوا تھے۔ ان کے متعلق بعض لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنا گیا۔ کہ ان کو چھ سو روپیہ ماہولر

Marfat.com

حکومت کی جانب سے دیئے جاتے تھے۔ مکالمۃ الصدرین شبیر احمد عثمانی ص۹

## انگریز کے ایجنٹ مولوی الیاس صاحب بانی تبلیغی جماعت کو بھی انگریزوں سے روپیہ ملتا تھا۔

حوالہ نمبر۱۰:۔ ملاحظہ ہو۔

اسی ضمن میں مولانا حفیظ الرحمٰن نے فرمایا کہ مولانا الیاس صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تبلیغی تحریک کو بھی ابتداءً حکومت کی جانب سے بذریعہ حاجی رشید احمد صاحب کچھ روپیہ ملتا تھا۔ پھر بند ہو گیا۔ مکالمۃ الصدرین ص۸

## کلکتہ میں جمعیۃ العلمائے اسلام حکومت کی مالی امداد اور اس کے ایمار سے قائم ہوئی تھی۔

حوالہ نمبر۱۱:۔ اسی ملاقات میں ایک اور حوالہ ملاحظہ فرمایئے۔

مولانا حفظ الرحمٰن صاحب کی تقریر کا خلاصہ یہ تھا۔ کہ کلکتہ میں جمعیۃ العلمائے اسلام حکومت کی مالی امداد اور اس کے ایمار سے قائم ہوئی ہے۔ مکالمۃ الصدرین ص۹

اور مولانا آزاد نے یہ خیال ظاہر کیا کہ ہم جمعیۃ العلمائے ہند کے اقتدار کو توڑنے کے لئے ایک علماء کی جمعیت قائم کرنا چاہتے ہیں۔ گفتگو کے بعد طے ہوا کہ گورنمنٹ ان کو کافی امداد اس مقصد کے لئے دے گی۔ چنانچہ ایک بیش رقم اس کے لئے منظور کر لی گئی۔ اور اس کی ایک قسط مولانا آزاد سبحانی صاحب کے حوالہ بھی کر دی گئی۔ اس روپیہ سے کلکتہ میں کام شروع کیا گیا۔ مولانا حفظ الرحمٰن صاحب نے کہا۔ کہ یہ اس قدر یقینی روایت ہے۔ کہ اگر آپ اطمینان فرمانا چاہیں۔ تو ہم اطمینان کرا سکتے ہیں۔ مکالمۃ الصدرین ص۹

Marfat.com

## کانگرس کا قیام بھی ایک انگریز وائسرائے کے اشارہ پر ہوا تھا۔

حوالہ نمبر ۱۲ :۔ عثمانی صاحب نے فرمایا۔

" تو میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں۔ کہ کانگریس کی ابتدار کس نے کی تھی اور کس طرح ہوئی تھی؟ آپ کو معلوم ہے کہ ابتداءً اس کا قیام ایک وائسرائے کے اشارہ پر ہوا تھا۔ اور برسوں وہ گورنمنٹ کی وفاداری کے راگ الاپتی رہی ہے۔

مکالمتہ الصدرین صہ ۹

## مولوی حسین احمد دیوبندی و مولوی کفایت اللہ صاحب اینڈ پارٹی سب ہندوؤں کے تنخواہ دار ایجنٹ تھے۔

حوالہ نمبر ۱۳ :۔ ملاحظہ فرمائیے۔ علامہ عثمانی نے مزید فرمایا۔

" آپ حضرات کے متعلق بھی عام طور پر مشہور کیا جاتا ہے۔ کہ آپ ہندوؤں سے روپیہ لے کر کھا رہے ہیں۔

مکالمتہ الصدرین صہ ۱۰

ناظرین کرام۔ یہ ۱۳ حوالے میں نے دیوبندی وہابی حضرات کی کتابوں سے نقل کئے ہیں۔ کوئی کمی بیشی نہیں کی۔ اور یہ سب کتابیں میرے پاس موجود ہیں جس کا دل چاہے۔ میرے پاس آکر خود پڑھ لے۔ اور فیصلہ کرے کون حق پر ہے اور کون باطل پرست ہے۔ اب دیوبندی علمار کے قلم سے ثابت ہوگیا۔ کہ یہ سب دیوبندی اکابر علمار انگریز کے تنخواہ دار ایجنٹ تھے۔ جب ہی تو شبیر احمد عثمانی کو کوئی جواب نہ دے سکے۔ اور شبیر احمد صاحب عثمانی کی زبانی یہ بھی ثابت ہوگیا۔ کہ یہ سب دیوبندی کانگریسی علمار بھی ہندوؤں کے تنخواہ دار ایجنٹ تھے۔ جب ہی تو پاکستان کی مخالفت میں ایڑی چوٹی کا زور لگاتے رہے

Marfat.com

نگر ناکام رہے اور ذلیل ہوئے۔

## دیوبندی علماء کا علامہ شبیر احمد صاحب عثمانی پر ابوجہل کا فتویٰ

یہ بھی عثمانی صاحب کی زبانی سنیئے۔ عثمانی صاحب نے فرمایا۔ کہ دارالعلوم دیوبند کے طلباء نے جو گندی گالیاں اور فحش اشتہارات اور کارٹون ہمارے متعلق چسپاں کئے۔ جن میں ہم کو ابوجہل تک کہا گیا۔ اور ہمارا جنازہ نکالا گیا۔ آپ حضرات نے اس کا بھی کوئی تدارک کیا تھا۔ آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت دارالعلوم کے تمام مدرسین مہتمم اور مفتی سمیت (باستثنا ایک دو کے) بالواسطہ یا بلاواسطہ مجھ سے نسبت تلمذ رکھتے ہیں۔ دارالعلوم کے طلباء نے میرے قتل تک کے حلف اٹھائے۔ اور وہ فحش اور گندے مضامین میرے دروازہ میں پھینکے کہ اگر ہماری ماں بہنوں کی نظر پڑ جائے تو ہماری آنکھیں شرم سے جھک جائیں کیا آپ میں سے کسی نے بھی اس پر ملامت کا کوئی جملہ کہا۔ بلکہ میں کہہ سکتا ہوں۔ کہ بہت سے لوگ ان کمینہ حرکات پر خوش ہوتے تھے۔ مکالمۃ الصدرین صہ ۲۱

---

## دیوبندی حضرات کے پیر سید احمد مولوی اسمٰعیل صاحب نے یہ پہلا جہاد مسلمانوں پر کیا تھا

حضرت مولوی رشید احمد گنگوہی نے اس سلسلہ میں فرمایا۔ کہ حافظ جانی ساکن انبیٹھ نے مجھ سے بیان کیا تھا۔ کہ ہم قافلہ میں ہمراہ تھے۔ بہت سی کرامتیں وقتاً فوقتاً حضرت سید صاحب سے دیکھیں۔ مولوی عبدالحی صاحب لکھنوی اور مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی

Marfat.com

اور محمد حسین صاحب رامپوری بھی ہمراہ تھے۔ اور یہ سب حضرات سید صاحب کے ہمراہ جہاد میں شریک تھے۔ سید صاحب نے پہلا جہاد مسمی یار محمد حاکم یاغستان سے کیا تھا۔ تذکرۃ الرشید حصہ دوئم صٹ۲

ناظرین حضرات۔ کیا آپ بتا سکیں گے کہ اسمٰعیلی جہاد سکھوں کے ساتھ تھا یا حاکم یاغستانی یار محمد خان کے ساتھ تھا۔ اور یہ بھی انصاف کی عینک لگا کر بتائیں کہ یار محمد خان یہ کسی مسلمان کا نام ہے یا کسی سکھ کافر کا؟ اور یہ حوالہ ارواح ثلاثہ ص۱۵ پر بھی لکھا ہوا ہے۔

## ایک انگریز سید صاحب اور مجاہدین کیلئے کھانا لے کر آیا

لیجیئے ایک اور حوالہ نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔

" اتنے میں کیا دیکھتے ہیں کہ ایک انگریز گھوڑے پر سوار چند پالکیوں میں کھانا رکھے کشتی کے قریب آیا اور پوچھا کہ پادری صاحب کہاں ہیں۔ حضرت نے کشتی پر سے جواب دیا۔ کہ میں یہاں موجود ہوں۔ انگریز گھوڑے پر سے اترا اور ٹوپی ہاتھ میں لئے کشتی پر پہنچا اور مزاج پرسی کے بعد کہا۔ کہ تین روز سے میں نے اپنے ملازم کو یہاں کھڑا کر دیا تھا۔ کہ آپ کی اطلاع کریں آج انہوں نے اطلاع دی کہ اغلب یہ ہے کہ حضرت قافلہ کے ساتھ تمہارے مکان کے سامنے پہنچیں۔ یہ اطلاع پا کر غروب آفتاب تک میں کھانے کی تیاری میں مشغول رہا۔ سید صاحب نے حکم دیا۔ کہ کھانا اپنے برتنوں میں منتقل کر لیا جائے۔ کھانا لے کر قافلے میں تقسیم کر دیا گیا۔ اور انگریز دو تین گھنٹے ٹھہر کر چلا گیا۔ سیرت سید احمد حصہ اول مرتبہ مولوی ابوالحسن ندوی ص۱۹۰ بحوالہ دیوبندی مذہب ص۱۴۳

علامہ مشتاق احمد صاحب نظامی اس پر تبصرہ کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔ کہ یہ الٹی منطق سمجھ میں نہ آئی۔ کہ جہاد کے لئے تو سیّد صاحب اور مولوی اسمٰعیل جارہے ہیں۔ مگر راشن کا انتظام انگریز بہادر کے ہاتھ ہے۔ انگریز دس یا پنچ منٹ نہیں بلکہ مسلسل تین گھنٹے تک امیر کارواں سید صاحب کی خدمت میں حاضر رہا۔ بڑا غضب کیا مولوی سید ابوالحسن علی ندوی نے جنہوں نے اس گفتگو کا تذکرہ نہ کیا۔ غالباً یہ بات ان کے علم میں بھی نہ ہوگی۔ کہ انگریز اور پادری صاحب کے درمیان کیا گفتگو رہی۔ شاید یہی وہ مقام ہے۔ جس کے لئے کسی شاعر نے کہا

ع یہ وہ نازک حقیقت ہے جو سمجھائی نہیں جاتی

مگر مولوی علی ندوی کو اتنی تو صراحت کر دینی تھی۔ کہ انگریز کس قسم کا کھانا لایا تھا۔ انگریز کے یہاں تو خنزیر اور جھٹکے کا گوشت دونوں ہی درست ہیں۔ نہیں معلوم وہ کیا لایا تھا۔ اور سید صاحب اور ان کے ہمراہی حلال وحرام کی تمیز کئے بغیر چٹ کر گئے۔

خون کے آنسو حصہ اوّل صلا۳

یہ تو تبصرہ تھا نظامی صاحب کا۔ لیکن میرے لئے اس میں حیرانی کی کوئی بات نہیں ابھی تو کل کی بات ہے۔ کہ دیوبند میں صد سالہ جشن منایا گیا۔ سنجے گاندھی نے پچاس ہزار دیوبندی علماء کو پلاسٹک کے لفافوں میں کھانا دیا اور تین روز تک مسلسل دیوبندی مولوی پلاسٹک کے لفافوں میں کھانا لے کر کھاتے رہے۔ اور حرام حلال کی تمیز کئے بغیر صفا چٹ کر گئے ان کے نزدیک تو صرف (گیارہویں) کا کھانا حرام ہے۔ لیجئے حوالہ ملاحظہ فرمائیے۔

" اندرا گاندھی کے بیٹے سنجے گاندھی نے علیحدہ علیحدہ مفت کھانے کا وسیع

Marfat.com

انتظام کر رکھا تھا۔ سنجے گاندھی نے تقریباً پچاس ہزار افراد کو تین دن کھانا دیا۔
جو پلاسٹک کے لفافوں میں بند ہوتا تھا۔ اخبار امروز ۱۹ اپریل ۱۹۸۰ء

# ملک پشاور میں سید صاحب کی حکومت کا لرزہ خیز انجام

## (مرزا حیرت دہلوی وہابی دیوبندی کے قلم سے)

سید صاحب نے صدہا غازیوں کو مختلف عہدوں پر مقرر فرمایا تھا کہ وہ شرع محمدی کے موافق عمل درآمد کریں۔ مگر ان کی بے اعتدالیاں حد سے زیادہ بڑھ گئی تھیں۔ وہ بعض اوقات نوجوان خواتین کو مجبور کرتے تھے کہ ان سے نکاح کر لیں اور بعض اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ عام طور پر دو تین دوشیزہ لڑکیاں جا رہی ہیں۔ مجاہدین میں سے کسی شخص نے انہیں پکڑا اور زبردستی مسجد میں لے جا کر نکاح پڑھا لیا۔ ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ مجاہدین میں سب طرح کے آدمی تھے۔ بُرے بھی اور بھلے بھی۔ بلکہ یہ اندازہ کیا گیا ہے کہ بُرے زیادہ اور بھلے کم تھے۔ کبھی علانیہ طور پر سید صاحب کے کسی ساتھی کو سزا نہیں دی گئی۔ حالانکہ اکثر ناجائز افعال ان سے سرزد ہوا کرتے تھے۔ یہ محض ناممکن تھا۔ کہ نوجوان عورت رانڈ ہو کے عدت کی مدت کے گزر جانے پر بے خاوند بیٹھی رہے اس کا جبراً نکاح کیا جاتا تھا خواہ اس کی مرضی ہو یا نہ ہو۔ پشاور میں بڑے بڑے سرداروں میں نکاح ثانی کی رسم نہ تھی اور اسے سخت حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے۔ یہ مانا کہ نکاح ثانی قرآنی حکم ہے۔ مگر جس ناگوار طریقہ سے وہ پبلک کے آگے پیش کیا گیا تھا۔ وہ ناقابل برداشت تھا۔ ایک نوجوان خاتون نہیں چاہتی کہ میرا نکاح ثانی ہو۔ مگر مجاہد صاحب

Marfat.com

زور دے رہے ہیں۔نہیں ہونا چاہیئے۔آخریاں باپ اپنی نوجوان لڑکی کوحوالہ مجاہد کرتے تھے اور ان کو کچھ چارہ نہ تھا۔ ایک ایک چھوٹے چھوٹے ضلع قصبہ گاؤں میں ایک ایک عمال سید صاحب کی طرف سے مقرر ہوا تھا۔ وہ بے چارا جہانداری کیا خاک کرسکتا۔ اسلئے سید سے شریعت کی آڑ میں نئے نئے احکام بے چارے غریب کسانوں پر جاری کرتا تھا۔ اور وہ اُف نہ کر سکتے تھے۔ کھانا پینا۔ بیٹھنا۔ اٹھنا شادی بیاہ کرنا سب ان پر حرام ہوگیا تھا۔ نہ کوئی منتظم تھا نہ کوئی دادرس تھا۔ معمولی باتوں پر کفر کا فتویٰ ہوجانا کچھ بات نہ تھا۔ کاش مولانا شہید پشاور کے عامل ہوتے تو پشاوریوں پر یہ ظلم نہ ہوتا۔ ذرا کسی کی لبیں بڑھی ہوئی دیکھیں۔ اس کے لب کترواد یئے۔ ٹخنوں سے نیچے تہبند دیکھی۔ ٹخنہ اڑوا دیا۔ تمام ملک پشاور پر آفت چھارہی تھی۔ انتظام سلطنت ان مسجد کے ملاؤں کے ہاتھ میں تھا جن کا جلیس سوائے مسجد کے دلو درسن کے کبھی کچھ نہ رہا تھا۔ اور اب ان کو منتظم امور سلطنت بنا دیا گیا تھا۔ اور پھر غضب یہ تھا کہ ان پر کوئی حاکم مقرر نہ تھا۔ کہ پبلک ان کی اپیل اعلےٰ حکام کے آگے پیش کرے۔ ان ہی بے دماغوں کے فیصلے ناطق سمجھے جاتے تھے اور تسلیم کر لیا جاتا تھا۔ کہ جو کچھ انہوں نے لکھا ہے اس میں کوئی بات بھی قابل تنسیخ اور ترمیم نہیں۔ کیسا ہی پیچیدہ مقدمہ ہوتا تھا اسکی گھڑی بھر بھی تحقیق نہ کی جاتی تھی۔ نہ اس پر غور کیا جاتا تھا۔ بس ملاں جی کے سامنے گیا اور انہوں نے جھٹ سے فیصلہ دے دیا۔ کون جھک جھک کرے۔ اور کون تحقیق کی تکلیف برداشت کرے۔ سید صاحب کی خدمت میں شکایتوں کی عرضیاں گزر رہی تھیں۔ مگر کچھ بھی پرسش نہ ہوتی تھی۔ آپ کو یقین تھا۔

Marfat.com

شریعت کے ارکان کی پابندی کرنے کے چونکہ یہ لوگ عادی نہیں ہیں۔ اور اب انہیں پابندی کرنی پڑتی ہے اس لئے یہ ہمارے آدمیوں سے ناراض ہوتے ہیں۔ مولانا شہید خاموشی سے اس بے انتظامی کو دیکھ رہے تھے۔ اور سکتہ میں تھے۔ کہ دیکھئے اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے۔

غرض ایک عام ناراضی ان نئے منتظموں کی طرف سے تمام ملک پشاور میں پھیل گئی اور یہاں تک نوبت پہنچی۔ کہ باہم ان کے قتل کی سازشیں ہونے لگیں۔ تاہم ابھی بہت کچھ رعب کی دھاک بندھی ہوئی تھی اور رئیسوں پر سکّہ جما ہوا تھا۔ وہ ابھی ان خون خوار سازشوں میں جو منتظموں کے خلاف کی جاتی تھیں شریک نہ تھے۔ گو ان کے تیور بھی بدلنے لگے تھے۔ پھر بھی ان میں سنجیدہ سکوت حکمرانی کر رہا تھا۔

## آتش فشاں فتویٰ اور خطرناک انجام

بدقسمتی سے ایک نیا گل کھلا۔ گل کیا کھلا گویا غازیوں یا مجاہدوں کی زندگی کے شیرازہ کو اس نے پراگندہ کر دیا۔ یا ہم یہاں کے کل عمّال نے جن کی تعداد ہزار سے بھی زیادہ بڑھی ہوئی تھی۔ ایک فتویٰ مرتّب کیا اور اسے پوشیدہ مولوی اسمٰعیل کی خدمت میں بھیج دیا۔ فتویٰ کا مضمون یہ تھا۔ کہ بیوہ کا نکاح ثانی فرض ہے یا نہیں۔ مولانا شہید کیا واقف تھے۔ کہ ملک پشاور میں یہ آگ پھیل رہی ہے۔ اور اس وقت اس فتویٰ کی اشاعت سخت غضبناک ہوگی۔ آپ نے سادہ طور پر اس پر اپنی مہر کر دی۔ اور سیّد صاحب کی بھی اس پر مہر ہو گئی۔

ناظرین کرام۔ اب ذرا سیّد صاحب کی مہر کا نقشہ اور شہید بالاکوٹ کی مہر کا نقشہ بھی ملاحظہ فرما لیجئے اور پھر انصاف سے بتائیے کہ کیا یہ دونوں حضرات

Marfat.com

اُمتی تھے؟ یا مقام نبوت کے متلاشی تھے۔

| مولوی اسمٰعیل صاحب کی مہر کا نقشہ | سید صاحب کی مہر کا نقشہ |
|---|---|
| واذکر فی الکتاب اسمٰعیل | اسمہ احمد |

حوالہ ملاحظہ ہو۔

" سید صاحب نے نئے طور سے اپنی مہر کندہ کرائی جس پر مذکورہ بالا اسم شریف لکھا ہوا تھا۔ مولانا شہید نے بھی ایک مہر کندہ کرائی۔ اس پر یہی آیتہ کریمہ لکھی ہوئی تھی۔ "حیات طیبہ" مرزا حیرت دہلوی وہابی دیوبندی ص۲۶۳

دیکھ لیا۔ ناظرین کرام نے مہروں کا نقشہ۔ گویا پیر و مرید دونوں نے جناب حضرت احمد مجتبٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے متعلق دونوں آیتوں کو مرزا غلام احمد قادیانی کی طرح اپنے اوپر چسپاں کر لیا۔ اسی بے ادبی کی وجہ سے سید صاحب و اسمٰعیل کی حکومت تباہ و برباد ہوئی۔ پہلے سے ہی یہ لوگ شان رسالت میں بے ادبی اور گستاخی کی عبارتیں کتابوں میں لکھ چکے تھے۔ اب ہزاروں مسلمانوں کا خون اپنے ذمہ لے کر دنیا سے رخصت ہو گئے۔ جیسے آگے چل کر بیان کیا جائے گا۔ اور جو حوالے پیش کئے جائیں گے۔ وہابی دیوبندی حضرات کی کتابوں سے نقل کئے جائیں گے۔ تاکہ ان کے گھر کی بات ان کے گھر میں ہی رہے اور اہل سنت وجماعت کے علماء کے خلاف بدعت و شرک کے فتوے لگانے والے اپنے گھر ہی کی تلاشی لینے میں مصروف رہیں۔

Marfat.com

# پشاور شہر کے قاضی صاحب کا حکم اور خوفناک انجام

## ہزاروں مسلمانوں کا قتل

اور پھر وہ فتویٰ قاضی شہر پشاور سید مظہر علی صاحب غازی کو بھیج دیا گیا۔ انہوں نے اس فتویٰ کی اشاعت ہی پر قناعت نہ کی۔ بلکہ یہ اعلان دے دیا۔ کہ تین دن کے عرصہ میں ملک پشاور میں جتنی رانڈیں ہیں۔ سب کے نکاح ہو جانے ضرور ہیں۔ ورنہ اگر کسی گھر میں بے نکاح رانڈ رہ گئی۔ تو اس گھر کو آگ لگا دی جائیگی۔ اس اعلان کا شائع ہونا تھا۔ تمام ملک مجاہدین کے خلاف شمشیر بدست ہو گیا۔ بہت دھوم دھام سے سازشیں ہونے لگیں اور ایک عام کہرام ملک پشاور میں مچ گیا۔ بڑے بڑے خوانین جو اپنی رانڈ لڑکیوں کا نکاح کرنا ... سخت عیب خیال کرتے تھے بڑے افروختہ ہوئے اور انہوں نے باہم یہ مشورہ کیا کہ تین دن کی مدت میں ان سب کو تہ تیغ کر ڈالو۔ مجاہدین نے بھی آخر وقت میں جا کے جب سب سامان ہو چکا تھا۔ ان کے تیور پہچانے۔ اور وہ خائف ہو کر سیّد صاحب کو لکھنے لگے۔ کہ یہاں یہ کیفیت نظر آتی ہے۔ سیّد صاحب کچھ ایسے بے پرواہ ہو گئے تھے کہ انہوں نے کچھ بھی خیال نہ کیا۔ نہ مخبروں کی خبروں پر کچھ توجہ کی۔ ہر دم بدم یہ پرچہ گزار رہے تھے کہ آپ جلد فوج لے کر اسطرف روانہ ہوں۔ ورنہ خاتمہ ہی ہوا چاہتا ہے۔ سیّد صاحب نے مطلق توجہ نہیں کی آخر نتیجہ یہ ہوا۔ کہ حاکم اعلیٰ مولوی سید مظہر علی صاحب جو اس آتش فشاں فتویٰ کے بانی مبانی اور اشاعت دہندہ تھے اور جنہیں سیّد صاحب نے بڑے اعتبار اور

Marfat.com

بھروسہ سے مقرر کیا تھا۔ سلطان محمد حاکم پشاور کے دربار میں بلائے گئے اور فوراً ان کا سر قلم کیا گیا۔ اور عام حکم دیدیا گیا۔ کہ ایک ایک مجاہد کو قتل کیا جائے۔ ساری رات میں کل مجاہدوں کی جو بطور منتظم مختلف حصص میں متعین تھے۔ گردنیں اڑا دی گئیں اور نہایت بے کسی کی حالت میں ان میں سے اکثر سڑکوں پر بکروں کی طرح لٹا کے ذبح کئے گئے۔ حیات طیبہ صہ ۳۸۳

یہ خونی خبر وحشت ناک آگ کی طرح پنجتار میں سید صاحب کے گوش حقیقت نیوش میں بھی پہنچی۔ آپ نے یہ خبر گوش گزار فرما کے خون کے آنسو روئے اور ایسا صدمہ ہوا۔ کہ کل ارادے پست ہو گئے اور ایسی مایوسی چھائی کہ انتقام کی بھی ہمت نہ رہی۔ پیارے شہید کا دل سب سے زیادہ ٹوٹ گیا تھا اور وہ سخت حیرانی کی بھری ہوئی نظروں سے چاروں طرف تکنے لگے۔ اب کیا تھا۔ کمر ٹوٹ چکی تھی۔ اور پیروں کے نیچے سے زمین نکل چکی تھی۔ ظاہر تھا۔ کہ کئی برس خون پسینہ ایک کر کے پنجاب کے بڑے حصہ پر سکہ بٹھایا تھا اور وہ آناً فاناً یوں خیر باد ہو گیا۔ کثیر التعداد مجاہدین کا مارا جانا بھی قہرناک تھا۔ اور پشاور کا ملک چھن جانا تو سب سے ہی زیادہ خونی اثر پیدا کرنے والا تھا۔ ان تمام ناگفتہ بہ غمناک صورتوں نے مولانا کو بٹھا دیا۔ اور پھر اس شیر میں بھی یہ اولوالعزمی نہ رہی کہ وہ اپنے دوستوں کا عوض لیتا۔ اب اس نے اپنی شکستہ دلی اور سخت مایوسی کی حالت میں اپنے آپ کو بالکلیہ اپنے محترم پیر کے حوالہ کر دیا۔ کہ جو کچھ یہ چاہے۔ جو کچھ یہ کرے۔ اس کا ساتھ دو۔ خود کوئی بات سوچنا اور مشورہ دینے کا کام نہیں ہے۔ سید صاحب مولانا

Marfat.com

شہید سے بھی زیادہ شکستہ خاطر تھے۔ آپ نے یہی بہتر جانا۔ کہ اس ملک پنجاب کو چھوڑ دینا چاہیئے۔ ہر چند لوگوں نے سمجھایا۔ مگر آپ نے نہ مانا۔ اور کہا۔ جہاں میرا خدا چاہے گا لے جائے گا۔ میں چلا جاؤں گا۔ حیات طیبہ صفحہ ۲۸۰ تا صفحہ ۲۸۴ از مرزا حیرت دہلوی۔ مطبع معارف پریس لاہور اگست ۱۹۷۶ء

ناظرین کرام! دیکھا آپ نے شہید بالا کوٹ کی حکومت کا نقشہ ایک ہی فتویٰ ایسا جاری کیا۔ جس سے ایک ہی رات میں ہزاروں مجاہدین کو قتل کروا دیا۔ اور وہ بھی مسلمان پٹھانوں کے ہاتھ سے۔ اللہ اکبر! یہ کونسی شریعت کے مطابق فتویٰ تھا۔ جس پر شہید بالاکوٹ نے مہر کر دی اور سید صاحب سے بھی مہر کروا دی۔ اور ہزاروں آدمیوں کا خون اپنے ذمہ لیا۔ اللہ اکبر یہ کونسی شریعت تھی؟ جس کی رُو سے یہ حکم جاری کیا گیا۔ کہ تین دن کے اندر سارے ملک پشاور میں جس قدر بیوہ عورتیں ہیں سب کے نکاح ہو جانے ضروری ہیں۔ ورنہ جس گھر میں کوئی بیوہ عورت بغیر نکاح کے رہ گئی۔ اس گھر کو آگ لگا دی جائے گی۔ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ۔ اور مصنف کتاب بھی شہید بالاکوٹ کے عاشق زار ہیں۔ جا بجا آپ کو پیارے شہید کا لقب دے رہے ہیں۔

# یورپین مؤرخ کا بیان

اب اسی کتاب سے ایک انگریز مورخ کا حوالہ نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمایئے ایک یورپین مورخ اس افسوس ناک واقع کی نسبت یہ تحریر کرتا ہے۔ سید احمد صاحب نے یہ ضرورت سمجھی کہ وہ اپنے ہندوستانی پیروان کو اپنے فضل و کرم

Marfat.com

سے نہال کر دیں۔ جن کا ان پر کامل بھروسہ تھا۔ پہلے آپ نے اپنے کو سرحدی لوگوں سے (دہ یکی) عشر لینے میں محدود کیا۔ اس امر کو انہوں نے خفیف اشکراہ سے برداشت کیا۔ کیونکہ وہ سمجھتے تھے کہ ہم سے دہ یکی نیک کام میں خرچ کرنے کے لئے لی جاتی ہے۔ مگر جب سید صاحب کے پیروان دہ یکی سے گذر کر زیادہ لینے لگے۔ تو سرحدی لوگ سخت برہم ہوئے۔ اور جس کا نتیجہ سید صاحب کے لئے بہتر نہیں ہوا۔ سید صاحب کا مزاج صلح کل حاکمانہ امتزاجی عنصر اپنے میں بہت کم رکھتا تھا۔ بلکہ اس میں سخت تعصّب اور فتنہ انگیزی (استغفراللہ) آمیز ہو رہی تھی۔ جس نے اس حیرت انگیز اثر کو جو سرحدی لوگوں پر ہوا تھا۔ آناً فاناً بالکل ملیا میٹ کر دیا۔ جب آپ کو معلوم ہوا۔ کہ میری قوت زوال پذیر ہو رہی ہے۔ آپ نے اور بھی زیادہ سرحدی لوگوں پر سختی کی۔ اور ان کے ساتھ سخت انسانیت سوز برتاؤ کیا۔ جس نے سرحدیوں کی اس بے نظیر محبت کی دوشیزہ نازک لڑکی کو مجروح کیا۔ جس نے ان پر غضب کا عجیب افسوں پھونکا تھا۔ آپ نے پہاڑی آدمیوں کی شادی بیاہ کی رسوم میں دست اندازی کی۔ جو اپنی لڑکیاں بڑے بڑے امیروں کو پیسے کے لالچ میں بیاہ دیتے تھے۔ یا یہ کہو کہ ان کے ہاتھ فروخت کر ڈالتے تھے اور چونکہ آپکے ساتھی غریب الوطن تھے۔ اور اب انہیں جوروں کی بھی خواہش تھی۔ تو آپنے ایک فرمان جاری کیا۔ کہ جتنی کنواری لڑکیاں ہیں۔ وہ سب ہمارے لیفٹیننٹ کی خدمت میں مجاہدین کیلئے حاضر کی جائیں گی۔ اگر ان کی شادی بارہ دن میں نہ کر دیگئی۔ قوم کی قوم اس اعلان سے بھڑک اٹھی اور اس نے ہندوستانی آدمیوں کو قتل کر ڈالا۔ سید صاحب بڑی دقت سے جان بچا کر بھاگے۔ حیات طیبہ ص۲۸۶-۲۸۷

Marfat.com

# سیّد صاحب جہاد سے فرار ہو گئے

ایک شخص نے بیان کیا۔ کہ مجھے بخار تھا۔ اسی حالت میں مَیں نے تین شخصوں کو جاتے دیکھا۔ جن میں ایک سید صاحب تھے۔ میں نے غل مچایا کہ حضرت آپ ہم کو کہاں چھوڑ گئے اور کیوں ہم سے علیحدہ ہو گئے؟ سب لوگ آپ کے راہ براہ ہیں۔ میرے غل مچانے پر حضرت سید صاحب نے منہ پھیر کر مجھے دیکھا کچھ جواب نہ دیا اور چلے گئے۔ میں بوجہ سخت بیماری کے اٹھ نہ سکا۔ غل مچایا گیا۔

دوسرے شخص نے بیان کیا۔ کہ ہم انہی دنوں سید صاحب کو ایک پہاڑ میں تلاش کر رہے تھے۔ دفعتہً کچھ فاصلے پر گڑگڑاہٹ سنا۔ میں وہاں گیا۔ تو دیکھوں کہ سید صاحب اور ان کے دو ہمراہی بیٹھے ہیں۔ میں نے سلام و مصافحہ کیا۔ اور عرض کیا۔ کہ حضرت کیوں غائب ہو گئے۔ سب لوگ بغیر آپ کے پریشان ہیں مجبور ہو کر ہم نے فلاں شخص کو اپنا خلیفہ بنا لیا ہے۔ اور ان سے بیعت کی ہے۔ آپ نے اس پر تحسین کی اور فرمایا ہم کو اب غائب رہنے کا حکم ہوا ہے۔ اس لئے ہم نہیں آسکتے" اتنا فرما کر قافلہ والوں کی خیریت اور حالات پوچھے اور پھر روانہ ہو گئے۔ میں نے بھی ہمراہ ہونے کے لئے عرض کیا۔ تو منع فرمایا۔ اور کوشش کر کے جو میں نے پیچھے چلنا چاہا۔ تو میرے ہاتھ پاؤں وزنی ہو گئے۔ میں تو کھڑا کا کھڑا رہ گیا۔ حیران اور مایوس تھا۔ کہ یا اللہ کیسے چلوں اور حضرت سیّد صاحب معہ ہمراہیاں نظر سے غائب ہو گئے۔

تیسرے ایک اور شخص نے بیان کیا۔ کہ سیّد صاحب کو ڈھونڈتے ڈھونڈتے

Marfat.com

ہم ایک گاؤں میں ایک جگہ اُترے وہاں دریافت کرنے سے معلوم ہُوا۔ کہ یہ قبر جو گرائی ہوئی تازہ پڑی ہے۔ اس کو سید صاحب ابھی گروا کر گئے ہیں۔ کیونکہ اونچی تھی۔ ادھر ادھر دیکھا تو کہیں پتہ نہ لگا۔ تذکرۃ الرشید ص۲۷۱ مصنفہ عاشق الٰہی میرٹھی

ناظرین کرام! دیکھا آپ نے تذکرۃ الرشید کی عبارت سے صاف صاف ظاہر ہے۔ کہ سید صاحب سکھوں کے مقابلہ میں جہاد سے بھاگ گئے۔ اور جس کتاب کا میں حوالہ پیش کر رہا ہوں۔ اس کے مصنف عاشق الٰہی میرٹھی ہیں۔ جو پکے دیوبندی اور مولوی رشید احمد صاحب کے عاشق زار ہیں۔ جو ارشاد فرما رہے ہیں۔ کہ سید احمد صاحب جہاد سے فرار ہو گئے تھے۔ خدا جانے کہیں پہاڑوں میں جا کر مر گئے ہوں گے۔ اب ملاحظہ فرمائیے۔ شیخ الحدیث صفدر صاحب کیا تحریر فرما رہے ہیں۔

بالاکوٹ میں دریا کے کنارے پر جامع مسجد کے قریب مختصر سے قبرستان میں حضرت سید احمد شہید علیہ الرحمۃ کی قبر ہے۔ اب ایک اور حوالہ ملاحظہ فرمائیے۔ مولوی احمد علی صاحب لاہوری کیا فرماتے ہیں۔ آپ سے علامہ افغانی نے دریافت فرمایا کہ حضرت کیا وجہ ہے۔ کہ سید صاحب جو شیخ اور مرشد ہیں۔ کہ قبر پر انوار مولانا شہیدؒ کے قبر کی نسبت کم معلوم ہوتے ہیں۔ حضرت نے فرمایا۔ ہاں واقعہ یہ ہے کہ میں نے صاحب قبر سے دریافت کیا۔ تو اس نے کہا۔ کہ میں سید احمد شہید نہیں ہوں میرا نام سید احمد ہے۔ میں مولانا شہید کا مرشد نہیں۔ لوگوں نے مولانا شہید کی قبر کے قریب ہونے کی وجہ سے غلط فہمی میں مجھے سید صاحب سمجھ لیا ہے۔

رسالہ خدام الدین لاہور شیخ التفسیر نمبر ۲۲ ر فروری ۱۹۶۳ء ص۴۴

اب حیات طیبہ کا ایک حوالہ نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیں۔ کہ مرزا حیرت دہلوی

Marfat.com

کیا فرماتے ہیں۔ سید صاحب قلب لشکر میں نہ پہنچے تھے کہ ایک گولی آپ کی ٹانگ میں لگی۔ آپ گولی کے صدمہ سے جھک رہے تھے کہ ایک گولا صاف آپ کی باڈی گارڈ میں سے آپ کو اڑا لے گیا۔ جس سے بولائے ہوئے مجاہدین کو یہ معلوم ہوا۔ کہ سیّد صاحب مجسّم آسمان پر بلالئے گئے ہیں اور دوبارہ تشریف لائیں گے۔ بہت سے لوگوں کا یہ بھی مقولہ ہے۔ کہ سید صاحب کے ساتھ مولانا محمد اسمٰعیل بھی آسمان پر چلے گئے۔ مگر یہ خبر معتبر معلوم ہوتی ہے کہ دوسرے دن شیر سنگھ نے ان دونوں بزرگوں کی نعشوں کو شناخت کرا کے نہایت عزت کے ساتھ انہیں بالاکوٹ ہی میں دفن کرا دیا۔ مولانا شہید کی قبر تو موجود ہے اور سیّد احمد کی قبر حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرح مشتبہ ہے۔ حیات طیبہ مصنفہ مرزا حیرت دہلوی ص۴۴۳

## مولوی اسمٰعیل صاحب سید صاحب کو لیکر جہاد سے بھاگ نکلے

مولانا شہید نے پہلے سکھوں کے خونخوار حملہ کو روکا۔ مگر جب دیکھا کہ سیّد صاحب تو بے ہوش پڑے ہوئے ہیں اور ان کا ہاتھی جنبش نہیں کھاتا۔ اور وہ عنقریب سکھوں کے قبضہ میں آنے کو ہیں۔ آپ نے میدان سکھوں کے ہاتھ سونپ کے سید صاحب کو سنبھالا۔ اور بامشکل کئی آدمیوں کی مدد سے آپ کو گھوڑے پر بٹھا کے صاف میدان جنگ سے نکل آئے۔ جب مجاہدین نے سید صاحب اور مولانا شہید کو اپنے میں نہ پایا۔ ان کے پیر بھی اکھڑ گئے۔ نہ کوئی کمانڈر تھا۔ نہ انہیں کوئی خالد جیسا لڑانے والا اور نہ مثنیٰ جیسا حملہ آوروں کے پنجہ سے نکالنے والا تھا۔ جدھر ان کا سینگ سمایا۔ سراسیمہ ہوکر بھاگے۔ سکھوں نے تعاقب کیا۔ اور مظلوم مسلمانوں

Marfat.com

کو نہایت بے بسی کی حالت میں قتل کیا۔ ان کا سامان لٹ رہا تھا۔ اور ان کی جانیں ضائع ہو رہی تھیں۔ ادھر سید صاحب کو لینے کے دینے پڑ رہے تھے اور ادھر مجاہدین کی جانوں پر بن رہی تھی۔ بہت سے مسلمان سکھوں نے قید کر کے لاہور روانہ کئے۔ جہاں وہ نہایت بے رحمی سے قتل کئے گئے۔ حیات طیبہ

ناظرین کرام۔ غور فرمائیں۔ یہ اسمٰعیلی جہاد۔ ہزاروں مسلمان سکھوں کے حوالے کر کے اسمٰعیل صاحب، سید صاحب کو گھوڑے پر بٹھا کر میدان جہاد سے بھاگ نکلے۔ جیسا کہ وہابی مرزا حیرت دہلوی نے لکھا ہے۔ شاید جہاد سے جان بچا کر بھاگ جانا ہی شہادت کا مرتبہ دلانا ہوگا۔

Marfat.com

سرفراز صاحب نے اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ پر ایک اعتراض یہ بھی کیا ہے۔ کہ آپ نے ہندوستان کو دارالسلام لکھا ہے۔ عبارات اکابر کے صفحہ ۴۴ پر لکھتے ہیں۔ کہ انگریز کے ظالمانہ اور جابرانہ دور کے ہندوستان کو دارالاسلام ثابت کرنا بھی اسی کی ایک کڑی تھی۔ چنانچہ خان صاحب تحریر طور پر لکھتے تھے۔ کہ ہندوستان بفضلہ دارالاسلام ہے + اس کا جواب تو حضرت علامہ مولانا محمد حسن علی صاحب رضوی نے پیش لفظ میں نہایت وضاحت کے ساتھ تحریر فرما دیا ہے۔ اور دیوبندی اکابر علماء کے قلم سے ثابت کر دیا ہے کہ وہ بھی ہندوستان کو دارالاسلام لکھ چکے ہیں۔ لیکن میں یہاں گکھڑوی کی مزید تسلی کے لئے ایک حوالہ غیر مقلد حضرات کے امام آخر الزمان نواب صدیق حسن خان بھوپالی کی کتاب ترجمان وہابیہ سے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔

علماء اسلام کا اسی مسئلہ میں اختلاف ہے۔ کہ ملک ہند میں جب سے حکام دالامقام فرنگ فرمان روا ہیں۔ اس وقت سے یہ ملک دارالحرب ہے۔ یا دارالاسلام۔ حنفیہ جن سے یہ ملک بالکل بھرا ہوا ہے۔ ان کے عالموں اور مجتہدوں کا تو یہی فتویٰ ہے کہ یہ دارالاسلام ہے۔ ترجمان وہابیہ صد ۱۵

اور سنیئے ایک اور حوالہ اسی کتاب سے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔
آپ کے نواب صاحب کیا فرماتے ہیں۔ اس وقت مولوی عبداللطیف خان بہادر مجسٹریٹ کلکتہ نے اس خیال کے رد میں عام مسلمانوں کی طرف سے ایک رسالہ مشتہر کیا تھا اور اس میں عام اطراف ہندوستان کے عالموں اور نیز علماء مکہ

Marfat.com

مدینہ وغیرہ کے فتوے نقل کئے تھے۔ جس سے سرکار کو معلوم ہو جاوے کہ تمام فتویٰ مذکورہ کی رد سے کل مسلمانوں کو سرکار کی مخالفت ناجائز ہے اور کسی شخص کو مشیت موجودہ پر ہندوستان کے دارالاسلام ہونے میں شک نہ رہے۔ ترجمان وہابیہ ص۴۸

کیوں جناب گکھڑوی صاحب اب بھی تسلی ہوئی یا نہ۔ دراصل یہ گکھڑوی صاحب کی لاعلمی کی زبردست دلیل ہے۔ اعلیٰحضرت علیہ الرحمۃ کی مخالفت میں دیوانہ وار قلم چلا رہے ہیں اور اپنے گھر کی تلاشی لئے بغیر اندھا دھند اوراق سیاہ کر رہے ہیں۔ اور یہ نہیں خیال فرماتے کہ مجھے اس میں ندامت اٹھانی پڑے گی۔ جب آپ کے سب علماء مقلد وغیر مقلد ہندوستان کو دارالاسلام لکھ چکے ہیں۔ تو پھر اعلیٰحضرت کا کیا قصور ہے؟ افسوس تو اس بات پر ہے کہ سرفراز صاحب اپنے اکابر علماء کی کتابوں سے بھی ناواقف ہیں اور جو شخص اپنے اکابر علماء کی کتابوں سے ہی ناواقف ہو۔ وہ اپنے اکابر علماء کی کفریہ عبارات کو اسلامی کیسے بنا سکے گا۔

Marfat.com

# اس زمانہ میں ہدایت و نجات موقوف ہے میرے اتباع پر۔

مولوی رشید احمد گنگوہی فرماتے ہیں۔

"سن لو حق وہی ہے جو رشید احمد کی زبان سے نکلتا ہے اور بقسم کہتا ہوں کہ میں کچھ نہیں ہوں مگر اس زمانہ میں ہدایت و نجات موقوف ہے میرے اتباع پر۔ (تذکرۃ الرشید جلد دوم ص۱۷ مصنفہ عاشق الٰہی میرٹھی دیوبندی)

ناظرین کرام۔ اب اسی کتاب سے ایک حوالہ اور نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے کہ مولوی عاشق الٰہی صاحب کیا فرماتے ہیں۔

# "مولوی اشرف علی صاحب کے پاؤں دھو کر پینا نجات کا سبب ہے"

واللہ العظیم مولانا تھانوی کے پاؤں دھو کر پینا نجات اخروی کا سبب ہے۔ (تذکرۃ الرشید جلد اول ص۱۱۳)

ناظرین کرام یہ دونوں حوالے میں نے تذکرۃ الرشید کتاب سے من وعن نقل کر دیئے ہیں۔ کوئی کمی بیشی نہیں کی جس کا دل چاہے۔ تذکرۃ الرشید کتاب سے خود ملاحظہ فرمالے اگر کسی صاحب کو یہ کتاب نہ مل سکے تو میرے پاس تشریف لاکر ملاحظہ فرمالیں۔ کیونکہ میں نے اس کتاب میں سب حوالے اکابر علمائے دیوبند کی کتابوں سے ہی نقل کیئے ہیں۔ اور میرے پاس یہ سب کتابیں موجود ہیں۔ جس کا دل چاہے تشریف لاکر ملاحظہ فرمالیں۔ تاکہ حق و باطل ظاہر ہو جائے۔

قارئین کرام۔ غور فرمائیں۔ گنگوہی صاحب نے دعوٰے تو بہت بلند

Marfat.com

فرمایا ہے۔ لیکن اس دعوے کے ثبوت میں کوئی دلیل پیش نہیں کر سکے۔ اور دعوی بغیر دلیل کے باطل ہوتا ہے قرآن شرافیہ سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ ہر زمانہ میں ہدایت ونجات موقوف ہے حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی اتباع پر اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ رسالت سے لے کر قیامت تک ہدایت ونجات موقوف ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع پر۔ لیکن گنگوہی صاحب اس کے برعکس فرمارہے ہیں۔ کہ ہدایت و نجات موقوف ہے میرے اتباع پر حالانکہ گنگوہی صاحب کو اپنی نجات کا بھی علم نہیں۔ کیونکہ وہ معصوم نہیں۔ پس یہ دعوی گنگوہی صاحب کا لغو اور باطل ہے۔ اور قرآن شریف وحدیث پاک کے سراسر خلاف ہے۔

اب یہاں پر ایک عبارت تقویۃ الایمان سے نقل کرتا ہوں۔ دیکھیئے آپ کے شہید بالاکوٹ کیا فرمارہے ہیں۔ یعنی جو کچھ کہ اللہ اپنے بندوں سے معاملہ کریگا۔ خواہ دنیا میں خواہ قبر میں خواہ آخرت میں۔ سو اس کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں۔ نہ نبی کو نہ ولی کو نہ اپنا حال نہ دوسرے کا۔ تقویۃ الایمان صہ۳۱

ناظرین کرام۔ غور فرمائیں۔ مولوی اسمٰعیل دہلوی کے نزدیک سب انبیائے کرام و اولیاء عظام اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا و آخرت کی حقیقت سے معاذ اللہ بے خبر ہیں۔ تو گنگوہی صاحب کو اپنی ہدایت و نجات کا کیسے علم ہو گیا؟ جو یہ فرما چکے ہیں کہ اس زمانہ میں ہدایت ونجات میرے اتباع پر موقوف ہے۔ اس کا تو صاف صریح مطلب یہی ہوا۔ جو گنگوہی صاحب کی اتباع کرے گا بس نجات اسی کی ہو گی یا پھر جو کوئی تھانوی صاحب کے پاؤں

Marfat.com

دھو کر پی چکا ہے۔ اس کی نجات ہو گی۔ کیونکہ عاشق الہی میرٹھی دیوبندی اللہ تعالیٰ کی قسم اٹھا کر کہہ رہے ہیں۔ کہ مولانا تھانوی کے پاؤں دھو کر پینا نجات اخروی کا سبب ہے۔ اب اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ کہ جن حضرات نے گنگوہی صاحب کی اتباع نہیں کی اور تھانوی صاحب کے پاؤں دھو کر نہیں پیئے ان کی نجات کیسے ہو گی۔ ناظرین کرام اب ان حضرات کا عقیدہ اور کردار ملاحظہ فرمائیے۔ دیوبندی علماء کی کتابوں سے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔ اور انصاف کیجئے۔

حضرت والد ماجد مولانا حافظ محمد احمد صاحب عم محترم مولانا حبیب الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہما نے بیان فرمایا کہ ایک دفعہ گنگوہ کی خانقاہ میں مجمع تھا حضرت گنگوہی اور حضرت نانوتوی کے مرید و شاگرد سب جمع تھے۔ اور یہ دونوں حضرات بھی وہیں مجمع میں تشریف فرما تھے کہ حضرت گنگوہی نے حضرت نانوتوی سے محبت آمیز لہجہ میں فرمایا کہ یہاں ذرا لیٹ جاؤ۔ حضرت نانوتوی کچھ شرما سے گئے۔ مگر حضرت نے پھر فرمایا تو بہت ادب کے ساتھ چت لیٹ گئے۔ حضرت بھی اس چارپائی پر لیٹ گئے۔ اور مولانا کی طرف کو کروٹ لے کر اپنا ہاتھ ان کے سینے پر رکھ دیا۔ جیسے کوئی عاشق صادق اپنے قلب کو تسکین دیا کرتا ہے۔ مولانا ہر چند فرماتے ہیں۔ کہ میاں کیا کر رہے ہو؟ لوگ کیا کہیں گے؟ حضرت نے فرمایا۔ لوگ کہیں گے۔ کہنے دو۔ ارواح ثلاثہ حکایت ص۲۰۲ ص۲۰۵ ص۲۰۶

ناظرین کرام مندرجہ بالا عبارت کسی تبصرہ کی محتاج نہیں۔ شاید یہ مظاہرہ عام مجمع میں اس لئے کیا گیا ہو۔ کہ آپ کے مرید و شاگرد بھی اسی طرح آپ کے

Marfat.com

نقش قدم پر چل کر ہدایت و نجات حاصل کر سکیں اور عام لوگوں کو اچھی طرح معلوم ہو جائے کہ ہدایت و نجات واقعی گنگوہی صاحب کی اتباع پر ہے للہ اللہ یہ ہیں جناب تمام علماء دیوبند کے قطب الارشاد امام ربانی حضرت گنگوہی صاحب۔ اب ایک حوالہ اسی عاشق صادق کا اور ملاحظہ فرمائیے۔

مولوی عاشق الٰہی صاحب میرٹھی تذکرۃ الرشید میں لکھتے ہیں۔ ایک بار ارشاد فرمایا۔ میں نے ایک بار خواب دیکھا تھا۔ کہ مولوی محمد قاسم صاحب عروس کی صورت میں ہیں اور میرا ان سے نکاح ہوا ہے۔ سو جسطرح زن و شوہر میں ایک کو دوسرے سے فائدہ پہنچتا ہے۔ اسی طرح مجھے ان سے اور انہیں مجھ سے فائدہ پہنچا ہے۔ (تذکرۃ الرشید ص۲۸۹)

دیکھا جناب آپ نے عاشق صادق کا غلبہ عشق یہاں تک بڑھ گیا ہے کہ خواب میں بھی مولوی قاسم صاحب ہی دکھائی دیتے ہیں۔

ناظرین کرام۔ یہ ہیں مربی خلائق۔ چنانچہ محمود الحسن صاحب دیوبندی مرثیہ صہ۱ میں گنگوہی صاحب کی شان میں لکھ چکے ہیں ؎

خدا اُن کا مربی وہ مربی تھے خلائق کے
میرے مولا میرے ہادی تھے بیشک شیخ ربانی

یہ جناب کسی معمولی آدمی کا فتویٰ نہیں۔ یہ تو جناب صدر دیوبند کا ارشاد ہے جو شرک و بدعت کی تلوار ہر وقت ہاتھ میں لئے پھرتے رہے ہیں۔ اور بات بات پر بدعت و شرک کے فتوے لگانے میں مصروف رہتے رہے ہیں۔ اللہ تعالےٰ تو فرماتا ہے۔ الحمد للہ رب العالمین۔ یعنی عالمین کا رب خدا

Marfat.com

تعالیٰ ہے۔مگر دیوبندیوں کا عقیدہ صاف صاف ظاہر ہوگیا۔کہ خدا تو صرف گنگوہی صاحب کا رب ہے۔اور باقی ساری مخلوق الٰہی کے رب مرّبی مولوی رشید احمد صاحب ہیں۔معاذاللہ۔استغفراللہ۔کیوں جناب دیکھا آپ نے۔یہ ہیں پکے توحید پرست موحد۔اور اگر مجازی عشق و محبت کا جلوہ دیکھنا ہو تو گنگوہ کی خانقاہ والا نظارہ دیکھ لیجئے۔اور اوپر کے مضمون کو دوبارہ پڑھ کر اپنے قلب کو تسکین دے لیجئے۔اگر اس سے بھی تسلّی نہ ہو تو تذکرۃ الرشید اٹھا کر خواب والی عبارت کو دوبارہ پڑھ لیجئے جس میں نانوتوی صاحب کو عروس کی صورت میں دکھایا گیا ہے اور گنگوہی صاحب کا ان سے نکاح بھی ہو چکا ہے اور آپس میں مرد و زن کی طرح ان دونوں کو فائدہ بھی پہنچ چکا ہے اور آپ حضرات اس بات کو بھی نہ بھول جائیں۔کہ یہ وہی گنگوہی صاحب ہیں جو فرما رہے ہیں۔کہ اس زمانہ میں ہدایت اور نجات موقوف ہے میرے اتباع پر۔سبحان اللہ دعویٰ بھی ایسا کیا۔کہ جو انبیائے علیہم السلام کے سوا کسی مسلمان نے کبھی اب تک نہ کیا ہو۔اور نہ آئندہ کوئی مسلمان ایسا دعویٰ کرنے کی جرأت کر سکے۔

## تقویۃ الایمان کتاب کی تعریف گنگوہی صاحب کی زبانی

ناظرین کرام۔گنگوہی صاحب نے تقویۃ الایمان کے بارے یوں تعریف فرمائی

"اور تقویۃ الایمان نہایت عمدہ کتاب ہے اور ردّ شرک و بدعت میں لاجواب ہے استدلال اس کے بالکل کتاب اللہ اور احادیث سے ہیں۔اس کا رکھنا اور پڑھنا عین اسلام ہے" (فتاویٰ رشیدیہ جلد اول صفحہ ۲۰)

ناظرین کرام۔غور فرمائیں۔تقویۃ الایمان کی کفریہ عبارتیں جو اوپر نقل کی گئی

Marfat.com

ہیں۔ گنگوہی صاحب کے نزدیک وہ سب عین اسلام ہیں۔ حالانکہ یہ ساری کتاب ہی بے ادبیوں اور گستاخ عبارتوں سے بھری پڑی ہے۔ اور گنگوہی صاحب فرما رہے ہیں۔ کہ استدلال اس کے بالکل کتاب اللہ اور حدیث سے ہیں۔ کیا کوئی دیوبندی علماء میں سے یہ بتا سکتے ہیں کہ جو اوپر عبارتیں کفریہ۔ تقویۃ الایمان سے نقل کی گئی ہیں۔ کس آیت شریف یا کس حدیث پاک کا ترجمہ ہیں۔ اب سنیے دہابی حضرات کے متعلق گنگوہی صاحب کا کیا عقیدہ ہے۔ فرماتے ہیں۔

" محمد عبدالوہاب کے مقتدیوں کو دہابی کہتے ہیں۔ ان کے عقائد عمدہ تھے اور مذہب ان کا حنبلی تھا۔ البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی مگر وہ اور ان کے مقتدی اچھے ہیں۔ مگر ہاں جو حد سے بڑھ گئے ہیں۔ ان میں فساد آ گیا ہے۔ اور عقائد سب کے متحد ہیں۔ اعمال میں فرق حنفی۔ شافعی۔ مالکی۔ حنبلی کا ہے"۔ (فتاویٰ رشیدیہ۔ رشید احمد گنگوہی جلد اوّل صلا ۱۱۱)

اب اس کے برعکس صدر دیوبند مولوی حسین احمد صاحب کا ایک فتویٰ نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیں اور انصاف سے فیصلہ کریں۔

## صدر دیوبند مولوی حسین احمد کا فتویٰ

صاحبو! محمد بن عبدالوہاب نجدی ابتداء تیرھویں صدی نجد عرب سے ظاہر ہوا۔ اور چونکہ یہ خیالات باطلہ اور عقائد فاسدہ رکھتا تھا اس لئے اس نے اہل سنت والجماعت سے قتل و قتال کیا۔ ان کو بالجبر اپنے خیالات کی تکلیف دیتا رہا۔ ان کے اموال کو غنیمت کا مال اور حلال سمجھا گیا۔ ان کے قتل کرنے کو باعث

Marfat.com

ثواب و رحمت شمار کرتا رہا۔ اہل حرمین کو خصوصاً اور اہل حجاز کو عموماً اس نے تکلیف شاقہ پہنچائیں۔ سلف صالحین اور اتباع کی شان میں نہایت گستاخی اور بے ادبی کے الفاظ استعمال کئے۔ بہت سے لوگوں کو بوجہ اسکی تکلیف شدیدہ کے مدینہ منورہ اور مکہ معظمہ چھوڑنا پڑا۔ اور ہزاروں آدمی اس کے اور اسکی فوج کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔ الحاصل وہ ایک ظالم باغی خونخوار اور فاسق شخص تھا۔ (شہاب ثاقب مصنفہ مولوی حسین احمد صاحب ٹانڈوی صدر دیوبند ص۴۲)

ناظرین کرام۔ دیکھا آپ نے مولوی رشید احمد صاحب تو فرما رہے ہیں۔ کہ رشید احمد کی زبان سے حق ہی نکلتا ہے۔ اور اسی زبان سے محمد بن عبدالوہاب کی تعریف فرما رہے ہیں۔ اور اس کے برعکس صدر دیوبند مولوی حسین احمد صاحب محمد بن عبدالوہاب کو ظالم و باغی خونخوار فاسق بتا رہے ہیں۔ اب اللہ تعالےٰ ہی جانتا ہے۔ کہ ان دونوں حضرات میں سے کون سچا ہے۔ کس کی اتباع پر ہدایت و نجات موقوف ہے۔ اور حیرت کی بات ایک یہ بھی ہے کہ یہی مولوی حسین احمد صاحب شہاب ثاقب میں گنگوہی صاحب کی تعریف میں زمین آسمان کے قلابے ملا رہے ہیں۔ پھر بھی گنگوہی صاحب کے خلاف فتویٰ دے رہے ہیں اور ڈنکے کی چوٹ سے نجدی کو ظالم و باغی خونخوار فاسق فرما رہے ہیں۔ خیر یہ تو ان کے گھر کا معاملہ ہے اس راز کو تو مصنف عبارات اکابر کے سوا کوئی کیا سمجھے؟ سوال تو صرف یہ ہے کہ کیا واقعی گنگوہی صاحب کی اتباع پر ہدایت و نجات موقوف ہے؟

خود سرفراز صاحب بھی المہند کا حوالہ دیتے ہوئے اعلیحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے خلاف زہر اگلتے ہوئے عبارات اکابر کے صفحہ ۱۴۶ پر لکھتے ہیں

Marfat.com

مسیح قادیانی سے کچھ کم نہیں اس لئے کہ وہ رسالت کا کھلم کھلا مدعی تھا۔ اور یہ مجددیت کو چھپائے ہوئے ہے۔ علماء امت کو کافر کہتا رہتا ہے۔ جس طرح محمد بن عبدالوہاب کے وہابی چیلے اُمّت کی تکفیر کیا کرتے تھے۔ خدا اس کو بھی انہیں کی طرح رسوا کرے۔ خیر یہ تو اللہ تعالےٰ ہی خوب جانتا ہے کہ قیامت کے میدان میں رسوا کون ہوگا؟ امید تو یہی ہے۔ کہ شان رسالت میں بے ادب گستاخ کفریہ عبارتیں لکھنے والے چھاپنے والے اور ان کفریہ عبارتوں کی حمایت میں کتابیں لکھنے والے قیامت کے میدان میں اپنی ذلت اور رسوائی خود اپنی آنکھوں ہی سے دیکھ لیں گے۔ اعلیحضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ نے کسی مسلمان امتی کو کافر نہیں کہا۔ بلکہ کافر ہی کو کافر کہا ہے۔ کیونکہ جو کافر کو کافر نہ کہے خود کافر ہو جاتا ہے۔ اور یہی فتویٰ آپ کے اکابر مولوی مرتضیٰ حسن صاحب کا ہے۔ کہ جو کافر کو کافر نہ کہے وہ خود کافر ہے۔ دیکھو اشد العذاب ص۱۲

پھر اعلیحضرت کا کیا قصور ہے؟ جب کہ آپ کے اکابر کا بھی یہی فتویٰ ہے۔ بلکہ اُن اکابر علماء دیوبند کی ان کفریہ عبارتوں پر علمائے عرب و عجم کفر کا فتویٰ دے چکے ہیں۔ خود سرفراز صاحب بھی شان رسالت میں بے ادبی و گستاخی کرنے والے کو کافر بتا رہے ہیں۔ دیکھو عبارات اکابر ص۴۲، ۴۳ اور اسی زمانہ کے علمائے کرام نے علمائے دیوبند کی ان کفریہ عبارات کا رد کر دیا تھا۔ اور سینکڑوں کتابیں ان کفریہ توہین آمیز عبارتوں کے رد میں لکھی جا چکی تھیں۔

جناب سرفراز تو ابھی تشریف لا رہے ہیں۔ یہ اپنے اکابر کی توہین آمیز کفریہ عبارتوں کو اسلامی کیسے بنا سکیں گے؟ جبکہ وہ خود اپنی توہین آمیز

Marfat.com

کفریہ عبارتوں کو اسلامی نہ بتا سکے اور نہ ان کفریہ عبارتوں سے توبہ کر سکے۔ اور مرتے دم تک بھی رجوع نہ کیا۔ بلکہ اپنی ضد ہٹ دھرمی پر قائم رہے۔ اور یہ نہ سوچا کہ قیامت کے میدان میں شفاعت کے لئے بارگاہ رسالت میں کون سا منہ لے کر حاضر ہوں گے؟۔

اب سنیئے تھانوی صاحب کے پاؤں دھو کر پینا نجات اُخروی کا سبب ہے۔ جناب عاشق الٰہی نے تو یہ فیصلہ فرما دیا۔ کہ تھانوی صاحب کے پاؤں دھو کر پینے سے نجات اخروی ہو جائے گی۔ لیکن یہ بات نہیں بتائی کہ فقط تھانوی صاحب کے پاؤں دھو کر پینے سے ہی نجات ہو جائے گی یا نماز روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ احکام شریعت پر عمل کرنا بھی ضروری ہوگا؟ اور یہ بھی نہیں بتایا کہ جب تھانوی صاحب دنیا سے رخصت ہو جائیں گے تو تھانوی صاحب کے کونسے مرید کے پاؤں دھو کر پینے سے نجات اخروی حاصل ہو سکے گی۔ اور عاشق الٰہی صاحب نے یہ بھی نہیں بتایا۔ کہ کونسی قرآن شریف کی آیت سے یا کونسی حدیث شریف سے یہ ثابت ہے کہ تھانوی صاحب کے پاؤں دھو کر پینے سے نجات ہو جاتی ہے اور تھانوی صاحب کا وہابی ہونا ان کی اپنی زبانی ثابت ہو چکا ہے جس کا بیان اوپر گزر چکا ہے اور مولوی حسین احمد صاحب کا وہ حوالہ بھی اوپر لکھا جا چکا ہے جس میں انہوں نے محمد بن عبدالوہاب کو ظالم خونخوار فاسق لکھا ہے اور مولوی رشید احمد صاحب کا وہ حوالہ بھی اوپر لکھ دیا گیا جس میں انہوں نے محمد بن عبدالوہاب کی تعریف کی ہے۔ اب آپ علمائے دیوبند کی کتابوں کے حوالوں سے ہی نجات اخروی کا حل تلاش کر لیجئے۔

Marfat.com

# اسی زمانہ کے علمائے کرام نے ان کفریہ عبارتوں کا رد کیا

ناظرین کرام! اب میں اس زمانہ کے اکابر علمائے کرام کے چند حوالے سیف الجبار کتاب سے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے

جمیع اہل اسلام پر مخفی نہ رہے کہ فقیر ابتدا میں علماء دیوبند کے (بدعقیدگی کا حال سنکر) بالکل مخالف تھا۔ مگر عرصہ تین سال کا ہوتا ہے جبکہ مولوی مرتضیٰ حسن صاحب دیوبند سے کلکتہ تشریف لائے۔ میں نے ان سے علم غیب اور بعض عقائد کے متعلق چند سوالات کیے جوابات سے ان کا عقیدہ اہل سنت وجماعت کے مطابق پایا۔ اور خود بھی دیوبند جاکر اس امر کی تحقیق کرنے کی کوشش کی لیکن کسی طرح مجھ پر ان کی خلاف عقیدگی ثابت نہیں ہوئی اس لئے میں قریب تین سال سے ان کی تعریف وتوصیف کرتا رہا۔ اب عرصہ ڈیڑھ ماہ کا ہوتا ہے کہ پھر علمائے دیوبند کی تشریف آوری کا شہرہ ہوا۔ چند حضرات میرے پاس تشریف لائے اور علمائے دیوبند کی تصنیفات بھی لیتے آئے۔ مجھ کو تشریح کے ساتھ پڑھکر سنایا جس کے سننے اور دیکھنے سے شک پیدا ہو گیا کہ علمائے دیوبند ناحق پر ہیں اور مولوی احمد رضا خان صاحب بالکل حق پر ہیں۔ اور جو ان کے عقائد کی نسبت کہا جاتا ہے۔ صریحًا بہتان ہے پھر بھی مجھ کو ان کی طرف سے اطمینان کلی نہیں ہوا۔ کہ اتفاقًا ایک دن ہم اور جناب منشی محمد لعل خان صاحب وجناب حاجی یوسف زینیل علی رضا صاحب و جناب محمد شفیع صاحب سیکریٹری انجمن قاسم المعارف وجناب احمد حسین صاحب لوہے والے جناب حاجی اسمٰعیل صاحب پٹنہ والے کے مکان پر گئے۔ وہاں مولوی

Marfat.com

احمد دین صاحب دہلوی و صاحب خانہ موجود تھے ان کل حضرات کے سامنے مناظرہ کی بات چھڑی اور یہ قرار پایا۔ کہ ایک محقق شخص جس کو طرفین کے لوگ بلا مبالغہ منصف ٹھہرائیں تجویز کرنا چاہیئے۔ اس پر جناب حاجی یوسف صاحب نے یہ فرمایا کہ مولانا برکات احمد صاحب ٹونکی کیسے ہیں۔ فوراً جناب مولانا مولوی احمد دین صاحب دہلوی نے یہ فرمایا۔ جزاک اللہ۔ وہ نہایت عالم باعمل متقی صوفی حنفی ہیں۔ آپ کے علم وفضل میں بھلا کس کو کلام ہے۔ بلکہ اور ایک معتمد علماء دیوبند سے بھی دریافت کیا۔ انہوں نے بھی ان کی تصدیق کی اس کے بعد میں نے اپنے خیالات کو مستحکم کرنے کی غرض سے جناب مولانا برکات احمد صاحب کے پاس ایک خط اس مضمون کا لکھا تھا۔ کہ میں اردو زبان سے پوری واقفیت نہیں رکھتا۔ آپ اس بات کا اطمینان دلا دیں کہ علماء دیوبند کے عقائد کیسے ہیں۔ جس کا جواب انہوں نے یہ عنایت فرمایا۔ جو درج ذیل ہے۔ آپ ناظرین اس کی عبارت سے خود انصاف کرلیں گے کہ کون حق پر ہے اور کون ناحق پر۔ آئندہ انشاء اللہ تعالیٰ میں اپنے عقائد کو ایک مستقل رسالہ کی صورت میں ظاہر کر دوں گا۔

مولوی احمد موسیٰ امام مسجد ناخدا سندریہ پٹی کلکتہ

## نقل مکتوب!

"تمام خوبیوں کا مستحق اللہ ہے۔ جو دونوں جہان کا پروردگار ہے اور درود و سلام ہو تمام رسولوں کے سردار برادران کے آل و اصحاب اور ازواج پر۔ حمد و نعت کے بعد آپ کا بزرگ خط اور گرامی نامہ علماء دیوبند کے پرسش احوال کے متعلق وارد ہوا۔ چونکہ آپ کو مجھ پر وثوق ہے اور آپ نے اس بارے میں مجھ کو امین بنایا ہے۔ تو میرا فرض ہے کہ ان کے بارے میں سچ بات کہوں۔ اور جو کچھ

Marfat.com

ا. مجھ سے پوچھا گیا ہے اس میں حق سے تجاوز نہ کروں تو میں کہتا ہوں اور اللہ ہی سے توفیق ہے اور اسی پر توکل ہے اور اسی کی طرف رجوع کروں گا۔ وہ لوگ علماء اہل سنت وجماعت مذہب ہیں۔ ہمارے امام ابوحنیفہ قدس سرہٗ کے پیرو ہیں انہی کے مذہب پر فتوی دیتے اور انہیں کے اصول و فروع پر فرعیات میں عمل کرتے ہیں۔ لیکن وہ بعض عقائد میں مولوی اسمٰعیل دہلوی کے تابع ہیں۔ اور اس کے آثار کے متبع۔ اور علماء دیوبند وہ کہتے ہیں جو مولوی اسمٰعیل دہلوی نے کہا اور اس میں تعصب رکھتے ہیں اور اپنی کوشش صرف کرتے ہیں۔ اس کے اقوال کے صحیح کرنے میں اور اس نے (اللہ اسے معاف کرے) بعضے ایسے عقائد گھڑے جو عقائد اہل سنت وجماعت سے نہیں۔ ان میں سے بعض یہ ہیں کہ اس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا برائیوں اور نقصانوں والا ہونا ممکن ہے۔ مثلاً اللہ تعالیٰ کا جھوٹا ہونا تو اس نے جائز مانا کہ ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جھوٹی بات بولے نہ بر طریق نقل وحکایت کے اس لئے کہ یہ محال نہیں کیونکہ تمامی قرآن شریف اس سے بھرا ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جھوٹے کافروں کی باتوں کو نقل فرمایا ہے۔ بلکہ اس نے جائز مانا کہ اللہ تعالیٰ ایسی خبر دے جو واقع میں جھوٹی ہو اور اپنی کتابوں میں اس مسئلہ پر یہ دلیل پیش کی کہ آدمی جھوٹ بول سکتا ہے، تو اگر خدا جھوٹ نہ بول سکے تو بندہ کی قدرت کا خدا کی قدرت سے زیادہ ہونا لازم آئے گا اور یہ اس کی بات فحش غلطی ہے جس کی پہلی دلیل یہ ہے کہ اگر برائیوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا موصوف ہونا جائز ہو۔ اور ممکن ذاتی ہو۔ تو اس کے واقع ہونے کے فرض سے محال نہ لازم آئے باوجودیکہ پناہ بخدا اس سے لازم آتا ہے۔ باطل ہونا اللہ کے اس قول ومن اصدق من

Marfat.com

اللہ قبیلا۔ وغیرہ کا۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ اہلسنت وجماعت کا اس امر پر اتفاق ہے
کہ اللہ تعالیٰ کا برائیوں اور نقصان کی صفتوں کے ساتھ موصوف ہونا محال بالذات
ہے اور جو محال لذاتہ ہو۔ وہ کبھی ممکن بالذات ہو نہیں سکتا۔ تیسری دلیل یہ ہے
کہ جھوٹ بولنا یا خوبی ہے یا برائی۔ اگر اچھی صفت ہے۔ تو ضرور ہے کہ اللہ
بالفعل جھوٹا ہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا جملہ صفات کمالیہ والا ہونا ضروری ہے اور اس کے
لئے ذات باری علّت تامہ ہے۔ تو پناہ بخدا بالفعل جھوٹا ہوگا۔ اور اگر بُری بات
ہے تو محال بالذات ہے ممکن ہو نہیں سکتا۔ چوتھی دلیل یہ ہے۔ کہ زیادتی ایک
ایسی چیز ہے جو برابری کے بعد ہوگی تو اگر بندہ کی قدرت تمامی مقدورات الٰہی پر ہو
اور زیادتی یہ کہ وہ کذب پر بھی قادر ہے۔ جو باری تعالیٰ میں موجود نہیں۔ تو یقیناً زیادتی
لازمی آئے گی۔ اور جب ایسا نہیں تو زیادتی بھی نہیں۔ کیا نہیں جانتے کہ زیادتی
ہو نہیں سکتی جب تک کہ برابری نہ ہو۔ اور جب برابری نہیں تو زیادتی کہاں؟ اللہ
تعالیٰ کی شان اس سے برتر ہے اور جب کہ اس قائل نے اس عقیدہ کو گڑھا اس
سے پچھلے علمائے دیوبند وسہارنپور مولوی رشید احمد گنگوہی و مولوی قاسم نانوتوی
و مولوی اشرف علی تھانوی نے اسی کا اتباع کیا۔ اور یہ سب لوگ اس کے قول
کے صحیح کرنے پر جھک پڑے اور اس بارے میں رسائل لکھے۔ جیسے محمود الحسن
دیوبندی نے اس مسئلہ میں ایک مستقل رسالہ لکھا جس کا نام جہد المقل رکھا۔ اور لکھا
کہ جو کچھ لکھا۔ اور ان کے اگلے اس عقیدہ کو چھپاتے اور اس میں بحث سے
پرہیز کرتے تھے۔ لیکن ان کے پچھلے اس زمانہ والوں نے اس میں بہت
شغب کیا۔ اور تلبیس وتدلیس میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی اور حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کی شان ارفع و اعلیٰ ہیں اس قسم کی تفرلطہ کی جس سے مسلمانوں کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ اگر اس کی خبر چاہتے ہو۔ تو ان کی کتابیں دیکھو اور بعض ان میں سے وہ جو اس قائل اسمٰعیل دہلوی نے اپنے رسالہ میں لکھا جس کا نام تقویۃ الایمان رکھا اور اس میں تمامی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شان میں بہت کمی کی ہے۔ اور ان کی شان میں وہ بات کہی جو اس لائق نہیں کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی شان والا میں کہی جائے۔ اور اس کے ہم عصروں خصوصاً ہمارے استاذ الاستاذ خاتم الحکماء والمتکلمین جناب مولانا محمد فضل حق صاحب خیر آبادی نے بہت بلیغ رد فرمایا۔ اللہ تعالیٰ انہیں بہتر جزا دے۔ اور بعض ان میں سے وصف خاتمیت محمدی کے اشتراک کا ممکن ہونا ہے تو اس نے مثل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وصف خاتمیت میں جائز مانتے ہیں اور اس کا بھی رد علامہ موصوف نے کیا ہے جو چھپ گیا ہے اور وہ ایک مستقل اور بڑی کتاب ہے اور بعض ان میں سے یہ کہ اس نے مسئلہ شفاعت میں ایک نئی بات نکالی اور امر شفاعت میں وہ کہا جو عقائد اہل سنت وجماعت سے کوسوں دور ہے اگر تجھے اطلاع منظور ہے تو اس کے لئے تحقیق الفتویٰ کی کتاب دیکھ اور یہ لوگ جو اس زمانہ میں موجود ہیں وہ ہلاک ہو گئے۔ اس کی پیروی میں اور یہ لوگ اس کے قائل ہوئے جو اس نے کہا اور ہر روز مناظروں میں ایسی باتیں کہتے ہیں کہ کوئی مسلمان اپنی زبان سے نہیں نکال سکتا خلاصہ یہ کہ ادب کی رسی ان کی گردنوں میں نہیں۔ اور نہ یہ لوگ آداب شرعیہ کے متمسک ہیں بڑی بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے وہ جھوٹ ہی بولتے ہیں حاصل کلام یہ سب لوگ عقائد میں محمد بن عبدالوہاب نجدی کے پیرو ہیں اور یہ دبی کہتے

Marfat.com

ہیں جو اس نے کہا۔ ناظرین کرام اس خط کا مضمون آگے اور بھی ہے لیکن میں اسی پر ختم کرتا ہوں عقلمند کے لیئے کافی ہے۔ (امیدوار دعا برکات احمد البہاری العظیم آبادی وطناً ولٹونکی) ۲ر جمادی الآخر ۱۳۳۲ھ ہجری سیف الجبار صـ۱۹۹ تا صـ۲۰۱)

ناظرین کرام! اب اس کتاب سیف الجبار سے وہ خط نقل کرتا ہوں جو مولوی مشتاق احمد صاحب مدرس مدرسہ صولتیہ مکہ معظمہ نے حاجی محمد لعل خان صاحب کے خط کے جواب میں کلکتہ ارسال کیا تھا۔

## نقل مضمون خط جناب مولوی مشتاق احمد صاحب کانپوری

آپ نے اہل دیوبند کے بارے میں دریافت فرمایا ہے اس کے بارے میں میرا اور حضرت والد صاحب مرحوم و مغفور کا یہ عقیدہ ہے۔ کہ جو شخص روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے شیطان کے علم کو زیادہ کہے یا حضرت کے علم کو بہائم و حیوانات کے علم سے تشبیہ دیوے یا میلاد شریف کے قیام کو کنہیا کے جنم سے تشبیہ دیوے کافر ہے۔ خواہ اہل دیوبند ہوں یا غیر اہل دیوبند کسی کی تخصیص نہیں۔ اگر اہل دیوبند ایسا کریں تو وہ بھی اس حکم سے علیحدہ نہیں ہیں۔ جیسے خلیل احمد انبیٹھوی کی عبارت سے زیادتی علم شیطان کی حضرت کے علم سے صاف ظاہر ہوتی ہے۔ یا حفظ الایمان میں حضرت کے علم کو بہائم و حیوانات سے تشبیہ دی ہے۔ اشرف علی تھانوی نے۔ ایسے ہی ایک فتویٰ میلاد کے بارے میں میں نے دیکھا تھا۔ اس وقت مفتی کا نام محفوظ نہیں اس میں میلاد کے قیام کو کنہیا کے جنم سے تشبیہہ مفتی نے دی تھی۔ علاوہ ازیں جو بات کفر کی ہو اس کو اسلام کی بات

Marfat.com

میں شمار کرنا اور اس پر مسلمانوں کو ترغیب عمل کی دلانا صریح کفر ہے۔ اب سنیئے اسمٰعیل شہید دہلوی نے اپنی کتاب صراط مستقیم میں لکھا ہے کہ نماز میں خیال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بدرجہا بدتر ہے گاؤ وخر کے خیال سے۔ نماز میں مستغرق ہونے سے۔ پس جب حضرت کا خیال نماز میں گائے اور گدھے کے خیال سے۔ بدتر ہے تو پھر نماز کیسے ہماری ہوسکتی ہے۔ کیونکہ نماز میں قرأت فرض ہے۔ اور قرآن پاک کی کونسی ایسی آیت ہے۔ جو حضرت پر نازل نہ ہوئی ہو تاکہ اس کی تلاوت سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال نہ آئے۔ اور جب قرآن میں کوئی ایسی آیت نہیں بلکہ پورا قرآن حضرت پر حضرت کی تصدیق کے لئے معجزہ بنا کر اتارا گیا تو قرآن پاک کے ہر ہر کلمہ والفاظ سے حضرت کا خیال ضرور ہوگا۔ اور یہ خیال اسمٰعیل کے نزدیک گدھے اور گائے کے خیال سے بدرجہا برا ہے اور اس کو ایمان کہنا اور اس پر مسلمانوں کو ترغیب دلانا کفر نہیں تو کیا اسلام ہوسکتا ہے اور جمیع علمائے دیوبند نے تقویۃ الایمان پر ترغیب عمل کی دلائی اور اسکی عمدہ وقابل عمل ہونے پر مہر و دستخط کی ہے۔ غرض کہاں تک ان کی خرافات و ہذلیات کو لکھوں۔ از مکہ معظمہ مشتاق احمد مدرس مدرسہ صولتیہ ۵ ار رجب ۱۳۳۲ھ ہجری بحوالہ سیف الجبار مصنفہ مولانا شاہ فضل رسول قادری بدایونی صـ۲۰۵ تا صـ۲۰۶

## مقتدائے علمائے ہندوستان حضرت حاجی رحمت اللہ صاحب مہاجر مکی کا فرمان

"کہ رشید احمد نا رشید نکلا"

حاجی رحمت اللہ صاحب بانی مدرسہ ہندیہ صولتیہ مکہ معظمہ کو جب رشید احمد

Marfat.com

کے ناگفتہ بہ عقائد کا حال مکہ معظمہ میں معلوم ہوا اور گنگوہی کی کتابیں فتاوی رشیدیہ براہین قاطعہ، سبیل الرشاد وغیرہ حضرت موصوف کے ملاحظہ میں لائی گئیں تو آپ نے مندرجہ ذیل تحریر بدست مولانا غلام دستگیر صاحب ہندوستان ارسال فرمائی۔ تاکہ شائع کر دی جائے۔ اور لوگ فرقہ دیوبندیہ کے امام رشید احمد کے عقائد سے محفوظ رہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ہ بعد حمد اور نعت کے کہتا ہے راجی رحمۃ ربہ المنان رحمت اللہ بن خلیل الرحمن غفر لہما الحنان کہ مدت سے بعض باتیں جناب مولوی رشید احمد صاحب کی سنتا تھا جو میرے نزدیک وہ اچھی نہ تھیں اعتبار نہ کرتا تھا کہ انہوں نے ایسا کہا ہوگا (الی قولہ) میرا اعتبار نہ کرنا کس طرح ممتد رہتا کہ حضرت علمائے مدرسہ دیوبند کی تحریر اور تقریر بطریق تواتر مجھ تک پہنچی کہ تمام افسوس سے کچھ کہنا پڑا اور چپ رہنا خلاف دیانت سمجھا گیا، سو کہتا ہوں کہ میں جناب مولوی رشید کو رشید سمجھتا تھا پر میرے گمان کے خلاف کچھ اور ہی (نا رشید) نکلے۔ جس طرف آئے۔ اس طرف ایسا تعصب برتا۔ کہ اس میں ان کی تقریر اور تحریر دیکھنے سے رونگٹا کھڑا ہوتا ہے۔ حضرت نے اول قلم اس پر اٹھایا کہ

۱۔ جس مسجد میں ایک دفعہ جماعت ہو۔ اس میں دوسری جماعت گو بغیر اذان اور تکبیر کے ہو۔ اور دوسری جگہ ہو جائز نہیں۔ (الی قولہ)

۲۔ پھر ایک فاسق مردود کو جو اپنے آپ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے برابر سمجھتا تھا اور سب انبیائے بنی اسرائیل سے اپنے آپ کو افضل گنتا تھا اور اپنے بیٹے کو درجہ خدائی تک پہنچاتا تھا (الی قولہ) حضرت مولوی رشید اس

Marfat.com

مردود کو مرد صالح کہتے تھے (الی قولہ)

۳۔ پھر حضرت مولوی رشید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے کی طرف متوجہ ہوئے اور شہادت کو بڑی شدت سے محرم کے دنوں میں کیسا ہی روایت صحیحہ سے ہو منع فرمایا (الی قولہ)

۴۔ پھر حضرت رشید نے جو نواسے کی طرف توجہ کی تھی اس پر ہی اکتفا نہ کر کے خود ذات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف توجہ کی۔ پہلے مولود کو کنہیا کا جنم اشٹمی ٹھہرایا۔ اور اس کے بیان کو حرام بتلایا۔ (الی قولہ)

اور پھر ذات نبوی میں اس پر بھی اکتفا نہ کر کے اور امکان ذاتی سے تجاوز کر کے چھ خاتم النبیین بالفعل ثابت کر بیٹھے اور بڑی کوشش اس میں کی۔ کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم شیطان کے علم سے کہیں کم تر ہے اور جناب باری تعالیٰ کے حق میں دعویٰ کیا کہ اللہ کا جھوٹ بولنا ممتنع بالذات نہیں بلکہ امکان جھوٹ بولنے کو اللہ کی بڑی وصف کمال کی فرمائی۔ نعوذ باللہ من ہذا لخرافات۔ میں تو ان امور مذکورہ کو ظاہر و باطن میں بہت برا سمجھتا ہوں اور اپنے محبین کو منع کرتا ہوں کہ حضرت مولوی رشید کے اور ان کے چیلے چاپڑوں کے ایسے ارشادات نہ سنیں اور میں جانتا ہوں کہ مجھ پر بہت کھلم کھلا تبرا ہوگا۔ لیکن جب جمہور علمائے صالحین اور اولیائے کاملین اور رسول رب العالمین اور جناب باری جہان آفرین ان کی زبان اور قلم سے نہ چھوٹے تو مجھے کیا شکایت ہوگی۔ الخ

العبد محمد رحمت اللہ بن خلیل الرحمٰن غفر لہما المنان ۱۵ ذیقعدہ ۱۳۰۷ھ از مکہ معظمہ

بحوالہ دیوبندی مذہب صنہ۲، صد۱۴، صد۲۴

Marfat.com

ناظرین کرام ۔ غور فرمائیں ۔ یہ حاجی رحمت اللہ صاحب تمام دیوبندی علماء کے بزرگ ہیں ۔ چنانچہ

۱۔ مولوی خلیل احمد صاحب لکھتے ہیں ۔

ہمارے شیخ الہند مولوی رحمت اللہ          براہین قاطعہ ص۱۹

۲۔ اور سنیے مولوی خلیل احمد صاحب دیوبندی لکھتے ہیں

مولوی رحمت اللہ صاحب تمام علمائے مکہ پر فائق ہیں ۔

براہین قاطعہ مصنفہ مولوی خلیل احمد امام دیوبندی مذہب ص۲۶۳

Marfat.com

# المہنّد

ناظرین کرام۔کیا آپ جانتے ہیں۔ المہند کیا چیز ہے ؟ یہ ایک کتاب ہے جو اکابر علمائے دیوبند کے دجل، مکر، فریب، افترار، عیاری و چالبازی کا مجموعہ ہے۔یہ ایک ایسی کتاب ہے۔جس سے علمائے دیوبند کے بطلان کا پتہ چلتا ہے۔اگر المہند کتاب صحیح ہے۔تو تھانوی صاحب کے مریدین حفظ الایمان کو کہیں دریا برد کیوں نہیں کر دیتے ؟ تاکہ مناظروں کا سلسلہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے اور تھانوی صاحب کے مریدین آرام کی نیند سو سکیں اور اگر المہند کتاب صحیح ہے اور جو اس میں لکھا گیا ہے وہی علمائے دیوبند کے عقائد ہیں تو تقویتہ الایمان کتاب کو شہید بالاکوٹ کی قبر کے پاس دفن کر دینا چاہیئے تھا۔کیونکہ المہند اور تقویتہ الایمان میں زمین و آسمان سے بھی زیادہ بعد ہے۔تقویتہ الایمان بے ادبی اور گستاخ عبارتوں سے بھری پڑی ہے۔اس لئے تقویتہ الایمان کا المہند کے ساتھ کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔اور اگر المہند کتاب کو دیوبندی علمار واقعی صحیح مانتے ہیں تو تحذیر الناس اور براہین قاطعہ بلکہ فتاوی رشیدیہ کا بھی جنازہ ایک ساتھ نکال دینا ضروری ہے

ناظرین کرام! اب ملاحظہ فرمایئے۔کہ شیخ الحدیث صفدر صاحب اس کتاب المہند کے متعلق کیا لکھتے ہیں۔جب علمائے حرمین شریفین کو خان صاحب کی اس جعل سازی اور دھوکہ بازی کا علم ہوا۔ تو انہوں نے چھبیس[۲۶] سوالات کا ایک مجموعہ لکھ کر علمائے دیوبند کو بھیجا۔کہ آپ حضرات کا ان امور کے بارے میں

Marfat.com

کیا فتوے اور رائے ہے ؟

چنانچہ ان سوالات کے جوابات حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے لکھے اور اس کا نام المہند علی المفند رکھا۔ اور یہ مجموعہ ۱۸ شوال ۱۳۲۵ھ کو شائع ہوا۔ اس وقت یہ رسالہ عربی عبارات کو حذف کر کے صرف اردو میں بھی طبع ہو چکا ہے۔ اور اس کا نام عقائد علمائے دیوبند ہے۔ اس رسالہ پر تئیس اکابر علمائے دیوبند کی تصدیق اور دستخط ثبت ہیں۔

عبارات اکابر حصہ اول صـ۴۲

ناظرین کرام حضرات۔ غور فرمائیں یہ جو اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مجدد دین و ملت مولانا شاہ احمد رضا خان صاحب فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کو گکھڑوی صاحب جعل ساز دھوکا باز لکھ رہے ہیں۔ شاید گکھڑوی صاحب کو خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے آئینے میں اپنی شکل ہی نظر آرہی ہو۔ کیونکہ المہند کتاب جو ابھی اردو میں چھپی ہے۔ جسکا نام عقائد علمائے دیوبند رکھا گیا ہے۔ خالص دھوکا ہے اور جعل سازی کا مجموعہ ہے۔ ہرگز ہرگز یہ عقائد علمائے دیوبند کے نہیں ہیں۔ یہ عقائد جو اس کتاب میں لکھے گئے ہیں۔ اہل سنت بریلوی مسلک کے ساتھ ملتے جلتے ہیں۔ یہ کتاب علمائے حرمین شریفین کو دھوکا دینے کے لئے فرضی لکھی گئی ہے۔

ناظرین کرام۔ اب مجھ پر اس بات کی ذمہ داری عاید ہوتی ہے۔ کہ علمائے دیوبند کے قلم سے یہ ثابت کر دوں کہ یہ عقائد جو المہند میں لکھے گئے ہیں۔ ہرگز یہ عقائد علمائے دیوبند کے نہیں۔ یہ نرا دھوکا ہے اور آپ کو اس بات کا بھی

Marfat.com

روز روشن کی طرح علم ہو جائے۔ کہ جعل ساز دھوکا باز اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہیں؟ یا علمائے دیوبند؟۔

## علمائے دیوبند کا عقیدہ

ناظرین کرام غور فرمائیں۔ علمائے دیوبند کی کفریہ عبارتیں جو اوپر نقل کی جاچکی ہیں۔ وہی عقیدہ علمائے دیوبند کا ہے۔ جو ان کی کتابوں سے ہی نقل کیا گیا ہے۔ اب میں دوبارہ بعض کفریہ عبارتوں کو نقل کر دوں گا۔ اور ساتھ ساتھ المہند کتاب کی عبارتیں بھی نقل کرتا جاؤنگا۔ اور انصاف آپ پر چھوڑ دوں گا۔ تاکہ حق و باطل ظاہر ہو جائے۔

### المہند کتاب کی عبارت

صفحہ ۲۸ سوال نمبر ۱۳ کے جواب میں لکھا ہے۔ اور جو اس کا قائل ہو۔ کہ نبی کریم علیہ السلام کو ہم پر اتنی ہی فضیلت ہے۔ جتنی بڑے بھائی کو چھوٹے بھائی پر ہوتی ہے۔ تو اس کے متعلق ہمارا عقیدہ یہ ہے۔ کہ وہ دائرہ ایمان سے خارج ہے۔

اب دیکھئے کہ جس عقیدہ پر دائرہ ایمان سے خارج ہونے کا حکم دیا ہے۔ وہ عقیدہ خود ان کا اپنا ہے۔ چنانچہ ملاحظہ کیجیے۔ تقویۃ الایمان صفحہ ۵۸ میں لکھا ہے۔ انسان آپس میں سب بھائی ہیں۔ جو بڑا بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجیے۔

دوسری کتاب براہین قاطعہ جس کے مصنف بظاہر یہی مولوی خلیل احمد ہیں

Marfat.com

جنہوں نے المہند میں مذکورہ بالا عبارت لکھی ہے۔ وہ براہین قاطعہ صت میں لکھتے ہیں
پس اگر کسی نے بوجہ بنی آدم ہونے کے آپ کو بھائی کہا۔ تو کیا خلاف نص کے
کہہ دیا۔ وہ تو خود نص کے موافق ہی کہتا ہے۔ اب قارئین حضرات غور فرمائیں۔
کہ اس مکاری کی کیا انتہا ہے۔ جو عقیدہ بار بار اپنی کتابوں میں چھاپ چکے۔
المہند کتاب میں اس کا کیسا صریح انکار کر دیا۔ اور یہ مضمون تفصیل کے ساتھ
کفریہ عبارت نمبرا میں لکھا جا چکا ہے۔ المہند کتاب کے صفحہ ۱۶ میں سوال نمبر ۴
حیات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے جواب میں لکھا ہے۔ ہمارے نزدیک ہمارے
مشائخ کے نزدیک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اور آپکی حیات دنیا
کی سی ہے بلا مکلف ہونیکے اور یہ حیات مخصوص ہے آں حضرت اور تمام انبیا علیہم السلام اور
شہدا کیساتھ۔ یہ حیات برزخی نہیں جو حاصل ہے تمام مسلمانوں بلکہ سب آدمیوں کو۔ یہاں تو اس
بات کا صاف صاف اقرار ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر انور کے اندر زندہ ہیں اور آپکی زندگی
دنیا سی ہے اور اب علمائے دیوبند کا عقیدہ ملاحظہ فرمایئے اور انصاف کیجئے
تقویۃ الایمان کے صفحہ ۶۸ پر مولوی اسمٰعیل دہلوی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف
جھوٹ منسوب کر کے لکھتے ہیں۔ ف۔ یعنی میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے
والا ہوں۔ تو کب سجدہ کے لائق ہوں۔ یہ ہے جناب حضرات علمائے دیوبند
کا عقیدہ۔ اس سے صاف ظاہر ہوگیا۔ کہ دیوبندی علماء حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو
مردہ جانتے ہیں۔ معاذ اللہ۔ مگر المہند میں اس عقیدہ کے خلاف لکھ دیا۔ جو خالص
دھوکا ہے اس مضمون کو بڑی وضاحت کے ساتھ کفریہ عبارت نمبر ۲ میں بیان
کیا گیا ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

Marfat.com

المہند کتاب میں گیارھویں سوال کے جواب میں لکھا ہے۔ ہمارا اور ہمارے مشائخ کا عقیدہ یہ ہے کہ سیدنا و مولانا وحبیبنا و شفیعنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمامی مخلوق سے افضل اور اللہ کے نزدیک سب سے بہتر ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے قرب و منزلت میں کوئی شخص آپ کے برابر تو کیا قریب بھی نہیں ہو سکتا۔ آپ سردار ہیں۔ جملہ انبیاء و رسل کے اور خاتم سارے برگزیدہ گروہ کے جیسا کہ نصوص سے ثابت ہے۔ اور یہی ہمارا عقیدہ ہے۔ اور یہی دین و ایمان۔

ناظرین کرام دیکھا آپ نے کیسے کھرے سُنی بن رہے ہیں۔ یہاں تو اہل سنت کے روپ میں تشریف لا رہے ہیں فرماتے ہیں۔ کہ آپ ساری مخلوق سے افضل اور اللہ کے نزدیک سب سے بہتر ہیں۔ اور یہی ہمارا عقیدہ ہے۔ مگر پردہ اٹھا کر دیکھئے تو عقیدہ اس کے برخلاف نظر آئے گا۔

تقویۃ الایمان کے صفحہ ۱ پر مولوی اسمٰعیل شہید بالاکوٹ لکھتے ہیں۔ یہ یقین جان لینا چاہیئے کہ ہر مخلوق چھوٹا ہو یا بڑا۔ وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہے۔" معاذ اللہ یہ ہے عقیدہ جناب۔ علمائے دیوبند کا۔ جس کے خلاف المہند میں تحریر کر رہے ہیں۔ جو نرا دھوکا ہے۔ ہاتھی کے دانت۔ کھانے کے اور دکھانے کے اور۔ اس مضمون کو بھی کفریہ عبارت نمبر ۳ میں دلائل کی روشنی میں بڑی وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمائیے۔

المہند صد ۲۱ میں لکھا ہے۔ اب رہا مشائخ کی روحانیت سے استفادہ

Marfat.com

اور ان کے سینوں اور قبروں سے باطنی فیوض پہونچنا سو بیشک صحیح ہے دیکھئے یہاں تو اولیار اللہ کی نسبت اپنا یہ عقیدہ ظاہر کیا۔ کہ ان کے سینوں اور قبروں سے باطنی فیوض کا پہنچنا صحیح ہے۔ لیکن اصل عقیدہ اس کے خلاف ہے۔ اب ملاحظہ فرمائیے اصل عقیدہ علمائے دیوبند کا کیا ہے۔

"تقویۃ الایمان ص۲۶ پر شہید بالاکوٹ مولوی اسمٰعیل لکھتے ہیں" کہ جس کا نام محمد یا علی ہے۔ وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔ اور اسی کتاب کے ص۳۲ پر اولیار اللہ کی نسبت لکھا ہے۔ کہ کسی کام میں نہ بالفعل ان کو دخل ہے۔ نہ اس کی طاقت رکھتے ہیں"۔

ناظرین کرام یہ مضمون بھی کفریہ عبارت نمبر۴ میں ملاحظہ فرمائیں۔ بڑی وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔

## محمد بن عبدالوہاب نجدی کے متعلق

المہند کتاب ص۲۲ سوال نمبر ۹ کے جواب میں لکھا ہے۔ جیسا کہ ہمارے زمانے میں عبدالوہاب کے تابعین سے سرزد ہوا۔ کہ نجد سے نکل کر حرمین شریفین پر متغلب ہوئے۔ اپنے کو حنبلی مذہب بتلاتے تھے۔ لیکن ان کا عقیدہ یہ تھا کہ بس وُہی مسلمان ہیں۔ اور جو ان کے عقیدہ کے خلاف ہو وہ مشرک ہے اسی بنا پر انہوں نے اہل سنت اور علمار اہل سنت کا قتل مباح سمجھ رکھا تھا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی شوکت توڑ دی۔ اس کے بعد میں کہتا ہوں کہ عبدالوہاب اور اس کا تابع کوئی شخص بھی ہمارے کسی سلسلہ مشائخ میں

Marfat.com

نہیں ہے۔ نہ تفسیر و فقہ و حدیث کے علمی سلسلہ میں نہ تصوف میں یہ تو جناب نجدی کے متعلق اپنا عقیدہ ظاہر کیا۔ اب دیکھیے اصل حقیقت اس کے برخلاف ہے۔ فتاویٰ رشیدیہ حصہ اول ص۱۱۱ پر رشید احمد گنگوہی ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں۔

" محمد بن عبدالوہاب کے مقتدیوں کو وہابی کہتے ہیں۔ ان کے عقائد عمدہ تھے۔ اور مذہب ان کا حنبلی تھا۔ البتہ ان کے مزاج میں شدت تھی۔ مگر وہ ان کے مقتدی اچھے ہیں۔ مگر ہاں جو حد سے بڑھ گئے۔ ان میں فساد آگیا اور عقائد سب کے متحد ہیں۔ اعمال میں فرق حنفی۔ شافعی۔ مالکی۔ حنبلی کا ہے"

یہ ہے اصل عقیدہ علمائے دیوبند کا۔ مسلمانوں کو دھوکا دینے کے لئے المہند میں اس کے برخلاف اپنا عقیدہ ظاہر کیا۔ اور اس سے روز روشن کی طرح ظاہر ہوگیا۔ کہ دیوبندی علمار اصل میں وہابی ہیں۔ چنانچہ المہند اردو ص۱۱ پر لکھا ہے۔ سو اگر کوئی ہندی شخص کسی کو وہابی کہتا ہے۔ تو اس کا یہ مطلب نہیں۔ کہ اس کا عقیدہ فاسد ہے۔ بلکہ یہ مقصود ہوتا ہے کہ وہ سنی حنفی ہے اور اس کتاب پر تمام اکابر علمائے دیوبند کے دستخط موجود ہیں۔ اور مولوی اشرف علی صاحب کی کوشش بھی یہی رہی تھی۔ کہ تمام دنیا کے مسلمان وہابی مذہب قبول کریں۔ چنانچہ لکھتے ہیں۔" میں تو کہا کرتا ہوں کہ اگر میرے پاس دس ہزار روپیہ ہو۔ سب کی تنخواہ کر دوں۔ پھر خود ہی سب وہابی بن جائیں۔

اضافات الیومیہ تھانوی حصہ ۳ ص۶۱ سطر ۸۔ بحوالہ دیوبندی مذہب ص۵۹

ناظرین کرام! ایک حوالہ اور ملاحظہ فرمائیے۔ جس سے مولوی اشرف علی

Marfat.com

صاحب کا اقراری وہابی ہونا ثابت ہے۔ دیوبندی حضرات کے بڑے امام اشرف علی صاحب نے جب لکھنؤ میں ملازمت کی۔ وہاں تقیہ کر کے میلاد شریف کے قیام وسلام میں شریک ہوتے رہے۔ کیونکہ لکھنؤ میں سب لوگ سنی تھے۔ وہاں دیوبندیت کا چلنا مشکل تھا۔ مگر جب رشید احمد صاحب کو معلوم ہوا۔ تو انہوں نے اشرف علی صاحب کو لکھا۔ کہ سنا ہے کہ آپ لکھنؤ میں قیام وسلام ومیلاد کی مجلسوں میں شریک ہوتے ہو اور صلوٰتیں پڑھتے ہو اس کی کیا وجہ ہے۔ تو مولوی اشرف علی صاحب نے یہ جواب لکھا۔

" ارادہ کر لیا کہ ہرگز ایسی مجالس میں شرکت نہ ہو گی۔ اور اب یہاں کی حالت عرض کر کے حکم کا انتظار ہے۔ الحمد اللہ۔ کہ میں یہاں نہ کسی کا محکوم ہوں نہ کسی سے مجبور۔ مگر پوری مخالفت کر کے قیام دشوار ہے۔ گو اب بھی یہاں کے بعض علماء مجھ کو وہابی کہتے ہیں۔ اور بعض بیرونی علماء بھی یہاں آکر لوگوں کو سمجھا گئے۔ کہ یہ شخص وہابی ہے۔ اس کے دھوکا میں مت آنا..... دینی مضرت یہ کہ اب تک جو ان لوگوں کے عقائد واعمال کی اصلاح کی گئی۔ سب بے اثر و بے وقعت ہو جائیگی۔ اس بدگمانی میں کہ یہ شخص تو وہابی ہے اب تک پوشیدہ رہا " تذکرۃ الرشید مصنفہ عاشق الٰہی میرٹھی دیوبندی حصہ اول ص ۱۳۵

اب دیوبندی علماء کے قلم سے ثابت ہو گیا۔ کہ دیوبندی۔ وہابی اور غیر مقلد وہابی مذہبًا واعتقادًا متحد ہیں۔ اور المہند کتاب نرا خالص دھوکا ہے اور فراڈ ہے۔

ختم نبوت کے متعلق المہند میں اپنا عقیدہ ظاہر کیا۔ چنانچہ سوال نمبر ۱۲ کے

Marfat.com

جواب میں المہند کے صـ۲۵ پر لکھتے ہیں۔ ہمارا اور ہمارے مشائخ کا یہ عقیدہ ہے کہ ہمارے سردار و آقا اور پیارے شفیع محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں۔ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے۔ لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ) اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں۔ اور یہی ثابت ہے بکثرت حدیثوں سے۔ جو معنی حد تواتر کو پہنچ گئیں اور نیز اجماع امت سے۔ سو حاشا کہ ہم میں سے کوئی خلاف کہے۔ کیونکہ جو اسکا منکر ہے وہ ہمارے نزدیک کافر ہے۔ اس لئے کہ منکر ہے نص قطعی کا۔

ناظرین کرام۔ غور فرمائیں یہاں تو صاف صاف اعلان ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آخر الانبیار ہیں۔ اور آپ کے بعد کوئی نبی نہیں۔ اور یہ آیت اور احادیث متواترۃ المعنی اور اجماع سے ثابت ہے اور نص قرآنی کو اس معنی میں صریح و قطعی مانا۔ اور اپنے آپ کو خالص سنی ظاہر کیا۔ اور تحذیر الناس صـ۳ پر مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی لکھتے ہیں۔

" سو عوام کے خیال میں تو رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم ) کا خاتم ہونا بایں معنیٰ ہے کہ آپ کا زمانہ انبیار سابق کے زمانے کے بعد اور آپ سب میں آخر نبی ہیں۔ مگر اہل فہم پر روشن ہوگا۔ کہ تقدم یا تاخر زمانے میں بالذات کچھ فضیلت نہیں پھر مقام مدح میں ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین۔ فرمانا اس صورت میں کیونکر صحیح ہو سکتا ہے۔ اس مضمون کی پوری بحث کفریہ عبارت نمبر۹ میں اوپر لکھی جا چکی ہے وہاں ملاحظہ فرمائیے۔

Marfat.com

المہند کے صفحہ ۲۹ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کے متعلق سوال نمبر ۱۴
کے جواب میں لکھتے ہیں۔

"ہم زبان سے قائل اور قلب سے معتقد اس امر کے ہیں۔ کہ سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمامی مخلوقات سے زیادہ علوم عطا ہوئے ہیں۔ جن کو ذات، وصفات اور تشریعات یعنی احکام عملیہ وحکم نظریہ اور حقیقت ہائے حقہ واسرار مخفیہ وغیرہ سے تعلق ہے۔ کہ مخلوق میں سے کوئی بھی ان کے پاس تک نہیں پہنچ سکتا۔ نہ مقرب فرشتہ۔ نہ نبی و رسول۔ اور بے شک آپ کو اولین و آخرین کا علم عطا ہوا۔ اور آپ پر حق تعالیٰ کا فضل عظیم ہے"۔

ناظرین حضرات اس عبارت کو ملاحظہ کیجیے۔ دیکھیے کیسے خالص مسلمانوں کے روپ میں اپنے آپ کو ظاہر کر رہے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم شریف کی وسعت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تمام مخلوق الٰہی سے اعلم ہونا بیان کر رہے ہیں۔ مگر عقیدہ دیکھیے تو نہایت گندہ اور ناپاک چنانچہ تقویۃ الایمان صفحہ ۳۱ پر لکھا ہے۔ جو کچھ اللہ اپنے بندوں سے معاملہ کرے گا۔ خواہ دنیا میں خواہ قبر میں خواہ آخرت میں۔ سو اس کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں نہ نبی کو نہ ولی کو نہ اپنا حال نہ دوسرے کا۔ یہ ہے جناب عقیدہ علمائے دیوبند کا۔ المہند میں اس کے برخلاف لکھ دیا۔ جو صاف صاف دھوکا ہے۔

المہند کے صفحہ ۳۰ پر سوال نمبر ۱۵ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے شیطان لعین کے علم کی نسبت کے جواب میں لکھا ہے۔ اور ہمارا یقین ہے۔ کہ جو شخص یہ

Marfat.com

کہے کہ فلاں نبی کریم علیہ السلام سے اعلیٰ ہے۔ وہ کافر ہے اور ہمارے حضرات اس کے کافر ہونے کا فتویٰ دے چکے ہیں۔ جو یوں کہے کہ شیطان ملعون کا علم نبی علیہ السلام سے زیادہ ہے۔ یہاں تو صاف طور پہ یہ اعلان کیا جا رہا ہے کہ وہ شخص کافر ہے۔ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے شیطان ملعون کا علم زیادہ بتائے۔ اب دیکھئے یہ عقیدہ کس کا ہے۔ براہین قاطعہ ص۵۱ پر لکھا ہے۔

"الحاصل غور کرنا چاہیئے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھکر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصّہ ہے۔ شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے یہ کتنا بڑا فریب ہے کہ خود ہی شیطان لعین کے لئے وسعت علم کو ثابت کیا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں اس کے ثبوت کا انکار کیا۔ یہاں جس چیز کو کفر بتایا۔ اس کے قائل خود جناب ہی ہیں۔ اب قارئین کرام غور فرمائیں۔ عقیدہ تو علمائے دیوبند کا یہی ہے۔ جو براہین قاطعہ میں لکھ چکے۔ اور سب سے حیرانی کی بات یہ ہے کہ المہند کتاب۔ اور براہین قاطعہ دونوں کتابوں کے مصنف یہی مولوی خلیل احمد صاحب سہارنپوری ہیں۔ اس مضمون کو کفریہ عبارت نمبر ۷ میں ملاحظہ فرمائیں۔ حق و باطل ظاہر ہو جائے گا۔

اردو المہند کے صفحہ ۳۶ پر لکھا ہے کہ جو شخص نبی علیہ السلام کے علم کو زید و بکر و بہائم مجانین کے علم کے برابر سمجھے یا کہے وہ قطعاً کافر ہے۔

Marfat.com

اب دیکھئے علمائے حرمین شریفین کے سامنے تو اپنا عقیدہ یہ ظاہر کیا۔ اب غور کریں۔ ایسا کہنے والا اور لکھنے والا کون شخص ہے۔ علمائے دیوبند کس پر یہ فتویٰ کفر لگا چکے ہیں۔ یہ فعل کس شخص کا ہے ملاحظہ کیجئے حفظ الایمان مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی حضرات کے حکیم الامت صہ۸ پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ مراد اس سے بعض غیب ہے یا کل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں۔ تو اس میں حضور کی کیا تخصیص ہے ایسا علم تو زید و عمر و بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے۔

ناظرین حضرات دیکھئے وہ کفری قول جس کے قائل کو المہنّد میں کفر کا فتویٰ لگا رہے ہیں۔ خود ان کے پیشوا مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا ہے۔

اس کے علاوہ دوسری فریب کاری یہ کی کہ المہنّد میں مولوی اشرف علی کی عبارت پیش کی تو اس میں قطع و برید کر لی۔ کہ حفظ الایمان میں تو علم غیب کا حکم کیا جانا لکھا۔ اور المہنّد میں علم غیب کا اطلاق لکھ دیا گیا۔ کہاں حکم کرنا کہاں محض اطلاق۔ اپنی عبارت میں تحریف کر ڈالی۔ اگر ان کے نزدیک حفظ الایمان والی عبارت صریح کفر نہ تھی۔ تو المہنّد میں اس کو کیوں بدلا؟ دوسرے لفظوں میں تحریر کیا۔ اصل لفظوں کو کیوں بچایا۔ قول کچھ تھا۔ اور علمائے حرمین شریفین کو کچھ دکھایا۔ یہ مضمون نہایت مفصل دلائل کے ساتھ کفریہ عبارت نمبر۸ میں بیان ہو چکا۔ وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

مجلس میلاد شریف کی نسبت اپنا یہ خیال ظاہر کیا ہے۔

المہنّد صہ۳۶ پر لکھا ہے حاشا ہم تو کیا کوئی مسلمان بھی ایسا نہیں۔

Marfat.com

کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت شریفہ کا آپ کے جوتوں کے غبار اور
آپ کی سواری کے گدھے کے پیشاب کا تذکرہ بھی قبیح و بدعت سیئہ یا حرام کہے۔
وہ جملہ حالات جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذرا بھی علاقہ ہے۔ ان کا
ذکر ہمارے نزدیک نہایت پسندیدہ اور اعلیٰ درجہ کا مستحب ہے۔ خواہ ذکر ولادت
شریف ہو یا آپ کے بول و براز اور نشست و برخاست اور بیداری و خواب
کا تذکرہ ہو۔

ناظرین کرام غور فرمائیں۔ یہاں تو مولود شریف کو اعلیٰ درجہ کا مستحب لکھا۔
اور اس کو بدعت سیئہ کہنے سے حاشا کہہ کر انکار کیا گیا۔ یہ بڑا فریب ہے۔ کیونکہ
اس میں وہ اس کے منکر ہیں۔ تمام دیوبندی اکابر علماء کے قطب العالم مولوی
رشید احمد گنگوہی صاحب فتاویٰ رشیدیہ جلد اوّل ص۸۵ پر لکھتے ہیں۔

**سوال:**۔ مولود شریف اور عرس کہ جس میں کوئی بات خلاف شرع نہ ہو جیسے
کہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ کیا کرتے تھے۔ آپ کے نزدیک
جائز ہے کہ نہیں۔ اور شاہ صاحب واقعی مولود اور عرس کیا کرتے تھے یا نہیں۔
**الجواب**۔ عقد مجلس مولود اگرچہ اس میں کوئی امر غیر مشروع نہ ہو۔ مگر اہتمام و
تداعی اس میں بھی موجود ہے۔ لہٰذا اس زمانہ میں درست نہیں۔ فتاویٰ رشیدیہ
حصہ اول مصنفہ مولوی رشید احمد گنگوہی ص۸۵۔

ناظرین کرام۔ اب ایک حوالہ براہین قاطعہ سے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے
اور انصاف کیجئے۔

پس یہ ہر روز اعادہ ولادت کا تو مثل ہنود کے سانگ کنہیا کی ولادت

Marfat.com

کا ہر سال کرتے ہیں یا مثل روافض کے نقل شہادۃ اہل بیت ہر سال بناتے ہیں معاذ اللہ سانگ آپ کی ولادت کا ٹھہرا۔ اور خود حرکت قبیحہ قابل لوم وحرام وفسق ہے۔ بلکہ یہ لوگ اس سے بڑھ کر ہوئے۔

سب سے حیرت کی بات یہ ہے۔ کہ یہی مولوی خلیل احمد صاحب المہند میں مولود شریف کو نہایت پسندیدہ اور اعلیٰ درجہ کا مستحب لکھ رہے ہیں اور پہلے اس سے براہین قاطعہ میں مولود شریف کو کنہیا کی ولادت کی مثل لکھ چکے ہیں جیسے اوپر لکھا جا چکا ہے۔ اور یہ دونوں کتابوں کے مصنف مولوی خلیل احمد صاحب دیوبندی ہی ہیں۔ اور یہی مولوی خلیل احمد صاحب براہین قاطعہ کے ص۱۶۲ پر لکھتے ہیں۔

الحاصل قیام دست بستہ بخشوع غیر (خدا) کے واسطے شرک ہوا۔ حالانکہ تمام دیوبندی علماء کے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی ہر سال مجلس مولود شریف میں شامل ہوتے تھے۔ اور قیام بھی کرتے تھے۔ حوالہ ملاحظہ فرمائیے۔

فقیر کا مشرب یہ ہے کہ محفل مولود میں شریک ہوتا ہوں۔ بلکہ برکات کا ذریعہ سمجھ کر ہر سال منعقد کرتا ہوں اور قیام میں لطف اور لذت پاتا ہوں۔ فیصلہ ہفت مسئلہ مصنفہ حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی ص۱۰

ناظرین کرام غور فرمائیں۔ ان اکابر علمائے دیوبند نے اپنے پیر و مرشد کو بھی معاف نہیں کیا ان کو بھی شرک و بدعت کے فتوے کی لپیٹ میں لے لیا۔ جب اپنے پیر صاحب پر بھی فتویٰ شرک لگانے سے باز نہیں رہ سکتے تو ایسی حالت میں علمائے اہل سنت کو کیا افسوس ہو سکتا ہے۔

ایک حوالہ اور ملاحظہ فرمائیے۔

Marfat.com

فرمایا۔کہ ایک مرتبہ مکہ معظمہ میں حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے حضرت حاجی صاحب نے فرمایا کہ فلاں جگہ مولود شریف ہے تم چلتے ہو۔ مولانا نے صاف انکار کردیا کہ نہیں حضرت میں تو نہیں جا سکتا۔ میں تو ہندوستان میں اسکو منع کرتا ہوں۔حضرت نے فرمایا۔جزاک اللہ۔ میں اتنا تمہارے جانے سے خوش نہ ہوتا۔جتنا نہ جانے سے خوش ہوا۔ ارواح ثلاثہ صہ ۳۱۹

دیکھا جناب عقیدہ تو حضرات علمائے دیوبند کا یہ ہے مگر المہند میں اس کے خلاف لکھدیا۔ثابت ہوا۔کہ المہند کتاب تمام مسلمانوں کو دھوکا دینے کے لئے لکھی گئی ہے۔عقیدہ کچھ ہے۔لیکن علمائے حرمین شریفین کے سامنے کچھ اور ظاہر کیا۔یہ خالص دھوکا نہیں تو اور کیا ہے؟

Marfat.com

اب ملاحظہ فرمائیں۔

# المہند پر تصدیقات کا حال

سب سے پہلے اس رسالہ میں دیوبندی علماء کی تقاریظ درج ہیں اور اس پر عجیب یہ ہے۔ کہ کسی تقریظ میں کوئی تاریخ درج نہیں ہے اور لازمی اور ضروری بات یہ تھی۔ کہ سب سے پہلے علماء حرمین شریفین کی تصدیق ہوتی نہ کہ دیوبندی اپنے بھائیوں کی یہ بھی ایک چال ہے اور دھوکا ہے پھر علمائے مصر و دمشق و شام کے دستخط ثبت ہیں۔ لیکن معلوم نہیں ہوتا۔ کہ یہ رسالہ ان کے پاس کسطرح پہنچا آیا مولوی خلیل احمد خود لے کر گئے۔ یا کسی نوکر کے ہاتھ بھیجا۔ یا ڈاک میں روانہ کیا۔ ان تینوں باتوں کا کوئی پتہ نہیں اور نہ ان کے دستخطوں میں کوئی تاریخ درج ہے۔ اور نہ انہوں نے کچھ لکھا ہے۔ کہ ہم کو اس دستخط کرنے کی کس طرح تحریک ہوئی۔ دیکھو المہند اردو ص۶۷ تا ص۷۹ یہ سب فرضی کاروائی ہے اور دھوکا ہے۔ اب سنیئے جامع الازہر مصر کے ایک عالم کی تقریظ کیا فرماتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے۔

" میں اس باعظمت رسالہ پر مطلع ہوا۔ پس میں نے اس کو صحیح عقیدوں پر مشتمل پایا۔ اور یہی عقائد ہیں۔ اہلسنت والجماعت کے۔ البتہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر ولادت کے وقت قیام کا انکار اور اس کے کرنیوالے مجوس یا روافض سے مشابہت دے کر تشنیع مناسب نہیں معلوم ہوتی۔ کیونکہ بہت آئمہ نے قیام مذکور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جلالت قدر

عظمت کی شان کے ارادے نے مستحسن سمجھا ہے اور یہ ایسا فعل ہے کہ جس کی ذات میں کوئی خرابی نہیں۔ لکھا اسکو محمد ابراہیم قایانی نے ازہر میں (مہر) لکھا اسکو سلیمان عبد نے ازہر میں (مہر) المہند ار دو صد ۷۷-۷۸

ناظرین کرام۔ دیکھا آپ نے جامع ازہر کے علماء نے مولوی خلیل احمد کی کتاب براہین قاطعہ کا کیسا زبردست رد کیا ہے۔ ایک ہی عبارت میں براہین قاطعہ کی دھجیاں ہوا میں اڑا دیں۔ کیونکہ یہ ساری کتاب ہی ذکر ولادت پاک اور قیام کے خلاف پر لکھی گئی بلکہ اس میں میلاد شریف اور قیام کو حرام لکھا گیا ہے۔

# علمائے مدینہ کی تحریر کا خلاصہ

علمائے مدینہ کے نام سے المہند میں ایک چالاکی سے کام لیا گیا۔ وہ یہ کہ مولانا سید احمد صاحب برزنجی کے کسی رسالہ کے اول و اوسط و آخر کی تھوڑی تھوڑی عبارتیں نقل کر کے اس پر جن تئیس حضرات کے دستخط تھے سب نقل کر دیئے۔ وہ دستخط المہند پر نہ تھے برزنجی صاحب کے رسالہ پر تھے۔ مگر عوام کو دھوکا دینے کے لئے کہ مدینہ شریف کے اسقدر علماء اس سے متفق ہیں۔ برزنجی صاحب کا پورا رسالہ بھی نقل نہ کیا۔ اپنے مطلب کی چند عبارتیں نقل کر دیں۔ یہ کہاں کی دیانت ہے۔ یہ دھوکا نہیں تو اور کیا ہے؟ اس پر بھی علمائے دیوبند کو کوئی فائدہ نہ پہنچا۔ بلکہ مولوی خلیل احمد اور مولوی رشید احمد صاحبان کی تحریروں کا زبردست رد کیا گیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔

پس کبھی خواص میں سے کسی بزرگ کے لئے کسی خاص وقت میں جناب

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پرفتوح کے تشریف لانے میں تو کچھ استبعاد نہیں کیونکہ ایسا ہو سکتا ہے اور اتنی بات کا عقیدہ رکھنے والا بر سر غلطی بھی نہ سمجھا جائے گا۔ کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں باذن خداوندی کون (جہان) میں جو چاہتے ہیں تصرف فرماتے ہیں۔ الخ

اس عبارت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کا تشریف لانا قبر مبارک میں زندہ ہونا۔ تمام جہان میں۔ باذن تعالیٰ اپنے حسب مرضی و خواہش تصرف فرمانا ثابت کیا گیا ہے۔ دیوبندی اکابر علماء نے اس کو سند کے طور پر اپنی کتاب المہند میں نقل کیا ہے۔ لیکن عقیدہ تمام علمائے دیوبند کا وہی ہے جو تقویۃ الایمان۔ براہین قاطعہ۔ اور فتاویٰ رشیدیہ وغیرہ میں لکھا جا چکا ہے یہ تو صرف علمائے حرمین شریفین کو دھوکا دینے کے لئے فرضی کتاب لکھی گئی ہے۔ چنانچہ تقویۃ الایمان صلاے پر انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے متعلق لکھا ہے۔ کہ وہ اپنی طرف سے ایک چیونٹی میں بھی تصرف نہیں کر سکتے عقیدہ تو اصل میں یہ ہے جو مولوی اسمٰعیل لکھ چکے ہیں۔

مدینہ منورہ کے عالم حضرت مولانا سیّد احمد صاحب برزنجی کے رسالہ کا (امکان کذب کے متعلق) ملاحظہ فرمائیے۔ آپ فرماتے ہیں پس شیخ خلیل ان حضرات علمار کے دائرے سے باہر نہیں۔ لیکن باوجود اس کے میں ان کو اور تمام علمار دیوبند سے بطور نصیحت کہتا ہوں کہ سب علمار کو مناسب ہے کہ باریک مسائل اور ان کے دقیق احکام میں خوض نہ کیا کریں۔ جن کو عوام تو کیا سمجھ سکے گے بڑے علمار میں بجز ایک دو اخص الخواص عالم کے دوسرے عالم بھی نہ

Marfat.com

سمجھ سکتے اس لیئے کہ جب وہ کہیں گے کہ اللہ کی دی ہوئی خبر اور وعید کے خلاف
کرنا اللہ تعالٰے کی قدرت میں داخل ہے۔ اور واقعی اس سے لازم آیا۔
اس کلام لفظی میں جو اللہ کی جانب منسوب ہے۔ کذب کا امکان بالذات نہ
بالوقوع اور اس کو پھیلائیں گے تمام لوگوں میں۔ عوام کے ذہن فوراً اسی
طرف آئیں گے۔ کہ یہ لوگ کلام خداوندی میں کذب کے جواز کے قائل ہیں۔
پس اس وقت ان عوام کی حالت ان دو امر میں متردد ہوگی۔ یا تو جس طرح
ان کی سمجھ میں آیا ہے اسی کو قبول کر کے مان لیں گے پس کفر والحاد میں گر
پڑیں گے۔ اور یا یہ کہ اس کو قبول نہ کریں گے۔ اور پوری طرح انکار کریں گے
اور اس کے قائل پر طعن و تشنیع کریں گے اور ان کو کفر والحاد کی طرف نسبت
کریں گے اور یہ دونوں باتیں فساد عظیم ہیں پس اس وجہ سے ان پر واجب
ہے کہ ان مسائل میں غور و خوض نہ کریں۔ المہند اردو صفحہ ۶۸ - ۶۹

اب دیکھیئے حضرت سید احمد برزنجی نے مسئلہ کذب باری تعالٰی میں کسقدر
سختی سے خوض کرنے سے منع فرمایا ہے اور حضرت نے اپنی سخت ناراضگی
ظاہر فرمائی ہے اور نہ اس مسئلہ کو پسند فرمایا ہے اس میں مولوی خلیل احمد
صاحب اور رشید احمد صاحب کی تحریروں کا زبردست رد فرمایا۔ جو فتاوٰی
رشیدیہ اور براہین قاطعہ میں لکھی گئی ہیں۔ اب کیا فائدہ پہنچا علمائے دیوبند
کو اس تقریظ سے ؟۔ اس میں تو تمام علمائے دیوبند کا زبردست رد کیا گیا ہے
جو امکان کذب باری تعالٰی کے قائل ہیں۔

Marfat.com

# مکہ معظمہ کے علمار کی تصدیقات کا حال

اس رسالہ المہند پر مکہ معظمہ کے کسی حنفی عالم کی تصدیق ثبت نہیں۔ المہند ارد کے صفحہ ۲۴ پر لکھا ہے۔ جناب مفتی مالکیہ اور ان کے بھائی صاحب نے بعد اس کے کہ تصدیق کر دی تھی۔ مخالفین کی وجہ سے اپنی تقریظ کو بحیلہ تقویت کمال لے لیا اور پھر واپس نہ کیا۔ اتفاق سے ان کی نقل کر لی تھی۔ سو ہدیہ ناظرین ہے۔

ناظرین کرام غور فرمائیں یہ دھوکا نہیں تو اور کیا ہے؟ جب اُن عالموں نے تصدیق کے بعد اپنی تحریریں تم سے واپس لے لیں اور تمہارے فریب پر مطلع ہو کر تم کو واپس نہ کیں۔ تو پھر ایسی صورت میں ان کے چھاپنے کا تم کو کیا اختیار رہ جاتا ہے + پھر اپنے رسالہ المہند میں چھاپ کر مخلوق خدا کو دھوکا کیوں دیا۔ اور سنیئے اس رسالہ المہند پر حضرت مولانا پایۂ حرمین شریفین مولوی رحمت اللہ صاحب مہاجر مکیؒ کے دستخط بھی نہیں ہیں۔ اور نہ حضرت شیخ المشائخ الدلائل مولانا شاہ محمد عبدالحق مہاجر اور نہ حضرت شاہ امداد اللہ مہاجر مکی جو تمام (دیوبندیوں کے پیر و مرشد ہیں) کے دستخط ہیں۔ یہ تینوں حضرات اعلٰے پایۂ کے بزرگ تھے جن کے دستخط ہونے نہایت ضروری تھے۔ کہ جس سے اس فرضی رسالہ کی تصدیق ہو جاتی ہے اس کی وجہ یہ ہوئی کہ وہ حضرات ان دیوبندیوں کے دھوکوں اور عقائد سے پُورے پورے واقف تھے اس لئے ان سے دستخط نہیں کروائے گئے۔ یا انہوں

Marfat.com

نے دستخط خود نہیں کئے۔ پس ثابت ہوا کہ یہ رسالہ المہند محض فرضی اور جعلی اور ردّی ہے اور نرا دھوکا ہے +

اور سنیئے اور غور فرمایئے اس رسالہ المہند پر جن دیوبندی علمار کے دستخط ہیں۔ ان میں دیوبندی علما کے قطب عالم جناب رشید احمد صاحب کے دستخط بھی نہیں ہیں۔ چونکہ اس رسالہ المہند میں تمام عقائد اہلسنت وجماعت کے ساتھ ملتے جلتے ہیں۔ جو مولوی رشید احمد کے عقائد کے خلاف ہیں اس لئے انہوں نے اس رسالہ کی تصدیق نہیں کی اور اس پر دستخط کرنے سے انکار کر دیا ہو گا۔ اور وہ ایسے رسالہ کی تصدیق کیسے کرتے جب کہ انہوں نے اپنے پیر و مرشد کے رسالہ ہفت مسئلہ کو غیض وغضب میں آکر جلانے کا حکم دیدیا تھا۔ نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمایئے۔

## ایک عبرتناک واقعہ اور غضبناک سانحہ مولوی رشید احمد کا

اس فیصلہ ہفت مسئلہ رسالہ مصنفہ مرشد خود کو دیکھکر مارے غصہ کے چراغ پا ہو جانا اور اس رسالہ مبارکہ کو آگ میں ڈالکر خاک سیاہ کر ڈالنا + نہایت معتبر ذرائع سے معلوم ہوا۔ کہ جس وقت فیصلہ ہفت مسئلہ مصنفہ حضرت شاہ امداد اللہ علیہ الرحمۃ طبع ہو کر اطراف ہند میں شائع ہوا۔ اور اتفاق سے کچھ نسخے گنگوہ شریف پہنچے تو اس خبر کے سنتے ہی فاضل گنگوہی چراغ پا ہو گئے اور فوراً نادری حکم صادر فرمایا۔ کہ جس قدر نسخے گنگوہ آئے ہوں سب ہمارے پاس لائے جائیں۔ چنانچہ فوراً تعمیل عمل میں لائی گئی۔ اور جسقدر نسخے بہم پہنچ

Marfat.com

سکے ان کی قدر و منزلت یہ کی گئی کہ آگ میں جھونک کر سیاہ کر دیئے گئے انا للہ وان الیہ راجعون ۔ بلفظہ کتاب تحقیق الحق مطبوعہ مطبع قیومی کانپور اڈیشن نمبر ۲۔ صفحہ ۴۲ سطر ۱۰ ۔ بحوالہ انوار آفتاب صداقت صفحہ ۵؟

حضرت قاضی فضل احمد صاحب مصنف انوار آفتاب صداقت تبصرہ فرماتے ہوئے لکھتے ہیں ۔

اللہ ! اللہ !! یہ غیظ و غضبی اور گستاخی اور بے ادبی خاص اپنے مرشد ارشد کی اور کیا عقلمندی مولوی صاحب کی دور اندیشی کہ یہ چند دس بیس نسخے اگر آگ میں جلا دیئے تو گیا ہوا ۔ وہ تو ہزاروں کی تعداد میں چھپ کر شائع ہو چکا تھا ۔ بلکہ اس کے بعد دوبارہ بھی طبع ہو کر شائع ہوا ۔ مگر معلوم ہوا کہ مولوی صاحب کے رنج اور غصہ کی کوئی انتہا نہ تھی ۔ نہ ضبط ہو سکا ۔ اور مرشد کی کتاب کی بے عزتی کی آگ میں جلا ڈالا ۔ قیامت کو ضرور حضرت مرشد کے روبرو رسوائی نہ ہو گی ۔ بلکہ روسیاہی ہو گی ۔ اور یہی مولوی رشید احمد صاحب تذکرۃ الرشید میں فرماتے ہیں ۔ پیر علین لغزش کے موقع سے بچا لے اور مرید اپنے مرشد کا اتنا مطیع ہو کہ امتثال سے سر مو تجاوز نہ کرے عام اس سے کہ امر دنیوی جائے یا رہے ۔ تذکرۃ الرشید جلد نمبر ۲ ۔ صفحہ ۲۶۹

حالانکہ خود جناب نے مرشد صاحب کی کتابیں جلا کر خاک کر دیں اور جب مرشد صاحب نے مکہ معظمہ میں فرمایا ۔ کہ ایک جگہ مولود شریف ہے ۔ تم چلتے ہو تو صاف انکار کر دیا ۔ کہ نہیں حضرت میں تو نہیں جا سکتا ۔ میں تو ہندوستان میں اس کو منع کرتا ہوں ۔ ارواح ثلثہ صفحہ ۳۱۹

Marfat.com

ناظرین کرام ۔ اب آپ خود اندازہ فرمالیں کہ خود مولوی رشید احمد صاحب اپنے مرشد صاحب کے کتنے مطیع اور فرمانبردار تھے ؟ بس اسی وجہ سے آپ نے رسالہ المہند کی تصدیق نہیں کی اور نہ دستخط کئے ۔ کیونکہ المہند اور فیصلہ ہفت مسئلہ میں تمام عقائد آپ کے خلاف تھے + یہ تو صرف مسلمانوں کو دھوکا دینے کے لئے المہند کا نام عقائد علمائے دیوبند رکھا گیا ہے جو خالص دھوکا ہے ۔

Marfat.com

# کیا عمل میں اُمّتی انبیار علیہم الصلوٰۃ والسلام سے بڑھ بھی سکتے ہیں؟

ناظرین کرام - اس مسئلہ کا جواب میں نے کسی عبارت میں لکھنے کی ضرورت نہ سمجھی تھی۔ لیکن جب میں نے عبارات اکابر میں گکھڑوی صاحب کا یہ مضمون دیکھا جس میں انہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت نماز۔ روزہ۔ حج وغیرہ کے مقابلے میں موجودہ دور کے دیوبندی لوگوں کا عمل نماز۔ روزہ حج وغیرہ کو بڑھا کر لکھا ہے۔ لہٰذا مجھ پر لازم ہوا۔ کہ میں اس کا جواب لکھوں سب سے پہلے مولوی محمد قاسم نانوتوی کی کتاب تحذیر الناس سے اصل عبارت نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔

انبیار اپنی اُمّت سے اگر ممتاز ہوتے ہیں تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں باقی رہا عمل اس میں بسا اوقات بظاہر امتی مساوی ہو جاتے ہیں۔ بلکہ بڑھ جاتے ہیں۔ تحذیر الناس ص۵

جواب۔ تمام اہل سنت وجماعت حضرات کا عقیدہ ہے کہ انبیار علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی امت سے جس طرح علم میں ممتاز ہوتے ہیں۔ اسی طرح عمل میں بھی پوری امتیازی شان رکھتے ہیں کوئی امتی خواہ کسی درجہ کا ہو۔ انبیار علیہم الصلوٰۃ والسلام سے علم وعمل میں ہرگز مساوی نہیں ہو سکتا۔ چہ جائیکہ بڑھ جائے۔

ناظرین حضرات غور فرمائیں۔ نانوتوی صاحب اپنے اس دعوے میں کوئی دلیل پیش نہیں کر سکے۔ نہ کوئی حوالہ کسی کتاب سے نقل کیا۔ اور دعویٰ بغیر دلیل کے باطل ہوتا ہے۔ اب سنیئے گکھڑوی صاحب نانوتوی صاحب کی اس

Marfat.com

عبارت کو ثابت کرنے کے لیے کیسی دلیل پیش کرتے ہیں۔

" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تقریباً تیرہ سال ہی فرضی نمازیں پڑھیں اور پڑھائیں حالانکہ اس دور انحطاط میں بھی ایسے لوگ موجود ہیں جو پچاس ۵۰ پچاس ساٹھ ساٹھ سال سے باقاعدگی سے نمازیں پڑھ رہے ہیں تو اس لحاظ سے بظاہر یہ امتی آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم سے بڑھ گئے"۔ معاذ اللہ استغفر اللہ۔ آگے لکھتے ہیں" لیکن کون کہہ سکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم کی ایک نماز کے مقابلہ میں ساری امت کی ساری نمازیں اپنی باطنی اور عملی کیفیت کے لحاظ سے تقابل اور توازن میں پیش ہو سکتی ہیں۔ کیونکہ جو قلبی مشاہدہ اور اخلاص آپ کو حاصل تھا جس سے حقیقت میں اعمال کا وزن بڑھتا ہے وہ اور کس کو حاصل ہو سکتا ہے اور اس مقام میں بجز اس کے اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ ؎ چہ نسبت خاک را با عالم پاک عبارات اکابر صفحہ ۱۳۲، ۱۳۳

۲۔ آگے لکھتے ہیں۔ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم نے تقریباً دس سال جمعہ کی نماز پڑھی اور اس وقت بھی ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں مسلمان ایسے ضرور موجود ہیں جنہوں نے اگر نمازیں نہ پڑھی ہوں (و جمعہ تو انشاء اللہ تعالیٰ (انشاء اللہ تعالیٰ نہیں بلکہ ماشاء اللہ تعالیٰ۔ محمد اسمٰعیل) ضرور بالالتزام پچاس پچاس ساٹھ ساٹھ سال سے پڑھتے چلے آرہے ہیں اب بظاہر دس سال کی نماز جمعہ سے یقیناً زیادہ اور تعداد میں بڑھی ہوئی ہے۔ مگر اپنے باطنی اثر اور وزن کے لحاظ سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم کی ایک ہی نماز جمعہ تمام امت کی جمعہ کی سب نمازوں پہ بھاری ہے۔

Marfat.com

۳- آگے لکھتے ہیں کہ رمضان شریف کے روزے سنہ ۲ھ میں فرض ہوئے اور اسی سال عیدین کی نماز کا حکم ہوا۔ اس اندازہ سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم نے صرف نو سال رمضان المبارک کے روزے رکھے اور نو ہی سال عیدین کی نماز پڑھی۔ مگر اس وقت بھی بے شمار مسلمان ایسے موجود ہیں۔ جو چالیس، چالیس پچاس پچاس سال سے بافائدہ روزے رکھتے اور عیدین کی نماز پڑھتے چلے آرہے ہیں۔ لیکن ان کے ان روزوں اور عیدین کی سالہا سال نمازوں کا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم کے روزوں اور صلوٰۃ عیدین سے کیا تقابل؟ بظاہر تو امتی عمل میں بڑھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ مگر آپ کے ساتھ توازن کا کیا معنیٰ؟۔

۴- فرضیت حج کے بعد آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلم نے صرف ایک حج ہی کیا ہے۔ جیسا کہ احادیث میں اسکی تصریح موجود ہے۔ لیکن اس وقت بھی اسلامی ممالک میں ایسے بیشمار مسلمان موجود ہیں۔ جنہوں نے بیس بیس اور چالیس چالیس سے زیادہ حج کئے ہیں اب کیا ان کے ایک سے زائد حجوں کا محض اس لئے انکار کر دیا جائے کہ اس سے وہ اپنے پیارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم سے بڑھ رہے ہیں؟ ۔ کون احمق اس کا انکار کر سکتا ہے بظاہر دیگر اعمال کی طرح اس عمل میں بھی امتی بڑھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں لیکن اپنے باطنی اخلاص میں ان کے اس نیک اور صالح عمل کو آں حضرت صلی اللہ تعالےٰ علیہ وبارک وسلم کے مقبول اور زریں عمل سے کیا نسبت ہے

عبارات اکابر ص ۱۳۳/۱۳۴ حصہ اوّل

Marfat.com

قارئین کرام دیکھا آپ نے یہ ہیں شیخ الحدیث جناب صفدر صاحب مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لیئے کیسی دورنگی چال چلتے ہیں۔ خود آپ ہی عبارات اکابر کے ص۱۳۱ پر لکھتے ہیں۔ القصہ کمال علمی کمال محمدی ایسا لاثانی ہے کہ بجز اہل تعصب اور سوائے جاہلان کم فہم اور کوئی اسکا منکر نہیں ہو سکتا۔ جب کمال علمی اور کمال عملی دونوں میں آپ یکتا نکلے۔ تو پھر آپ خاتم نہ ہوں گے تو اور کون ہوگا۔

گکھڑوی صاحب جب آپ اس بات کو تسلیم کر چکے اور اپنے قلم سے لکھ چکے کہ کمال علمی اور کمال عملی دونوں میں آپ یکتا ہیں۔ تو پھر آپ کو کیا حق پہنچتا ہے۔ کہ آپ موجودہ دور کے دیوبندی امتی کے عمل کا مقابلہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل مبارک سے کر کے اپنے نامہ اعمال کو سیاہ کریں۔ حالانکہ اسی زمانہ کے لوگوں کی عملی زندگی کا حال آپ نے چودہ سو سال پہلے ارشاد فرما دیا تھا۔ کہ آخر زمانہ میں ایسے لوگ نکل آئیں گے جو دین کا لبادہ پہن کر دنیا والوں کو فریب دیں گے۔ ان کی زبانیں شکر سے زیادہ شیریں ہونگی اور دل ان کے بھیڑیوں کے سے ہوں گے۔ اور فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آخر زمانے میں ایسے لوگ پیدا ہونگے جو بظاہر باہمی بھائی ہوں گے لیکن باطنی طور پر ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے۔ اب گکھڑوی صاحب ایسے ہی لوگوں کے نماز روزہ حج وغیرہ کو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز روزہ حج وغیرہ سے بڑھا کر اپنے شیخ الحدیث ہونیکا ثبوت پیش کر رہے ہیں

چہ بے خبر ز مقام محمد عربی است

Marfat.com

سب سے حیرت کی بات یہ ہے خود ہی گکھڑوی صاحب لکھتے ہیں۔ کہ نماز روزہ حج وغیرہ ان سب اعمال میں امتی اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ گئے۔ بلکہ یہاں تک لکھ دیا کہ اس وقت ہزاروں نہیں۔ بلکہ لاکھوں مسلمان ایسے موجود ہیں جنہوں نے اگر اور نمازیں نہ پڑھی ہوں جمعہ تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور بالالتزام پچاس پچاس ساٹھ ساٹھ سال سے پڑھتے چلے آرہے ہیں۔ اب بظاہر دس سال کی نماز جمعہ سے پچاس ساٹھ سال کی نماز جمعہ یقیناً زیادہ اور تعداد میں پڑھی ہوئی ہے۔ معاذ اللہ۔ استغفر اللہ۔ قارئین کرام دیکھا آپ نے جن لاکھوں لوگوں نے ساری ساری عمر کوئی فرضی نماز نہ پڑھی ہو۔ صرف اور صرف جمعہ کی نماز ہی ادا کرتے رہے ہوں۔ ان کو بھی مسلمانوں میں شمار کرکے صرف ان کی ایک ہی نماز جمعہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جمعہ سے بڑھا کر دکھا دیا معاذ اللہ۔ استغفر اللہ۔ حالانکہ حدیث شریف میں ہے کہ جس نے قصداً نماز چھوڑ دی۔ جہنم کے دروازے پر اس کا نام لکھ دیا جاتا ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے نماز چھوڑ دی۔ اس کا کوئی دین نہیں۔ نماز دین کا ستون ہے اور فرمایا بے نماز قیامت کے دن قارون و فرعون و ہامان و ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔ لیکن گکھڑوی صاحب لکھتے ہیں کہ لاکھوں آدمی خواہ ساری عمر فرضی نمازیں نہ پڑھیں۔ مگر صرف جمعہ کی نماز ہی پڑھ لیں۔ پھر بھی وہ مسلمان ہی رہتے ہیں اور ان کا عمل صرف جمعہ کی نماز ہی پڑھ لینا یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جمعہ سے زیادہ اور تعداد میں پڑھی ہوئی ہے۔ استغفر اللہ۔ معاذ اللہ۔

## گکھڑوی صاحب کا دوسرا قول

لکھتے ہیں۔ مگر اپنے باطنی اثر

Marfat.com

اور وزن کے لحاظ سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلم کی ایک ہی نماز جمعہ تمام امت کی جمعہ کی سب نمازوں پر بھاری ہے اور لکھا کہ مگر آپ کے ساتھ توازن کا کیا معنی؟ اور لکھا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلم کے مقبول اور زریں عمل سے کیا نسبت؟ اور لکھا کہ چہ نسبت خاک را با عالم پاک وغیرہ وغیرہ۔

اس دورنگی چال سے کیا فائدہ؟ جب آپ پہلے قول میں یہ مجنونانہ بڑ مار چکے کہ امتی ہر عمل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ گئے تو آپ دوسرا قول آپ نے کیوں لکھا؟ صرف ایک ہی قول آپ کا صحیح ہو سکتا ہے۔ دونوں قول کیسے صحیح ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کا پہلا قول صحیح ہے تو دوسرا غلط ہے۔ اگر دوسرا صحیح ہے تو یقیناً پہلا غلط ہے۔ اور میں تو دوسرا قول آپ کا صحیح سمجھتا ہوں اور پہلے قول کو غلط تصور کرتا ہوں۔ کیونکہ پہلا قول آپ کا جھوٹ ہے اور دوسرا قول آپ کا سچ ہے اور حق ہے اور پہلا قول باطل ہے اس لئے کہ آپ نہیں جانتے کہ جن لاکھوں لوگوں کی عبادت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت سے بڑھا کر لکھ رہے ہو۔ ان کی عبادت قبول بھی ہے یا نہیں؟ دیکھئے ہیڈ ماسٹر کا حال۔ چھ لاکھ سال کی عبادت کدھر گئی؟ ابلیس لعین تو بڑا توحید پرست تھا۔ مگر بے ادب ہونے کی وجہ سے لاکھوں سال کی عبادت سے ہاتھ دھو بیٹھا اور عابد بلعم بن باعور کی تین سو سال کی عبادت کدھر گئی؟ گکھڑوی صاحب اور سنیئے ایک عابد کی ہزار سال کی عبادت برباد ہوگئی۔ گنگوہی صاحب آپ کے اکابر کی کتاب تذکرۃ الرشید سے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے آپ کے

Marfat.com

اکابر کیا فرماتے ہیں۔

پچھلے زمانہ میں ایک شخص عابد زاہد تھا۔ اس نے اپنی ساری عمر اللہ تعالےٰ کی عبادت میں گزاری اور عبادت بھی اخلاص سے کرتا تھا۔ ہماری تو عبادتیں ہی کیا ہیں۔ کہ ریا بھرا پڑا ہے اس شخص کی عمر ہزار سال کی تھی۔ اتنا کثیر زمانہ ہمہ تن اللہ کی یاد میں صرف ہوا۔ آخر وقت میں مرنے سے قبل اس کے دل میں یہ خطرہ آیا۔ کہ میں نے حق تعالیٰ کی عبادت بہت کی ہے۔ ساری عمر اسکی یاد میں مشغول رہا ہوں۔ مجھے خدا کے یہاں بڑا رتبہ ملے گا۔ جب وہ شخص مرگیا اور حق تعالےٰ کے حضور میں پیش ہوا۔ تو ملائکہ کو حکم دیا گیا۔ کہ اسے جہنم میں جھونک دو۔ فرشتے حکم کے بندے اسے کشاں کشاں لے چلے۔ اس نے عرض کیا۔ کہ بارالہا۔ میں نے تیری عبادت ہزار برس کی ہے۔ میں تو جنت کا مستحق تھا۔ اس وقت حکم ہوا۔ کہ اچھا ساحل جہنم پر رکھو۔ چنانچہ وہ دوزخ کے کنارے کھڑا کردیا گیا۔ اس وقت اسکو بڑی شدت کی پیاس لگی۔ بے تاب ہوکر اس نے عرض کیا۔ کہ اے میرے پروردگار معبود مجھے پانی پلا دینے کی اجازت دیجئے کہ میں پیاس کے مارے مرا جاتا ہوں۔ حق تعالےٰ نے فرشتوں کو حکم دیا۔ کہ اس شخص سے کہو کہ یہاں پانی مفت کا نہیں ہے۔ ہزار سالہ عبادت کے معاوضہ میں ایک کٹوڑا پانی خریدنا چاہے تو خرید لے۔ ورنہ خاموش رہے۔ یہ سن کر اس پیاسے عابد نے بڑی خوشی سے عرض کیا۔ کہ مجھے منظور ہے۔ پانی تو مل جائے۔ کہ جان بچ جائے اگر کئی ہزار سال کی عبادت بھی قیمت قرار دی جاتی۔ تو میں غنیمت سمجھتا اور منظور کرتا۔ اس وقت حق تعالےٰ نے ملائکہ سے ارشاد فرمایا۔ کہ اس شخص سے

Marfat.com

پوچھو۔ دنیا میں ہزار سال تک ہزار ہا کٹورے ٹھنڈے اور میٹھے پانی کے پی چکا ہے۔ پہلے اسکی قیمت کا حساب کر دے اس کے بعد اس ایک کٹورے کے بدلے ہزار سال کی عبادت لے لی جائے گی۔ تذکرۃ الرشید جلد دوم ص ۱۲۵/۱۲۶

کیوں جناب سرفراز صاحب اس عابد کی ہزار سال کی عبادت کدھر گئی ؟ اب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کا حال سنیئے۔ آپ ساری ساری رات نفلوں میں گزار دیتے اور پائے مبارک ورم کر جاتے۔ دیکھئے آپ کے حکیم الامت لکھتے ہیں۔ کہ آپ اسقدر نفل نماز پڑھتے تھے کہ قدم مبارک ورم کر جاتے اس پر حق تعالیٰ وتقدس نے برائے ترحم فرمایا طٰہٰ الخ یعنی ہم نے آپ پر قرآن مجید اس لئے نازل نہیں فرمایا۔ کہ آپ مشقت میں پڑیں۔ اور آپ نماز پڑھتے اور آپ کے سینہ میں ہنڈیا کا سا جوش (مسموع) ہوتا تھا[1]

اور بخاری شریف میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں اسقدر قیام فرماتے تھے کہ آپ کے دونوں پاؤں یا آپ کی دونوں پنڈلیاں ورم کر جاتی تھیں۔ اگر آپ سے کہا جاتا (کہ آپ اسقدر عبادت نہ کیجئے) تو آپ فرماتے کیا میں خدا کا شکر گزار بندہ نہ ہوں۔ اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ کہ آپ کی عبادت دائمی ہوتی تھی اور تم میں سے کون شخص اس چیز کو برداشت کر سکتا ہے۔ جیسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم برداشت کیا کرتے تھے۔ (بخاری شریف)

---

[1] نشر الطیب مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی ص ۲۵۶

Marfat.com

# انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو رزق دیتا ہے

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے روضہ انور میں باجماعت نماز ادا فرماتے ہیں۔ جیسا کہ احادیث میں اسکی تصریح موجود ہے۔ لیکن میں یہاں دیوبندی اکابر علماء کی کتابوں سے نقل کرتا ہوں۔ ملاحظہ فرمائیے۔ مولوی اشرف علی صاحب لکھتے ہیں۔

بیہقی وغیرہ نے حدیث انسؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں زندہ ہوتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔ نشر الطیب مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی ص۲۵۸

۲۔ اور نواب محمد صدیق حسن خان بھوپالی اپنی کتاب الشمامۃ العنبریہ ص۵۲ میں لکھتے ہیں اور آپ زندہ ہیں اپنی قبر میں اور نماز پڑھتے ہیں اندر اس کے اذان اور اقامت کے ساتھ (صلی اللہ علیہ وسلم)

ثابت ہوا۔ کہ حضرات انبیاء علیہم السلام کا یہ عمل مبارک اپنی اپنی قبروں میں نماز پڑھنا وصال کے بعد تا قیامت جاری رہتا ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چودہ سو سال سے اپنے روضہ انور میں نماز باجماعت ادا فرما رہے ہیں اور تا قیامت اسی طرح نماز ادا فرماتے رہیں گے۔ پھر حیرت کی بات ہے کہ نانوتوی صاحب اور سرفراز صاحب اس فتنہ وفساد کے دور کے پچاس ساٹھ سالہ امتی کے نماز، روزہ، حج وغیرہ اعمال کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمال مبارک سے بڑھا رہے

Marfat.com

ہیں اور یہ خیال نہیں کرتے کہ امتی کا عمل مرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔
اور نامۂ اعمال بند ہو جاتا ہے۔ اور حضرات انبیاء علیہم السلام کا عمل ہمیشہ ہمیشہ تا قیامت جاری رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ دیوبندی علماء کو سمجھ عطا فرمائے۔ امتی کے عمل کو انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے عمل سے کیا نسبت؟ چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔

Marfat.com

# دارالعلوم دیوبند میں صد سالہ جشن

۲۱-۲۲-۲۳ مارچ ۱۹۸۰ء کو دارالعلوم دیوبند کا بظاہر ایک علمی و مذہبی قسم کا صد سالہ جشن منایا گیا۔ اس موقع پر اندرا گاندھی کی کانگریس حکومت نے جشن دیوبند کو کامیاب بنانے کے لئے ہر ممکن تعاون کیا اور خود اندرا گاندھی نے جشن دیوبند کی تقریبات کا افتتاح کیا۔ اور دیوبند کے اسٹیج پر تالیوں کی گونج میں اپنے خطاب سے جشن دیوبند کو مستفیض فرمایا۔ بانی دیوبند کے نواسے اور مدرسہ دیوبند کے بزرگ مہتمم قاری محمد طیب صاحب نے اندرا دیوی کو عزت مآب وزیر اعظم ہندوستان کہہ کر خیر مقدم کیا۔ اندرا دیوی نے اپنے خطاب میں بالخصوص کہا۔ کہ ہماری آزادی اور قومی تحریکات سے دارالعلوم دیوبند کی وابستگی اٹوٹ رہی ہے ⁂ رضائے مصطفےٰ اپریل ۱۹۸۰ء صـ۱

# اندرا گاندھی کے بیٹے سنجے گاندھی نے ۵۰ ہزار افراد کو تین روز تک پلاسٹک کے بند لفافوں میں کھانا مہیا کیا

پچاس ہزار افراد کو تین دن کھانا دیا جو پلاسٹک کے لفافوں میں بند ہوتا تھا۔ بھارتی مسلمانوں اور بھارتی حکومت کے علاوہ وہاں کے غیر مسلم باشندوں ہندوؤں اور سکھوں نے بھی دارالعلوم کے ساتھ تعاون کیا + امروز ۹ اپریل۔ قارئین کرام غور فرمائیں۔ نوائے وقت ۲۹ مارچ ۱۹۸۰ - اپنے اداریے

Marfat.com

میں لکھتا ہے ۔

" دیوبند کے صدسالہ جشن کا افتتاح نہ صرف بھارت کے ایک حکمران سے کرایا گیا بلکہ ایک ایسی عورت سے کرایا گیا۔ جس کو دیوبند کے علمی اور دینی مشاغل سے دور کا بھی تعلق نہیں اور جو عورت ہونے کی حیثیت سے کبھی اس اعزاز کی مستحق نہیں تھی ۔) کراچی ۲۲ مارچ ۔ مولوی احتشام الحق تھانوی نے کہا ہے ۔

" کہ دارالعلوم دیوبند کا صدسالہ اجلاس جو مذہبی پیشوا اور علماء و مشائخ کا خالص مذہبی اور عالمی اجتماع ہے ۔ اس کا افتتاح ایک خاتون کے ہاتھ سے کرانا نہ صرف مسلمانوں کی مذہبی روایات کے خلاف ہے بلکہ ان برگزیدہ مذہبی شخصیتوں کے تقدس کے منافی بھی ہے ۔ جو اپنے اپنے حلقے اور علاقوں میں اسلام کی اتھارٹی اور ترجمان ہونے کی حیثیت سے اجتماع میں شریک ہوئے ہیں ۔ (رضائے مصطفےٰ ۲۲ جمادی ۱۴۰۰ھ)

# اخراجات جشن

تقریبات جشن کے انتظامات وغیرہ پر ۷۵ لاکھ سے زائد رقم خرچ کی گئی پنڈال پر چار لاکھ سے بھی زیادہ کی رقم خرچ ہوئی ۔ بجلی کے انتظام پر ۳ لاکھ سے بھی زیادہ روپیہ خرچ ہوا ۔ کیمپوں پر ساڑھے چار لاکھ سے بھی زیادہ کی رقم خرچ ہوئی ۔ روزنامہ امروز لاہور ۹ جنگ پنڈی ۲ بحوالہ رضائے مصطفےٰ مئی ۸۰ ۲۲

## ڈیڑھ کروڑ روپے

جشن دیوبند کی تقریبات پر بھارتی حکومت نے ڈیڑھ کروڑ روپے خرچ کئے ۔ ساٹھ لاکھ دارالعلوم

Marfat.com

نے اس مقصد کیلئے اکھٹے کئے۔ روزنامہ امروز لاہور ۲۷ مارچ ۱۹۸۰ء

خیر یہ معاملہ تو علماءِ دیوبند کا داخلی معاملہ ہے۔ ہمیں اس سے کیا غرض۔ جتنا چاہیں فضول خرچ کریں۔ ہم تو صرف یہ سوال علمائے دیوبند سے پوچھنے کا حق رکھتے ہیں کہ جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم علمائے دیوبند کے نزدیک منانا بدعت و حرام ہے۔ تو پھر صد سالہ جشن دیوبند منانا کیونکر جائز ہے؟ اور ایک غیر محرم مشرکہ عورت کو دیکھنا اور اس سے ایک دینی مدرسے کا افتتاح کرانا اور اس کا لاکھوں کے ہجوم میں تالیوں کی گونج میں لاؤڈ سپیکر پر خطاب کیونکر بدعت و ناجائز نہ ہوگا؟ اور ایک کافر مشرک کے گھر کا کھانا پکا ہوا علمائے دیوبند کے لئے کھانا کیسے جائز ہوگا؟ جب کہ ان کے مذہب میں جھٹکا بھی جائز ہے۔ تو اس کا کھانا کیسے حرام نہ ہوگا؟

---

قارئین کرام۔ اگر آپ یزید پلید کے ظلم و تشدد۔ جور و ستم اور جبر استبداد اور پھر سید الشہداء امام عالی مقام حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی عزیمت و جرأت ہمت و شجاعتِ قلب اور صبر عظیم کا احوال معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ تو محمد اسمٰعیل نقشبندی کی لکھی ہوئی کتاب "عظمت امام حسینؓ" کا مطالعہ کریں۔

ملنے کا پتہ

مکتبہ رضائے مصطفیٰ چوک دارالسلام گوجرانوالہ شہر

Marfat.com

Marfat.com

# عظمتِ امام حسین

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اس کتاب کا پہلا اڈیشن ختم ہو چکا ہے عنقریب دوسرا اڈیشن چھپنے والا ہے۔ اس دوسرے اڈیشن میں حدیث قیصر (قسطنطنیہ) کا صحیح مفہوم بیان کیا جا رہا ہے۔

جس میں یزیدی خارجی ٹولہ یزید پلید کو جنتی ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہا ہے۔ لیکن وہ اس حدیث سے کسی طرح بھی ثابت نہیں کر سکتا کہ یزید پلید جو فاسق فاجر اور ظالم تھا قطعی جنتی ہے۔

محمد اسماعیل نقشبندی غفرلہ

اللّٰھم صلِّ علیٰ سیّدنا محمّدٍ وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلّم

ماہ ربیع الاول شریف ۱۴۰۴ھ

Marfat.com

# عظمتِ امام حسین

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اس کتاب کا پہلا اڈیشن ختم ہو چکا ہے عنقریب دوسرا اڈیشن چھپنے والا ہے۔ اس دوسرے اڈیشن میں حدیث قیصر (قسطنطنیہ) کا صحیح مفہوم بیان کیا جارہا ہے۔

جس میں یزیدی خارجی ٹولہ یزید پلید کو جنتی ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہا ہے۔ لیکن وہ اس حدیث سے کسی طرح بھی ثابت نہیں کر سکتا کہ یزید پلید جو فاسق فاجر اور ظالم تھا قطعی جنتی ہے۔

محمد اسماعیل نقشبندی غفرلہ

اللھم صل علے سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وبارک وسلم

ماہ ربیع الاول شریف سنہ ۱۴۰۴ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ جل جلالہ　　　　یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

# عظمتِ حبیبِ کبریا جل شانہ صلی اللہ علیہ وسلم

و

# ردِّ عباراتِ کفریہ

از قلم

مولانا محمد اسماعیل صاحب نقشبندی

Marfat.com